روزگارِ فقیر

(شاعرِ مشرق کے واقعات، نادر اشعار اور تصاویر کا مجموعہ)

جلد دوم

فقیر سید وحید الدین

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ



Marfat.com

ذخ

جوا



Marfat.com

روزگارِ فقیر

(شاعرِ مشرق کے واقعات، نادر اشعار اور تصاویر کا مجموعہ)

جلد دوم



از

فقیر سید وحید الدین

لائن آرٹ پریس، لمیٹڈ

فریئر روڈ، کراچی دی مال، لاہور

Marfat.com

جملہ حقوق (مع ترجمہ) بحق مصنف محفوظ ہیں۔

بار اوّل نومبر سنہ ۱۹۶۴ء دو ہزار

130412

○

قیمت فی جلد

۱۶ روپے

مطبوعہ لائن آرٹ پریس لمیٹڈ، فریئر روڈ، کراچی

طابع و ناشر فقیہ سید وحید الدین

Marfat.com

شاعرِ مشرق کی خدمت میں ایران کے عظیم دانشور

ملک الشعراء بہار کا نذرانۂ عقیدت



بیدلے کز رفت اقبالے رسید
بیدلاں را نوبتِ حالے رسید
قرنِ حاضر خاصۂ اقبال گشت
واحدے کز صد ہزاراں برگزشت
ہیکلے گشت از سخن گوئی بپا
گفت کل الصید فی جوف الفرا
شاعراں گشتند جیشے تار و مار
دیں مبارز کرد کار صد سوار
ہاں سلامے می فرستم سوئے یار
بے ریا تر از نسیم نوبہار

Marfat.com

Marfat.com

اشاریہ

اِفتتاحیہ ۹

واقعات و ملفوظات ۱۳

خدا کی ہستی ۱۳ ۔ غالب و رومی سے ملاقات ۱۴ ۔ مصلحتِ خداوندی ۱۵ ۔ سرورِ رفتہ ۱۷ ۔ اقبال اور گرامی ۲۱ ۔ فیضِ تربیت ۲۳ ۔ ڈاکٹر تاثیر مرحوم ۲۵ ۔ نکاح نامہ ۲۷ ۔ عشقِ رسولؐ ۳۰ ۔ دیباچۂ اسرارِ خودی ۴۲ ۔ وصیت نامہ ۵۵ ۔ حیاتِ اقبال کی اہم یادداشتیں ۶۳ ۔ تصانیف ۶۴ ۔ یادگار مشاعرہ ۶۸ ۔ سائنس کی بے مائگی ۷۰ ۔ احترامِ رسولؐ ۷۲ ۔ بازارِ حکیماں کی محفلیں ۷۳ ۔ فیضِ صحبت ۷۷ ۔ شہرت ۷۹ ۔ حقوقِ تصانیف ۸۰ ۔ ایٹمی توانائی کا راز ۸۰ ۔

اقبال اور ممتاز حسن ۸۶ ۔ پہلی ملاقات ۸۷ ۔ وجودِ باری ۸۸ ۔ موت کا وجود ۹۱ ۔ انسانی جسم ۹۲ ۔ طبیعت کا توازن ۹۲ ۔ عام گفتگو ۹۳ ۔ سادگی ۹۴ ۔ بذلہ سنجی ۹۶ ۔ زندگی کی توہین ۹۶ ۔ شجاعت اور دلیری ۹۷ ۔ طبقاتی تقسیم کا تجزیہ ۹۷ ۔ زندگی اور عمل ۹۹ ۔

Marfat.com

اِنَّ اللہ علیٰ کُلِّ شَیءٍ قدیر ۱۰۰ - روشنی ۱۰۱ - کشمیر کے متعلق
پیش گوئی ۱۰۲ - روشنی اور تاریکی ۱۰۴ - کائنات کی ساخت ۱۰۵ -
انسان اور ستارے ۱۰۵ - حاکمیت اور کردار ۱۰۶ - معلم آفتاب ۱۰۶ -
کراچی کے متعلق پیش گوئی ۱۰۷ -
شیخ اعجاز احمد ۱۱۲ - آباو اجداد ۱۱۳ - خاندانی حالات ۱۱۵ -
بعض غلط فہمیوں کا ازالہ ۱۱۷ - اقبال منزل ۱۲۴ - میاں جی ۱۲۵ -
بے جی ۱۳۳ - مولینا میسن ۱۴۶ - درخواست یا انصاف کا مطالبہ ۱۴۸ -
انگلستان سے واپسی ۱۵۱ - گدائے دردمند ۱۵۲ - احترام قرآن ۱۵۴ -
ملازمت سے بیزاری ۱۵۶ - سرسید کی وفات کا مادہ تاریخ ۱۵۷ -
صحت اور ورزش ۱۵۷ - مسواک ۱۵۸ - حقے کا شوق ۱۵۹ -
اجنبی زبان ۱۶۰ - مثنوی "اسرارِ خودی" ۱۶۲ - خداداد نعمت ۱۶۹ -
دنیائے اسلام کا مستقبل ۱۷۱ - گمنام خط ۱۷۲ - دعا ۱۷۵ -
تزکیۂ نفس ۱۷۶ - تلاوت قرآن ۱۷۰ - نوجوان اور سیاست ۱۷۹ -
شخصیت یا خودی کا کمال ۱۸۰ - روحانی اضطراب ۱۸۳ - اللہ تعالیٰ
کی ذات پر بھروسہ اور توکل ۱۸۴ - خوف خدا ۱۸۶ - احساسِ
ندامت ۱۸۸ - لدھیانے والی بیگم کا انتقال ۱۸۹ - انصاف یا فضل ۱۹۳ -
میسن ہال ۱۹۴ - لڑکیاں باعثِ رحمت ۱۹۵ - لندن میں ۱۹۷ -
بعض نومسلم ۲۰۱ - آنکھ کا عارضہ ۲۰۲ - ذوق و شوق اور خشیت ۲۰۴ -

Marfat.com

وصیت ۲۰۶ ۔ علامہ کی صحت ۲۰۷ ۔ صدق و اخلاص و صفا باقی نماند ۲۱۲ ۔

کلامِ اقبال ۲۱۵

فارسی کلام : غزلیات ۲۲۴ ۔ منظومات ۲۳۱ ۔ کتبۂ مزار ۲۳۱
پیغام ۲۳۱ ۔ الور ۲۳۲ ۔ نوائے بے نوا ۲۳۳ ۔ عبد و حُر ۲۳۴
زندگی ۲۳۶ ۔ دُعا ۲۳۶ ۔ غالب و گوئٹے ۲۳۷ ۔ قطعات ۲۳۸
متفرقات ۲۴۱ ۔

اردو کلام : غزلیات ۲۴۵ ۔ نامکمل غزلیات کے متفرق
اشعار ۳۰۵ ۔ برائے مشاعرۂ بھوپال ۱۹۱۰ء ۔ برائے مشاعرۂ
بزمِ اردو، لاہور ۳۰۹ ۔ قطعات ۳۱۱ ۔ طنز و مزاح ۳۱۲ ۔
منظومات ۳۱۷ ۔ برگِ گل ۳۱۹ طلبائے علی گڑھ کالج کے نام ۳۲۱ ۔
پیام ۳۲۲ ۔ دو نو ۳۲۳ ۔ مزدور کا خواب ۳۲۶ ۔ عاشق ہرجائی ۳۲۸
آفتابِ صبح ۳۲۹ ۔ گل پژمردہ ۳۳۰ ۔ موجِ دریا ۳۳۲ ۔ پھول کا
تحفہ عطا ہونے پر ۳۳۳ ۔ کوشش ناتمام ۳۳۴ ۔ بزمِ انجم ۳۳۶
نانک ۳۳۸ ۔ بے سلطنت قوم یا بے جسم [illegible] ۳۴۳
پیشکش بہ ۳۴۴ ۔ منظومات کے متفرق اشعار ۳۴۷ ۔
طائرِ شام ۳۴۷ ۔ شمع ۳۴۸ ۔ شکریہ ۳۴۸ ۔ میں اور تو ۳۴۹ ۔
مذہب ۳۵۱ ۔ تنہائی ۳۵۲ ۔ عید پر شعر لکھنے کی فرمائش کے جواب
میں ۳۵۲ ۔ رات اور شاعر ۳۵۳ ۔ دُعا ۳۵۳ ۔ والدۂ مرحومہ کی یاد میں ۳۵۴ ۔

Marfat.com

خضرِ راہ ۳۵۴ - سیرِ فلک ۳۵۵ - جلوۂ حُسن ۳۵۵ -
بچّوں کے لیے نظمیں : ۳۵۷ : خدا کے حضور میں دُعا ۳۵۷ - ایک
پہاڑ اور گلہری ۳۵۸ - ایک گائے اور بکری ۳۶۱ - ماں کا خواب ۳۶۴ -
ایک مکڑا اور مکھی ۳۶۶ - ہمدردی ۳۶۸ - جہاں تک ہو سکے، نیکی کرو ۳۷۱ -
چاند اور شاعر ۳۷۶ - محنت ۳۸۱ - بچوں کے لیے چند نصیحتیں ۳۸۴ -
گھوڑوں کی مجلس ۳۸۸ - شہد کی مکھی ۳۹۵ -
حیاتِ اقبال تصاویر میں ۴۰۱ (تصاویر ۴۱۷ تا ۴۷۶)

فہرست تصاویرِ حصّۂ مضامین

(۱) امتحانات میں امتیازی کامیابی کے تمغے ۱۹، ۲۰ - (۲) ڈاکٹر تاثیر
کے نکاح نامے کا عکس ۲۹ - (۳) ہائیڈل برگ میں علّامہ کی قیام گاہ کی تصویر ۴۰ -
(۴) مالکۂ مکان کے اندراج کا عکس ۴۱ - (۵) "الاہرام" مصر میں مؤتمرِ عالمِ اسلامی کے
اجلاس کی تصویر ۵۲ - (۶) میونخ یونیورسٹی جرمنی کی دی ہوئی ڈگری کا عکس ۶۶،
۶۷ - (۷) بازارِ حکیماں لاہور کا منظر ۷۵ - (۸) علمائے ازہر کی آمد کے متعلق علّامہ
کے مکتوب کا عکس ۱۱۱ - (۹) علّامہ مرحوم کے دادا کے متعلق ایک دستاویز ۱۱۹ -
(۱۰) علّامہ مرحوم کی خود نوشت دستاویز کا ایک حصّہ ۱۲۰ - (۱۱) مرے کالج
سیالکوٹ کا خط ۱۲۳ - (۱۲) "والدۂ مرحومہ کی یاد میں" نظم کا صفحۂ اوّل ۱۴۲ -
(۱۳) علّامہ کی لکھی ہوئی تشریح کے دو صفحات کا عکس ۱۴۴، ۱۴۵ - (۱۴) علّامہ
کے مکتوب کا عکس ۲۱۸ -

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلّی علیٰ رسولہ الکریم

اِفتتاحیہ

اللہ تعالیٰ کے اس کرم بے پایاں کا شکر کس زباں سے ادا کروں کہ "روزگارِ فقیر" کے نقشِ ثانی کی پہلی جلد میری توقع سے کہیں زیادہ مقبول ہوئی اور ہر طبقے میں پسند کی گئی۔ ملک و بیرونِ ملک کے قارئین، جرائد اور علمی اداروں نے اپنی پسندیدگی اور جذباتِ تحسین کا اظہار مختلف پیرایوں میں کیا۔ یہ قدر شناسی اور عزت افزائی میری زندگی کا بہت بڑا سرمایہ ہے۔

مجھے اس کا اعتراف ہے کہ اپنے بزرگوں، دوستوں اور عزیزوں کو جو علامہ کی قربت، ہم نشینی اور صحبت سے فیض یاب ہو چکے ہیں ملفوظات و مشاہدات قلمبند کرانے کے لیے خاطر خواہ وقت نہ دے سکا اور میں نے اپنی خرابی صحت کی وجہ سے کتاب کی ترتیب و اشاعت میں اس قدر تیزی و عجلت کو [illegible] کہ جب کتاب چھپ کر منظرِ عام پر آئی تو احساس ہوا کہ میں اپنی یادداشت میں محفوظ کئی اہم واقعات کو قلمبند نہیں کر سکا اور ان بزرگوں کے گنجینۂ معلومات سے بھی بہت سے

Marfat.com

جواہر ریزے نہ نقل کیے جا سکتے تھے، جن کا محفوظ کرنا اس لیے بھی ضروری تھا کہ سن رسیدہ بزرگوں اور دوستوں کی اس نسل کے بعد ذکرِ اقبال کا یہ دور ہی ختم ہو جائے گا اور پھر اسے کوئی بیان کرنے والا باقی نہ رہے گا۔

"روزگارِ فقیر" کی جلد دوم تین اہم ابواب پر مشتمل ہے:

پہلے باب میں ایسے واقعات اور ملفوظات ہیں جن سے علامہ مرحوم کے اپنے ذاتی واقعات، خاندانی حالات، عشقِ رسولؐ اور مختلف افکار و نظریات پر روشنی پڑتی ہے اور تحقیق کی نئی راہیں کھلتی ہیں۔

باب دوم میں کم و بیش آٹھ سو ایسے اشعار پیش کیے گئے ہیں جو علامہ کے کسی مجموعۂ کلام یا باقیات و آثار کے موضوع کی کسی کتاب میں اب تک شائع نہیں ہوئے۔

باب سوم "حیاتِ اقبال تصاویر میں" اس کتاب کا نہایت جدت انگیز اور دلچسپ حصہ ہے۔ علامہ کی زندگی اور مصروفیات و مشاغل سے متعلق نادر و نایاب تصاویر کا تلاش کرنا اور انھیں فنِ عکاسی کے اعلیٰ معیار کے مطابق محفوظ و مرتب کرنا، اگرچہ نہایت اہم کام تھا، لیکن اس پر آج تک کسی نے توجہ نہیں دی تھی۔

میں جناب شیخ اعجاز احمد اور جناب ممتاز حسن کا بے حد شکر گزار ہوں کہ انھوں نے ان مضامین اور تصاویر کی فراہمی کے سلسلے میں میری ہر ممکن معاونت اور حوصلہ افزائی کی اور کتاب کی ترتیب و تدوین کے دوران مجھے اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے رہے۔ میرے شوقِ طلب اور ذوقِ جستجو کی کامیابی ان دونوں حضرات

Marfat.com

کے پرخلوص تعاون کی رہینِ منت ہے۔

سراپا شکر و مسرت ہوں کہ مشرق کے عظیم شاعر، مفکرِ اسلام اور عاشقِ رسولؐ کی سیرت و کردار اور افکار و نوادر کا یہ مرقع شائع کرنے کی سعادت مجھے میسّر آئی۔ اس خوشگوار فرض کی ادائگی کے بعد ایسا محسوس کر رہا ہوں، جیسے میری زندگی سمٹ کر مجسّم سجدۂ شکر بن گئی ہے۔

فقیر سیّد وحیدالدّین

۱۴ اگست سنہ ۱۹۶۴ء

۴۳۔ روز اسٹریٹ

میکلیوڈ روڈ۔ کراچی (کینٹ)

Marfat.com

Marfat.com

وَاقعات و ملفوظات

خُدا کی ہستی

میرے والدِ بزرگوار فقیر سید نجم الدین نے یہ واقعہ سنایا کہ علامہ مرحوم کی قیام گاہ پر چند احباب کی موجودگی میں ایک ملاقاتی یکایک یہ سوال کر بیٹھا کہ ڈاکٹر صاحب! آپ عالم بھی ہیں، فلسفی بھی ہیں۔ کیا آپ خُدا کی ہستی اور باری تعالیٰ کے وجُود کو فلسفیانہ دلائل سے ثابت کر سکتے ہیں؟ علامہ نے اس کے جواب میں ... نہیں ... کہا۔

مُلاقاتی نے اِس پر دریافت کیا ـــــ جب یہ بات ہے تو پھر آپ کے نزدیک خدا کی حقیقت قابلِ تسلیم کیوں کر ہُوئی؟ ـــــ علامہ نے فرمایا، یقیناً خدا کی ہستی ناقابلِ انکار حقیقت ہے۔ اس کے لیے مجھے کسی فلسفیانہ دلیل کی ضرورت نہیں۔ یہ سے نزدیک اللہ تعالیٰ کے وجُود پر سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ یہ سے پیغمبر نے جن کے متعلق ان کے دشمن بھی کہتے تھے کہ انھوں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا جب فرمایا ہے کہ خدا ایسا ہے، یہ کلام ہوتا ہے تو خدا کی ہستی یقینی ہے۔

Marfat.com

غالبؔ اور رُومیؔ سے ملاقات

علّامہ پر کبھی کبھی عمیق غور و فکر بلکہ یوں کہیے، استغراق کی ایسی کیفیت طاری ہو جایا کرتی تھی کہ وہ اپنے گرد و پیش کے حالات اور ماحول سے یکسر غافل ہو جاتے۔ آخر عُمر میں اُن کے دل و دماغ پر اس کیفیت کا غلبہ اور زیادہ ہونے لگا تھا۔ ایک دن کا واقعہ ہے کہ وہ اپنے کمرے میں حسبِ معمُول نیم دراز تھے اور کوئی ملاقاتی اُس وقت موجود نہ تھا۔ اپنے دیرینہ خادم علی بخش کی آہٹ سُن کر وہ چونک پڑے اور اسے مخاطب کر کے فرمایا:

"علی بخش! میرے پاس مرزا غالبؔ بیٹھے ہُوئے تھے۔ ابھی ابھی باہر گئے ہیں۔ جلدی جاؤ اور اُنھیں واپس بلا لاؤ۔ علی بخش ایک فرمانبردار اور سادہ لوح خادم: علّامہ کا حُکم سُنتے ہی باہر لپکا اور اِدھر اُدھر دیکھ کر بظاہر مرزا غالب کی تلاش میں ناکام واپس آگیا اور کہا، "غالبؔ صاحب مجھے نہیں ملے۔"

علّامہ نے فرمایا "بخشی! تُم کیا کہہ رہے ہو — وہ ابھی تو میرے پاس اس کُرسی پر بیٹھے ہُوئے دیر تک باتیں کرتے رہے ہیں۔"

اِنتقال سے چند روز قبل بھی اس نوعیت کا واقعہ پیش آیا۔ اس دفعہ انھوں نے مولینا رُومیؔ کے متعلق علی بخش سے کہا کہ وُہ ابھی میرے پاس سے گئے ہیں، اُنھیں واپس بُلا لاؤ۔

اس بار بھی علی بخش مہمان کے خیالی پیکر کو باہر ڈھونڈ کر ناکام واپس آگیا۔

Marfat.com

علّامہ کے استغراق کی یہ کیفیت تھی کہ اُنھوں نے نہ اپنی ہدایت پر کوئی توجّہ دی، نہ علی بخش کے جواب کو غور و فکر کی اہمیّت کا مستحق سمجھا۔

انسانی عقل و دانش کے لیے اِن حیران کُن واقعات کے بارے میں علّامہ نے کبھی کوئی ایسی بات وضاحت اور قطعیّت کے ساتھ نہیں کہی جس سے اُن کے ساتھ پیش آنے والے اِن چھوٹے چھوٹے لیکن اہم واقعات پر روشنی پڑ سکتی۔ لیکن اُنھوں نے اپنی تعلیمات اور افکار میں زندگی میں حاصل ہونے والے ایسے وجدانی لمحات اور محسوسات کا بار بار ذکر کیا ہے۔ جب انسانی قلب و دماغ پر کچھ کیفیتوں کا غلبہ ہوتا ہے اور اُس کے غور و فکر کے سلسلے لامحدود وسعتوں سے مربوط یا اُن میں گُم ہو جاتے ہیں۔

مصلحتِ خُداوندی

میرے والد فقیر سیّد نجم الدین جن دنوں شرق پور میں متعین تھے، ایک تنادی میں شرکت ہونے کے لیے لاہور تشریف لائے۔ علّامہ اقبال بھی اس تقریب میں موجود تھے۔ والد صاحب کے ہمراہ اُن کا اَن پڑھ چپراسی بھی تھا۔ چپراسی سے والد صاحب نے کہا "دیکھو، یہی وہ ڈاکٹر اقبال ہیں جن کا میں اکثر ذکر کیا کرتا ہوں"۔ والد صاحب اپنی شہرت سے اُکتا کر کہیں گئے تو چپراسی بے ادب کے ساتھ علّامہ سے کہنے لگا "میرے پیٹ میں اکثر درد ہوتا ہے آپ کوئی بتا دیں تو آپ کی بڑی مہربانی ہوگی"۔

Marfat.com

ڈاکٹر صاحب اس کی اس سادگی پر مُسکرا دیے۔ اس مُسکراہٹ میں ایک خاص لُطف اور خُوش ذوقی بھی شامل تھی۔ ایک شخص جو علامہ کے قریب ہی بیٹھا تھا۔ اُس نے چپراسی سے کہا کہ یہ جسم کے نہیں، علم کے ڈاکٹر ہیں ——!

لطیفے کے طور پر یہ واقعہ بھی بعض محفلوں میں سُنا گیا ہے کہ کسی مقام پر "یومِ اقبال" منایا جا رہا تھا۔ وہاں ایک صاحب نے تقریر کرتے ہُوئے کہا کہ ڈاکٹر اقبال نے قوم کے لیے بہت بڑی قُربانی دی، ولایت سے ڈاکٹری کا امتحان پاس کر کے آئے، مگر ایک دن بھی ڈاکٹری کا پیشہ نہیں کیا اور ساری عُمر قوم کی خدمت میں گزار دی۔

یہاں یہ ذکر خالی از دلچسپی نہ ہو گا کہ ڈاکٹر سیّد محمد حسین اور ڈاکٹر محمد اقبال نے ایک بار میڈیکل کالج میں داخلے کی واقعی کوشش بھی کی تھی۔ سیّد محمد حسین کو تو داخلہ مل گیا مگر ڈاکٹر اقبال کسی وجہ سے رہ گئے۔ ڈاکٹر صاحب نے خود مجھے سنایا کہ بھئی! میں نے ڈاکٹر بننے کی ایک بار کوشش کی، مگر اُس میں کامیابی نہیں ہُوئی۔

اللہ تعالیٰ کی اس میں بہت بڑی مصلحت پنہاں تھی۔ مشیتِ ایزدی علامہ کو جو کچھ بنانا چاہتی تھی، اُس کے پیشِ نظر میڈیکل کالج میں داخلہ نہ ملنا ہی مناسب تھا اور اِس ناکامی میں شاندار مُستقبل کی کامیابی اور کامرانی مضمر تھی۔ طبّی ڈاکٹر بن کر وُہ چند ہزار مریضوں کی خدمت کر سکتے تھے، مگر اُنھوں نے فلسفی، مُفکّر، شاعر بلکہ یُوں کہیے حکیم الامّت بن کر آنے والی نسلوں کی رہنمائی کے اسباب مُہیّا فرما دیے اور حکمت و بصیرت کے نہ بُجھنے والے چراغ روشن کر دیے۔

Marfat.com

سُرورِ رفتہ

سُرورِ رفتہ باز آید کہ ناید
نسیمے از حجاز آید کہ ناید
سر آمد روزگارے ایں فقیرے
دِگر دانائے راز آید کہ ناید

علّامہ اقبال کا یہ قطعہ خاص و عام سبھی کو پسند ہے۔ مگر افسوس ہے یہ قطعہ ایک زمانے تک "سرودِ رفتہ" کے الفاظ کے ساتھ پڑھا گیا اور اسی طرح مضامین اور کتابوں میں درج ہُوا۔ حالانکہ علّامہ کے کہے ہُوئے اصل الفاظ "سرورِ رفتہ" ہیں "سرودِ رفتہ" نہیں۔

اس غلط فہمی کا آغاز اس طرح ہُوا کہ ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء کو علّامہ کے جنازے کا جلوس جب لاہور کی شاہراہوں سے گزر رہا تھا تو اس موقع پر ایک شخص نے یہ قطعہ جو علّامہ انتقال سے کچھ عرصہ قبل کہہ چکے تھے۔ چھپوا کر تقسیم کیا اور اس میں "سرودِ رفتہ" املا کیا گیا۔ میں علّامہ مرحوم کے جنازے میں شریک تھا۔ دوسرے حضرات کی طرح مجھے بھی یہ قطعہ "سرودِ رفتہ" کے الفاظ کے ساتھ یاد رہا۔ اس غلطی پر "ارمغانِ حجاز" کی اشاعت نے مُہرِ تصدیق ثبت کر دی۔ علّامہ کا یہ مجموعہ اُن کی رحلت کے چند ماہ بعد شائع ہُوا اور اس میں بھی "سرودِ رفتہ" ہی چھپا۔ چنانچہ

Marfat.com

سنہ ۱۹۵۱ء میں جب میں نے "روزگارِ فقیر" کا نقشِ اوّل پیش کیا تو اُس میں قطعۂ مذکورہ کا پہلا مصرعہ

"سرودِ رفتہ باز آید کہ ناید"

شائع کیا گیا جو "ارمغانِ حجاز" کے نسخے کے عین مطابق تھا۔ دُنیا میں "نقل در نقل" کی غلطیاں ہمیشہ سے ہوتی آئی ہیں۔

"روزگارِ فقیر" کے نقشِ ثانی کے منظرِ عام پر آنے سے کچھ پہلے حکیم الامت کے فرزند ڈاکٹر جاوید اقبال نے اس غلط فہمی کی وضاحت کی۔ اُنھوں نے کہا کہ "ارمغانِ حجاز" کا ساتواں اڈیشن جو سنہ ۱۹۵۹ء میں شائع ہُوا ہے، اُس کے صفحہ ۱۲۱ پر اس افسوس ناک غلطی کی تصحیح کر دی گئی ہے۔ لہٰذا "روزگارِ فقیر" میں بھی اس قطعے کو "سرودِ رفتہ" کے ساتھ ہی چھپنا چاہیے۔

"ارمغانِ حجاز" علامہ کا آخری واحد مجموعہ ہے، جو اُن کے اِنتقال کے بعد طبع ہوا۔ اگر علامہ کی زندگی میں یہ مصرعہ غلط چھپ جاتا تو وہ دوسرے اڈیشن میں اس کی تصحیح ضرور فرما دیتے۔ چودھری محمد حُسین جو ڈاکٹر صاحب کی کتابوں کے حقوق و اِشاعت کی نگرانی کرتے تھے، اُن کو بھی اِس غلطی کا احساس "ارمغانِ حجاز" کے ایک دو نہیں، چھ اڈیشن چھپنے کے بعد ہُوا اور ساتویں اڈیشن میں اس مصرعے کی تصحیح کر دی گئی۔

اس وضاحت کے بعد مذکورہ قطعے کے متعلق غلط فہمی باقی نہیں رہنی چاہیے۔

Marfat.com

امتیازی کامیابیوں کے اعزاز اور تمغے

سنہ ۱۸۹۳ء میں علّامہ کو اسکاچ مشن اسکول سیالکوٹ سے یہ تمغہ اور وظیفہ ملا۔
اِسی سال اُنھوں نے میٹرک کا امتحان اِمتیازی حیثیت
سے پاس کیا تھا۔



پنجاب یونیورسٹی سے سنہ ۱۸۹۹ء میں نمایاں اعزاز کے ساتھ فلسفے میں ایم۔اے
پاس کرنے کا تمغہ۔ علّامہ پنجاب بھر میں اوّل آئے تھے۔



Marfat.com





عربی میں امتیازی حیثیت سے ایم اے یا بی۔ اے پاس کرنے کا یہ تمغہ مؤلفِ "روزگارِ فقیر" کے بزرگ خان بہادر فقیر سید جمال الدین مرحوم نے اب سے کوئی ۷۳ سال قبل وقف کیا اور پنجاب یونیورسٹی سنڈیکیٹ کے منظور شدہ ریزولیشن مورخہ ۸ جون ۱۸۹۱ء کے مطابق یہ سلسلہ آج تک قائم ہے، جس کی تصدیق مولف کے نام پنجاب یونیورسٹی کے خط نمبر ۸، A — ۸۶۲۵ مورخہ ۳ اکتوبر ۱۹۶۴ء سے ہوتی ہے۔

فقیر سید جمال الدین مرحوم بڑی صفات کے مالک تھے۔ صاحبِ علم اور پنجاب یونیورسٹی کے فیلو تھے۔ انتقال سے قبل ایک بڑا ذاتی کتب خانہ پنجاب پبلک لائبریری کو دیا تھا۔ علامہ کے لیے اُن کا یہ انعامی تمغہ اس حسنِ اتفاق کی یاد تازہ کر رہا ہے کہ علامہ اقبال کو فقیر خاندان کی تین پشتوں سے جو تعلق خاطر رہا، مشیتِ ایزدی اُس کی بنیاد ۱۸۹۷ء میں ہی رکھ چکی تھی۔

Marfat.com

اِقبالؔ اور گرامیؔ

مولٰینا گرامیؔ فارسی شاعری میں اپنے وقت کے خیامؔ اور نظیریؔ تھے۔ اُن کا اصل نام غُلام قادِر تھا اور وطن ہوشیار پور (مشرقی پنجاب)۔ علّامہ اقبال سے اُن کے مراسم آخر دم تک بہُت زیادہ خُوشگوار رہے۔ وہ جب کبھی لاہور آتے، علّامہ کے مکان پر قیام فرماتے۔ آپس میں کسی طرح کی معاصرانہ چشمک نہیں۔ اِنتہائی اخلاص و مودّت کے تعلّقات و روابط۔ انارکلی والے مکان میں انہیں اکثر علّامہ کے ہاں فروکش دیکھا گیا۔ علّامہ اور مولٰینا گرامیؔ کے متعلّق ایک شعر اُن کی وفات پر بہُت مشہُور ہُوا اور مَیں نے جب اسے سنا، اُسی وقت یاد ہو گیا اور اب تک یاد ہے، بلکہ حرزِ جان ہے:

صبا! بہ حضرتِ اقبال ایں پیامم دِہ
کہ رفت جانِ گرامیؔ و تو ہنُوز خموش!

مولٰینا گرامیؔ درویش صفت انسان تھے۔ وُہ جب لاہور تشریف لاتے تو علّامہ کی قیام گاہ پر علم و فکر کی محفلیں خُوب گرم رہتیں۔ اُنہیں فارسی زبان و ادب پر بڑا عبُور تھا۔

میرے دوست راحت بخاری صاحب جو لاہور سے [illegible] اور گزشتہ ۱۶ سال اقوامِ متّحدہ کے مختلف شعبوں میں فرائض انجام دیتے رہے ہیں۔ اب پاکستان واپس آ چکے ہیں۔ اُنھوں نے یہ واقعہ سُنایا

Marfat.com

کہ میں ڈاکٹر تاثیر اور ایک دوسرے ہم سن نوجوان کے ساتھ علامہ اقبال کی خدمت میں بڑی عقیدت کے ساتھ حاضر ہوا کرتا تھا۔ ایک روز ہم چند دوست میکلوڈ روڈ والی کوٹھی پر پہنچے تو علامہ گھر کے اندر تشریف رکھتے تھے۔ باہر چند ملاقاتی بیٹھے ہوئے باتیں کر رہے تھے۔ اتنے میں ایک صاحب نے علامہ اقبال اور مولانا گرامی کے تعلقات و روابط کا ذکر چھیڑ دیا اور دورانِ گفتگو میں کہا کہ مولینا گرامی نے اقبال کے متعلق یہ اشعار کہے ہیں :

درسِ ماضی از کتابِ حال گیر — ساغر از خمخانۂ اقبال گیر
حضرتِ اقبال آں بالغ نظر — دارد از بود و نبودِ ما خبر !
ما بہ ذوقِ سوختن کم ساختیم ! — بیخودی را از خودی نشناختیم
آں نوا پردازِ اسرارِ ازل — شہسوارِ عرصۂ علم و عمل !
بیخودی را در خودی منزل شناس — در غبارِ کاروانِ محمل شناس
از نوائش بزمِ یورپ در خروش — حکمتِ امریکہ او را سفتہ گوش
نالہائے آتشینِ آں حکیم — سوخت رختِ فتنۂ امید و بیم

ساخت با دلہا و بودش ہیچ نیست
سوخت دل ہا را و دودش ہیچ نیست (گرامی)

علامہ کے متعلق مولینا گرامی کا یہ شعر بھی بہت مشہور ہوا ہے :

در دیدۂ معنی نگراں حضرتِ اقبال
پیغمبری کرد و نمیدانست بگوید !

130412

Marfat.com

فیضِ تربیت

علّامہ کی ذات میں علم و عرفاں اور فکر و عمل کی اتنی بہت سی خوبیوں کا جمع ہو جانا محض حسنِ اتّفاق نہ سمجھنا چاہیے۔ صالح اور متقی والدین کی ابتدائی تعلیم و تربیت اور ذہین و شفیق اُستاد کی نظرِ خاص کو اُن کے اِس اعلیٰ کردار کی تخلیق میں بہت دخل تھا۔ یہی وجہ ہے کہ جہاں اور جب علّامہ کے ذاتی حالات کا ذکر چھڑتا ہے، ان بزرگوں کا تذکرہ بھی یقینی ہوتا ہے۔ علّامہ کی والدۂ محترمہ کے انتقال پر لسان العصر اکبر الٰہ آبادی نے جو اشعار کہے تھے، اُن میں اس حقیقت کا اظہار نہایت دلکش انداز میں کیا گیا تھا۔ علّامہ اقبال اور اکبر الٰہ آبادی کے درمیان جو مخلصانہ مراسم آخر وقت تک قائم رہے، اُن پر جلد اوّل میں روشنی ڈالی جا چکی ہے لیکن حسبِ ذیل اشعار سے ان دونوں ہم عصر اور ہم فکر دانشوروں کے قلبی تعلّق کا اور زیادہ اندازہ ہو سکتا ہے۔

حضرتِ اقبال میں جو خوبیاں پیدا ہوئیں
قوم کی نظریں جو اُن کے طرز کی شیدا ہوئیں
یہ حق آگاہی یہ خوش گوئی یہ ذوقِ معرفت
یہ طریقِ دوستی، خودداری، با تمکنت!
اس کے شاہد ہیں کہ ان کے والدین ابرار تھے
باخدا تھے اہلِ دل تھے صاحبِ اسرار تھے

Marfat.com

جلوہ گر اُن میں اُنھیں کا ہے یہ فیضِ تربیت
ہے ثمر اس باغ کا یہ شمعِ عالی منزلت!
مادرِ مرحومۂ اقبال جنت کو گئیں!
چشمِ تر ہے آنسوؤں سے قلب ہے اندوہ گیں
روکنا مشکل ہے آہ و زاری و فریاد کو
نعمتِ عظمیٰ ہے ماں کی زندگی اولاد کو
اکبر اس غم میں شریکِ حضرتِ اقبال ہے
سالِ رحلت کا یہاں منظور اُسے فی الحال ہے
واقعی مخدومۂ ملت تھیں وہ نیکو صفات
رحلتِ مخدومہ سے پیدا ہے تاریخِ وفات

۱۳۳۳ ھجری

Marfat.com

ڈاکٹر تاثیر مرحوم

علمی و ادبی حلقوں میں ڈاکٹر محمد دین تاثیر کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ مرحوم سے راقم الحروف کو جو دیرینہ تعلق خاطر تھا، اُس کا اظہار جلد اوّل میں کر چکا ہوں۔ یہ بھی لکھ چکا ہوں کہ غیر ملکی لڑکیوں سے شادی کرنے کے بارے میں علامہ نے اُنھیں کیا مشورہ دیا تھا۔ جلد دوم کی ترتیب و تکمیل کے دوران محترمہ بیگم تاثیر نے کچھ واقعات قلمبند کرائے ہیں، جن سے جلد اوّل میں پیش کیے ہوئے واقعے کی صرف یہ صرف تصدیق ہوتی ہے اور علامہ مرحوم کی دوستانہ وضعداری اور خلوص و محبت کے بعض نئے پہلو سامنے آتے ہیں۔

یہ واقعات خود بیگم تاثیر کی زبانی سنیے :۔

"میرے شوہر تاثیر مرحوم نے مجھے بتایا تھا کہ جب میں ایف۔ سی کالج لاہور میں انٹرمیڈیٹ میں پڑھتا تھا۔ اُسی زمانے میں علامہ سے میری پہلی ملاقات ہوئی تھی۔ اُس کے بعد پھر تو یہ مشغلہ ہو گیا کہ روزانہ شام اُن ہی کے ساتھ گزرتی۔ بہت سے دوست اور بزرگ جمع ہو جاتے اور مختلف مسائل پر گفتگو کا سلسلہ چلتا رہتا۔ شعر و ادب سے میرا شغف ان دنوں بہت بڑھ گیا تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے میری تعلیم جاری کرنے کے لیے اطمینان بخش مشورہ دیا اور میں نے اس پر عمل کیا۔"

بیگم تاثیر فرماتی ہیں کہ تاثیر مرحوم پہلے بندہ خدائی تھے جنھوں نے [illegible]

Marfat.com

ادب میں ڈاکٹریٹ حاصل کی۔ ڈاکٹر اقبال نے میرے شوہر سے یہ بھی کہا تھا کہ تاثیر! تمھیں اگر ہندوستانی لڑکی پسند نہیں ہے اور تم غیر ملکی لڑکی ہی سے شادی کرنے پر تلے ہوئے ہو تو پھر جرمن لڑکی زیادہ بہتر ہو گی۔ جب تاثیر انگلستان سے واپس آئے تو ڈاکٹر صاحب نے اُن سے دریافت کیا:

"میاں تاثیر! تمھاری جرمن بیوی کہاں ہے؟"

تاثیر مرحوم نے جواب دیا" ڈاکٹر صاحب! میں نے جرمن لڑکی کی بجائے انگلش لڑکی پسند کی ہے"۔ اِس پر ڈاکٹر صاحب نے مسکراتے ہوئے کہا" خیر، دُوسرے نمبر پر بھی بہتر ہے"۔

اس کے بعد ڈاکٹر صاحب نے اس معاملے میں اتنی دلچسپی لی کہ اِسلامی طریقے پر شادی کے لیے دوسرے وکلاء کے ساتھ کاغذات مرتب کیے اور خود ہی نکاح کا دن اور وقت مقرر کیا۔ ڈاکٹر صاحب علالت کے سبب چل پھر نہ سکتے تھے، لیکن وقتِ مقررہ پر علالت اور نقاہت کے باوجود بکمال شفقت ہماری قیامگاہ پر تشریف لائے۔ اُنھوں نے مجھ سے پہلے کلمۂ طیب پڑھوایا اور جب میں باقاعدہ مسلمان ہو گئی تو پھر خود نکاح پڑھایا۔ اِس تقریب کو علامہ اقبال کی شرکت کی برکت حاصل تھی۔ شادی کے چند دِن بعد میں ڈاکٹر صاحب کے یہاں گئی تو وہاں اہلِ علم حضرات کا مجمع تھا۔ میں اُن سے مِل کر چلی آئی۔ اس کے بعد ۱۹۳۷ء کے جاڑوں میں اپنی پہلی نومولود بچی کو لے کر ڈاکٹر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئی اور وہ حسبِ معمول بڑی شفقت سے پیش آئے۔ اُن کی بزرگانہ شفقت کا

Marfat.com

آج بھی تصوّر کرتی ہُوں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کوئی چیز مجھے سہارا دے رہی ہے۔"

بیگم ڈاکٹر محمد دین تاثیر کے اس بیان میں نکاح کی جس قانونی دستاویز کا ذکر آیا ہے، اس کی حیثیت اقرار نامہ قبل از نکاح کی ہے، اور اس اعتبار سے نہایت اہم ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے اس دستاویز کا اصل مضمون خود اپنے قلم سے تحریر فرمایا اور پھر اُس پر گواہ کی حیثیت سے دستخط کیے۔

نکاح نامہ کی اِس دستاویز کا عکس بیگم تاثیر کے پاس محفوظ شُدہ اصل کاپی سے حاصل کر کے شائع کیا جا رہا ہے۔ اس میں ازدواجی تعلقات اور میاں بیوی کے حقوق کا مرکز، مرجع اور حرفِ آخر اسلامی قانون کو قرار دِیا گیا ہے۔

نکاح نامہ

علامہ کے مرتب کردہ اقرار نامہ قبل از نکاح کا عکس اس سے اگلے صفحے پر شائع کر دیا گیا ہے۔ قارئین کی سہولت کے لیے اس معاہدے کا اردو مفہوم ذیل میں پیش کیا جا رہا ہے ——

"معاہدہ محررہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۳۶ء، مابین محمد دین تاثیر ساکن لاہور (ہونے والا شوہر) فریق اوّل و کرسٹابل جمالی ساکن لندن (ہونے والی زوجہ) فریقِ ثانی۔ ہر کاہ کہ مذکورہ بالا محمد دین تاثیر اور کرسٹابل جمالی عنقریب سلسلۂ مناکحت میں

Marfat.com

منسلک ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں اور معاہدۂ نکاح کے سلسلے
میں مابینِ فریقین یہ قرار پایا تھا کہ شرائطِ مندرجہ ذیل پر مشتمل
ایک اقرار نامہ باقاعدہ ضبطِ تحریر میں لایا جائے۔ لہٰذا دستاویزِ
ہٰذا حسبِ ذیل شرائط کی سند کے طور پر تحریر کی جاتی ہے :

۱ - بربنائے معاہدہ متذکرہ بالا اور نکاحِ مجوّزہ محمد دین تاثیر
مذکور اور کرسٹابل جارج مذکورہ برضامندی اقرار
کرتے ہیں کہ چونکہ ہر دو فریق اقرار نامۂ ہٰذا مُسلم ہیں،
لہٰذا مجوّزہ نکاح اسلامی شریعت کے مطابق ہوگا۔

۲ - بربنائے اقرار متذکرہ بالا اور نکاح مجوّزہ محمد دین تاثیر
مذکور اقرار کرتا ہے کہ جب تک اُس کا نکاح کرسٹابل
جارج مذکورہ سے قائم رہے گا، وہ کسی بھی مذہب کی
عورت کے ساتھ نکاحِ ثانی نہیں کرے گا۔ (یعنی فریقین
کی شادی Monogamous ہوگی۔)

۳ - بربنائے اقرار متذکرہ بالا اور نکاح مجوّزہ محمد دین تاثیر
مذکور شرعِ اسلامی کے تحت اپنا حق طلاق کرسٹابل
جارج مذکورہ کو تفویض کرتا ہے۔

۴ - زرِ مہر جو نکاح ہونے پر کرسٹابل جارج مذکورہ محمد دین تاثیر
مذکور سے اِس اقرار نامے اور شرعِ اسلامی کے تحت

Marfat.com



AGREEMENT.

This agreement made the 18th day of October 1930 between Mohammad Din Tasser of Lahore (the intended husband) of the first part, and Christabel George of London (the intended wife) of the second part whereas a marriage is shortly intended to be solemnized between the said Mohd. Din Tasser and Christabel George, but upon the treaty of the said marriage it was agreed that the agreement hereinafter appearing should be duly executed: now this deed witnesseth as follows:

1. In consideration of the said agreement and in consideration of the said marriage, the said Mohammad Din Tasser with the approbation of the said Christabel George agrees that the parties to the agreement shall [illegible] and shall have intended marriage in accordance with Muslim Shariat.

2. In consideration of the said agreement and in consideration of the said marriage, the said Mohammad Din Tasser agrees that during the continuance of his marriage [illegible] Christabel George the said Mohammad Din Tasser shall not [illegible] without her consent [illegible] Tasser [illegible] permission. [illegible] said marriage will be nonexistent.

3. In consideration of the said agreement and in consideration of the said marriage the said Mohammad Din Tasser agrees to delegate his right of divorce under [illegible] to the said Christabel George.

4. [illegible] claimable by Christabel George from Mohammad Din Tasser under [illegible] under Muslim Law or in the solemnization of the [illegible] consequent.

In witness whereof the said Mohammad Din Tasser has hereto set his hand [illegible] October 193[illegible].

First Party Witness.

Mohammad Din Tasser

Marfat.com

طلب کر سکے گی، چھ ہزار روپیہ ہوگا۔

شرائطِ مندرجہ بالا کی منظوری کے ثبوت میں محمد دین تاثیر مذکور نے بمقام لاہور مورخہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۳۶ء کو دستاویز ہٰذا پر دستخط ثبت کیے۔ (دستخط فریقین اور گواہان)

عشقِ رسولؐ

علامہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی سے عشق تھا، سچا اور والہانہ عشق! اِس لیے وہ عاشقانِ رسولؐ کے دِل و جان سے مداح اور قدر شناس تھے۔ سرکارِ دو عالم کی شانِ اقدس میں گستاخانہ کتاب شائع کرنے والے شخص راجپال کو لاہور کے ایک غیرت مند نوجوان غازی علم الدین نے کیفرِ کردار کو پہنچا کر جب عدالتِ عالیہ سے سزائے موت پائی، تو اِس سارے واقعے کے متعلق علامہ اقبال کے تاثرات بالکل واضح تھے۔ "روزگارِ فقیر" کی پہلی جلد میں یہ تمام تفصیل شائع ہو چکی ہے

پروفیسر یوسف سلیم چشتی نے علامہ مرحوم کے جو ملفوظات محفوظ کیے ہیں، اُن میں علامہ مرحوم کا کہا ہوا یہ فقرہ بھی تھا، جسے غازی علم الدین کی شہادت کے زمانے میں علامہ کی زبان سے بار بار سنا گیا: "اَسی گلّاں کر دے رہے تے ترکھاناں دا مُنڈا بازی لے گیا۔" (ہم باتیں ہی بناتے رہے اور نجار کا لڑکا بازی لے گیا۔)

عجیب اتفاق ہے کہ اِسی نوعیت کا ایک اور واقعہ ہے، جسے بجا طور پر

لہ غازی علم الدین کے والد کا پیشہ نجاری تھا۔

Marfat.com

داستانِ عشقِ رسولؐ کا گم شدہ ورق کہا جا سکتا ہے۔ اِس واقعے کے کئی پہلو ہیں — کہ اہانتِ رسولؐ کی ناپاک جسارت کرنے والے کا کیا حشر ہوتا ہے؟ اور ہونا چاہیے؟ — غیرت مند مسلمان عظمت و ناموسِ رسُولؐ کے معاملے میں کس قدر حسّاس سرفروش اور جاں نثار ہوتے ہیں؟ اور یہ کہ علّامہ اقبال اپنے تمام فلسفیانہ افکار اور عقلیّت کے باوجود ایسے موقعوں پر جذبۂ عشقِ رسولؐ کا اِظہار واضح طور پر کرتے تھے۔

میرے دوست مجیب[1] احمدؐ صاحب انصاری جو سرکاری ملازمت کے سلسلے میں بمبئی میں میرے رفیق رہے اور بعد میں سنٹرل ریونیو بورڈ پاکستان میں ذمہ دار افسر تھے، "روزگارِ فقیر" کے نقشِ اوّل خصوصاً غازی علم الدّین کے واقعے سے بہت متاثر ہوئے اور توجہ دلائی کہ اقبال جیسے عاشقِ رسولؐ کے تذکرے میں غازی علم الدّین کا واقعہ تو شامل ہے مگر کراچی کے غازی عبدالقیوم کی غیرتِ ایمانی اور ذکرِ شہادت سے یہ تذکرہ خالی ہے۔ اِس کے علاوہ علّامہ اقبال کے کلام میں بھی اُس کا ذکر موجود ہے۔ انصاری صاحب کے علاوہ دو اور ثقہ راویوں جناب عبدالخالق (ممبر میونسپل کارپوریشن کراچی) اور سیّد محمّد اسلم بار ایٹ لاء (سابق اٹارنی جنرل رائل ایئر فورس) نے اس واقعے کی تصدیق کی۔ یہ دونوں حضرات مسلمانانِ کراچی کی دینی اور سماجی تحریکوں میں ہمیشہ سرگرم حصّہ لیتے رہے ہیں۔

---

[1] مجیب انصاری صاحب کو "روزگارِ فقیر" کی جلد دوم کی ترتیب و اشاعت سے بھی دلچسپی تھی لیکن کتاب کی اشاعت سے صرف پانچ ماہ قبل اگست ۱۹۶۲ء میں اُن کا انتقال ہو گیا۔ خدائے بزرگ و برتر سے دعا ہے کہ مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے۔

Marfat.com

یہ ۱۹۳۳ء کے اوائل کا ذکر ہے۔ جب سندھ صوبہ بمبئی میں شامل تھا، اُن دنوں آریہ سماج حیدر آباد (سندھ) کے سیکریٹری نتھو رام نے "ہسٹری آف اسلام" کے نام کی ایک کتاب شائع کی، جس میں آقائے دوجہاں سرکارِ دو عالم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی شانِ اقدس میں سخت دریدہ دہنی کا مظاہرہ کیا گیا۔ مسلمانوں میں اِس کتاب کی اشاعت کے سبب بڑا اضطراب پیدا ہوا، جس سے متاثر ہو کر انگریزی حکومت نے کتاب کو ضبط کیا اور نتھو رام پر عدالت میں مقدمہ چلایا گیا، جہاں اُس پر معمولی سا جرمانہ ہوا اور ایک سال قید کی سزا سنائی گئی۔

عدل و انصاف کی اِس نرمی نے نتھو رام کا حوصلہ بڑھا دیا اور اُس نے ڈی۔ ایم فیرس جوڈیشل کمشنر کے یہاں ماتحت عدالت کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کر دی۔ کمشنر کی عدالت نے اِس گندہ دہن شاتمِ رسولؐ کی ضمانت منظور کر لی۔ اِس سے مسلمانوں کو بہت صدمہ ہوا۔ وہ بہت مضطرب اور فکر مند تھے کہ توہینِ رسولؐ کے اِس فتنے کا سدِّ باب آخر کس طرح کیا جائے۔

ہزارے کا رہنے والا عبدالقیوم نام کا ایک نوجوان تھا جو کراچی میں وکٹوریہ گاڑی چلاتا تھا۔ جونا مارکیٹ کی کسی مسجد میں اُس نے اس واقعے کی تفصیل سنی اور یہ معلوم کر کے کہ ایک ہندو نے حضور سرورِ کائنات کی توہین کی ہے اُس کے غم و اضطراب اور اندوہ و ملال کی کوئی حد نہ رہی۔

ستمبر ۱۹۳۴ء کا واقعہ ہے کہ مقدمۂ اہانتِ رسولؐ کے ملزم نتھو رام کی اپیل کراچی کی عدالت میں سنی جا رہی تھی۔ عدالت دو انگریز ججوں کی بنچ پر مشتمل

Marfat.com

تھی۔ عدالت کا کمرہ وکیلوں اور شہریوں سے بھرا ہوا تھا۔ غازی عبدالقیوم نہایت اطمینان کے ساتھ دوسرے تماشائیوں کے ساتھ وکلاء کی قطار کے پیچھے نتھو رام کی برابر والی کرسی پر بیٹھا ہوا تھا کہ عین مقدمے کی سماعت کے دوران وہ اپنا تیز دھار کا چاقو لے کر نتھو رام پر ٹوٹ پڑا اور اس کی گردن پر دو بھرپور وار کیے۔ نتھو رام چاقو کے زخم کھا کر زور سے چیخا اور زمین پر لڑکھڑا کر گر پڑا۔ غازی عبدالقیوم نے پولیس کی گرفت سے بچنے اور فرار ہونے کی ذرہ برابر کوشش نہیں کی۔ اس نے نہایت ہنسی خوشی کے ساتھ اپنے آپ کو پولیس کے حوالے کر دیا۔ انگریز جج نے ڈائس سے اتر کر اس سے پوچھا — "تم نے اس شخص کو کیوں قتل کیا؟"

غازی عبدالقیوم نے عدالت میں آویزاں جارج پنجم کی تصویر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ "یہ تصویر تمہارے بادشاہ کی ہے۔ کیا تم اپنے بادشاہ کی توہین کرنے والے کو موت کے گھاٹ نہیں اتار دو گے — ؟ اس ہندو نے میرے آقا اور شہنشاہ کی شان میں گستاخی کی ہے جسے میری غیرت برداشت نہ کر سکی۔

غازی عبدالقیوم پر مقدمہ چلا۔ اس نے اقبال جرم کیا۔ آخر کار سیشن جج نے سزائے موت کا حکم سنایا۔ غازی عبدالقیوم نے فیصلہ سن کر کہا۔

"جج صاحب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ مجھے موت کی سزا دی۔ یہ ایک جان کس گنتی میں ہے اگر میرے پاس لاکھ جانیں بھی ہوتیں تو ناموس رسول پر نچھاور کر دیتا۔"

Marfat.com

اس فیصلے کے خلاف ہائی کورٹ میں اپیل دائر کر دی گئی۔ دیندار مسلمانوں کا ایک بڑا طبقہ غازی عبدالقیوم کا قانونی دفاع کرنے کے لیے سامنے آگیا۔ سیّد محمدؐ اسلم بار ایٹ لاء کو عبدالقیوم کی پیروی کی سعادت حاصل ہوئی لیکن اس مردِ مجاہد (عبدالقیوم) نے پہلی ہی ملاقات میں اپنے قانونی مشیر پر واضح کر دیا کہ میں نے ماتحت عدالت میں جو اقبالی بیان دیا ہے' اس کے خلاف کچھ کہہ کر اپنی عاقبت خراب نہیں کروں گا۔

سیّد محمدؐ اسلم نے مقدمے کی تیاری جاری رکھی اور شہادتوں کے سلسلے میں علامہ اقبال' مولانا ابوالکلام آزاد' مولانا ظفر علی خاں اور سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری جیسے ملک کے ممتاز علماء کو بطور گواہ طلب کرانے کی درخواست کی تاکہ وہ اسلامی نقطۂ نظر واضح کر سکیں' لیکن عدالت نے یہ درخواست مسترد کر دی۔ مقدمہ صفائی کی ساری بنیاد اس نکتے پر رکھی گئی تھی کہ

"یہ ایک مسلمان کا ایمان و عقیدہ ہے کہ اگر کوئی شخص ناموسِ رسولؐ پر حملہ کرے تو وہ اسے موت کے گھاٹ اتار دے۔"

اپیل کی سماعت جسٹس دادیبا مہتہ (Dadiba Mehta) اور ۹ ارکان جیوری کے سامنے شروع ہوئی۔ جیوری چھ انگریزوں' دو پارسیوں اور ایک گوانی عیسائی ممبر پر مشتمل تھی۔ عدالت کے باہر کم و بیش ۲۵ ہزار مسلمانوں کا ایک بڑا ہجوم فیصلے کا منتظر تھا۔ ایڈووکیٹ جنرل کے دلائل کے بعد غازی

Marfat.com

عبدالقیوم کے پیروکار سید محمد اسلم نے صفائی کا موقف پیش کیا۔ انھوں نے مقدمے کے بنیادی نکات اور اقدامِ قتل کے محرکات پر تین گھنٹے تک مدلل بحث کی۔ اُن کی تقریر کے بعض حصے اس قدر اہم تھے کہ انھیں قانون و انصاف کی تاریخ میں ہمیشہ زریں حروف میں لکھا جائے گا۔

انھوں نے "اشتعال" کے قانونی مفہوم کو بیان کرتے ہوئے یہ نکتہ پیش کیا ——

"سوال یہ نہیں ہے کہ عبدالقیوم کا اقدام مکمل طور قانون کے خلاف ہے۔ سوال یہ ہے کہ عبدالقیوم نے یہ اقدام انتہائی اشتعال کے عالم میں کیا تھا تو کیوں نہ اُسے دو گھنٹے کم سزا دی جائے جس کی اجازت دفعہ ۳۰۲ کے تحت قانون نے دے رکھی ہے۔ اگر موجودہ قانون یہ ہے کہ چھوٹے سے لڑکے یا کسی عورت کے معاملے میں قتل کو اشتعال کی رعایت دیتا ہے تو رعایت کا یہ اصول عبدالقیوم کے مقدمے میں کیوں قابلِ قبول نہیں ہے جبکہ ایک مسلمان کے لیے ناموس رسولؐ پر حملے سے زیادہ اور کوئی اشتعال انگیز بات نہیں ہو سکتی۔"

وکیل صفائی نے تقریر کے دوران میں جج سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ کیا آپ کے اس اظہارِ خیال سے فوجداری شریعت میں اضافہ نہیں ہوتا

Marfat.com

سید محمد اسلم نے اس موقع پر جواب دیا :

"جنابِ والا! مسلمان حکومت اور ہندو اکثریت کو یہ سمجھاتے سمجھاتے تھک گئے ہیں کہ اُن کے لیے رسول اللہ کی محبت کیا حیثیت رکھتی ہے اور اس بارے میں مسلمانوں کے جذبات کیا ہیں۔ مگر ان دونوں نے ذرا توجہ نہیں دی۔ اب مجھے عدالت میں یہ واضح کرنے کا موقع مل رہا ہے کہ جب تک ایک مسلمان بھی زندہ ہے، وہ ناموسِ رسالت کے خلاف اُٹھنے والی ہر آواز اور قوت کو ختم کر کے رہے گا۔ اس معاملے میں مسلمان کو تعزیراتِ ہند کی پروا ہے، نہ پھانسی کے پھندے کی۔"

غازی عبدالقیوم کے پیروکار سید محمد اسلم نے اقدامِ قتل کے لیے استعمال کیے مذموم کی اہمیت پر جو قانونی نکتہ پیش کیا تھا، اگر وہ تسلیم کر لیا جاتا تو ناموسِ رسالت پر حملہ کرنے کی مذموم تحریک ہمیشہ کے لیے ختم ہو جاتی اور آئندہ کوئی اس جسارت کا تصور بھی نہ کر سکتا۔ لیکن عدالتِ عالیہ نے یہ اپیل خارج کر دی۔ غازی عبدالقیوم کے لیے سزائے موت بحال رہی۔ پُرجوش اور متعصب مسلمانوں کے لیے یہ وقت بڑی آزمائش کا تھا۔ بالآخر فروری ۱۹۳۶ء میں کراچی کے مسلمانوں کا ایک وفد حکیم الامت علامہ اقبال کی خدمت میں لاہور بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا۔ یہ وفد جس میں مولوی ثناء اللہ، عبدالخالق اور حاجی

Marfat.com

عبدالعزیز شامل تھے، لاہور پہنچا اور میکلوڈ روڈ والی کوٹھی میں علامہ اقبال کی خدمت میں حاضر ہو کر اس مقدمے کی روداد تفصیل کے ساتھ سنائی ——— اس کے بعد عرض کیا کہ آپ وائسرائے سے ملاقات کریں۔ اپنے اثر و رسوخ کو کام میں لائیں اور انھیں اس پر آمادہ کریں کہ غازی عبدالقیوم کی سزائے موت عمر قید سے بدل دی جائے۔ وفد نے اصرار کے ساتھ کہا کہ آپ نے سعی و توجہ فرمائی تو پوری توقع ہے کہ غازی عبدالقیوم کی جانب سے رحم کی اپیل حکومت ہند ضرور منظور کر لے گی۔"

علامہ وفد کی یہ گفتگو سن کر دس بارہ منٹ تک بالکل خاموش رہے اور گہری سوچ میں ڈوب گئے۔ وفد کے ارکان منتظر اور مضطرب تھے کہ دیکھیے علامہ کیا فرماتے ہیں۔ توقع یہی تھی کہ جواب اثبات میں ملے گا کہ ایک عاشق رسول کا معاملہ دوسرے عاشق رسول کے سامنے پیش ہے ——— اس سکوت کو پھر علامہ اقبال ہی کی آواز نے توڑا۔ انھوں نے فرمایا:

"کیا عبدالقیوم مزدور پر کیا ہے؟"

ارکان وفد نے کہا "نہیں" اس نے تو ہر عدالت میں اپنے اقدام کا اقبال اور اعتراف کیا ہے۔ اس نے نہ تو بیان تبدیل کیا اور نہ لاک لپیٹ اور ایچ پیچ کی کوئی بات کہی۔ وہ تو کھلے خزانے کہتا ہے کہ میں نے شہادت خود دی ہے۔ مجھے پھانسی سے پھندے سے بچانے کی کوشش مت کرو!

وفد کی اس گفتگو کو سن کر علامہ کا چہرہ تمتما گیا۔ انھوں نے برہمی سے

Marfat.com

لہجے میں فرمایا ——

"جب وہ کہہ رہا ہے کہ میں نے شہادت خریدی ہے،
تو میں اس کے اجر و ثواب کی راہ میں کیسے حائل ہو سکتا ہوں؟
کیا تم یہ چاہتے ہو کہ میں ایسے مسلمان کے لیے وائسرائے کی
خوشامد کروں، جو زندہ رہا تو غازی ہے اور مر گیا تو شہید
ہے ——!"

علامہ کے لہجے میں اس قدر تیزی اور سختی تھی کہ وفد کے ارکان اس سلسلے میں پھر کچھ اور کہنے کی جرأت نہ کر سکے۔ وفد کراچی واپس ہو گیا۔

غازی عبدالقیوم کو جس دن پھانسی دی گئی ہے، کراچی کی تاریخ میں وہ دن مسلمانوں کے جوش و اضطراب کا یادگار دن تھا۔ دلوں میں یہ جذبہ موجزن تھا کہ کاش یہ شہادت ہمیں میسر آتی ——!

لاہور میں غازی علم الدین اور کراچی میں غازی عبدالقیوم کے ان واقعات کا علامہ اقبال نے بہت زیادہ اثر قبول کیا تھا اور اپنے اس قلبی تاثر کو تین شعروں میں بیان فرما دیا تھا۔ یہ اشعار "لاہور اور کراچی" کے عنوان سے "ضربِ کلیم" میں شائع ہو چکے ہیں۔ مگر غازی عبدالقیوم کے لیے رحم کی درخواست کے اس واقعے کی روشنی میں ان اشعار کا مفہوم کچھ اور زیادہ اُجاگر ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

لاہور اور کراچی

نظر اللہ پہ رکھتا ہے مسلمانِ غیور
موت کیا شے ہے؟ فقط عالمِ معنی کا سفر
اِن شہیدوں کی دیت[1] اہلِ کلیسا سے نہ مانگ
قدر و قیمت میں ہے خوں جن کا حرم سے بڑھ کر
آہ! اے مردِ مسلماں تجھے کیا یاد نہیں؟
حرفِ "لا تدع مع اللہ الٰہا آخر"[2]

علامہ اقبال کے ان اشعار میں کس قدر عزیمت اور استقامت پائی جاتی ہے۔ تیسرے شعر میں توحید خالص کو کتنے دل نشیں انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ ان اشعار سے اس کا بھی اظہار ہوتا ہے کہ اس قسم کے واردات و معاملات میں علامہ کا انداز فکر کیا تھا۔ لاہور اور کراچی میں عشقِ رسولؐ کی ان زریں مثالوں کے لیے یہ اشعار زندۂ جاوید خراجِ عقیدت ہیں۔ ع

خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

---

[1] دیت: خوں بہا اور جسمانی ضرر پہنچانے پر تاوان۔

[2] لا تدع مع اللہ الٰہا آخر: اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی دوسرے کو مدد اور عبادت کے لیے مت پکار۔

Marfat.com



ہائیڈل برگ جرمنی کے اُس مکان کی تصویر جہاں پی۔ایچ۔ڈی کے مقالے کی تکمیل کے دوران علامہ کا قیام رہا۔

Marfat.com

Mr Jouannault - Mayenne - Dépt Mayenne
S M. Iqbal, Professeur - Sialkote - City India
A Johnson, Esq. Fair Home, St Peter's Road
South Croydon. England.
Herrn Robert Isely - Musée & Bibl - Bienne Schweiz
Mr Marcel Japy - Audincourt - (Doubs)
Lamoureille adresse de Zoï à Dresden: Frau Oberst
Zeller - Reichstraße 38 - Dresden A.

اس اندراج کا عکس جو ہائیڈل برگ کے مکان کی مالکہ نے علامہ کے قیام کے متعلق اپنے رجسٹر میں کر رکھا تھا۔

Marfat.com

دیباچۂ اسرارِ خودی

علامہ اقبال کے فارسی کلام کی پہلی کتاب ۱۹۱۵ء میں مثنوی اسرار خودی کے نام سے شائع ہوئی۔ یہی وہ شہ پارہ آفاق تصنیف ہے جس میں علامہ نے پہلی بار فلسفۂ خودی کو پیش کیا اور انگلستان میں جب اس کا ترجمہ شائع ہوا تو علامہ نہ صرف یورپ بلکہ دنیا بھر میں مشہور ہو گئے۔ یورپ کے علماء نے اس کے متعلق رائے ظاہر کی کہ یہ "مثنوی ایک زبردست آواز ہے جو مسلمانوں کو محمدؐ اور قرآن کی طرف بلاتی ہے۔"

مثنوی اسرار خودی کا سب سے پہلا ایڈیشن چھوٹی تقطیع کے ۱۵۶ صفحات پر اب سے نصف صدی قبل صرف پانچ سو کی تعداد میں لاہور سے شائع ہوا تھا۔ کتابت اچھی تھی اور کاغذ معمولی تھا۔ علامہ نے اس ایڈیشن کا جو نسخہ اپنے والد بزرگوار کی خدمت میں سیالکوٹ بھیجا تھا، وہ اس وقت راقم الحروف کے سامنے ہے۔ اس نسخے میں بارہ صفحات کا وہ دیباچہ بھی شامل ہے جو علامہ نے خود لکھا اور جس میں

Marfat.com

تجزیہ کر کے بتایا کہ فلسفۂ خودی کی تخلیق و تجدید کے کیا اسباب و محرکات ہیں، اور مختلف ادوار میں انسانی ادراک و محسوسات میں کیا تغیر و تبدل رونما ہوئے ہیں۔

جس طرح افلاطون سے "اعیان" اور ڈیکارٹ سے "تشکیک" کا فلسفہ منسوب ہے، اسی طرح علامہ اقبال فلسفۂ خودی کے سبب آفاق گیر شہرت رکھتے ہیں اور آئے دن ان کے افکار پر بحث و مذاکرہ ہوتا رہتا ہے۔ علامہ مرحوم نے مثنوی "اسرار خودی" کے دیباچے میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے، وہ دراصل اس بحث کا مرکزی موضوع ہیں — لیکن راقم الحروف نے تحقیق کی ہے کہ مثنوی "اسرار خودی" کے پہلے ایڈیشن کے بعد اس دیباچے کو کتاب میں نہیں چھاپا گیا۔ "اسرار خودی" کے پہلے دو ایڈیشن اب کمیاب ہی نہیں، بلکہ نایاب ہیں۔ دوسرے ایڈیشن کا ایک نسخہ جناب ممتاز حسن کو ان کے ایک دوست نے ۱۹۵۸ء میں اس موقعے پر پیش کیا تھا، جب وہ "یوم اقبال" میں شرکت کی غرض سے تہران جا رہے تھے۔ نسخے کی پشت پر علامہ کے دستخط ثبت ہیں اور پیش لفظ میں انھوں نے حافظ شیرازی سے متعلق اشعار کے علاوہ دیباچے کی عدم اشاعت کا بھی ذکر آیا ہے۔

راقم الحروف کو اندیشہ ہے کہ علامہ کی نثری تحریر کا یہ شاہکار دیباچہ [illegible] فلسفۂ خودی کی بنیادی تشریح کا حامل بھی ہے، رفتہ رفتہ ضائع نہ ہو جائے۔ [illegible] پچاس سال کے بعد یہ دیباچہ من و عن اس کتاب میں شامل کیا جا رہا ہے۔ [illegible] علامہ اقبال کے فلسفۂ پیام اور کلام پر تحقیق کریں گے، وہ اس دیباچے سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔

Marfat.com

دیباچہ

"یہ وحدتِ وجدانی یا شعور کا روشن نقطہ جس سے تمام انسانی تخیلات و جذبات و منویات مستنیر ہوتے ہیں۔ یہ پُراسرار شے جو فطرتِ انسانی کی منتشر اور غیر محدود کیفیتوں کی شیرازہ بند ہے۔ یہ "خودی" یا "انا" یا "میں" جو اپنے عمل کے رُو سے ظاہر اور اپنی حقیقت کے رُو سے مُضمر ہے، جو تمام مشاہدات کی خالق ہے مگر جس کی لطافت مشاہدہ کی گرم نگاہوں کی تاب نہیں لا سکتی کیا چیز ہے؟ کیا یہ ایک لازوال حقیقت ہے یا زندگی نے محض عارضی طور پر اپنی فوری عملی اغراض کے حصول کی خاطر اپنے آپ کو اس فریبِ تخیل یا دروغِ مصلحت آمیز کی صورت میں نمایاں کیا ہے؟ اخلاقی اعتبار سے افراد و اقوام کا طرزِ عمل اِس نہایت ضروری سوال کے جواب پر منحصر ہے اور یہی وجہ ہے کہ دنیا کی کوئی قوم ایسی نہ ہوگی، جس کے حکماء و علماء نے کسی نہ کسی صورت میں اس سوال کا جواب پیدا کرنے کے لیے دماغ سوزی نہ کی ہو۔ مگر اس سوال کا جواب افراد و اقوام کی دماغی قابلیت پر اس قدر انحصار نہیں رکھتا، جس قدر کہ ان کی اُفتادِ طبیعت پر۔ مشرق کی فلسفی مزاج قومیں

Marfat.com

زیادہ تر اِسی نتیجے کی طرف مائل ہُوئیں کہ انسانی اَنَا محض ایک فریبِ تخیّل ہے اور اِس پھندے کو گلے سے اُتار دینے کا نام نجات ہے۔ مغربی اقوام کا عملی مذاق اُن کو ایسے نتائج کی طرف لے گیا، جس کے لیے اُن کی فطرت مُتقاضی تھی۔

ہندو قوم کے دل و دماغ میں عملیات و نظریات کی ایک عجیب طریق سے آمیزش ہُوئی ہے۔ اِس قوم کے مُوشگاف حکماء نے قوّتِ عمل کی حقیقت پر نہایت دقیق بحث کی ہے۔ اور بالآخر اِس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ اَنَا کی حیات کا یہ مشہود تسلسل جو تمام آلام و مصائب کی جڑ ہے، اُس سے مُتعیّن ہوتا ہے، یا یُوں کہیے کہ انسانی اَنَا کی موجودہ کیفیات اور لوازمات اس کے گزشتہ طریقِ عمل کا لازمی نتیجہ ہیں اور جب تک یہ قانونِ عمل اپنا کام کرتا رہے گا، وہی نتائج پیدا ہوتے رہیں گے۔ انیسویں صدی کے مشہور جرمن شاعر کوئٹے کا ہیرو فوسٹ جب انجیلِ یُوحنّا کی پہلی آیت میں لفظ "کلام" کی جگہ لفظ "عمل" پڑھتا ہے (ابتدا میں کلام تھا۔ کلام خدا کے ساتھ تھا اور کلام ہی خدا تھا) تو حقیقت میں اس کی دقیقہ رس نگاہ اسی نکتے کو دیکھتی ہے جس کو ہندو حکماء نے صدیوں سے دیکھ لیا تھا۔ اس عجیب و غریب طریق پر ہندو حکماء نے تقدیر کی

Marfat.com

متعلق انسانی اور انسانی حُرّیت یا بالفاظ دیگر جبر و اختیار کی گتھی کو سلجھایا اور اِس میں کچھ شک نہیں کہ فلسفیانہ لحاظ سے اُن کی جِدّت طرازی داد و تحسین کی مُستحق ہے اور بالخصوص اس وجہ سے کہ وہ ایک بہت بڑی اخلاقی جُرأت کے ساتھ ان تمام فلسفیانہ نتائج کو بھی قبول کرتے ہیں جو اِس قضیے سے پیدا ہوتے ہیں۔ یعنی یہ کہ جب انا کی تعیین عمل سے ہے تو انا کے پھندے سے نکلنے کا ایک ہی طریق ہے اور وہ ترکِ عمل ہے۔ یہ نتیجہ انفرادی اور ملی پہلو سے نہایت خطرناک تھا اور اِس بات کا مقتضی تھا کہ کوئی مجدّد پیدا ہو جو ترکِ عمل کے اصلی مفہوم کو واضح کرے۔ بنی نوعِ انسان کی ذہنی تاریخ میں سری کرشن کا نام ہمیشہ ادب و احترام سے لیا جائے گا کہ اس عظیم الشان انسان نے ایک نہایت دلفریب پیرائے میں اپنے ملک و قوم کی فلسفیانہ روایات کی تنقید کی اور اس حقیقت کو آشکار کیا کہ ترکِ عمل سے مراد ترکِ کلی نہیں ہے کیونکہ عمل اقتضاءِ فطرت ہے اور یہی سے زندگی کا استحکام ہے بلکہ ترکِ عمل سے مراد یہ ہے کہ عمل اور اس کے نتائج سے مطلق دلبستگی نہ ہو۔ سری کرشن کے بعد سری رام نوج بھی اسی راستے پر چلے مگر افسوس ہے کہ جس عروسِ معنی کو سری کرشن اور سری رام نوج بے نقاب کرنا چاہتے تھے، سری شنکر کے منطقی طلسم نے

Marfat.com

اسے پھر محجوب کر دیا اور سری کرشن کی قوم ان کی تجدید کے ثمر سے محروم رہ گئی۔

مغربی ایشیا میں اسلامی تحریک بھی ایک نہایت زبردست پیغامِ عمل تھی۔ گو اس تحریک کے نزدیک اَنَا ایک مخلوق ہستی ہے جو عمل سے لازوال ہو سکتی ہے، مگر مسئلۂ اَنَا کی تحقیق و تدقیق میں مسلمانوں اور ہندوؤں کی ذہنی تاریخ میں ایک عجیب و غریب مماثلت ہے اور وہ یہ کہ جس نکتۂ خیال سے سری شنکر نے گیتا کی تفسیر کی، اسی نکتۂ خیال سے شیخ محی الدین ابنِ عربی اندلسی نے قرآن شریف کی تفسیر کی، جس نے مسلمانوں کے دل و دماغ پر نہایت گہرا اثر ڈالا ہے۔ شیخ اکبر کے علم و فضل اور ان کی زبردست شخصیت نے مسئلہ وحدت الوجود کو جس کے وہ ان تھک مفسر تھے، اسلامی تخیل کا ایک لاینفک عنصر بنا دیا۔ اوحد الدین کرمانی اور فخر الدین عراقی ان کی تعلیم سے نہایت متاثر ہوئے اور رفتہ رفتہ چودھویں صدی کے تمام عجمی شعراء اس رنگ میں رنگین ہو گئے۔ ایرانیوں کی نازک مزاج اور لطیف الطبع قوم اس طویل دماغی مشقت کی کہاں متحمل ہو سکتی تھی جو جزو سے کل تک پہنچنے کے لیے ضروری ہے۔ انھوں نے جزو و کل کا دشوار گزار درمیانی فاصلہ تخیل کی مدد سے طے کر کے "رگِ چراغ ہمیں خونِ آفتاب" کا

Marfat.com

اور "شرارِ سنگ" میں "جلوۂ طور" کا بلا واسطہ مشاہدہ کیا۔

مختصر یہ کہ ہندو حکماء نے مسئلہ وحدت الوجود کے اثبات میں دماغ کو اپنا مخاطب کیا، مگر ایرانی شعراء نے اس مسئلے کی تفسیر میں زیادہ خطرناک طریق اختیار کیا یعنی اُنھوں نے دل کو اپنا آماج گاہ بنایا اور ان کی حسین و جمیل نکتہ آفرینیوں کا آخر کار یہ نتیجہ ہُوا کہ اس مسئلے نے عوام تک پہنچ کر قریباً تمام اسلامی اقوام کو ذوقِ عمل سے محرُوم کر دیا۔ علماء قوم میں سب سے پہلے غالباً ابنِ تیمیہ علیہ الرحمۃ اور حکماء میں واحد محمُود نے اسلامی تخیل کے اس ہمہ گیر میلان کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی، مگر افسوس ہے کہ واحد محمُود کی تصانیف آج ناپید ہیں۔ مُلّا محسن فانی کشمیری نے اپنی کتاب "دبستانِ مذاہب" میں اِس حکیم کا تھوڑا سا تذکرہ لکھا ہے جس سے اُس کے خیالات کا پورا اندازہ نہیں ہو سکتا۔

ابنِ تیمیہ کی زبردست منطق نے کچھ نہ کچھ اثر ضرور کیا، مگر حق یہ ہے کہ منطق کی خشکی شعر کی دل رُبائی کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ شعراء میں شیخ علی حزین نے یہ کہہ کر کہ "تصوّف برائے شعر گفتن خُوب است" اِس بات کا ثبوت دیا ہے کہ وہ حقیقتِ حال سے آگاہ تھے، مگر باوجود اِس بات کے ان کا

Marfat.com

کلام شاہد ہے کہ وہ اپنے گردوپیش کے اثرات سے محفوظ نہ رہ سکے۔ ان حالات میں یہ کیوں کر ممکن تھا کہ ہندوستان میں اسلامی تخیّل اپنے عملی ذوق کو محفوظ رکھ سکتا۔ مرزا بیدل علیہ الرحمۃ لذّتِ سکُون کے اِس قدر دل دادہ ہیں کہ ان کو جنبشِ نگاہ تک گوارا نہیں۔

نزاکت ہاست در آغوشِ مینا خانۂ حیرت
مژہ برہم مزن تا نشکنی رنگِ تماشا را!

اور امیر مینائی مرحوم یہ تعلیم دیتے ہیں کہ

دیکھ جو کچھ سامنے آجائے منہ سے کچھ نہ بول
آنکھ آئینے کی پیدا کر دہن تصویر کا!

مغربی اقوام اپنی قُوّتِ عمل کی وجہ سے تمام اقوامِ عالم میں مُمتاز ہیں اور اسی وجہ سے اسرارِ زندگی کو سمجھنے کے لیے اُن کے ادبیات و تخیّلات اہلِ مشرق کے واسطے بہترین رہنما ہیں۔ اگرچہ مغرب کے فلسفۂ جدید کی ابتداء ہالینڈ کے اسرائیلی فلسفی کے نظامِ وحدت الوجود سے ہوتی ہے لیکن مغرب کی طبائع پر رنگِ عمل غالب تھا۔ مسئلہ وحدت الوجود کا یہ طلسم جس کو ریاضیات کے طریق استدلال سے پختہ کیا گیا تھا دیر تک قائم نہ رہ سکتا تھا۔

Marfat.com

سب سے پہلے جرمنی میں انسانی اَنا کی آزادی
حقیقت پر زور دیا گیا اور رفتہ رفتہ فلاسفۂ مغرب بالخصوص
حکمائے انگلستان کے عملی ذوق کی بدولت اِس خیالی طلسم کے
اثر سے آزاد ہو گئے، جس طرح رنگ و بو وغیرہ کے لیے مخصص
حواس ہیں اسی طرح انسانوں میں ایک اور حاسہ بھی ہے جس
کو حسِ "واقعات" کہنا چاہیے۔ ہماری زندگی واقعاتِ گرد و پیش
کے مُشاہدہ کرنے اور ان کے صحیح مفہوم کو سمجھ کر عمل پیرا ہونے پر
منحصر ہے۔ مگر ہم میں سے کتنے ہیں جو اِس قوت سے کام لیتے
ہیں، جس کو میں نے حسِ واقعات کی اصطلاح سے تعبیر کیا ہے؟
نظامِ قُدرت کے پُراسرار بطن سے واقعات پیدا ہوتے رہے
ہیں اور ہوتے رہیں گے، مگر بیکن سے پہلے کون جانتا تھا کہ
یہ واقعاتِ حاضرہ جن کو نظریات کے دل دادہ فلسفی اپنے تخیل
کی بلندی سے نگاہِ حقارت دیکھتے ہیں، اپنے اندر حقایق و معارف
کا ایک گنج گرانمایہ پوشیدہ رکھتے ہیں۔ حق یہ ہے کہ انگریزی
قوم کی عملی نکتہ رسی کا اِحسان تمام دُنیا کی قوموں پر ہے کہ اس
قوم میں حسِ "واقعات" اور اقوامِ عالم کی نسبت زیادہ تیز اور
ترقی یافتہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کوئی "دماغ بافتہ" فلسفیانہ
نظام جو واقعاتِ متعارفہ کی تیز روشنی کا متحمل نہ ہو سکتا ہو،

Marfat.com

انگلستان کی سرزمین میں آج تک مقبول نہیں ہوا۔ پس حکمائے انگلستان کی تحریریں ادبیاتِ عالم میں ایک خاص پایہ رکھتی ہیں اور اس قابل ہیں کہ مشرقی دل و دماغ ان سے مستفید ہو کر اپنی قدیم فلسفیانہ روایات پر نظرِ ثانی کریں۔

یہ ہے ایک مختصر خاکہ اس مسئلے کی تاریخ کا جو اس نظم کا موضوع ہے۔ میں نے اس دقیق مسئلے کو فلسفیانہ دلائل کی پیچیدگیوں سے آزاد کر کے تخیل کے رنگ میں رنگین کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ اس حقیقت کو سمجھنے اور غور کرنے میں آسانی پیدا ہو۔ اس دیباچے سے اس نظم کی تفسیر مقصود نہیں محض ان لوگوں کو نشانِ راہ بتانا مقصود ہے جو پہلے سے اس عسیر الفہم حقیقت کی دقتوں سے آشنا نہیں۔ مجھے یقین ہے کہ سطورِ بالا سے کسی حد تک یہ مطلب نکل آئے گا۔

شاعرانہ پہلو سے اس نظم کے متعلق کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔ شاعرانہ تخیل محض ایک ذریعہ ہے اس حقیقت کی طرف توجہ دلانے کا کہ لذتِ حیات انا کی انفرادی حیثیت اس کے اثبات استحکام اور توسیع سے وابستہ ہے۔ یہ نکتہ مسئلہ حیات مابعد الموت کی حقیقت کو سمجھنے کے لیے بطور ایک تمہید کے کام دے گا

Marfat.com

ہاں لفظِ خودی کے متعلق ناظرین کو آگاہ کر دینا ضروری ہے کہ یہ لفظ اِس نظم میں معنی غرور استعمال نہیں کیا گیا، جیسا کہ عام طور پر اُردو میں مستعمل ہے۔ اس کا مفہوم محض احساسِ نفس یا تعیین ذات ہے۔ مرکب لفظ بے خودی میں بھی اس کا یہی مفہوم ہے اور غالباً محسن تاثیر کے اِس شعر میں بھی لفظ خودی کے یہی معنی ہیں ؎

غریقِ قلزمِ وحدت دم از خودی نزند
بُود محال کشیدن میانِ آب نفس !

محمد اقبال

"اسرارِ خودی" کا یہ دیباچہ علامہ اقبال کی فلسفیانہ بصیرت اور وسعتِ مطالعہ کی جیتی جاگتی شہادت ہے۔ وہ جو حدیث شریف میں آیا ہے کہ ——

"حکمت مومن کی کھوئی ہوئی متاع ہے۔ وہ جہاں بھی ملے، اُسے لے لو"

—— تو ——

اقبال نے افضل البشر نبیِ اُمّی، صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے ارشاد کی تعمیل میں، جس سے بھی اور جہاں سے بھی "حکمت" ملی، حاصل کی، اور اُس کا اظہار بھی کر دیا کہ علمی دیانت کا یہی تقاضا ہے۔

"اسرارِ خودی" کے بارے میں مشہور مستشرق ڈاکٹر نکلسن کو علامہ اقبال

Marfat.com

٥ مليمات

السنة ـ رابعة والخمسون ـ العدد ١٦٨٣٧ ـ 10 · 12 · 1931

الاعلانات

Al-Ahram
EGYPTIAN DAILY PAPER FOUNDED 1875

الأهرام

اشتراك

Al-Ahram
QUOTIDIEN EGYPTIEN FONDÉ EN 1875





[illegible] میں علامہ مؤتمر عالم اسلامی کے جلاس میں شرکت کے لیے بیت المقدس تشریف لے گئے۔ قاہرہ کے مشہور اخبار "الاہرام" نے مسلمانوں کے اس عظیم الشان اجتماع کی [illegible] پر شائع کیں۔ پہلی قطار میں دائیں طرف سے پہلے منبر پر علامہ اقبال تشریف فرما ہیں۔

Marfat.com

نے جو خط لکھا تھا، اُس کا اِقتباس درجِ ذیل کیا جاتا ہے :

"میرا دعویٰ ہے کہ "اسرار" کا فلسفہ مُسلمان صُوفیاء اور حُکماء کے افکار و مشاہدات سے ماخُوذ ہے۔ اور تو اور وقت کے متعلق برگساں کا عقیدہ بھی ہمارے صُوفیوں کے لیے کوئی نئی چیز نہیں۔ قُرآن اِلٰہیات کی کتاب نہیں، بلکہ اِس میں اِنسان کے معاش و معاد کے متعلق جو کُچھ کہا گیا ہے، پُوری قطعیّت سے کہا گیا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ ان کا تعلّق اِلٰہیات ہی کے مسائِل سے ہے۔"

"عصرِ نو کا ایک مُسلمان اہلِ علم جب اِن مسائِل کو، جن کا مبدأ اور سرچشمہ قرآنِ کریم ہے، مذہبی تجربات اور افکار کی روشنی میں بیان کرتا ہے، تو اس سے یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ جدید افکار کو قدیم لباس میں پیش کیا جا رہا ہے، بلکہ یُوں کہنا چاہیے کہ قدیم حقائِق کو جدید افکار کی روشنی میں بیان کیا جا رہا ہے۔"

قرآن اور اقبال از ابُو صالح، ادارۂ علمیہ
تحریکِ قرآنِ مجید حیدرآباد دکن صفحہ ۴۳-۴۴

علّامہ کے مکتُوب کے اس شہ پارے سے یہ بات کھُل کر سامنے آتی ہے کہ بھارت کی ویدانت ہو یا ایران کی زردانیت، یونان کی اشراقیت اور

Marfat.com

مشائیت ہو یا یورپ کے فلاسفہ کے افکار و نظریات ہوں، اقبال نے سب کا مطالعہ کیا ہے، مگر اسلامی اور قرآنی فکر ہر حال میں اور طلب و جستجو کی ہر وادی میں اُن کا مقصود، ماخذ اور سرچشمہ رہی ہے۔ ان کے ایمان و یقین کی یہی قوت تھی جو کسی دوسرے نظریے اور عقیدے سے مغلوب نہیں ہو سکی، یہاں تک کہ اُن کا ضمیر شاعری کی زبان میں پکار اُٹھا ــــ

نخیرہ نہ کر سکا مجھے جلوۂ دانشِ فرنگ
سُرمہ ہے میری آنکھ کا خاکِ مدینہ و نجف!

○

وصیّت نامہ

علامہ اقبال نے اپنے نابالغ بچّوں کے اولیاء کے تقرّر کے بارے میں جو وصیّت نامہ لکھا تھا، اُسے پڑھ کر حکمت و بصیرت کے بعض نکتوں کی طرف ذہن منتقل ہو جاتا ہے اور اندازہ ہوتا ہے کہ ایک صحیح العقیدہ مسلمان وصیّت کرتے وقت ایمان و عقیدہ کے بنیادی اصول دوسرے امور اور مفادات پر کس طرح مقدم رکھتا ہے ــــ ذیل میں اس وصیّت نامے کے اقتباس پیش کیے جا رہے ہیں :-

Marfat.com

وصیّت

"منکہ ڈاکٹر سر محمّد اقبال بیرسٹر ایٹ لاء لاہور
کا ہُوں۔ اِس وقت بہ قائمیِ ہوش و حواسِ خمسہ
خود اقرار کرتا ہُوں اور لکھ دیتا ہُوں کہ چونکہ میری ہر دو
اولاد نابالغان ہیں اور زندگی کا کوئی اعتبار نہیں ہے
اور من مُتقِر کی صحت بھی اچھی نہیں رہتی، اس لیے میں
وصیّت کرتا ہوں کہ میری وفات کے بعد اگر میری
اولادِ مذکورہ نابالغ رہیں تو اُن کی جائداد و ذات کے ولی
مندرجہ ذیل ہوں گے :

(۱) خواجہ عبدالغنی، ماموں حقیقی نابالغان۔

(۲) شیخ اعجاز احمد، سب جج، برادر زادۂ من مُتقِر۔

(۳) چودھری محمّد حسین ایم۔اے سُپرنٹنڈنٹ، پریس برانچ، لاہور۔

(۴) منشی طاہر الدّین، جو کئی سال سے میرے کلارک رہے ہیں اور اُن کی شرافت و دیانت پر مجھے پُورا اعتماد ہے۔

اِس وصیّت کی رُو سے میں اِن جُملہ حضرات کو

Marfat.com

نابالغان کی ذات وجائداد کا ولی مقرر کرتا ہوں۔
تمام امورِ متعلقہ ذات وجائدادِ نابالغان کا انتظام
اولیاء مذکور کثرت رائے سے کیا کریں گے، لیکن جب
میرا پسر جاوید اقبال بالغ ہو جائے تو وہ اپنی ہمشیرہ
منیرہ کی ذات وجائداد کا ولی ہوگا اور اس کی جائداد
و ذات کے متعلقہ انتظام خود بطور ولی کرے گا۔
اگر ان اولیاء مقرر کردہ میں سے کوئی دستبردار ہو
جائے یا فوت ہو جائے یا کسی دیگر وجہ سے کام
کرنے کے ناقابل ہو جائے تو اس صورت میں باقی
اولیاء کو اختیار ہوگا کہ کثرتِ رائے سے اس کا
جانشین مقرر کر لیں۔ اگر کسی معاملے میں اولیائے مذکورہ
کی رائے مساوی نہ ہو تو صدرِ انجمنِ حمایتِ اسلام
لاہور کی رائے جس فریق کے ساتھ ہو اسی پر عمل کیا
جائے گا اور اسی کے مطابق فیصلہ ہوگا۔

اس وقت جو ملکیت کی چیزیں ہیں مندرجہ
ذیل ہیں:-

کتب فلسفہ واڈیچہ وغیرہ۔ ان میں سے چند کتب
یعنی اپنی تصنیف کردہ کتب کے مطبوعہ نسخے معہ مسودات

Marfat.com

مثنوی مولانا رُوم، فارسی و انگریزی، مرتبہ ڈاکٹر نکلسن۔
دِیوان مرزا عبدالقادر بیدلؔ قلمی۔ مثنوی مرأۃ معنوی
(مولانا رُوم، مطبُوعہ حیدرآباد)۔ اپنے پڑھنے کا قرآن
شریف۔ باقی اور مسوّدات و کاغذات میں نے جاوِید
کو بطور یادگار دے دِیے ہیں۔ باقی کتب مطبُوعہ انگریزی
وغیرہ میری وفات کے بعد اسلامیہ کالج، لاہور کی لائبریری
میں رکھ دی جائیں۔

باقی میرا اسباب، مثلاً دو قالین برنگِ سُرخ
و دری و صوفہ و کُرسیاں و بکس اور پہننے کے کپڑے ہیں۔
اِن کی نسبت میری وصیّت یہ ہے کہ میری وفات کے بعد
میرے پہننے کے تمام کپڑے غُرباء میں تقسِیم
کر دیے جائیں۔

محمّد اقبال بیرسٹر ایٹ لا، لاہور۔ بقلمِ خود
۱۳ اکتوبر سنہ ۱۹۳۵ء

مکرّر آنکہ

اگر نابالغان کے فائدے کی خاطر یا جائیداد
کے انتظام یا کسی اور جائیداد کی خرید وغیرہ

Marfat.com

کے لیے اولیاء کو روپے کی ضرورت ہو تو وہ
کثرتِ رائے سے بینک سے روپیہ نکالنے کے متعلق
فیصلہ کریں۔

دیگر میرے مذہبی اور دینی عقائد سب کو
معلوم ہیں۔ میں عقائدِ دینی میں سلف کا پیرو ہوں۔ نظری
اعتبار سے فقہی معاملات میں غیر مقلد ہوں۔ عملی
اعتبار سے حضرت امام ابوحنیفہؒ کا مقلد ہوں۔ بچوں کی
شادی بیاہ کے معاملے میں میرے ورثاء کا
اور اولیاء مقرر کردہ کا فرض ہے کہ وہ اس بات کا پورا
لحاظ کریں اور رشتہ ناطہ میں شرافت اور دینداری
کو علم و دولت اور ظاہری وجاہت پر مقدم سمجھیں۔

محمد اقبال بیرسٹ
۱۲ اکتوبر ۱۹۳۵ء

اس موقع پر یہ چند باتیں بیان کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا:۔

علامہ نے یہ وصیت نامہ اپنے انتقال سے ڈھائی سال قبل لکھا ہے جب کہ ان کی عمر اٹھاون سال اور کچھ مہینے کی تھی۔ اس سن سال کے آدمی کو ہمارے معاشرے میں "بوڑھا" نہیں سمجھا جاتا۔ بہت

Marfat.com

سے لوگ جن کی بیویاں مرجاتی ہیں، اس عُمر میں شادیاں کرتے ہیں ـــــ علامہ اقبال کے آئینۂ ادراک کو اللہ تعالیٰ نے اس قدر مجلّا کر دیا تھا کہ اُس پر بعض آنے والے واقعات منعکس ہو جاتے تھے۔ یہ وصیّت نامہ اس کی شہادت دیتا ہے کہ علامہ اقبال کو مرنے سے کئی سال قبل اُن کے حادثۂ رحلت کی جھلک شاید دکھا دی گئی تھی۔ یہ دلیل ہے اُن کی فراست و بصیرت اور صفائے قلب کی!

شعراء عام طور پر اپنے بیوی بچّوں کے معاملات میں زیادہ ذمّہ دار نہیں سمجھے جاتے، مگر علامہ کے وصیّت نامے کے ان اقتباسات کا ایک ایک حرف اس کی گواہی دے رہا ہے کہ اقبال کو جاوید اور منیرہ سے بے حد لگاؤ اور بے پناہ محبّت تھی اور شفقتِ پدری کی دولتِ فراواں اللہ تعالیٰ نے اُن کو عطا کی تھی۔

اِس وصیّت نامے کی زبان کتنی سادہ اور عام فہم ہے۔ کسی قانونی الجھن اور ذُو معنویت کے لیے اس میں گنجائش ہی نہیں رہنے دی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ علامہ اقبال فنِ قانون میں کتنی بصیرت رکھتے تھے اور ان کا ذہن کس قدر سلجھا ہُوا اور حقیقت شناس تھا۔

مُسلمان مختلف فقہی مذاہب کی پیروی کرتے ہیں۔ علامہ اقبال نے یہ فرما کر "میں عملی اعتبار سے حضرت امامِ ابوحنیفہؒ کا مقلّد ہوں" شرعی اور قانونی طور پر اس کی وضاحت بھی کر دی کہ

Marfat.com

اُن کے وصیت نامے متضمنات (Contents) پر عمل درآمد فقہِ حنفی کے مطابق ہوگا۔

تقلید اور عدمِ تقلید پر بڑی علمی بحثیں اسلامی لٹریچر میں ملتی ہیں۔ علامہ اقبال نے اس وصیت نامے میں جو یہ لکھا ہے ——

"میں سلف کا پیرو ہوں۔ نظری اعتبار سے
فقہی معاملات میں غیر مقلد ہوں اور عملی اعتبار
سے حضرت امام ابوحنیفہؒ کا مقلد ہوں"۔

اس سے تقلید اور عدمِ تقلید کے بحث و نزاع پر بصیرت افروز روشنی پڑتی ہے۔ اس معاملے میں علامہ کا مسلک حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی سے ملتا جلتا ہے۔ حق یہ ہے کہ عوام کے لیے تقلید ناگزیر ہے۔ مگر اہلِ علم اور اربابِ فکر و نظر کا معاملہ بالکل عوام جیسا نہیں ہے۔

اس وصیت نامے کا یہ جملہ ——

"میں سلف کا پیرو ہوں"۔

انتشارِ فکر اور تجدد و آزاد خیالی کے اس دور میں عمل راہ ہے۔ عقاید و اعمال میں سلفِ صالحین ہی کی پیروی میں دین و ایمان کی سلامتی ہے۔ علامہ اقبال مجتہدانہ فکر و نظر رکھتے تھے انھوں نے

Marfat.com

مشرق و مغرب کے علوم کے بحرِ ذخّار میں شناوری کی تھی، مگر اس کے باوجود سلفِ صالحین کی پیروی کے وہ قائل تھے اور یہ دلیل ہے اقبال کی پختگیِ ایمان اور سلامتیِ طبع کی۔

"بچّوں کی شادی بیاہ کے معاملے میں میرے وُرثاء اور اولیاء مقرّر کردہ کا فرض ہے کہ وہ اس بات کا پُورا لحاظ کریں اور رِشتہ ناطہ میں شرافت اور دینداری کو علم و دولت اور ظاہری وجاہت پر مقدّم رکھیں"۔

وصیّت نامے کے یہ اختتامی جملے ہیں۔ ان کے بعد علّامہ اقبال کے دستخط ہیں۔ ان چند لفظوں میں علّامہ نے وہ بات کہی ہے جو اَخلاق و نصیحت کی ضخیم کتابوں کا نچوڑ اور لُبِّ لباب ہے۔ ان کی نگاہ میں دولت، ظاہری وجاہت، یہاں تک کہ علم بھی شرافت و دینداری کے مقابلے میں کوئی وزن نہیں رکھتا۔ اصل چیز شرافتِ نفس اور دینداری و تقویٰ ہے کہ ان خُوبیوں پر آخرت کی نجات و فلاح کا دارو مدار ہے۔

Marfat.com

حیاتِ اقبال کی اہم یادداشتیں

اس عنوان کے تحت "روزگارِ فقیر" کی جلد اوّل میں بہت سی اہم یادداشتیں جمع کی جا چکی ہیں - مزید اہم یادداشتیں جلد دوم میں شائع کی جا رہی ہیں :—

اسسٹنٹ پروفیسر	گورنمنٹ کالج لاہور میں	سنہ ۱۹۰۳ء
پروفیسر شعبۂ عربی (قائم مقام پروفیسر آرنلڈ)	لندن یونیورسٹی	سنہ ۱۹۰۸-۹ء
سفرِ مدراس	خطبات کے سلسلے میں	سنہ ۱۹۲۸ء
سفرِ فلسطین	مؤتمرِ عالم اسلامی کی کانفرنس میں شرکت	سنہ ۱۹۳۱ء
ڈاکٹر آف لٹریچر	پنجاب یونیورسٹی نے اعزازی ڈگری دی	۱۴ دسمبر سنہ ۱۹۳۳ء

Marfat.com

تصانیف

علامہ اقبال کی تصانیف کے متعلق ایک تعارفی مضمون "روزگارِ فقیر" کی جلد اوّل میں شائع ہو چکا ہے۔ جو حضرات علامہ کی زندگی یا علمی کارناموں پر تحقیق کا شوق رکھتے ہیں، ان کی سہولت کے لیے اس مضمون کو دوا ور تصانیف کے حوالوں سے مکمل کیا جا رہا ہے:

(۱) **علمُ الاقتصاد** ۔ اردو زبان میں جدید معاشیات پر یہ پہلی کتاب علامہ اقبال کی سب سے پہلی تصنیف ہے۔ ۱۹۰۳ء میں لاہور سے شائع ہوئی۔ علامہ اُس وقت گورنمنٹ کالج لاہور میں اسسٹنٹ پروفیسر تھے۔ کتاب میں قومی معیشت، زمین، محنت، سرمایہ، مسئلہ قدر، منافع، اجرت، مالگزاری، لگان، سُود، آبادی اور تجارتِ بینُ الاقوام کے موضوعات پر نہایت مفید بحث کی گئی ہے۔ جناب ممتاز حسن کی کوشش سے ۱۹۶۱ء میں اسے دوبارہ کراچی سے شائع کیا گیا ہے۔

(۲) **تاریخِ ہند** ۔ اردو زبان میں تاریخ کی یہ کتاب ۱۹۱۳-۱۴ء میں مڈل کی جماعتوں میں پڑھائی جاتی تھی۔ اِس کتاب کا خلاصہ امرتسر کے ایک پبلشر نے ۱۹۱۴ء میں شائع کیا تھا، وہ محفوظ[1] ہے۔ اصل کتاب نایاب ہے۔

---

[1] جناب ممتاز حسن کی لائبریری میں محفوظ ہے

Marfat.com

"روزگارِ فقیر" کی جلد اوّل میں حیاتِ اقبال کی جو اہم یادداشتیں شائع کی گئی ہیں، اُن میں پی۔ ایچ۔ ڈی کرنے کا سال مختلف کتابوں کے حوالوں سے ۱۹۰۷ء درج کیا گیا ہے۔ حال ہی میں ڈاکٹر اطہر رشید اور جناب ممتاز حسن کے گراں قدر تعاون سے میونخ یونیورسٹی جرمنی سے اس ڈگری کا عکس حاصل ہُوا ہے جو علامہ اقبال کو اپنا شہرۂ آفاق مقالہ "ایران میں فلسفۂ الٰہیات کا ارتقا" لکھنے پر ملی تھی۔ اِس سے ظاہر ہوتا ہے کہ علامہ نے یہ ڈاکٹریٹ نومبر ۱۹۰۷ء میں کی۔ اگرچہ "روزگارِ فقیر" کے اندراج میں صرف چھ ہفتے کا فرق ہے، لیکن اصل کاپی ملنے کے بعد اس اندراج کی تصحیح کی جا رہی ہے اور میونخ یونیورسٹی سے حاصل شدہ ڈگری کا یہ نادر عکس آئندہ صفحات پر شائع کیا جا رہا ہے۔

(مؤلف)

Marfat.com

FACULTATIS PHILOSOPHICAE SECT I P T DECANUS ET PROMOTOR LEGITIME CONSTITUTUS

PRAECLARO ET PERDOCTO VIRO AC DOMINO

SHEIKH MUHAMMAD IQBAL

EX OPPIDO SIALKOT

EXAMINIBUS RIGOROSIS MAGNA CUM LAUDE SUPERATIS

DISSERTATIONE INAUGURALI SCRIPTA TYPISQUE MANDATA

„THE DEVELOPMENT OF METAPHYSICS IN PERSIA"

DOCTORIS PHILOSOPHIAE GRADUM

CUM OMNIBUS PRIVILEGIIS ATQUE IMMUNITATIBUS EIDEM ADNEXIS

DIE IV MENSIS NOVEMBRIS MDCCCCVII

EX UNANIMI ORDINIS PHILOSOPHORUM SECT. I DECRETO CONTULIT

IN HUIUS REI TESTIMONIUM HOC PUBLICUM DIPLOMA SIGILLIS MAIORIBUS REGIAE LITERARUM UNIVERSITATIS ET FACULTATIS PHILOSOPHICAE ADHIBITIS
FACULTATIS EIUSDEM DECANUS ATQUE RECTOR MAGNIFICUS UNIVERSITATIS ITA SUBSCRIPSERUNT

LS

LS

Marfat.com

SUB AUSPICIIS GLORIOSISSIMIS

AUGUSTISSIMI AC POTENTISSIMI DOMINI DOMINI

~~8106~~

8105

OTTONIS

BAVARIAE REGIS

COMITIS PALATINI AD RHENUM BAVARIAE FRANCONIAE ET IN SUEVIA DUCIS CET.

IN INCLYTA UNIVERSITATE LUDOVICO-MAXIMILIANEA MONACENSI

RECTORE MAGNIFICO

PLURIMUM REVERENDO AC DOCTISSIMO ET ILLUSTRISSIMO VIRO

MAXIMILIANO ENDRES

[illegible] PROFESSORE PUBLICO ORDINARIO CET.

PROMOTOR LEGITIME CONSTITUTUS
EXPERIENTISSIMUS ET SPECTATISSIMUS VIR

HERMANNUS WILHELMUS BREYMANN

PHILOSOPHIAE [illegible] PHILOLOGIAE ROMANICAE AC FRANCOGALLICAE PROFESSOR PUBLICUS ORDINARIUS ORDINIS MER. MICHAELIS CET. III EQUES LUD. CET.

Marfat.com

یادگارِ مشاعرہ

"روزگارِ فقیر" کی جلد اوّل میں "ایک جلسہ" کے عنوان سے پہلی جنگِ عظیم کے سلسلے میں منعقد ہونے والی جس تقریب کا حال شائع ہو چکا ہے۔ اس کے متعلق مشہور شاعر اور اہلِ قلم جناب جگن ناتھ آزاد نے اپنے نامور والد تلوک چند محروم کی جانب سے جلد دوم کی ترتیب کے دوران ایسی وضاحت لکھ کر بھیجی ہے، جس سے واقعے کے بعض اور پہلوؤں پر روشنی پڑتی ہے اور دلچسپی میں اضافہ ہوتا ہے۔

جناب تلوک چند محروم کی توضیحی سطور ذیل میں لفظ بلفظ درج کی جا رہی ہیں:

"وہ جلسہ نہیں تھا، پنجاب پبلسٹی کمیٹی کی طرف سے
ایک عظیم مشاعرہ تھا، جس کی صدارت کچھ وقت کے لیے خود
لیفٹیننٹ گورنر نے کی۔ پنجاب اور دہلی سے شعراء کی کثیر تعداد
نے شرکت کی۔ بندۂ محروم بھی مدعو اور شرکاء میں شامل تھا۔
علامہ اقبال کے علاوہ ناظر نیرنگ، دہلی کے نواب سائل
اور برق مرحوم بھی شامل تھے۔ سترہ اٹھارہ سال کی عمر کا خفیف
جالندھری میرے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ مشاعرے میں ظفریہ
نظمیں پڑھی گئیں۔ لیکن علامہ (اقبال) کی دو مختصر نظمیں
(ایک اردو اور دوسری فارسی) اپنی مثال آپ تھیں۔
فارسی نظم تو یہی تھی، جس کا حوالہ "روزگارِ فقیر" میں

Marfat.com

ہے اور اردو کے متعلق شیخ اعجاز احمد کا بیان درست ہے یعنی "صبح جب میری نگہ" والی نظم تھی۔ ان دو شعروں کے علاوہ ایک اور شعر مجھے اب تک یاد ہے ؎

تُو کوئی ننھی سی بجلی ہے کہ جس کو آسماں
کر رہا ہے خرمنِ اقوام کی خاطر جواں

علّامہ نے دونوں نظمیں سٹیج پر ٹہل ٹہل کر ترنّم سے اور زبانی سُنائیں۔ آواز نہایت دل کش، پرسوز اور دل نشیں تھی۔ مَیں نے آج تک ایسا پُر تاثیر نغمہ نہیں سُنا۔ سناتے سناتے وہ ایک شعر بھول گئے۔ برابر سوچنے کے انداز میں کوئی آدھا منٹ ٹہلتے رہے اور پھر سر اُٹھا کر اگلا شعر اُسی لے میں ادا کر دیا۔ اُن کی خموشی کے دوران میں مکمل سنّاٹا چھایا رہا۔ اس مشاعرے میں تین انعام بھی مقرر تھے۔ جج علّامہ اقبال تھے۔ اُنھوں نے مقابلے میں شامل ہونے والے شعراء کی نظمیں اپنے مکان پر منگوالیں اور چند روز میں فیصلہ دیا۔ اُنھوں نے پہلے اور دوسرے انعام کا مستحق دو ہندو شاعروں کو اور تیسرے انعام کا مستحق ایک مسلم شاعر کو ٹھہرایا۔

اس وضاحتی نوٹ کے بعد جناب جگن ناتھ آزاد نے لکھا ہے کہ علّامہ اقبال نے والد محترم ہی کو پہلا انعام دیا تھا۔ ان کی جو نظم انعام کی مستحق قرار پائی

Marfat.com

تھی، وہ ایک قصیدہ تھا، جسے اب کلامِ محرومؔ سے خارج کر دیا گیا ہے۔ اس کا مطلع یہ تھا ؎

چلی گلزارِ عالم میں نسیم فضلِ رحمانی
فرو آخر ہوئی جنگ و جدل کی شعلہ افشانی

سائنس کی بے مائگی

۱۹۲۵ء کا واقعہ ہے کہ نیاز محمد خاں سی۔ایس۔پی، ممتاز حسن اور میاں نصیر احمد (چیئرمین پبلک سروس کمیشن) میکلوڈ روڈ والی کوٹھی میں علامہ اقبال سے ملنے کے لیے گئے۔ علامہ نے ان طلباء سے دریافت کیا، تم کون سے مضامین پڑھتے ہو؟

میاں نصیر احمد نے جواب دیا "فزکس اور کیمسٹری۔" Physics & Chemistry

یہ سن کر علامہ نے نظریۂ اضافیت Theory of Relativity کا ذکر شروع کر دیا اور فرمایا، اِس تھیوری کو سمجھنے کے لیے میں نے ریاضی کا مطالعہ بھی کیا۔ جہاں تک میں سمجھا ہوں، نظریۂ اضافیت کا یہ مطلب ہے کہ

"دنیا ازلی و ابدی نہیں ہے، بلکہ یہ پیدا ہوئی ہے اور اسے فنا ہو جانا ہے۔"

میاں نصیر احمد نے عرض کیا، آج کل ایک امریکی ماہرِ طبیعیات، جس کا

Marfat.com

نام پروفیسر کامپٹن Prof. Compton ہے لیکچر دینے کے لیے لاہور آیا ہوا ہے (جس نے نوبل پرائز پانے کی وجہ سے بعد میں بڑی شہرت حاصل کی۔) اگر آپ اس کا لیکچر سننے چلیں اور اس سے تبادلۂ خیالات کریں تو اس کا نتیجہ یقیناً مفید رہے گا۔

علامہ نے فرمایا "میں ضرور جاؤں گا۔"

اس لیکچر کا انتظام گورنمنٹ کالج لاہور کے فزکس تھیٹر میں کیا گیا تھا۔۔۔ میاں نصیر احمد کہتے ہیں کہ جب میں لیکچر ہال میں پہنچا تو میں نے دیکھا کہ علامہ سب سے آخری بنچ پر بڑے اطمینان سے بیٹھے ہیں۔ امریکی پروفیسر کی تقریر ختم ہوئی تو اس نے سامعین کو سوالات کی دعوت دی۔

علامہ نے اس وقفۂ سوالات کے دوران پروفیسر کامپٹن سے کئی اہم سوالات کیے جو اس قدر عالمانہ اور عمیق تھے کہ میاں نصیر احمد کے قول کے مطابق ان کی فہم وہاں تک رسائی نہ ہو سکی اور سمجھ سے بالاتر ہونے کے سبب وہ انھیں یادداشت میں محفوظ نہ کر پائے۔ البتہ پروفیسر کامپٹن کے جواب کا مفہوم ان کے ذہن نشین رہا۔

اس نے علامہ کے سوالات سے متعلق بتایا تھا کہ

سائنس قطعی طور پر ان سوالات کے جواب نہیں

اسے متعلق۔

Marfat.com

احترامِ رسولؐ

محترم حکیم احمد شجاع جو علامہ اقبال کی خدمت میں اکثر حاضر ہوا کرتے تھے انھوں نے ایک ایسا واقعہ سنایا، جس سے اس کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اقبال حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی ذاتِ اقدس سے کس درجے والہانہ محبت اور بے پناہ عشق رکھتے تھے۔ یہ واقعہ دیکھنے اور پڑھنے میں بہت مختصر ہے، مگر حقیقت میں عشق و محبت کا دفتر بے پایاں ہے۔

ایک روز حکیم صاحب موصوف علامہ کے مکان پر پہنچے تو علامہ کو بہت زیادہ فکرمند مغموم اور بے چین پایا۔ حکیم صاحب نے گھبرا کر دریافت کیا "خیریت تو ہے، آپ آج خلافِ معمول بہت زیادہ مضطرب اور پریشان نظر آتے ہیں؟"

علامہ نے خاص انداز میں نظریں اوپر اٹھائیں اور غم انگیز لہجے میں فرمایا:

"احمد شجاع! یہ سوچ کر میں اکثر مضطرب اور پریشان ہو جاتا ہوں کہ کہیں میری عمر رسول اللہؐ کی عمر سے زیادہ نہ ہو جائے۔"[1]

---

[1] علامہ مرحوم کی تاریخِ پیدائش ۹ نومبر ۱۸۷۳ء ہے۔ اس حساب سے ۱۹۳۸ء میں انتقال کے وقت اس عاشقِ رسولؐ کی عمر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سنِ مبارک سے دو سال کم یعنی ۶۱ سال تھی۔ گویا اللہ تعالیٰ نے علامہ کی اس تمنا اور دعا کو قبول فرما لیا۔

Marfat.com

بازارِ حکیماں کی محفلیں

میرے محترم بزرگ حکیم احمد شجاع فرماتے ہیں :

"جس زمانے میں ڈاکٹر لائٹنر کے علمی ذوق اور توجہ کی بدولت پنجاب میں اردو کا باغ پھول پھل لا رہا تھا اور "پنجاب سکشا سبھا" کی سرگرمیاں اپنے شباب پر تھیں۔ میرے والد ماجد حکیم شجاع الدین محمد جو اپنے زمانے کے بہت بڑے طبیب، فلسفی اور ادیب تھے اور سخن فہمی اور سخن گوئی سے بھی گہرا شغف رکھتے تھے۔ انھوں نے "سکھشا سبھا" کے مفید کارناموں سے متاثر ہو کر اردو بزم مشاعرہ کی بنا ڈالی۔

"شورِ محشر" اس بزم کا آرگن تھا۔ یہ مشاعرہ ہر ہفتے میرے عم زاد بھائی اور فقیر سید نجم الدین کے ماموں حکیم امین الدین بیرسٹر ایٹ لا کے مکان پر منعقد ہوتا تھا۔ رسالے کے ایڈیٹر خان احمد حسین خاں مرحوم تھے جو ایک ناول نگار، ادیب اور شاعر کی حیثیت سے خاصی شہرت رکھتے تھے۔ اسی ماہنامے "شورِ محشر" میں مشاعرے کی روداد بھی شائع ہوتی تھی۔ علامہ اقبال ان مشاعروں میں نہ صرف یہ کہ شاب ہوتے بلکہ اپنا کلام بھی سناتے تھے۔ اسی بزم کے ایک مشاعرے میں اقبال مرحوم نے وہ شعر پڑھا جسے سن کر اربابِ ذوق چونک پڑے اور بہت دنوں تک ادبی محفلوں میں اس کا چرچا رہا اور آج بھی ان کا یہ شعر [illegible] زبان بلکہ طرزِ جان ہے :

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لیے
قطرے گرے تھے جو عرقِ خنفساں سے

"افسوس ہے اکثر لوگ اس شعر کو غلط پڑھتے ہیں اور دوسرے مصرعے میں یوں ردّ و بدل کر دیتے ہیں :

قطرے جو تھے مرے عرقِ انفعال کے

"سخن سنج حضرات اور صاحبانِ ذوق محاکمہ اور مقابلہ فرما سکتے ہیں کہ یہ مصرعہ اقبال کے اس مصرعے سے الفاظ کے در و بست اور مفہوم و معنی کے اعتبار سے کس قدر فروتر ہے "قطرے کرے تھے" میں جو بے ساختگی اور برجستگی و روانی ہے "قطرے جو تھے" میں وہ بات کہاں !

"میرے والد حکیم شجاع الدین کے انتقال کے بعد حکیم امین الدین اور حکیم شہباز دین نے مل کر "شورِ محشر" کو جاری رکھنے کی کوشش کی مگر جو نظام ایک بار درہم برہم ہو چکا تھا، پھر وہ جمنے اور مرتب ہونے نہ پایا۔ بزرگوں کے جذبِ صادق میں جو برکت اور کشش تھی، نوجوانوں کی ہمت کو وہ میسّر نہ آسکی ـــــ مگر یہ بزم مشاعرہ ایک عجیب نقش قائم کر گئی۔ وہ صاحبانِ ذوق جنھیں اس بزم میں شریک ہو کر ایک دوسرے سے ملنے جلنے اور باہم مل بیٹھنے کی عادت سی ہو گئی تھی، اب ہر روز حکیم شہباز دین کے مکان پر جمع ہوتے اور اس طرح رفتہ رفتہ یہ گھر علم و ادب کے شیدائیوں کا اچھا خاصا کلب بن گیا۔

"میرے بزرگ حکیم شہباز دین اور حکیم امین الدین بیرسٹر کے یہاں کی محفلیں اور مجلسیں سارے شہر میں مشہور تھیں۔ یہ دونوں مکانات آج بھی آمنے سامنے ہیں اور گزشتہ تہذیب و تمدن کی کتنی ہی داستانیں اپنے در و بام میں لیے ہوئے ہیں۔

Marfat.com



بازار حکیماں لاہور میں حکیم شہباز دین اور حکیم امین الدین کی وہ اقامت گاہیں اور چبوترے جو علامہ اقبال اور ان کے ہم عصر احباب کی مجلسی زندگی کا مرکز تھے۔ شعر و شاعری اور بحث و نظر کے ہنگاموں کی آماجگاہ ـــــ اب وہ ہنگامے اور رونقیں ماضی کے دھندلکے میں گم ہو چکی ہیں۔ صرف واقعات زندگی کی ایک صدائے بازگشت ہے جو سامنے دی ہوئی بے رنگ تصویر میں بھولی بسری یادوں کا رنگ بھر رہی ہے۔

Marfat.com

یہاں ہر شام برسوں تک وہ لوگ جمع ہوتے رہے جن میں سے ہر شخص آسمانِ ادب و شرافت کا درخشندہ ستارہ تھا۔

"حکیم شہباز دین جسمانی طور پر بہت زیادہ لاغر اور نحیف تھے۔ سچ مچ دھان پان مگر اُن کے سینے میں ایک ایسا دل تھا جو سمندر کی طرح وسیع اور ابر کی مانند فیّاض تھا۔ اُن کی زبان میں شیرینی، مزاج میں انکسار اور اخلاق میں بڑی وُسعت تھی۔ عربوں کی طرح مہمان نواز، خوش خلق اور کشادہ دست۔ اِن صفات نے اُن کے گھر کو علم و ادب کے درخشندہ ستاروں کا آسمان بنا دیا تھا۔ دور دور سے لوگ اِن ستاروں کے دیکھنے اور کسبِ فیض کے لیے آتے ــــ سر عبدالقادر، سر محمد اقبال، سر شہاب الدّین، خواجہ رحیم بخش، خواجہ امیر بخش، خلیفہ نظام الدّین، شیخ کلاب دین، مولوی احمد دین، مولوی محمد حسین، مفتی عبداللہ ٹونکی، فقیر سیّد افتخار الدّین اور سیّد محمد شاہ وکیل اُن لوگوں میں سے تھے جو قریب قریب ہر شام کو اس نشست گاہ میں جمع ہو جاتے اور ہنسی خوشی کی باتوں میں علم و ادب کے تذکرے چھڑ جاتے۔

"حکیم شہباز دین کے یہاں کی اِس نشست کے سامعہ باشوں میں کچھ بزرگ تو ایسے ہیں جو بعد میں اِس قدر مشہور ہوئے کہ اُن کا نام اور کام کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ ان میں مولوی احمد دین مرحوم سرگزشتِ الفاظ جیسی نادر تصنیف کے مؤلف ہیں۔ شیخ کلاب دین قانونِ شریعت و رواج کے مؤلف ہیں۔ خواجہ رحیم بخش، خواجہ کریم بخش، خواجہ امیر بخش، سیّد محمد شاہ وکیل اور خلیفہ نظام الدین اپنی موشگافیِ طبع اور

Marfat.com

عزلت نشینی کے باعث منظرِ عام پر نہ آسکے اور اُن کے ذاتی جوہر اور کمالات پر گمنامی کا پردہ پڑا رہا، مگر اس علمی مجلس کی وہ رُوحِ رواں تھے۔ اُن کی جرأتِ تنقید اور جوہر شناسی نے اُس دور کے نوجوان ادیبوں اور شاعروں کے ذہن و فکر کی تربیت میں حصّہ لیا۔ اُسی زمانے میں اقبال جو ابھی تک "علامہ" نہیں ہوئے تھے، جب تک اپنا کلام ان بزرگوں کو نہ سنا لیتے، کسی عام مجلس میں اُسے نہ پڑھتے۔ "نالۂ یتیم"، "ہلالِ عید" اور "تصویرِ درد" جیسی معرکہ آرا اور شہرۂ آفاق نظمیں کہنے کے بعد علامہ اقبال نے پہلے ان بزرگوں کو سنائیں۔ اس کے بعد انجمنِ حمایتِ اسلام کے سالانہ جلسوں میں پڑھ کر دنیائے اسلام سے خراجِ تحسین و عقیدت وصول کیا۔

"حکیم شہباز دین اور حکیم امین الدین کی اقامت گاہوں کے ان چبوتروں کی سامنے دی ہوئی تصاویر کو اس پس منظر میں دیکھنا چاہیے کہ دورِ حاضر کی حکومتیں علمی تحقیقات اور بحث و نظر کے جس اعلیٰ مقصد کے لیے لاکھوں روپے صرف کر کے عظیم الشان آڈیٹوریم اور سمپوزیم ہال تعمیر کراتی ہیں، وہ مقصد ان فرشی محفلوں میں کتنی سادگی اور خوبی سے پورا ہوتا رہا۔"

فیضِ صحبت

میرے عزیز دوست ڈاکٹر رحمت اللہ قریشی جن کا [illegible] پہلی جلد میں آچکا ہے ایبٹ آباد کے رہنے والے ہیں۔ ۱۹۱۸ء میں کلاسیکو یونیورسٹی سے M.B., Ch. B کی ڈگری امتیازی شان کے ساتھ حاصل کی اور

Marfat.com

انڈین میڈیکل سروس میں شامل ہو گئے۔ RIMC میں وہ پہلے ہندوستانی تھے جن کو کمیشن ملا۔ آگرہ، کانول اور ایبٹ آباد کے فوجی ہسپتالوں کے انچارج رہے اور ڈھائی سال تک عراق میں طبی خدمات انجام دیں۔ ملازمت سے دستکش ہو کر ۱۹۲۱ء میں انگلستان چلے گئے اور وہیں پریکٹس شروع کر دی۔ وقتاً فوقتاً وطن آتے رہے لیکن مستقل قیام لندن میں رہا جہاں راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کے دوران میں انھیں علامہ اقبال کی خدمت اور رفاقت کے مواقع ملے۔ نہایت صحیح العقیدہ اور دردمند مسلمان ہیں۔ علامہ کا فیض صحبت، ان کی گفتگو اور خیالات میں صاف جھلکتا ہے اور جمال ہم نشیں ان میں نمایاں اثر کر گیا ہے۔ روزگارِ فقیر کی جلد اوّل انھیں انگلستان میں ملی تو انھوں نے بڑی خوشی کے ساتھ اس کا اظہار کیا کہ میں علامہ سے متعلق واقعات اور یادداشتوں کو محفوظ کرنے کا کام انجام دوں گا۔ لیکن کہاں کراچی اور کہاں لندن! یہ بُعد مسافت اس کام میں حائل اور مانع رہا۔ اوائل مارچ میں انھوں نے یہ اطلاع دی، بلکہ تویدِ جانفزا سنائی کہ میں کراچی پہنچ رہا ہوں زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔ نہ جانے کب بلاوا آ جائے۔ اس لیے چاہتا ہوں کہ ڈاکٹر اقبال مرحوم سے متعلق جو یادداشتیں میرے ذہن و حافظے میں محفوظ رہ گئی ہیں انھیں آپ کو منتقل کر دوں تاکہ آپ ان کو قوم تک پہنچا سکیں۔

Marfat.com

شُہرت

دُوسری گول میز کانفرنس (لندن) کے موقع پر ڈاکٹر صاحب کی ناک میں کاربنکل قسم کا چھوٹا سا پھوڑا نمودار ہُوا۔ ڈاکٹر قریشی نے اُس کے علاج کے لیے ایک اسپیشلسٹ کا انتظام کیا، جس نے مشورہ دیا کہ کسی تاخیر و تامل کے بغیر اُن کا آپریشن ہو جانا چاہیے۔ علامہ نے نرسنگ ہوم جانے اور آپریشن کرانے سے انکار کر دیا۔ ڈاکٹر قریشی نے اس پر شدید اصرار کیا اور کہا مرض خطرناک ہے۔ اگر خدانخواستہ نصیب دُشمناں جان لیوا ثابت ہُوا تو جس طرح آپ فیمس (Famous) ہیں اسی طرح میں بھی (Famous) ہو جاؤں گا اور دُنیا بھر میں میری شہرت نہیں تشہیر ہو گی کہ میں آپ کی صحیح طور پر دیکھ بھال نہیں کر سکا۔ ڈاکٹر صاحب اس پر بے ساختہ مسکرا دیے۔ پھر بولے "میں لکھ کر رکھے دیتا ہوں کہ اس کی ذمے داری آپ پر بالکل نہیں"

راقم الحروف کا ذاتی مشاہدہ ہے اور والد صاحب سے بھی بارہا سنتا رہا ہوں کہ ڈاکٹر صاحب علاج کی سخت پابندیوں سے بہت گھبراتے تھے۔ انھیں علاج کا سہل ہونا پسند تھا۔ لذیذ دوائیں شوق سے استعمال فرما لیتے۔ ایک بار حکیم نارمینا نے سردے کھانے کا مشورہ دیا اور کہا اس سے آواز درست ہو جائے گی تو سردے نہایت ہی شوق سے کھاتے۔

Marfat.com

حقوقِ تصانیف

ڈاکٹر رحمت اللہ قریشی فرماتے ہیں کہ علامہ اقبال کی زندگی بہت گریجہ قلندرانہ تھی۔ اُن کے مالی حالات کبھی اچھے نہیں رہے جس کا اُنھیں احساس بھی تھا۔ مگر اُن کا یہ احساس کبھی فکر و غم سے آلودہ نہیں ہوا۔ قناعت اور صبر و شکر علامہ کا شعار تھا۔ ایک بار قریشی صاحب نے علامہ کی خدمت میں عرض کیا:

"آپ نے جو کتابیں تصنیف کی ہیں، اُن کا اگر پبلشر سے معاملہ کر لیا جائے تو حقِ تصنیف کی خاصی رقم مل سکتی ہے جو آپ کے کام آئے گی۔ آپ اجازت دیں تو لندن کے کسی بڑے پبلشر سے بات کروں۔"

علامہ نے خاص انداز میں نہیں" کہا اور قدرے توقف کے بعد بولے:

"ایک بار مجھے بھی اس بات کا خیال آیا تھا لیکن پھر میں نے سوچا کہ نہ جانے کتنے ضرورت مند اور مستحق لوگ میری تصانیف کے اس کاروبار سے فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔ شاید اس فائدے میں بیواؤں اور یتیموں کا بھی حصّہ ہو۔ اپنی ذات کے لیے ان سب کو اس مفاد سے محروم کر دینا کسی طرح مناسب نہیں ہے۔"

ایٹمی توانائی کا راز

ڈاکٹر رحمت اللہ قریشی نے اس حیرت انگیز واقعے کا انکشاف کیا کہ علامہ اقبال جن دنوں لندن میں تھے تو میں ایک دن دوپہر کو گیارہ بجے اُن سے ملنے

Marfat.com

کے لیے گیا۔ وہاں مجھ سے پہلے ایک نوجوان بیٹھا ہُوا تھا۔ یہ نوجوان غالباً امرتسر کے کسی مسلمان کشمیری گھرانے سے تعلّق رکھتا تھا اور ۱۹۳۲ء میں اُس نے انگلستان کی کسی یونیورسٹی سے آنرز کے ساتھ انجینئرنگ کی ڈِگری حاصل کی تھی۔ اُس نوجوان نے عرض کیا "میرے والد نے مجھے خط لکھا ہے کہ تم نے اپنی تعلیم مکمّل کر لی ہے، ڈاکٹر اقبال حُسنِ اتّفاق سے لندن میں تشریف رکھتے ہیں، اپنے مستقبل کے بارے میں اُن سے مشورہ کرو۔" (دراصل یہ نوجوان علّامہ کے اثر و رسوخ کے ذریعے کسی موزوں کام اور ملازمت کی تلاش میں تھا۔)

علّامہ نے اُس نوجوان کو سر سے پاؤں تک بغور دیکھا بلکہ جائزہ لیا اور فرمایا — "تم بڑے صحیح وقت پر آئے ہو۔ تم جیسے نوجوان کی سخت ضرورت تھی۔ اس کے بعد کہا میں جب ہندوستان سے روانہ ہو رہا تھا تو اس وقت استنبول سے استنبول لائبریری کے لائبریرین کا میرے پاس خط آیا تھا۔ جس میں لکھا تھا کہ "میرے پاس ایٹم توڑنے (Atom Breaking) کا جو نسخہ موجود ہے اُسے حاصل کرنے کے لیے جرمن مجھ پر بہت دباؤ ڈال رہے ہیں — اس لیے میں تمہیں مشورہ دیتا ہوں کہ میرا خط لے کر استنبول چلے جاؤ اور وہاں اس اہم مقصد کے لیے اپنی زندگی کے کم از کم پانچ سال وقف کر دو۔ اس کام میں جو اخراجات ہوں گے، ان کو پورا کرنے کے لیے اگر مجھے گھر گھر جا کر مانگنا پڑا تو میں ضرور مانگوں گا۔

وہ نوجوان علّامہ کے اس مشورے کو سن کر بولا "میرے والدین نے

Marfat.com

بڑی تکلیفیں اُٹھا کر مجھے لکھایا پڑھایا ہے، اِس لیے مجھے آپ کے مشورے پر اچھی طرح سوچنا پڑے گا۔"

افسوس ہے، بات جہاں تھی، وہیں کی وہیں رہ گئی۔ نہ تو یہ نوجوان طالب علم استنبول جانے کی ہمّت کر سکا اور نہ علّامہ اقبال کسی دُوسرے پر اس اہم کام کے لیے اعتماد کر سکے۔ اس طرح سائنس کا یہ عظیم کارنامہ مسلمانوں کی بجائے یورپی اقوام کے مستقبل میں لکھا گیا۔

یہاں یہ بتانا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ علّامہ مرحُوم صرف ایک فلسفی اور شاعر ہی نہ تھے، قرآنِ کریم پر اُن کی نظر عمیق اور مطالعہ کائنات وسیع تھا۔ زندگیِ فطرت اور فلسفۂ زمان و مکان کا کوئی ایسا شعبہ نہ تھا، جس کے بارے میں اُن کی معلُومات عالمانہ فکر و نظر کی حامل نہ ہوں۔ حیدر آباد دکن، ہندوستان اور پاکستان میں اُن کی سائنسی دِلچسپی اور تصوّرِ زمان و مکاں پر اب تک کئی قابلِ قدر کتابیں شائع ہو چکی ہیں، جن میں علّامہ کے نظریات کی صداقت کو اُن کے اشعار اور جدید ترین سائنسی معلُومات کے موازنہ کے ساتھ ثابت کیا گیا ہے۔ قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ علّامہ کے اِن تمام افکار و آراء کا سرچشمہ قرآنِ کریم ہی ہے۔ محقّق حضرات جب نیوٹن، آئن سٹائن، برگساں، نیتشے اور کوانٹم کے نظریات کی روشنی میں وقت، زمان و مکاں، جوہری توانائی اور الیکٹرون کے موضُوعات پر علّامہ کے خیالات کا مطالعہ کرتے ہیں تو اُن کی وسعتِ نظر پر انگشت بدنداں رہ جاتے ہیں۔

پروفیسر ایڈنگٹن زمان و مکاں کے جس فرق کو واضح کرنے کے لیے

Marfat.com

سنہ ۱۹۲۸ء میں اپنی کتاب "نیچر آف فزیکل ورلڈ" شائع کرتے ہیں، علامہ اس مفہوم کو مثنوی "اسرارِ خودی" میں سنہ ۱۹۱۴ء میں بیان کر چکے تھے۔

علامہ مرحوم نے سائنس کی تعلیم اور تحقیق کے کاموں کو دوسرے لوگوں کی طرح صرف مادی ترقی کا ذریعہ کہنے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اس بارے میں ہمیشہ زیادہ حقیقت پسندانہ رائے کا اظہار فرماتے رہے۔

سندھ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر رضی الدین صدیقی، جنھوں نے اقبال اور سائنس کے موضوع پر اب تک کئی اہم کتابیں لکھی ہیں، اپنی تصنیف "اقبال کا تصورِ زمان و مکاں" (صفحہ ۴۴) میں رقمطراز ہیں :—

> "اقبال طبیعی سائنس میں بھی ایک قسم کی روحانیت پاتے ہیں اور کائنات کے متعلق تحقیق و تجسس کو عبادت کی قسم قرار دیتے ہیں۔"

علامہ کے متعلق اس رائے کی تصدیق ان کے خطبات سے ہوتی ہے، جو انھوں نے مدراس جا کر دیے تھے اور جو "خطباتِ مدراس" یا "تشکیلِ جدیدِ الٰہیاتِ اسلامیہ" کے نام سے مشہور ہیں۔ ایک مقام پر فرماتے ہیں :—

> "غرض کہ جو تشریح ہم نے اوپر دی ہے وہ طبیعی سائنس کو ایک نئی روحانیت عطا کرتی ہے۔ نیچر کا علم خدا کی خدائی کا علم ہے۔ جب ہم نیچر کا مشاہدہ کرتے ہیں تو گویا ہم اللہ مطلق کے قریب تر ہوتے ہیں اور یہ بھی ایک قسم کی عبادت ہے"۔

Marfat.com

مندرجہ بالا سطور سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ علامہ نے استنبول میں Atom Breaking کے اِس خاص نسخے پر تحقیق کو کس قدر اہمیت دی ہو گی۔

یہ نسخہ کب تک ترکی میں محفوظ رہا؟ ہٹلر من اسے لے جانے میں کامیاب ہوئے تو کب؟ اگر اس کا مصنف کوئی مسلمان سائنس دان تھا تو کون؟ اسے اسپین میں لکھا گیا یا عرب میں؟ وہ مسلمان نوجوان جسے علامہ نے اس مقصد کے لیے دعوت دی تھی آجکل کہاں ہے اور علامہ نے اسے مزید کیا بتایا تھا؟ — یہ اور بعض ایسے ہی سوالات تحقیق طلب ہیں۔ راقم الحروف نے اس نوجوان کا نام معلوم ہوئے بغیر کیمبرج یونیورسٹی سے رابطہ قائم کیا۔ لیکن خاطر خواہ معلومات نہ مل سکیں۔ اس کے ساتھ ہی ترکی سفارت خانہ برائے پاکستان سے اُس ترکی لائبریرین یا عالم کا پتہ لگانے میں تعاون کی درخواست کی گئی۔ وزارتِ خارجہ پاکستان کے ذریعے پاکستانی سفارت خانہ برائے ترکی سے مراسلت شروع کی گئی۔ چنانچہ ۱۰ مئی ۱۹۶۴ء کو وزارت خارجہ پاکستان کی طرف سے "مصنفِ روزگارِ فقیر" کو ایک خط موصول ہوا، جس میں ڈائرکٹر وزارتِ خارجہ پاکستان کے نام سفارت خانۂ پاکستان برائے ترکی کا ایک خط اور مطلوبہ معلومات کی ایک نقل ملفوف تھی۔ ان معلومات میں کہا گیا ہے کہ

> "ترکی میں علامہ اقبال کے ایک بڑے اچھے دوست پروفیسر خلیل خالد گزرے ہیں۔ خلیل خالد ایک معروف ترک خاندان کے فرد تھے۔ آکسفورڈ میں تعلیم مکمل کی۔ استنبول یونیورسٹی میں پروفیسر رہے۔ علامہ سے اُن کی خط و کتابت کا

Marfat.com

ذکر مکاتیبِ اقبال کے مجموعوں میں آ چکا ہے۔ ایک خط میں علامہ پروفیسر خلیل خالد کو بعض کتابیں تجویز کر کے اُن کے ناموں کی فہرست بھیجتے ہیں اور انھیں Prof A Fischer of Lipzig سے رابطہ قائم کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔"

خیال غالب ہے کہ علامہ نے مندرجہ بالا واقعے میں جس ایٹمی نسخے کا حوالہ دیا تھا، اُس کا تعلق کسی لائبریرین سے نہیں پروفیسر خلیل خالد سے ہو سکتا ہے۔ پروفیسر خلیل خالد بقیدِ حیات ہوتے تو شاید یہ مسئلہ مسئلہ نہ رہتا بلکہ ساری دنیا اس پوشیدہ حقیقت سے باخبر ہو کر حیران رہ جاتی۔ کیا عجب تھا کہ اس واقعے کی مکمل تحقیق کے نتیجے میں مسلمانوں کی علمی عظمت کا کوئی شاندار پہلو سامنے آ سکتا۔ مگر کیا کیا جائے کہ قدرت کو شاید یہی منظور تھا کہ اس حقیقت پر گمنامی کا پردہ پڑا رہے۔ بہرحال یہ مسئلہ اقبالیات، سائنس اور خصوصاً ایٹمی توانائی کے استعمال کی دریافت پر تحقیق کرنے والوں کے لیے دعوتِ غور و فکر کی حیثیت رکھتا ہے۔

Marfat.com

اقبال اور ممتاز حسن

جناب ممتاز حسن شعر و ادب کے قدر شناس اور علم دوست ہیں۔ ان کا علمی مطالعہ بہت وسیع ہے۔ مختلف زبانیں جانتے ہیں۔ سات سال تک وزارتِ خزانہ حکومتِ پاکستان کے سیکرٹری کے عہدۂ جلیلہ پر فائز رہے اور ان دنوں نیشنل بینک آف پاکستان کے مینجنگ ڈائرکٹر ہیں۔ مختلف عہدوں اور سرکاری فرائض کے ہجوم میں بھی انھوں نے علم و ادب اور تاریخ و ثقافت میں قابلِ قدر دلچسپی لی ہے۔ زبان، علم، ادب، آرٹ اور ثقافت کی کتنی انجمنیں اور ادارے ہیں جن کی وہ معاونت، سرپرستی بلکہ رہنمائی کر رہے ہیں اور ایک مخلص دوست کی حیثیت سے مجھے اُن کی زندگی کا یہ پہلو سب سے زیادہ روشن اور تابناک نظر آتا ہے۔

علامہ اقبال سے وصوف کا تعلق ایک دوست اور ہمعصر کا نہیں عقیدتمند مداح اور خوشہ چین کا ہے۔ علامہ اقبال سے وہ اپنے والد کے واسطے سے دیرینہ نسبت رکھتے ہیں۔ اُن کے پدر بزرگوار خان صاحب محمد حسن اور علامہ اقبال گورنمنٹ کالج لاہور میں ساتھ پڑھتے رہے۔ دونوں میں ذہنی ہم آہنگی اور خیال و فکر کی یکرنگی کا یہ عالم تھا کہ جب محمد حسن صاحب نے

Muslim Rights Protection Board

کے نام سے ایک تنظیم کا آغاز کیا تو علامہ اُس کے صدر اور محمد حسن مرحوم سیکرٹری قرار پائے۔ یہ بورڈ مسلمانوں کی ہر قسم کی شکایتیں سُن کر اُن کے ازالے کی سعی کرنے کی

Marfat.com

غرض سے قائم ہُوا تھا۔ ہر شخص اس بورڈ کے سامنے اپنی تکلیف اور ضرورت بیان کر سکتا تھا۔ بورڈ مذکور سنہ ۲۴-۱۹۲۳ء تک اپنی استطاعت اور وسائل کے مطابق مسلمانوں کی خدمت کرتا رہا۔ محمد حسن جن کا اصل وطن گوجرانوالہ تھا، بعد میں خان صاحب محمد حسن سینیئر سب جج کی حیثیت سے مشہور ہُوئے اور علامہ اقبال سے اُن کے روابط آخر دم تک رہے۔ ان روابط کی بنیاد اخلاص اور بے غرضی پر تھی، اس لیے اُن میں کوئی الجھن اور کھنڈت پیدا نہیں ہُوئی۔

ممتاز حسن صاحب نے علامہ کو سب سے پہلے سنہ ۱۹۲۵ء میں دیکھا۔ جب "اسلام اور اجتہاد" کے موضوع پر لیکچر دینے کے لیے اسلامیہ کالج لاہور کے حبیبیہ ہال میں تشریف لائے۔ صحت مند، موزوں اندام، سرخ و سفید رنگت، انگریزی سوٹ زیبِ تن کیے ہُوئے سر پر ترکی ٹوپی۔ نہایت متین و سنجیدہ لہجے میں تقریر کی۔ تقریر کے دوران میں انھوں نے جب ترکی شاعر ضیاؔ کی نظم پڑھی تو آواز میں خاصا جوش پیدا ہو گیا تھا۔

پہلی مُلاقات

ابھی تک ممتاز حسن نے دور ہی کے جلوے دیکھے تھے۔ یہ پہلا دیدار تھا جو انھیں میسّر آیا۔ علامہ مرحوم سے ملاقات کا شرف سنہ ۱۹۲۶ء میں حاصل ہُوا۔ ممتاز صاحب اپنے ہم جماعت دوست نیاز محمد خاں[1] کے ہمراہ علامہ کی میکلوڈ روڈ والی کوٹھی نمبر ۳۴ پر ملاقات کے لیے گئے۔ یہ دونوں دوست ان دنوں فورمین

---

[1] سی۔ایس۔پی۔ سابق چیف کمشنر، کراچی

Marfat.com

کرسچین کالج لاہور میں تھرڈ ایئر میں پڑھتے تھے اور اپنے ہوسٹل نیوٹن ہال سے پیدل چل کر علّامہ کی قیام گاہ پر پہنچے۔ کوٹھی کے باہر گیٹ پر علّامہ کے نام کا ایک بوسیدہ سا بورڈ بڑی بے نیازی کے ساتھ آویزاں تھا۔ اندر گئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ کوٹھی کے برآمدے میں علّامہ اقبال چند اصحاب کے ساتھ بڑے سادہ انداز میں بیٹھے ہوئے ہیں یہ طالب علم ـــــ علّامہ اقبال، غیر معمولی شہرت کے مالک۔ انھیں آگے بڑھنے کی ہمّت نہیں پڑی۔ پھر آدابِ ملاقات اور شائستگی کے بھی کچھ تقاضے تھے۔ یہ دونوں دوست ملازموں کے کوارٹروں کی طرف چل دیے، جہاں اُن کی ادھیڑ عمر کے ایک دبلے پتلے آدمی سے ملاقات ہوئی۔ ممتاز حسن فرماتے ہیں کہ یہ وہی شخص تھا جسے ہم بعد میں ہمیشہ اپنے دوست علی بخش کے نام سے یاد کرتے رہے۔

نوجوانوں نے علی بخش کے ہاتھ میں اپنا کارڈ تھما دیا اور کہا کہ ہم علّامہ کی خدمت میں اُن سے ملنے کے لیے حاضر ہُوئے ہیں۔ اِس پر علی بخش اپنے خاص انداز میں مسکرایا اور کہنے لگا یہاں کارڈ وغیرہ کی کوئی ضرورت نہیں۔ دیکھو، ڈاکٹر صاحب وہ سامنے بیٹھے ہیں۔ تم بھی وہاں جاکر بیٹھ جاؤ۔ آخر ان کے اصرار پر کہ ملاقات کے لیے اجازت ضروری ہے، علی بخش قدرے جھجکتے اور سوچتے ہُوئے کارڈ لے گیا، لیکن فوراً ہی اُلٹے پاؤں واپس آیا اور کہنے لگا ـــــ "جائیے" ـــــ اُس کے اندازِ کلام اور جاکر معاً واپس آنے سے ایسا محسوس ہُوا جیسے علّامہ نے کارڈ دیکھے بغیر ہی ملاقاتیوں کو بُلا لیا تھا۔

Marfat.com

وجُودِ باری

جو لوگ علّامہ اقبال کے پاس پہلے سے بیٹھے تھے وہ جب تک گفتگو کرتے رہے، ممتاز حسن خاموشی کے ساتھ ان کی باتیں سنتے رہے۔ جب یہ حضرات اُٹھ کر چلے گئے تو ممتاز صاحب نے کہا "ڈاکٹر صاحب! اگر اجازت ہو تو ایک بات میں آپ سے دریافت کرنا چاہتا ہوں؟" علّامہ نے فرمایا — "کیا؟"

ممتاز حسن نے علّامہ اقبال کو اپنی طرف متوجّہ پاکر عرض کیا "آپ ایک دانش ور فلسفی ہیں اور نہ صرف یہ کہ قدیم و جدید فلسفوں سے اچھی طرح آگاہ و باخبر ہیں بلکہ آپ اپنی جگہ خود بہت بڑے مفکّر ہیں، مگر اس کے باوجود آپ اپنے اشعار اور مقالات میں خدا کا ذکر غیر فلسفیانہ انداز میں کرتے ہیں۔ جہاں تک فلسفے کا تعلق ہے امانول کانٹ کے فلسفیانہ افکار کی روشنی میں اب یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ محض عقل و فلسفہ کی رُو سے نہ تو خدا کے وجود کا اثبات ممکن ہے اور نہ اس کی تردید اور خدا کے بارے میں جب بھی فلسفے کی رُو سے گفتگو ہوگی تو لازمی طور پر ہم وہی کہیں گے جو کانٹ نے کہا ہے۔ حیرت ہے کہ آپ اتنے بڑے مفکّر اور فلسفی ہیں، پھر آپ کے لیے یہ کس طرح ممکن ہے کہ خدا کے وجود پر عقلی دلیل لانے کی بجائے خوش اعتقادی کے ساتھ اس کا ذکر کریں؟"

علّامہ اقبال ممتاز حسن کے خیالات بڑی خاموشی اور ہمدردی کے ساتھ سنتے رہے۔ انھوں نے نہ تو درمیان میں ٹوکا اور نہ ہی تعجّب کا اظہار کیا۔ جب ممتاز حسن

Marfat.com

اپنی بات پوری کر چکے تو علامہ نے فرمایا :۔

"خدا کے متعلق پوچھتے ہو ؟ میں[1] نے اُسے دیکھا ہے"

علامہ زیرِ لب مُسکرائے اور تھوڑے سے توقف کے بعد مزید فرمایا :۔

"انسان کی زندگی میں ایسے لمحات آتے ہیں جب وہ خدا کو دیکھ سکتا ہے لیکن یہ لمحے کم نصیب ہوتے ہیں"

اور کچھ توقف کے بعد پھر فرمایا "بہت ہی کم"۔

ممتاز صاحب نے دریافت کیا "کیا ہر شخص کے لیے خدا کا مشاہدہ ممکن ہے ؟"

علامہ نے فرمایا "یہ دروازہ کسی پر بند نہیں ہے۔ لیکن جو شخص مشاہدے کا طالب ہو۔ اُسے صبر اور انتظار لازم ہے"

---

[1] یہ ساری گفتگو انگریزی میں ہوئی تھی۔ اس لیے علامہ کے اصل فقرے انگریزی میں بھی درج کیے جا رہے ہیں :۔

"I have seen him. There are moments in a man's life when he can experience God."

"Such moments are, however, rare" he added, a little later "very rare"

"No one is shut out but he who wants the experience has to wait for it."

Marfat.com

موت کا وجود

مزید گفتگو کے دوران کہیں موت کا ذکر بھی آگیا۔ جناب ممتاز حسن بیان کرتے ہیں کہ میں بعض ذاتی تاثرات کی بنا پر حیات بعد الموت کے مسئلے میں اُلجھا ہُوا تھا۔ جیسے ہی میرے منہ سے لفظ "موت" نکلا، علامہ نے کسی تامل کے بغیر فرمایا ــــ

"موت کا کوئی وجود نہیں ہے۔ اصل حقیقت زندگی ہے، موت نہیں ــــ"

یہ گفتگو انگریزی میں ہُوئی۔ علامہ نے اس موقع پر انگریزی میں جو فقرے کہے، وہ یہ تھے:

"Death does not exist. It is life that is the predominant reality, not death."

وجُودِ باری کی طرح علامہ اقبال نے یہ بات بھی اسی قدر قطعیت اور یقین کے ساتھ کہی کہ ممتاز صاحب کے بیان کے مطابق انہیں مزید گفتگو کی جرأت ہی نہیں ہُوئی اور اس کے بعد وہ اپنا کوئی شک و شبہ پیش نہ کر سکے۔ وہ فرماتے ہیں ــــ

"علامہ اقبال سے یہ پہلی ملاقات آج تک میرے دل و دماغ پر نقش ہے۔"

Marfat.com

اِنسانی جسم

ممتاز حسن بیان کرتے ہیں کہ اس پہلی ملاقات کے بعد مجھے بارہا علامہ کی خدمت میں حاضر ہونے کا موقع ملتا رہا۔ ایک مرتبہ انسانی جسم کی ساخت اُس کی قوتِ طبیعی اور انحطاط کے متعلق گفتگو ہو رہی تھی۔ موضوعِ بحث یہ تھا کہ ——

"رُوح غیر فانی ہے اور جسم فانی ہے"

علّامہ نے اِس موقعے پر یہ فرما کر ——

"انسانی جسم کے لیے بھی غیر فانی حیثیت اختیار کر لینا ممکن ہے"

پاس بیٹھے ہُوئے ہر شخص کو تھوڑی دیر کے لیے حیرت میں ڈال دیا۔

طبیعت کا توازن

علّامہ کو کتابوں سے شغف نہیں، عشق تھا۔ ہر فن کی کتابیں مطالعہ کرتے۔ مطالعے کے معاملے میں ان کا سچ مچ یہ عالم تھا کہ ——

راتیں گزار دی ہیں سہانے چراغ کے

اُن کی ساری زندگی ایک طالب علم کی طرح کتابوں کے مطالعے میں گزری۔ جتنا پڑھتے، علم کی پیاس اور بڑھتی جاتی —— ایک بار کسی نے دریافت کیا، "اِس قدر مطالعہ کرنے سے آخر کیا حاصل ہے؟"

جواب میں فرمایا ——

Marfat.com

"یہ تو مجھے دوسری دنیا میں بھی کام دے گا۔"

لیجسلیٹو کونسل پنجاب کے ممبر منتخب ہو جانے کے کچھ دن بعد ممتاز حسن سے دورانِ گفتگو علامہ نے فرمایا ——

"کونسل میں میرے جانے کا بڑا سبب یہ ہے کہ میری طبیعت کا رخ علمی مشاغل کی طرف اس قدر زیادہ ہو گیا تھا کہ توازن قائم رکھنے کے لیے میں نے دنیا کے عملی معاملات میں دلچسپی لینا ضروری سمجھا۔"

اس سلسلے میں مزید فرمایا ——

"جب میں کیمبرج میں تھا تو فلسفہ کے ساتھ ساتھ اس غرض سے معاشیات کا مطالعہ بھی کیا کرتا تھا اور اس موضوع پہ لیکچر بھی سنا کرتا تھا کہ مسلسل فلسفہ پڑھنے اور سوچنے سے ذہن میں یک طرفہ پن پیدا نہ ہو اور طبیعت کا توازن قائم رہے۔"

واقعہ بھی یہ ہے کہ زندگی میں حسن اور صحت و توانائی توازن و اعتدال ہی سے پیدا ہوتی ہے۔ اسی لیے اسلام ترکِ دنیا اور رہبانیت کو پسند نہیں کرتا۔

عام گفتگو

علامہ کی گفتگو کے سادہ لیکن دلکش انداز کی کیفیت جلد اول میں بیان کی جا چکی ہے۔ ممتاز حسن اپنے ذاتی مشاہدے کی بنا پر ایک اور نکتہ بیان کرتے ہیں اور وہ یہ کہ اگرچہ علامہ کو مختلف زبانوں پر اس قدر عبور حاصل تھا جس موضوع پر جس زبان میں چاہتے گھنٹوں گفتگو کر سکتے تھے لیکن ان کی عام گفتگو کسی قسم کے

Marfat.com

تکلّف اور پابندی سے آزاد تھی۔ گفتگو کرتے وقت اپنا مافی الضمیر بیان کرنے کے لیے جس زبان کا لفظ (مخاطب کی علمی حیثیت کے لحاظ سے) موزوں سمجھتے، بلا تامّل استعمال کر لیتے۔ گویا اُن کا مفہوم کسی خاص زبان کا پابند نہ ہوتا اور نہ وہ مفہوم کے اظہار اور الفاظ کے استعمال میں کسی خاص زبان کی محتاجی یا اجارہ داری کے قائل تھے۔

سادگی

ایک بار ممتاز حسن صاحب کے ایک عزیز دوست نے علّامہ کے سامنے کہہ دیا کہ "خدا نے ضرورت سے زیادہ انسان پیدا کر دیے ہیں، جن میں سے اکثر کی زندگی فضول اور بے معنی ہے۔"

علّامہ نے اِس رائے کی بڑے پُرجوش انداز میں تردید کی۔ فرمایا ——

"ہر ایک اِنسان اپنی جگہ پر ایک مستقل حیثیت رکھتا ہے اور کسی کا وجود بے کار نہیں ہے، لیکن اِس حقیقت کا پتہ اس وقت چلتا ہے، جب ہمیں کسی شخص سے اچھی طرح سابقہ پڑے اور ہم اُسے قریب سے دیکھیں ——"

ایک دن علّامہ اقبال حسبِ معمول بنیان پہنے اور تہبند باندھے مکان کے برآمدے میں بیٹھے تھے۔ حقّہ سامنے تھا اور احباب سے تبادلۂ خیال جاری تھا۔ ممتاز حسن بھی اِس صحبت میں شریک تھے۔ اِتنے میں دو قد آور فوجی جوان جو وضع قطع سے شمالی پنجاب کے کسی ضلعے کے رہنے والے معلوم ہوتے تھے، وہاں آئے اور بڑی خاموشی کے ساتھ خالی کرسیوں پر بیٹھ گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد ان میں سے ایک

Marfat.com

نے ممتاز حسن سے پوچھا ——

"ترجمانِ حقیقت حضرت علامہ ڈاکٹر سر شیخ محمد اقبال ایم اے، پی ایچ ڈی بیرسٹر ایٹ لا، ممبر پنجاب لیجسلیٹو کونسل کہاں ہیں؟"

ممتاز صاحب کو اس سوال پر بے اختیار ہنسی آ گئی۔ ایک صاحب نے اُن کے ہنسنے کا سبب پوچھا تو انھوں نے بتایا ——

"یہ صاحب ترجمانِ حقیقت حضرت علامہ ڈاکٹر سر شیخ محمد اقبال ..... کی تلاش میں ہیں وہ ان کو ابھی تک نہیں مل سکے۔"

اس پر ان صاحب نے جو اقبال کے پرانے دوست اسلامیہ کالج پشاور کے پروفیسر محمد شفیع تھے ان نوجوانوں کی طرف دیکھا اور اقبال کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ "یہ کون بیٹھا ہے؟"

اس پر ایک قہقہہ پڑا۔ ان قہقہہ لگانے والوں میں خود علامہ بھی شامل تھے۔ اس قہقہے کے انداز سے وہ فوجی نوجوان سمجھ گئے کہ ترجمانِ حقیقت علامہ اقبال ..... جن کی تلاش میں وہ یہاں آئے ہیں اُن کے سامنے بیٹھے ہیں۔

یہ بے چارے علامہ اقبال کی شہرت اور عظمت کا یہ تصور لے کر آئے تھے کہ علامہ بہت بڑے آدمی ہیں اس لیے وہ بڑے تزک و احتشام اور [illegible] بات سے رہتے ہوں گے۔ دولت کدے پر چوکی پہرہ ہوگا۔ اُن سے ملنے میں بڑی دشواری پیش آئے گی اور کیا عجب کہ پہلی کوشش میں [illegible] ہی نہ ہو سکے مگر یہاں ان کو ہر طرف قلندریت نظر آئی۔ بے تکلفی کا ماحول [illegible]

Marfat.com

بذلہ سنجی

جناب عبداللہ چغتائی سے علامہ کو بڑا لگاؤ تھا۔ ان کی ملاقات کے منتظر رہتے۔ اُن کی باتیں سنتے اور محظوظ ہوتے۔ اگر ان سے ملاقات ہوئے زیادہ مدت ہو جاتی تو خود انھیں بُلاتے۔ ایک بار چغتائی صاحب عرصے کے بعد علامہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ علامہ نے انھیں دیکھتے ہی فرمایا ——

"عبداللہ! اتنے دنوں سے کہاں تھے؟"

چغتائی صاحب نے جواب دیا "ڈاکٹر صاحب! کیا عرض کروں، آج کل اس قدر مصروفیت رہتی ہے کہ فرصت ہی نہیں ملتی اور فرصت ملتی ہے تو وقت نہیں ملتا۔"

علامہ نے اس جواب پر بے اختیار قہقہہ لگایا اور فرمایا ——

"عبداللہ! تم نے آج وہ بات کہی ہے جو آئن اسٹائن کے باپ کو بھی نہیں سوجھی ہوگی۔"

زندگی کی توہین

جن لوگوں کو شکار کا شوق ہوتا ہے، وہ عموماً اپنے شکار کیے ہوئے جانوروں کی کھالیں اور کٹے ہوئے سر دیواروں پر نمائش کے لیے آویزاں کر دیتے ہیں۔ مکاں کی زیبائش کی غرض سے بھی اور یہ دکھانے کے لیے بھی کہ ہم اتنے مشاق

Marfat.com

نشانہ باز اور قدر انداز ہیں۔ علامہ اس بات کو پسند نہ کرتے تھے۔ ایک بار بڑے کبیدہ انداز میں فرمایا ——

"مردہ جانوروں کے سر یا دھڑ محفوظ کر کے اُن کی نمائش کرنا زندگی کی توہین کرنا ہے۔"

شجاعت و دلیری

علامہ نے ایک انگریز جرنیل کا ذکر کیا جو اکثر اُن کے پاس آیا کرتا تھا اور مختلف مسائل پر تبادلۂ خیال کیا کرتا تھا۔ ایک روز وہ کہنے لگا۔ ——

"مجھے قرآن بہت پسند ہے۔ اکثر میرے مطالعے میں رہتا ہے۔"

علامہ نے دریافت کیا کہ آپ نے قرآنِ کریم میں ایسی کون سی چیز دیکھی ہے جو آپ کو اس قدر پسند آئی؟"

جرنیل نے جواب دیا —— "قرآن میں دلیری اور مردانگی کی باتیں ہیں جن کو پڑھ کر انسان میں جرأت اور بہادری کے جذبات پیدا ہوتے ہیں۔"

طبقاتی تقسیم کا تجزیہ

ممتاز حسن فرماتے ہیں کہ ایک دن میں علامہ اقبال کی خدمت میں حاضر ہوا اور اتفاق سے ہندو معاشرے میں ذات پات کے بندھنوں کا ذکر چھڑ گیا۔ بحث کا مرکزی نقطہ یہ تھا کہ ہندو سماج نے اپنے آپ کو طبقاتی امتیاز اور کٹر

Marfat.com

برتری کے مدارج میں تقسیم کر رکھا ہے اور یہ فرسودہ روایت اچھی خاصی اِصلاح کی محتاج ہے۔ علامہ نے اس خیال سے اتفاق کیا۔ دورانِ گفتگو میں نوعِ انسانی کے ارتقا کا ذکر آیا۔ اُس وقت علامہ پر خوش طبعی کی کیفیت غالب تھی۔ ذات پات کی تمیز اور نوعِ انسانی کی تدریجی ترقی دونوں اُن کے ذہن میں تھیں۔ ازراہِ تفنّن فرمایا :۔

"اگر غور سے دیکھیے تو ان مختلف ذاتوں کا تدریجی اقتدار ساری نوعِ انسانی کی تاریخ میں نظر آئے گا۔ ابتدائی دَور میں مُختلف قوموں اور قبیلوں میں اُن لوگوں کی حکُومت نظر آتی ہے، جو دُوسروں سے زیادہ دانشمند اور تجربہ کار تھے، سحر و طلسم کا مظاہرہ اور مذہبی رہنمائی اُنھیں سے متعلق تھی۔ یہ قوم کے معمّر رہنماؤں اور پروہتوں کی حکومتوں کا دَور تھا، اسے برہمنوں کی حکُومت کہہ لیجیے۔"

"اس کے بعد کئی صدیاں نوعِ انسانی کی تاریخ میں ایسی گزری ہیں جب تلوار چلانے والوں نے اقتدار سنبھالا۔ یہ بادشاہوں کی حکمرانی کا دَور ہے جسے کشتریوں (چھتریوں) کی حکومت کہنا ناموزُوں نہ ہوگا۔"

"اِس کے بعد ہمارا اپنا زمانہ ہے اور یہ ہے ویشوں کی حکُومت ——— تُم دیکھو گے کہ آج کل دُنیا میں تجارت اور تجارتی منافع کی اہمیت ہے۔ بڑے بڑے "Merchant Princes"[1] یعنی ملک التجّار سیاسیاتِ عالم پر اتنا اثر رکھتے ہیں کہ امن و جنگ کا اِنحصار بڑی حد تک اِنھیں کی مرضی پر ہے ———"

اِس پر ممتاز حسن نے کہا ———

---

[1] انگریزی میں گفتگو کے دوران علامہ نے یہی لفظ استعمال کیے تھے۔

Marfat.com

"ڈاکٹر صاحب! تاریخِ عالم کے متعلق آپ کی اس دلچسپ تشریح کو تسلیم کر لیا جائے تو آئندہ زمانے میں کس طبقے کی حکومت ہونی چاہیے؟"

ڈاکٹر صاحب نے مُسکرا کر فرمایا ——

"کیا آپ کے سوال کا جواب مزدور طبقہ نہیں دے رہا ہے؟"

زندگی اور عمل

میرے عزیز دوست ممتاز حسن فلسفے کے طالب علم رہے ہیں۔ مشرق و مغرب کے عُلماء فلسفہ کے افکار کا انھوں نے خاصا مطالعہ کیا ہے۔ خود علامہ اقبال سے اُن کی پہلے پہل ملاقات ہُوئی تو اُس میں فلسفیانہ ذوق ہی کارفرما نظر آتا ہے۔ علامہ ہی کی ہدایت نے ان کو باطنی واردات اور اشراق و وجدان کی جانب مائل کیا۔

ممتاز صاحب اس خیال کے حامی و مؤید نہیں ہیں کہ علامہ کے افکار خود اُن کی تخلیق نہیں ہیں بلکہ کوئٹے اور نیتشے کے نظریات سے مستعار ہیں۔ صاحب موصوف نے خوب سوچ سمجھ کر یہ رائے قائم کی ہے کہ مغرب کے علماء فلسفہ اسی چشمۂ فیض کے زیرِ منت ہیں جو اقبال کے فکر و فلسفہ کا منبع ہے۔ اقبال کے فلسفے کو سمجھنے کے لیے صاحب وجدان ہونا ضروری ہے۔

ممتاز حسن پورے وثوق کے ساتھ یہ رائے رکھتے ہیں کہ جو اصحاب علامہ اقبال سے ملے ہیں یا انھیں اقبال کے چشمۂ فیض سے کوئی نہ کوئی فائدہ ضرور پہنچا ہے۔ خواص تو خواص وہ طلبہ جو علامہ کی خدمت میں علمی تحقیق کے

Marfat.com

لیے حاضر ہوتے تھے' اُن کی قوتِ فکر و تخلیق پر علامہ کے فیضِ تربیت کا نمایاں اثر ہُوا

ممتاز صاحب کہتے ہیں کہ علامہ اقبال سے مجھے جو سب سے قیمتی سبق اور کلمۂ حکمت بِلا' وہ یہ ہے ——

"زندگی کا کوئی لمحہ بے کار نہ گزرے"۔

اور میں زندگی کے اس نکتے کو حضورؐ رسالت مآب کے اس ارشاد کی روشنی میں ہمیشہ درُست اور قابلِ عمل پاتا ہُوں ——

من استوٰی یوماہ فھو مغبون .

یعنی، جس شخص کے دو دِن یکساں گزر جائیں، وُہ بڑے گھاٹے میں ہے۔

ان اللہ علی کل شیء قدیر

ایک روز میکس[1] پلانک کے نظریۂ کوانٹم[2] اور اس کے بعد کی علمی تحقیق کے متعلق گفتگو ہو رہی تھی۔ ممتاز حسن نے سائنس کی اس دریافت کا ذکر کیا کہ جب بہت سے برقیے مل کر حرکت کرتے ہیں تو ان کا عمل یکساں ہوتا ہے، یعنی اِس عمل کے نتائج یکساں ہوتے ہیں لیکن جب ایک برقیہ اپنی انفرادی حیثیت میں مصرُوفِ عمل ہو تو یہ ضرُوری نہیں کہ یکساں حالات میں اور یکساں اسباب کے پیشِ نظر اِس برقیے کا ردِّ عمل یکساں ہو۔ اِس سے معلُوم ہُوا کہ اسباب و نتائج کے جس رِشتے کی بُنیاد پر سائنس کا سارا کارخانہ قائم ہے، خُود وہ رِشتہ ہی کمزور نظر

[1] Max Planck [2] Quantum Theory

Marfat.com

آتا ہے اور کائنات کی بنیادی ساخت میں کچھ غیر متیقّن عناصر ایسے ہیں، جن کے عمل کے بارے میں کوئی پیشگی اندازہ کرنا ممکن نہیں۔

علّامہ نے فرمایا "اب سائنس دانوں پر وُہ حقیقت منکشف ہو رہی ہے جس کو قرآنِ کریم نے مختصر طور پر یُوں بیان کیا ہے :

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ[1] ○"

ممتاز حسن علّامہ کے اس جواب سے نہایت متاثر ہوئے اور سوچنے کیا " واقعی قرآنِ کریم کی اِس حقیقت پر عام مسلمانوں کی نظر نہیں گئی اور سائنس دان اس خوش فہمی میں مبتلا ہیں کہ وہ خدائے حقیقی و برتر جو قادرِ مطلق ہے، ان اسباب و نتائج کے محرّکات اور مسلسل عمل کے سامنے اصولی طور پر مجبور اور بے بس ہے۔

روشنی

ممتاز حسن بیان کرتے ہیں کہ ایک روز آئن اسٹائن کے نظریۂ اضافیت کے سلسلے میں روشنی کی رفتار کا ذکر آیا تو میں نے کہا ——

"عجیب بات ہے، اب تک ہمارے علم میں روشنی سے زیادہ تیز رفتار اور کوئی چیز دریافت نہیں ہوئی اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ روشنی بجائے خود طبیعیاتی نقطۂ نگاہ سے ایک قدرِ مطلق ہے۔" علّامہ نے نہایت متانت سے یہ سوال سنا اور فرمایا "کیا تمہیں قرآنِ حکیم کی وہ آیت یاد نہیں :

---

[1] مفہوم : بلا شبہ اللہ تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے۔

Marfat.com

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ[1] ؕ"

کشمیر کے متعلّق پیش گوئی

جناب مُمتاز حسن فرماتے ہیں کہ ایک روز علّامہ کی صحبت میں کشمیر کی سیاسی تحریک پر گفتگو ہو رہی تھی۔ علّامہ موصوف فرمانے لگے کہ

"میں نے کشمیر کے متعلّق جو نظم "ساقی نامہ" نشاط باغ میں بیٹھ کر لکھی تھی اُس میں ریشم ساز کارخانوں اور کاریگروں کا ذکر بھی شامل تھا۔ عجیب بات یہ ہے کہ بعد میں کشمیر کی سیاسی تحریک وجود میں آئی تو اس کی ابتدا ایک ریشم کے کارخانے میں کاری گروں کی بغاوت سے ہوئی۔"

ممتاز حسن کہتے ہیں کہ علّامہ کی شہرۂ آفاق تصنیف "پیامِ مشرق" (جو ۱۹۲۳ء میں شائع ہوئی تھی) کا نسخہ جس پر علّامہ کے دستخط بھی ثبت ہیں میرے پاس موجود تھا۔ میں نے "ساقی نامہ" کو غائر نظر سے دیکھا تو اس کے مندرجہ ذیل تین اشعار نے میرے دل میں علّامہ کے اس ارشاد کی اہمیت میں اور اضافہ کر دیا۔

کشیری کہ با بندگی خُو گرفتہ
بُتے می تراشد ز سنگِ مزارے
بریشم قبا خواجہ از محنتِ او
نصیبِ تنش جامۂ تار تارے

---

[1] مفہوم: اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔

Marfat.com

ازاں مے فشاں قطرۂ برکشیری
کہ خاکسترش آفریند شرارے!

(پیامِ مشرق)

چُنانچہ مُمتاز حسن جب چند سال قبل آزاد کشمیر تشریف لے گئے تو انھوں نے مظفّر آباد میں ایک معزّز کشمیری ڈاکٹر عبدالواحد سے سوال کیا کہ کیا وہ تحریکِ کشمیر کے بالکُل ابتدائی وجُوہ اور اسباب پر روشنی ڈال سکتے ہیں؟ اس پر اُنھوں نے ایک مفصّل مضمُون قلم بند کر کے مُمتاز صاحب کو دیا جو ابھی تک اُن کے پاس محفُوظ ہے۔ مضمُون کے مطالعے سے ظاہر ہوتا ہے کہ "پیامِ مشرق" کی اشاعت کے ایک سال بعد ۱۹۲۴ء میں اس تحریک کا آغاز ریشم کے کارخانے کے مزدوروں کی ہڑتال اور بغاوت سے ہُوا۔ حکومت نے احتجاج کرنے والے مزدوروں اور شہریوں پر گولی چلوا دی، جس کے نتیجے میں بہت سے لوگ ہلاک اور زخمی ہو گئے۔ حالات پولیس کے قابُو سے باہر ہو گئے تو فوج طلب کر لی گئی جس نے کشمیری عوام پر خوب تشدّد کیا۔ انجام کار یہ تحریک دبنے کی بجائے پھیلتی گئی اور کشمیری عوام میں خودداری کا خوابیدہ احساس بیدار ہو گیا اور یہی وہ جذبہ تھا جو وقت گزرنے کے ساتھ مضبوط اور پختہ ہوتا چلا گیا۔

"پیامِ مشرق" میں علّامہ اقبال کے وہ اشعار جو اُنھوں نے ۱۹۲۴ء سے قبل کہے تھے، اُن کے بارے میں اگر یہ کہا جائے تو کوئی مبالغہ آمیز بات نہ ہوگی کہ کشمیر کے مستقبل کے لیے یہ اشعار پیش گوئی ثابت ہوئے۔ جیسے آنے والے واقعات کی پرچھائیاں برسوں پہلے شاعرِ مشرق کے ذہن و فکر پر منعکس ہو چکی تھیں۔

Marfat.com

روشنی اور تاریکی

ایک روز ممتاز حسن علّامہ کی خدمت میں حاضر ہُوئے تو وہاں ایک شخص کو بیٹھے دیکھا۔ شکل صُورت سے سادھو معلوم ہوتا تھا مگر غیر معمُولی قسم کا۔ منڈا ہُوا سر، ڈاڑھی مونچھیں صاف، گیروا لباس، مگر بہت قیمتی کپڑے کا۔ علّامہ کے ساتھ بڑی گرم جوشی کے ساتھ گفتگو ہو رہی تھی۔ یہ ملاقاتی بار بار علّامہ کو "کوی جی" کہہ کر مخاطب کرتا اور دورانِ گفتگو کسی راجہ مہاراجہ کا ذکر بھی کر دیتا۔ جب یہ شخص اُٹھ کر چند منٹ کے لیے باہر گیا تو ممتاز حسن نے دریافت کیا "یہ کون ہیں"؟

علّامہ نے فرمایا "یہ میرے پُرانے دوست ہیں۔ ہر سال مجھ سے آکر ملتے ہیں اور میرے پاس قیام بھی کرتے ہیں۔ بڑے بڑے مہاراجے ان کے چیلوں میں شامل ہیں"۔ ممتاز صاحب نے سوامی جی کا نام دریافت کیا تو علّامہ نے فرمایا۔ نام تو مجھے یاد نہیں۔ اِتنے میں سوامی جی واپس آکر بیٹھ گئے اور فلسفیانہ مسائل پر بحث چھیڑ دی۔ گفتگو کے دوران اُنھوں نے علّامہ سے ایک سوال یہ پُوچھا "کوی جی! کیا روشنی اور اندھیرا (Light & Darkness) اکٹھے ہو سکتے ہیں؟"

علّامہ نے کہا "ہاں ——!"

سوامی جی حیرت سے بولے "وہ کیسے؟"

علّامہ نے فرمایا "In time"[1] (وقت میں۔)

---

[1] علّامہ نے انگریزی میں یہی الفاظ استعمال کیے۔

Marfat.com

کائنات کی ساخت

ایک روز آئن اسٹائن کے نظریۂ اضافیت کا ذکر آیا۔ علامہ نے اس موقع پر فرمایا ــــ "کائنات کی شکل وصورت کا مسئلہ پرانے مسلمان ریاضی دانوں کے بھی پیشِ نظر تھا اور انھوں نے اس مضمون پر بڑا غور وخوض کیا"۔ علامہ نے ایک ہسپانوی مسلمان ریاضی دان ابُوالمعالی کا تذکرہ کیا، جس کی تحقیقات آئن اسٹائن کی تحقیق سے مشابہ تھیں۔ علامہ نے فرمایا کہ آئن اسٹائن کا خیال ہے کہ کائنات کی ساخت کرہ بیضی مدوّر ہے۔ ہمارے مسلمان ریاضی دان کی تحقیق یہ تھی کہ کائنات مخروطی شکل کی ہے۔

آئن اسٹائن کا نظریۂ زمان یہ ہے کہ وقت کائنات کی چوتھی بُعد[1] ہے۔ علامہ کو اس سے اتّفاق نہ تھا۔ فرمایا "یورپ کے ریاضی دانوں میں جس شخص کے نظریات میرے نزدیک سب سے زیادہ وقیع ہیں وہ وائل[2] ہے"۔

اِنسان اور ستارے

ایک دن جوتش کے متعلق گفتگو ہو رہی تھی۔ ممتاز حسن نے عرض کیا "جوتش کو تو کسی علم میں شمار نہیں ہوتا۔ ویسے بھی انسان کی زندگی کی جزئیات پر ستاروں کی گردش کا اثر کیونکر قیاس میں آسکتا ہے"۔

علامہ نے فرمایا "غالباً عام طور پر یہ صحیح ہے۔ لیکن بڑی بڑی انسانی

---

1. Dimension
2. Weyl

Marfat.com

ہستیوں پر ستاروں (کی گردش) کا اثر ہوتا ہے اور یہ کہنا بھی غلط نہ ہوگا کہ جلیل القدر انسانوں کی زندگی ایسے کچھ نہ کچھ اثرات ضرور قبول کرتی ہے۔

حاکمیّت اور کردار

علّامہ نے ایک دفعہ فرمایا :

"خدا جب کسی فرد یا قوم کو حکومت سونپتا ہے تو وہ انھیں موقع دیتا ہے کہ اپنی سیرت میں ایک خاص قسم کے تدبّر، عدل اور اخلاق کے اوصاف پیدا کریں۔ چونکہ مروّت، عُلوِ ہمّت، فراخ دلی، مردم شناسی اور فیض و بخشش کی اعلےٰ خصوصیات کے بغیر ایک شخص صحیح طور پر حکمران بن ہی نہیں سکتا۔ اس سے ظاہر ہُوا کہ ——

خُدا نے حاکمیت میں تعمیرِ کردار اور تربیتِ سیرت کے جو مواقع رکھے ہیں وہ محکومیّت میں نہیں ہیں ——"

معلّمِ آفتاب

ممتاز صاحب سے مخاطب ہو کر ایک روز علّامہ نے فرمایا :

ایک بڑے اُستاد اور معلّم کی حیثیت سورج کی سی ہے جو اپنی روشنی اور حرارت ہر چیز تک بے کم و کاست پہنچاتا ہے، لیکن اُس کا اثر مختلف چیزوں پر مختلف

Marfat.com

ہوتا ہے۔ کسی پر اچھا، کسی پر بُرا۔ آفتاب کی روشنی اور گرمی سے پودوں کی نشو و نما ہوتی ہے۔ انسانی جسم قوت اور توانائی حاصل کرتا ہے اور بوسیدہ چیزیں پہلے کی نسبت زیادہ بوسیدہ اور فاسد ہو جاتی ہیں۔ گویا جس چیز میں اچھی یا بُری جو صلاحیت ہوتی ہے، اس کی نشو و نما ہوتی ہے اور وہ منظرِ عام پر آ جاتی ہے۔

علامہ نے گفتگو جاری رکھتے ہوئے فرمایا ـــــ اس اصول کے تحت کسی بڑے استاد کے شاگردوں کا یکساں ہونا ضروری نہیں۔ ہر ایک شخص میں جو صلاحیت موجود ہوگی، استاد کی توجہ اور کوشش سے اُسی میں ترقی ہوگی۔ علامہ نے اس سلسلے میں امام موفق نیشاپوری کی مثال پیش کی، جن کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ ان کے تین اکٹھے پڑھنے ہوئے شاگرد عملی زندگی میں بالکل مختلف راہوں پر چل نکلے۔ ان میں سے ایک عمر خیام، دوسرے حسن بن صباح اور تیسرے نظام الملک طوسی بنے۔

کراچی کے متعلق پیش گوئی

۱۹۴۰ء میں قیامِ پاکستان سے قبل کراچی شہر کی اہمیت اس سے زیادہ کچھ نہ تھی کہ یہ شہر صوبہ سندھ کا دارالحکومت اور بحیرۂ عرب کا ایک بندرگاہ تھا جس کی آبادی کم و بیش تین لاکھ تھی۔ لیکن قیامِ پاکستان کے فوراً بعد دنیا کی عظیم اسلامی مملکت کے دارالخلافہ ہونے کی حیثیت سے اس شہر نے جو ترقی کرنا شروع کی ہے وہ اور متمدن و پُر رونق ہونا شروع کیا ہے تو دیکھتے ہی دیکھتے کہاں سے کہاں پہنچ گیا۔ یہ وہ جو علامہ اقبال نے کہا تھا کہ :

Marfat.com

کریں گے اہلِ نظر تازہ بستیاں آباد
مری نگاہ نہیں سُوئے کوفہ و بغداد!

نوکراچی میں سچ مُچ تازہ بستیاں آباد ہُوئی ہیں اور سرسری اندازہ یہ ہے کہ اس شہر کی آبادی پچیس لاکھ سے کیا کم ہوگی۔

طرح طرح کی وضع کے بنگلے اور کوٹھیاں، عالی شان عمارتیں، تعلیمی اداروں کی کثرت، کارخانوں کی بہتات، تجارت، سیاست اور پھر بحری و ہوائی مواصلات نے کراچی کو بین الاقوامی اہمیت دے دی ہے۔ مختلف علاقوں اور رنگ و نسل کے باشندوں نے اس شہر کو دیارِ بوقلموں بنا دیا ہے۔

اب سے پچیس تیس برس پہلے اِس شہر کی ترقی کے بارے میں کسی ذہن میں کوئی خیال بھی نہ آیا ہوگا ـــــ لیکن حکیم الامت علامہ اقبال نے آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس (منعقدہ الٰہ آباد) میں ۱۹۳۰ء میں جو خطبۂ صدارت دیا تھا، اس میں مشیتِ ایزدی اور ہاتفِ غیبی نے کراچی کے متعلق ان کی زبان سے ایسی باتیں کہلوائی تھیں، جن کو آج سے ۴۴ سال قبل کی پیش گوئی کہا جائے تو واقعے کی صحیح ترجمانی ہوگی۔ علامہ نے فرمایا ـــــ

"سندھ کی پشت ہندوستان کی طرف ہے اور منہ وسط ایشیا کی جانب، علاوہ ازیں اگر سندھ کے اُن زراعتی مسائل، جن سے حکومتِ بمبئی کو مطلق ہمدردی نہیں اور اس کی بے شمار تجارتی صلاحیتوں کا لحاظ رکھ لیا جائے۔ اِس لیے کہ کراچی بڑھتے

Marfat.com

بڑھتے ایک روز لازماً ہندوستان کا دوسرا دارالسّلطنت بن جائے گا۔ تو صاف نظر آتا ہے کہ اس کو احاطۂ بمبئی سے ملحق رکھنا مصلحت اندیشی سے کس قدر دُور ہے۔ بے شک اِس وقت بمبئی کا رویّہ دوستانہ ہے لیکن ممکن ہے کہ وُہ کل ہی اس کا حریف بن جائے۔"

Marfat.com

علّامہ کو ملّتِ اسلامیہ کے عُروج و ترقّی اور مسلمان نوجوانوں کی صحیح تعلیم و تربیت کا شدید احساس تھا اور وہ ساری زندگی اس مقصد کے لیے جد و جہد کرتے رہے۔ سنہ ۱۹۳۷ء میں جامعۂ ازہر مصر کے علماء کا ایک وفد مسلمانوں کے تعلیمی حالات کا مشاہدہ کرنے کے لیے ہندوستان آیا تو لاہور میں علّامہ سے بھی ملاقات ہوئی۔ علّامہ جانتے تھے کہ موجودہ حالات نے مسلمانوں کی دینی تعلیم کے لیے بہت سی مشکلات پیدا کر رکھی ہیں، اس لیے اُن کی نظر ریاست بہاول پور پر گئی، جہاں خالص اسلامی طرز کے تعلیمی ادارے قائم کرنے پر مخلص توجّہ دی جا رہی تھی۔ انھوں نے ریاست بہاول پور کے وزیرِ تعلیم میجر شمس الدّین قریشی کو ایک خط لکھا جس میں انھیں مشورہ دیا کہ وہ مصری مشائخ کو بہاول پور آنے کی دعوت دیں۔

یہ نادر خط میجر شمس الدّین صاحب اورینٹرل لائبریری بہاول پور کے شکریے کے ساتھ آئندہ صفحے پر شائع کیا جا رہا ہے۔

جناب ممتاز حسن کی سعیِ جمیلہ سے اس موقعے کا ایک گروپ فوٹو بھی حاصل ہو سکا ہے جو "حیاتِ اقبال تصاویر میں" کے آخری باب میں شامل کر دیا گیا ہے۔ (مؤلف)

Marfat.com









Marfat.com

شیخ اعجاز احمدؒ

علّامہ اقبال کے بھتیجے شیخ اعجاز احمدؒ بڑے مُخلص اور پابندِ وضع بزرگ ہیں۔ علّامہ مرحُوم کی جو شفقت اور قُرب انھیں حاصل رہا ہے، اُس کی بدولت اپنے خاندان، علّامہ کی زندگی کے حالات اور ملفُوظات و نوادر کا بڑا ذخیرہ اُن کے پاس سالہا سال سے محفُوظ چلا آتا ہے۔

راقم الحرُوف تیرہ چودہ سال تک انھیں توجّہ دِلاتا رہا کہ یہ سرمایہ کِتابی صُورت میں قوم تک پہنچا دِیا جائے، لیکن شیخ صاحب اس کام کے لیے موقع اور فرصت کے منتظر رہے۔ یہاں تک کہ میں نے جب "روزگارِ فقیر" کے نقشِ اوّل کی ترتیب کا آغاز کیا تو شیخ صاحب نے بڑے خلُوص کے ساتھ اپنے تعاوُن سے نوازا اور جب جِلد دُوم مرتّب ہونے لگی تو اُنھوں نے نہایت فیّاضی اور فراخ دلی کے ساتھ اَحوال و وقائع کا تمام گرانقدر سرمایہ میرے سامنے رکھ دیا۔ اِس علمی ذخیرے میں جابجا علّامہ کی خُود نوِشت عبارتوں کے اِقتباسات، بعض دستاویزات اور تمغوں (Medals) کے عکسی فوٹو نظر آئیں گے۔ اِن نوادر کا ماخذ اور منبع شیخ صاحب

Marfat.com

ہی کی ذات ہے۔ حیرت ہوتی ہے کہ انھوں نے کس قدر احتیاط اور عقیدت کے ساتھ اِس خرمن کے ایک ایک خوشے کو محفوظ رکھا ہے۔

راقم الحُروف نے اپنی استطاعت کی حد تک امکانی کوشش کی ہے کہ شیخ صاحب کی روایت، بیان اور یادداشت کی ترجمانی نفسِ مفہوم کے مطابق ہو سکے۔ شیخ موصوف نے روایت و بیان میں بڑی احتیاط اور ذمہ داری کو ملحوظ رکھا ہے۔ اِن واقعات میں سے بعض کا مختصر تذکرہ جلد اوّل میں آچکا ہے۔ جلد دوم کے اوراق اُن کی ضروری تفصیلات و توجیہات سے آراستہ اور پیراستہ ہیں۔

آبا و اجداد

ڈاکٹر صاحب کے سوانح حیات اور حالاتِ زندگی کتابوں اور رسالوں کے مضامین میں آچکے ہیں۔ اُن میں اس کا بھی ذکر آیا ہے کہ اُن کے آبا و اجداد کا تعلق کشمیری پنڈتوں کے ایک قدیم سپرو خاندان سے تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے اِس خاندانی نسبت کو چھپایا نہیں ہے۔ شعروں میں اپنے "برہمن زادہ" ہونے کا ذکر کیا ہے۔

ڈاکٹر صاحب کے بزرگوں کو ایک ولی عارف سے عقیدت تھی۔ یہی عقیدت اُن کے بزرگوں کے اسلام لانے کا سبب اور ذریعہ بن گئی۔ یہ اب سے ڈھائی سو سال پہلے کی بات ہے۔ جب اقبال کے گھرانے میں ایمان و اسلام کی روشنی نمودار ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب کے برادر زادے شیخ اعجاز احمد بیان کرتے ہیں کہ اُن کے دادا نے اپنے بزرگوں کی زبانی سنا تھا کہ اُن کے آبا میں ایک بزرگ

Marfat.com

نے اتنی مرتبہ پاپیادہ حج کیا کہ اُن کا لقب ہی "لول حج" پڑ گیا۔ اعجاز صاحب کہتے ہیں کہ ڈاکٹر صاحب اپنے خاندانی حالات کی جستجو کا بڑا شوق رکھتے تھے۔ سنہ ۱۹۲۹ء میں دہلی یونیورسٹی کے رجسٹرار الٰہ آباد یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کرنے کے لیے کشمیری تہذیب و تمدن پر ایک کتاب لکھ رہے تھے۔ اِس کتاب کے جانچنے والے تین علماء تھے؛ انگلستان اور آئرلینڈ کے دو پروفیسر اور تیسرے علّامہ اقبال۔ اکتوبر سنہ ۱۹۲۵ء میں رجسٹرار صاحب مذکور ڈاکٹر صاحب سے ملنے کے لیے لاہور آئے۔ اُنھوں نے اپنے کسی دوست کو ہدایت کی کہ خواجہ اعظم کی "تاریخ کشمیر" کا قلمی نسخہ ڈاکٹر صاحب کے پاس پہنچا دے۔ وہ صاحب یہ قلمی نسخہ ڈاکٹر صاحب کے مکان پر انھیں دے گئے۔ ڈاکٹر صاحب اس وقت فارغ بیٹھے تھے۔ انھوں نے یہی کتاب دیکھنی شروع کر دی۔ دو چار ورق اُلٹنے کے بعد "بابا لول حج" کا تذکرہ مل گیا۔ اِس تذکرے کے مطابق بابا لول حج کشمیر کے مشہور مشائخ میں سے تھے۔ اُن کی اصل سکونت موضع چکو پرگنہ آدون کی تھی۔ بیوی سے ان کے تعلقات خوش گوار نہ تھے، اس لیے ترکِ دُنیا کر کے کشمیر ہی کو چھوڑ دیا اور بارہ سال ہجرت میں گزار دیے۔ اِس زمانے میں اُنھوں نے بہت سے ملکوں کی سیر و سیاحت کی۔ واپس آنے پر اشارۂ غیبی پا کر حضرت بابا نصیر الدین کے مُرید ہُوئے، جو حضرت شاہ نُور الدین ولی سے بیعت تھے۔ عُمر کا بقیہ حصّہ

لہ حج کا عاشق۔

Marfat.com

اُنھوں نے اپنے پیر و مُرشد کی صحبت اور خدمت میں گزارا اور اپنے مُرشد ہی کے جوار میں دفن ہُوئے۔

اِس واقعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ جذب و سوز ڈاکٹر اقبال کو ورثے میں ملا تھا اور اِس "برہمن زادے" کے لیے "رمز آشنائے رُوم و تبریز" ہونا مقدر کر دیا گیا تھا۔

خاندانی حالات

علّامہ اقبال کے آبا و اجداد میں کس نے اور کب کشمیر سے ہجرت کر کے سیالکوٹ میں سکونت اختیار کی ـــــ اس کے بارے میں پُورے وثوق کے ساتھ کوئی بات نہیں کہی جا سکتی۔ ہر خاندان اور گھرانے کے واقعات کہاں قلمبند ہوتے ہیں۔ کسی خاندان میں کوئی بڑا آدمی پیدا ہو جاتا ہے تو پھر لوگ اُس خاندان کے تاریخی حالات کی جستجو کرتے ہیں اور ماضی کی تاریخ پر گمنامی کا دھندلکا پاتے ہیں۔ قرائن یہ ہیں کہ اٹھارھویں صدی کے آخر میں یا انیسویں صدی کے ابتدائی سالوں میں یہ ہجرت ہوئی ہوگی اور ہجرت کرنے والے بزرگ یا تو علامہ کے دادا کے باپ شیخ جمال دین تھے یا اُن کے چار بیٹے جن کے نام شیخ عبدالرحمٰن، شیخ محمد رمضان، شیخ محمد رفیق اور شیخ محمد عبداللہ تھے۔ اس کا بھی امکان ہے کہ شیخ جمال دین نے اپنے بیٹوں کو ساتھ لے کر ترک وطن کیا ہو۔ بہرحال یہ تو ثابت ہے کہ انیسویں صدی کے آغاز میں یہ بھائی سیالکوٹ میں سکونت پذیر تھے۔ ان میں سے علامہ اقبال کے دادا

Marfat.com

شیخ محمد رفیق اور ان کے دو بھائی شیخ عبدالرحمٰن اور شیخ محمد رمضان تو سیالکوٹ میں رہتے تھے اور تیسرے بھائی شیخ عبداللہ موضع جیٹھی کے میں۔ ان چاروں بھائیوں کی اولاد آج تک شہر سیالکوٹ اور موضع جیٹھی کے میں آباد ہے۔

علامہ کے دادا کی پہلی شادی شہر سیالکوٹ کے ایک کشمیری خاندان میں ہوئی تھی۔ اس بیوی سے کوئی اولاد نہیں ہوئی اور وہ وفات پا گئیں۔ دوسری شادی جلال پور جٹاں کے ایک کشمیری گھرانے میں ہوئی۔ یہ بیوی بہت خوبصورت تھیں۔ اس لیے ان کا لقب "گجری" پڑ گیا تھا۔ ان سے شیخ محمد رفیق کے اوپر تلے دس لڑکے ہوئے اور سب کے سب فوت ہو گئے۔ علامہ کے والد شیخ محمد رفیق کی گیارھویں اولاد تھے۔ ان کی پیدائش پر گھر کی عورتوں نے بڑی منتیں مانیں۔ پیروں فقیروں سے دعائیں بھی کرائیں۔ اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ کسی نیک دل بزرگ کی دعا قبول ہوئی اور علامہ کے والد نہ صرف زندہ رہے بلکہ طویل عمر پائی۔ قمری حساب سے ان کی عمر ۹۶ سال اور شمسی حساب سے ۹۳ سال کی ہوئی۔ انھوں نے اپنے قابلِ فخر بیٹے اقبال کی شہرت، عزت اور مقبولیت کی بہاریں بھی اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں۔ علامہ کے والد کی پیدائش کے بعد ان کے والدین کے یہاں ایک اور لڑکا بھی پیدا ہوا۔ ان کا نام غلام محمد تھا۔ وہ محکمہ نہر میں اوورسیئر تھے اور روپڑ ضلع انبالہ میں متعین تھے۔ شیخ محمد رفیق اپنے بیٹے سے ملنے کے لیے روپڑ گئے ہوئے تھے کہ وہیں مبتلا ہوا اور اسی مرض میں اللہ کو پیارے ہو گئے۔ روپڑ ہی میں وہ دفن ہوئے۔ شیخ غلام محمد نرینہ اولاد سے محروم تھے۔ وفات کے وقت ان کی دو لڑکیاں حیات تھیں، جن کی اولاد

Marfat.com

شہر سیالکوٹ میں آج تک آباد ہے۔

بعض غلط فہمیوں کا ازالہ

لاہور سے شائع ہونے والے ایک انگریزی روزنامے نے حال ہی میں "اقبال کی ابتدائی زندگی پر نئی روشنی" کے جلی عنوان سے ایک مضمون شائع کیا ہے، جس میں اس خیال کا اظہار کیا گیا ہے کہ علامہ اقبال کا اپنے آپ کو برہمن نژاد اور سپرو بیان کرنا درست معلوم نہیں ہوتا اور وہ دراصل "میر" تھے اور کشمیر کے "میر" مغل نسل سے ہیں۔ صاحب مضمون نے اپنی اس تحقیق کی بنیاد علامہ کی پہلی شادی کے نکاح نامے پر رکھی ہے جو انھیں علامہ کی پہلی بیگم کے میکے سے قرابت داری کی وجہ سے دستیاب ہوا ہے اور جس کا عکس بھی اس مضمون میں شائع کیا گیا ہے۔ اس نکاح نامے پر گواہانِ نکاح میں ایک صاحب "حاجی نور محمد ولد حاتم میر قوم کشمیری سکنہ سیالکوٹ" ہیں۔ صاحب مضمون نے پہلے تو بغیر کسی ثبوت کے یہ فرض کر لیا ہے کہ یہ گواہ نکاح خود علامہ کے والد ہیں۔ پھر اس مفروضے سے علاوہ کئی اور غلط نتائج کے ایک یہ نتیجہ بھی نکالا ہے کہ جب علامہ کے والد نے اپنی ولدیت "حاتم میر" لکھائی ہے تو علامہ کا اپنے آباؤ اجداد کو سپرو اور کشمیری پنڈت کہنا درست معلوم نہیں ہوتا۔

لیکن وہ جو کہا گیا ہے کہ

نخشتِ اوّل چوں نہد معمار کج تا ثریا می رود دیوار کج!

Marfat.com

چونکہ صاحب مضمون نے "حاجی نور محمد" صاحب کے دستخط کو علامہ کے والد کے دستخط فرض کر لیا۔ حالانکہ وہ ان کے دستخط نہیں، لہٰذا اس غلط فہمی کی بناء پر جو نتائج انھوں نے نکالے اُن کا غلط ہونا لازم تھا ـــــ ایک "نئی بات" پیش کرنے کے شوق میں صاحب مضمون نے "کاتا اور لے دوڑی" والی بات کی ہے۔ ان کا ذہن اس طرف منتقل ہی نہیں ہوا کہ یہ "حاجی نور محمد" کوئی اور صاحب بھی ہو سکتے ہیں۔ ابھی سیالکوٹ اور اس کے قرب و نواح میں علامہ کے والدِ گرامی اور ان کے خاندان کو اچھی طرح جاننے والے بہت سے افراد موجود ہیں اور اُن کے عزیز و اقارب بھی کافی تعداد میں ہیں۔ اگر اس تحقیق کے سلسلے میں تھوڑی سی زحمت گوارا کی جاتی اور علامہ کے قرابت داروں یا ان کے والد اور خاندان کے جاننے والوں سے دریافت کر لیا جاتا تو صاحب مضمون کی غلط فہمی دور ہو جاتی۔ راقم الحروف نے علامہ کے بھتیجے شیخ اعجاز احمد سے دریافت کیا ہے۔ انھوں نے مجھے بتایا ہے کہ اُن کے دادا کے والد صاحب کا نام شیخ محمد رفیق تھا نہ کہ حاتم میر۔ نیز یہ کہ اُن کے دادا کو حج کی سعادت حاصل نہیں ہوئی اور وہ کبھی "حاجی نور محمد" نہیں کہلائے۔ گوجرانوالہ کے ایک صاحب نے، جو علامہ کے خاندان سے اچھی طرح واقف معلوم ہوتے ہیں، اسی انگریزی روزنامے میں ایک تردیدی مکتوب شائع کرایا ہے۔ شیخ اعجاز احمد نے مکتوب نگار کی تائید میں فرمایا ہے کہ "حاجی نور محمد ولد حاتم میر" اُن کے ایک قرابت دار بزرگ تھے، جن کے بھتیجے فضل دین میر صاحب

Marfat.com

سے اُن کی ایک رشتے کی بہن (شیخ نور محمد کے بھائی کی نواسی) کی شادی ہوئی تھی۔ فضل دین میر صاحب ابھی تک زندہ ہیں اور وہ اور اُن کے خاندان کے افراد سیالکوٹ میں آباد ہیں۔

راقم الحروف نے اعجاز صاحب کے پاس رجسٹری شدہ دستاویزات دیکھی ہیں، جن میں شیخ نور محمد صاحب کی ولدیت شیخ محمد رفیق درج ہے۔ ان میں سے ایک دستاویز کا عکس، یہاں شائع کیا جا رہا ہے :۔



Marfat.com

منشی محمد دین فوق کی تحقیق کے مطابق علامہ کے آبا و اجداد برہمن تھے اور ان کی گوت "سپرو" تھی۔ اس کے علاوہ علامہ نے اپنے کلام میں خود بھی ایک سے زیادہ مرتبہ اپنے آبا و اجداد کے برہمن ہونے کا ذکر کیا ہے۔ اعجاز صاحب کے پاس راقم الحروف نے ایک رجسٹری شدہ دستاویز علامہ کی اپنی قلمی بھی دیکھی ہے جس میں انھوں نے اپنی قومیت "سپرو" (کشمیری پنڈت) لکھی ہے۔ اس قلمی دستاویز کا عکس بھی ذیل میں شائع کیا جا رہا ہے۔

Marfat.com

صاحبِ مضمون نے اس پہلو پر غور نہیں فرمایا کہ آخر علامہ کو اپنی ذات غلط بیان کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ وہ تو فرماتے ہیں کہ ——

بُت پرستی کو مرے پیشِ نظر لاتی ہے
یادِ ایّام گزشتہ مجھے شرماتی ہے
ہے جو پیشانی پہ اسلام کا ٹیکا اقبالؔ
کوئی پنڈت مجھے کہتا ہے تو شرم آتی ہے

لہٰذا کیوں اُن کے اپنے بیان کو غلط سمجھا جائے اور مفروضات پر غلط روایات کو شہرت دی جائے۔

علامہ اقبال چونکہ ایک قومی بلکہ بین الاقوامی شخصیت ہیں اس لیے ہر ایک کو یہ حق تو حاصل ہے کہ وہ اُن کے متعلق تحقیق کرے اور اپنی تحقیق کے نتائج قوم کے سامنے پیش کرے۔ لیکن اس حق کو استعمال کرتے ہوئے تحقیق کا حق بھی پوری طرح ادا کرنا چاہیے یعنی نتائج کی بنیاد ٹھوس واقعات پر رکھنی چاہیے نہ کہ صرف ذاتی مفروضات و قیاسات پر کیونکہ ایسا نہ کرنے سے علامہ کے متعلق غلط روایات مشہور ہو جائیں گی اور یہ علامہ کے ساتھ اور خود اپنی قومی تاریخ کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔

مضمون زیرِ بحث میں صاحبِ مضمون نے علامہ کی تاریخ پیدائش کو جو روزگار فقیر میں ۹ نومبر ۱۸۷۷ء بیان کی گئی ہے درست تسلیم کیا ہے مگر اُن کے خیال میں اس تاریخ کے دریافت کرنے میں جرمن مصنفہ مس این میری

Marfat.com

شامل صحبت لے گئی ہیں، کیونکہ بقول صاحب مضمون انھوں نے روزگارِ فقیر کی اشاعت سے قبل اپنی تصنیف Gabriel's Wing میں اس تاریخ کا ذکر کیا ہے۔

اس مضمون کی تردید میں گوجرانوالہ کے ایک صاحب کا جو مکتوب شائع ہوا ہے، اس میں کہا گیا ہے کہ علامہ کی صحیح تاریخِ پیدائش تو مرسٹمل اور مصنف "روزگارِ فقیر" سے بہت پہلے منشی محمد دین صاحب فوق "دریافت" فرما چکے تھے۔ لہٰذا اس "دریافت" کا سہرا در آں ان کے سر ہے۔ ہمیں اس بحث میں پڑنے کی ضرورت نہیں کہ مرسٹمل کی تصنیف روزگارِ فقیر سے قبل شائع بھی ہوئی یا نہیں۔ نہ ہی مکتوب نگار سے یہ دریافت کرنا ضروری ہے کہ فوق صاحب نے اپنی کس تصنیف میں علامہ کی تاریخِ پیدائش ۹ نومبر ۱۹۰۰ء بیان کی ہے۔ کیونکہ اُن کی تصنیف "مشاہیرِ کشمیر" میں تو علامہ کا سنِ پیدائش ۱۸۷۳ء اور اُن کے مضمون "اقبال کے مختصر سوانح حیات" مطبوعہ اقبال نمبر، نیرنگِ خیال میں ۱۹۰۶ء درج ہے۔

روزگارِ فقیر کے حصہ اول میں بیان کیا جا چکا ہے کہ علامہ نے ۱۹۰۰ء میں اپنے تحقیقی مقالے "ایران میں مابعد الطبیعیات کا ارتقاء" کے تعارفی نوٹ میں اپنی تاریخِ پیدائش ۳ ذی قعدہ ۱۲۹۴ھ بیان کی ہے جو سنِ عیسوی کے مطابق ۹ نومبر ۱۸۷۷ء ہے۔ بعد میں جس کسی نے بھی اپنی تصنیف میں یہ تاریخِ پیدائش بیان کی ہے۔ اُس نے علامہ کے ہی بیان پر انحصار کیا ہے۔

Marfat.com

MURRAY COLLEGE
SIALKOT CITY.
(WEST PAKISTAN.)
29th April, 1963.

The entries of Dr Muhammad Iqbal (the renowned poet and Philosopher) as recorded in the College admission register are that he joined this College on 5th May, 1893 and that his age given is 18 years. (No definite dates of birth are given in the Register).

"روزگارِ فقیر" کی جلد اوّل میں علامہ اقبال کی تاریخِ ولادت سے متعلق جو مضمون شائع ہوا ہے اُس میں صفحہ ۲۳۳ پر مرے کالج سیالکوٹ میں اُن کے داخلے کی تاریخ ۵ مئی سنہ ۱۸۹۳ء بیان کی گئی ہے۔ لاہور کے انگریزی روزنامے میں شائع ہونے والے ایک مضمون میں اس تاریخ کی صحت پر شبہے کا اظہار کیا گیا ہے۔ حالانکہ مصنف "روزگارِ فقیر" نے دونوں جلدوں میں ایسی ایک بھی تاریخ بیان نہیں کی ہے جس کا باقاعدہ اندراج مستند حوالہ مصنف کے پاس موجود نہ ہو۔

مندرجہ بالا تاریخ (۵ مئی سنہ ۱۸۹۳ء) بھی مرے کالج سیالکوٹ کے ایک [illegible] سے اخذ کی گئی تھی جس کا عکس قارئین کی آگاہی کے لیے یہاں پیش کیا جا رہا ہے۔

(مؤلف "روزگارِ فقیر")

Marfat.com

اس اعتبار سے یہ تاریخ نہ کسی مصنف کی "دریافت" ہے نہ کسی کا انکشاف۔ راقم الحروف نے بھی اس تاریخ کو علامہ کی خود بیان کردہ تاریخ کے طور پر ہی پیش کیا ہے۔ البتہ ۹ نومبر ۱۸۷۷ء کی تائید میں جو شہادتیں اور مستند حوالے مل سکے ان سب کو مرتب اور محفوظ کر دیا ہے تاکہ تاریخ پیدائش کے متعلق غلط فہمیوں کا ازالہ ہو سکے اور علامہ کی تاریخ پیدائش وہی درست سمجھی جائے جو خود انھوں نے بیان فرمائی ہے۔

اقبال منزل

علامہ اقبال کے آباؤ اجداد جب کشمیر سے ہجرت کر کے سیالکوٹ میں وارد ہوئے تو اوّل اوّل اس شہر کے محلہ کھٹیکاں کے ایک مکان میں اقامت گزیں ہوئے۔ فروری ۱۹۶۱ء میں علامہ کے دادا شیخ محمد رفیق نے موجودہ جدی مکان جو اقبال منزل کے نام سے موسوم ہے خرید کیا۔ اس وقت وہ مکان ایک یک منزل حویلی کی صورت میں تھا۔ جس میں دو کوٹھڑیاں، ایک دالان، ایک ڈیوڑھی اور صحن تھا۔ دسمبر ۱۸۹۲ء میں اس مکان کا محقہ ایک دو منزلہ مکان جس میں اس وقت اوپر نیچے دو کوٹھڑیاں، ایک دالان اور ایک باورچی خانہ تھا، علامہ کے والد نے خریدا۔ پھر کوئی دو ڈھائی سال بعد مارچ ۱۸۹۵ء میں دو دکانیں جو پہلے مکانات سے ملی ہوئی بازار کی طرف تھیں خرید کی گئیں۔ ان تینوں قطعات مکان و دکانی کو ملا کر موجودہ مکان تعمیر ہوا۔ جب شیخ اعجاز احمد کے والد یعنی علامہ اقبال کے بھائی پنشن لے کر سیالکوٹ

Marfat.com

آ گئے، تو انھوں نے اس مکان کو از سرِ نو تعمیر کرایا، جو اب تک موجود ہے۔

علّامہ اقبال کی پیدائش ۱۸۷۷ء کی ہے۔ اس لیے وہ اُس مکان میں پیدا ہوئے جو ۱۸۶۱ء میں اُن کے جدِّ بزرگوار نے خریدا تھا۔ یہ ایک منزلہ مکان تھا جس میں صرف دو کوٹھڑیاں اور ایک دالان تھا۔ لہٰذا علّامہ اقبال کے کمرۂ ولادت کی جو تصویر ایک ذمّہ دار ادارے کی مرتّبہ کتاب میں شائع ہوئی ہے وہ درست نہیں ہے کیونکہ یہ کمرہ جسے اس تصویر میں علّامہ اقبال کی ولادت گاہ بتایا گیا ہے، موجودہ اقبال منزل کی دوسری منزل میں بازار کی طرف ہے۔ حالانکہ ۱۸۷۷ء تک یہ حصّہ مکان خریدا بھی نہیں گیا تھا ـــــ خاطر خواہ تحقیق نہ ہونے کے سبب مشاہیر کے بارے میں اسی طرح کی غلط فہمیاں پیدا ہو جاتی ہیں بلکہ بعض غلط واقعات شہرت پا جاتے ہیں۔

میاں جی

شیخ صاحب راوی ہیں کہ اُن کے دادا جان یعنی علّامہ کے والد بزرگوار کو گھر والے اور باہر والے سب "میاں جی" اور علّامہ کی والدہ محترمہ کو "بے جی" کہا کرتے تھے۔ میاں جی بلند قامت ہونے کے ساتھ وجیہہ صورت بھی تھے۔ بڑھاپے میں بھی اُن کا رنگ کندنی تھا۔ سفید ریش نے چہرے کو اور بھی نورانی بنا دیا تھا۔ میاں جی نے مرنجاں مرنج طبیعت اور صلح کل مزاج پایا تھا۔ ساتھ ہی عالی ظرف اور بردبار بھی تھے۔ اُن کی زندگی میں کتنے ہی ایسے واقعات ملتے ہیں کہ اپنے مخالفین

Marfat.com

اور ناحق ایذا پہنچانے والوں کو اُنھوں نے معاف کر دیا اور انتقام نہیں لیا۔ وہ بڑے اصول پسند اور طبیعت کے نیک اور سادہ تھے۔

علامہ کے والد ـــــ میاں جی ـــــ نے کسی مکتب میں تعلیم نہیں پائی تھی۔ بچپن میں وہ حرف شناس رہے ہوں گے، مگر ان کی ذہنی ذہانت کا یہ عالم تھا کہ اردو اور فارسی کی چھپی ہوئی کتابیں پڑھ سکتے تھے۔ علامہ اقبال کی جو تصانیف میاں جی کی زندگی میں شائع ہو چکی تھیں، وہ اکثر اُن کے زیرِ مطالعہ رہتیں۔ اکثر دیکھنے میں آیا کہ تنہائی میں کلامِ اقبال اُونچی آواز میں پڑھ رہے ہیں اور روتے جاتے ہیں۔

میاں جی شاعر تو نہ تھے، مگر طبیعت موزوں پائی تھی۔ علامہ اقبال کی والدہ ـــــ یعنی بے جی ـــــ کی وفات کا انھیں بہت صدمہ ہُوا۔ ایک دن شیخ اعجاز احمد سے کاغذ اور قلم دوات لانے کے لیے کہا۔ وہ سمجھے کہ شاید علامہ کو خط لکھوائیں گے۔ فرمایا، جو کچھ میں بولتا جاؤں، اُسے لکھتے جاؤ، اور پھر میرے لکھوائے ہُوئے کاغذ کو اپنے چچا کے پاس بھیج دو۔ میاں جی سوچ سوچ کر شعر لکھواتے جاتے تھے۔ غالباً دو نشستوں میں انھوں نے دس بارہ شعر قلمبند کرائے۔ اُن میں کا کوئی مصرعہ بھی وزن سے خارج نہ تھا۔ اُن شعروں میں بس یہ ایک شعر شیخ صاحب کو یاد رہ گیا

ـــــ ہے

یہ تنہا زندگی پیری میں نصف الموت ہوتی ہے
نہ کوئی ہم سخن اپنا نہ کوئی رازداں اپنا

یہ اشعار اعجاز صاحب نے علامہ کو بھیج دیے۔ اُنھوں نے کچھ عرصے بعد

Marfat.com

اپنی نظم" والدۂ مرحومہ کی یاد میں" کاتب سے خوشخط لکھوا کر میاں جی کے لیے ارسال کر دی۔ میاں جی اس نظم کو اکثر پڑھا کرتے اور پڑھتے میں گریہ طاری ہو جاتا اور زار و قطار روتے جاتے۔

علامہ اقبال کی بہن بڑی عابدہ زاہدہ تھیں۔ خاص طور سے اولیاء اللہ کی کرامات اور خرقِ عادت کی کتابیں بڑے ذوق و شوق سے پڑھتیں۔ انھوں نے ایک دن شیخ اعجاز احمد سے کہا کہ میاں جی کو اسمِ اعظم معلوم ہے جیسے وہ بھائی صاحب (علامہ اقبال) کو بتا چکے ہیں۔ علامہ لاہور سے سیالکوٹ تشریف لائے تو ایک روز اعجاز صاحب نے ان کے پاؤں دباتے ہوئے پوچھا "میں نے سنا ہے کہ میاں جی نے آپ کو "اسمِ اعظم" بتا دیا ہے۔ فرمایا "یہ بات تم میاں جی سے ہی پوچھنا۔ چنانچہ ایک دن اعجاز صاحب نے میاں جی سے اسمِ اعظم کے بارے میں دریافت کیا تو وہ بولے مجھے جادو منتر اور ٹونے ٹوٹکے جیسا کوئی اسمِ اعظم معلوم نہیں ہے کہ اس کے پڑھتے ہی کچھ سے کچھ ہو جائے۔ ہاں اللہ تعالیٰ سے دعا مشکلوں کو حل کرتی ہے۔ اس لیے دعا ہی اسمِ اعظم ہے۔ پھر فرمایا "قرآنِ کریم میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بہت سی اچھی صفات ہیں جن کے ذریعے سے اس سے دعائیں کرنی چاہییں۔ مثلاً صحت کے لیے "یا شافی"۔ رزق کی گنجائش کے لیے "یا رازق"۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کے ۔۔۔ صفاتی اسماء سے ۔۔۔ پکارنے سے مشکلیں حل ہوتی ہیں لیکن شرط یہ ہے کہ ۔۔۔ صرف زبان سے ہی نہیں دل سے بھی نکلیں۔ اور دل اللہ تعالیٰ کی اس صفت پر یقین بھی رکھتا ہو۔ اس کے بعد کہا قبولیت دعا کا ایک نسخہ یاد رکھنے کے قابل

Marfat.com

ہے۔ وہ یہ کہ ہر دعا سے قبل اور بعد حضورِ سرورِ کائنات پر درود بھیجیں۔ کیونکہ درود سے بڑھ کر اور کوئی "اسمِ اعظم" نہیں اور تمھارے چچا (اقبال) کو مَیں نے اِسی "اسمِ اعظم" کی تلقین کی ہے۔ ایک دوسرے موقع پر فرمایا کہ اسماء الٰہی میں "یاحیّ و یاقیوّم" کا ورد بکثرت کرنا چاہیے۔ اقبال کو بھی مَیں نے اس کی تاکید کی ہے۔

اعجاز صاحب بیان کرتے ہیں کہ ——

"چچا جان کی نظروں میں میاں جی کا مقام تو اس قطعۂ تاریخِ وفات سے ظاہر ہے جو ان کے لوحِ مزار پر کندہ کرایا گیا اور جس میں اُنھیں پدر و مرشدِ اقبال کہا گیا ہے۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے، میاں جی باقاعدہ بیعت لے کر کسی کو مُرید نہیں بناتے تھے۔ اس لیے یہ روایت کہ چچا جان اپنے والد سے بیعت تھے، لفظاً تو نہیں، ہاں معنوی رنگ میں درست ہو سکتی ہے۔ کیونکہ اُن کی نظر میں میاں جی کا وہی مرتبہ تھا جو ایک مرید کی نظر میں مرشد کا ہوتا ہے۔ میاں جی کی طبیعت ناساز ہونے کی خبر ملتی تو روزانہ کیفیت لکھنے کی مجھے تاکید فرماتے۔ فرصت نکال کر انھیں دیکھنے خُود بھی آتے۔ ان کی دوا اور غذا کی چھوٹی چھوٹی تفصیلات کی خبر رکھتے ——

"کھانے کے لیے انھیں ساگودانہ بلکہ بہتر یہ ہے کہ ارارروٹ دیا جائے"۔

"بھائی صاحب نے اس سے پہلے کسی خط میں آپ

Marfat.com

کے انتظامِ خوراک وغیرہ کے متعلق لکھا تھا۔ یہ طریق بہت اچھا ہے اور اسی کو دستور العمل بنایا جاوے"۔

"میں نے یورپ کے ایک مشہور حکیم کی کتاب میں دیکھا ہے کہ جو شخص ہر روز دہی کی لسّی پیا کرے، اُس کی عمر بڑھتی ہے۔ ترش لسّی تو شاید آپ کے لیے مفید نہ ہو کہ آپ کا گلا خراب ہے۔ البتہ میٹھے دہی کی لسّی اگر صبح پی لی جاوے تو شاید مفید ہو۔ اس کا تجربہ بھی کرنا چاہیے"۔

"ڈاکٹر عبداللطیف نے آپ کے دانت بنائے تھے اگر وہ خراب ہو گئے ہوں تو اُن کو ڈاک میں بھیج دیجیے گا۔ پھر مرمت کرا دیے جائیں گے اور اگر وہ قابلِ مرمت بھی نہ ہوں تو لکھیے، ڈاکٹر عبداللطیف کو سیالکوٹ بھیج دوں گا کہ وہاں جا کر آپ کے دانت بنا دے"۔

غرضیکہ چھوٹی چھوٹی بات کا خیال رکھتے تھے۔

۱۹۲۴ء کا واقعہ ہے۔ ہماری ایک پھوپھی صاحبہ جو سیالکوٹ میں ہمارے ساتھ رہتی تھیں اور جنہیں میاں جی کا قرب حاصل تھا، تھوڑے عرصے کے لیے لاہور چچا جان کے ہاں گئیں۔ جب انہیں گئے کچھ دن ہو گئے تو میاں جی کچھ اداس نظر آنے لگے۔ میں نے چچا جان کو یکے بعد دیگرے دو خط لکھے کہ میاں جی بہت اداس معلوم ہوتے ہیں لہٰذا پھوپھی صاحبہ کو جلد ہی سیالکوٹ بھجوا دیں۔ میرے

Marfat.com

خطوط ملنے پر انھوں نے میاں جی کو خط لکھا کہ آپ کی بے چینی کا حال معلوم ہو کر بہت رنج ہُوا۔ ہمشیرہ کو انشاء اللہ اوّل تو آج ہی، ورنہ کل روانہ کر دیا جائے گا۔ اسی خط میں میرے نام بھی علیحدہ خط تھا، جو اس قابل ہے کہ اسے لفظ بلفظ نقل کر دیا جائے:

"برخوردار اعجاز کو بعد دُعا واضح ہو کہ میں نے تمھارے دونوں خط پڑھ لیے ہیں۔ والدِ محترم کی طبیعت پہلے بھی رقیق تھی۔ اب بہ سبب ضعفِ پیری کے اور بھی رقیق ہو گئی ہے۔ اس کے علاوہ زیادہ عمر کا آدمی کوئی رفیق اپنا نہیں دیکھتا۔ اس کو دُنیا نئی معلوم ہوتی ہے اور وہ اپنے آپ کو تنہا پاتا ہے، جس سے اُس کی طبیعت اور گھبرا جاتی ہے۔ اس واسطے میرا مشورہ تم کو یہ ہے کہ دن میں ایک دفعہ وقت نکال کے ایک آدھ گھنٹہ ان کے پاس بیٹھا کرو اور جن باتوں میں اُن کو دلچسپی ہے، ان کے متعلق ان سے گفتگو کیا کرو۔ خواہ وہ گفتگو بے تکلف ہی کیوں نہ ہو۔ تم اس بات کو زندگی کے دیگر فرائض کی طرح لازم کر لو اور ایک دن بھی اس فرض کی انجام دہی سے غافل نہ ہو۔ غالب گمان ہے کہ اس سے تم کو بہت فائدہ پہنچے گا۔ کیا عجب ہے کہ جو بات ان سے ..... کو حاصل نہیں ہو سکی، وہ تم کو مل جائے اور اگر یہ بات ہو گئی تو زندگی بھر اُن کے احسان کو فراموش

Marfat.com

نہ کر سکو گے۔ اگرچہ اِس وقت تم کو اس کا احساس نہ ہو کیونکہ جوانی کے خیالات کا رُخ اور طرف ہوتا ہے۔ مجھے خود جو فائدہ ان کی ذات سے ہُوا اس کا احساس اب ہُوا ہے اور میں اس کو ہر قسم کے علم اور دنیوی وجاہت پر ترجیح دیتا ہوں تم ان کے مذاق کا مطالعہ کرو اور پھر خواہ بہ تکلّف ہی کیوں نہ ہو تھوڑی دیر کے لیے اس مذاق میں رنگین ہو جایا کرو تاکہ وہ تمھیں محرم تصوّر کریں۔ اس میں تمھارے لیے بڑے بڑے فائدے مستور ہیں جن کو میں اب بیان نہیں کر سکتا اور اگر بیان کروں بھی تو شاید تم ان کو اچھی طرح سمجھ بھی نہ سکو گے۔ اس فائدے کے علاوہ دنیوی فائدے کا بھی امکان غالب ہے۔ کسی وقت خوش ہو کر ایک کبیر السّن آدمی کے منہ سے دُعا نکل جائے تو اسے دنیا کے تجربے نے نہایت پُر تاثیر بتایا ہے۔"

اس خط کے ملنے کے بعد جب تک میں سیالکوٹ میں رہا قریباً ہر روز میاں جی کے پاس ضرور کچھ وقت بیٹھتا اور اُن کی باتوں سے مستفید ہوتا۔ اس سے مجھے اتنے فوائد حاصل ہوئے کہ میں نہ میاں جی کا احسان فراموش کر سکتا ہوں اور نہ چچا جان کا جنھوں نے ایسی خدمت کی طرف توجہ دلائی۔

میاں جی کے ذکر میں ایک اور دلچسپ بات یاد آ گئی ہے۔ میاں جی اکثر ململ کا کُرتا پہنتے تھے۔ جان پہچان والے گھروں اور بعض اوقات

Marfat.com

ایسے گھروں اور خاندانوں میں، جن سے کوئی واقفیت نہ تھی، میاں جی کے استعمال کیے ہُوئے کُرتوں کی بڑی مانگ رہتی۔ یہ کُرتا نومولُود بچّے کو پہنایا جاتا۔ بڑی بُوڑھیوں کا کہنا یہ تھا کہ اس کُرتے کی برکت سے بچّہ، میاں جی کی طرح نیک، صاحبِ نصیب اور بڑی عمر والا ہوگا۔ خیر یہ تو اعتقاد کی بات تھی۔ جب کرتے کی مانگ آتی اور گھر کی کوئی خاتون میاں جی سے تذکرہ کرتیں تو میاں جی اِس پر ہنس کر فرماتے ——

"اچھّا، ایک شریک اور آگیا۔ اللّٰھمّ زِد فزِد!"

یہ کہہ کر وہ اپنا کُرتا دے دیتے۔

کیا عجب ہے کہ علّامہ اقبال نے یہ شعر اپنے شفیق والد کو ذہن میں رکھ کر کہے ہوں جو "مردِ بزرگ" کے عنوان سے "ضربِ کلیم" میں شائع ہُوئے ہیں ——

اُس کی نفرت بھی عمیق، اُس کی محبّت بھی عمیق!
قہر بھی اُس کا ہے اللہ کے بندوں پہ شفیق
انجمن میں بھی میسّر رہی خلوت اُس کو!
شمعِ محفل کی طرح سب سے جدا سب کا رفیق
مثلِ خورشیدِ سحر فکر کی تابانی میں
بات میں سادہ و آزادہ معانی میں دقیق
اُس کا اندازِ نظر اپنے زمانے سے جُدا
اُس کے احوال سے محرم نہیں پیرانِ طریق!

Marfat.com

بے جی

اعجاز صاحب بیان کرتے ہیں کہ ـــــ

میاں جی کی شادی موضع سمبڑیال ضلع سیالکوٹ کے ایک کشمیری گھرانے میں ہُوئی تھی۔ شادی کے کچھ عرصے بعد ان کے سسرال والے بھی سیالکوٹ میں ہی آکر سکونت پذیر ہو گئے۔ دادی جی کو سب "بے جی" کہتے تھے۔ اُن کے ایک ہی بھائی تھے وہ کشمیری لوئیاں اور دُھسّے مختلف شہروں میں لے جاکر فروخت کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ اس سلسلے میں گئے تو پھر واپس نہ آئے۔ نہ ہی اُن کے متعلّق کوئی خبر آئی بے جی کو عمر بھر بھائی کا غم رہا۔

بے جی لکھنا پڑھنا بالکل نہ جانتی تھیں۔ صرف نماز آتی تھی جو باقاعدہ پڑھا کرتی تھیں۔ ناخواندہ ہونے کے باوجود بڑی زیرک، معاملہ فہم اور مدبّر خاتون تھیں۔ گھر داری کا سب انتظام وہ خود کرتی تھیں۔ میاں جی کبھی اس انتظام میں دخل نہ دیتے تھے۔ اپنے حسن سُلوک سے محلّے اور برادری کی مستورات میں بڑا رسُوخ پیدا کر لیا تھا۔ برادری کے گھرانوں کے اکثر جھگڑے فیصلے کے لیے اُن کے پاس لائے جاتے اور وہ بڑی خوش اسلوبی سے صُلح صفائی کرا دیتیں۔ اکثر مستورات اُن کے پاس زیور نقدی امانت رکھوا جاتیں، جن کو وہ علیحدہ علیحدہ سُرخ رنگ کے کپڑے کی پوٹلیوں میں باندھ کر رکھا کرتیں۔

اُن کے جذبۂ ایثار کا ایک واقعہ بیان کر دیتا ہوں۔ میاں جی کے چھوٹے

Marfat.com

بھائی غلام محمد صاحب کے ہاں لڑکیاں ہی ہوتی تھیں۔ اُن کی اہلیہ کو لڑکے کی خواہش تھی اور اس لیے بہت دل گیر رہتی تھیں۔ دونوں بھائی اکھٹے رہتے تھے۔ ایک مرتبہ دونوں بھائیوں کی بیویاں اُمید سے ہوئیں۔ اس مرتبہ بھی بے جی کو اللہ تعالیٰ نے لڑکا عطا کیا اور دیور کی بیوی کے پھر لڑکی پیدا ہوئی۔ اُن کے غم واندوہ کو دیکھتے ہوئے بے جی نے اُن سے کہا کہ لڑکا تم لے لو اور لڑکی مجھے دے دو۔ چنانچہ بچوں کا تبادلہ ہوگیا، اور بے جی نے لڑکی کو پالنا شروع کر دیا اور اُن کی دیورانی نے لڑکے کو۔ کچھ مہینوں کے بعد ایک دن صبح کے وقت دونوں بیدار ہو کر گھر کے کام کاج میں مصروف ہوگئیں۔ بے جی نے لڑکے کے متعلق دریافت کیا تو اُن کی دیورانی نے کہا کہ ابھی دودھ پی کر سو گیا ہے۔ جب کافی دیر ہوگئی اور لڑکا بیدار نہ ہوا تو جا کر دیکھنے پر معلوم ہوا کہ فوت ہو چکا ہے۔ کہتے ہیں کہ ہونٹوں پر دودھ لگا ہوا تھا۔ بے جی نے پھر وہ لڑکی اپنی دیورانی کو دے دی۔

یہ فوت ہونے والا لڑکا وہی تھا، جس کی پیدائش کے اندراجِ رجسٹر میونسپل کمیٹی، کو غلطی سے چچا جان کی پیدائش کا اندراج (۱۸۷۳ء) سمجھ لیا گیا ہے۔ چچا جان کی پیدائش اُس لڑکے کی پیدائش کے قریباً ۵ سال بعد ہوئی تھی۔ اللہ تعالیٰ کو بے جی کا یہ ایثار اتنا پسند آیا کہ فوت ہونے والے لڑکے کا نعم البدل علامہ اقبال ایسا فرزند عطا فرمایا۔

بے جی نے غربت کے دن بھی دیکھے تھے، اس لیے حتی المقدور غرباء کی امداد پر ہمیشہ آمادہ رہتیں۔ یہ ان کا نمایاں وصف تھا۔ کئی مستورات کو خفیہ طور پر

Marfat.com

نقدی دیتی رہتیں۔ دینے اور لینے والے کے علاوہ کسی کو علم نہ تھا کہ کس کو، اور کیا دیتی ہیں۔ میرے ابّا جی مذاق میں ایسی امداد کو "گپت دان" کہا کرتے تھے۔ رخصت پر گھر آتے تو "گپت دان" کے لیے بے جی کو علیحدہ رقم دیا کرتے تھے۔

بے جی کے امداد کرنے کا ایک اور طریقہ یہ تھا کہ محلّے برادری کے غریب مگر شریف گھرانوں کی دس بارہ سال کی عمر کی تین چار لڑکیاں اپنے گھر لے آتیں اور اُن کی کفیل ہو جاتیں۔ یہ لڑکیاں گھر کے کام کاج میں ہاتھ بٹاتیں اور ہماری مستورات سے قرآنِ کریم، نماز اور معمولی دینی تعلیم، اردو پڑھنا لکھنا، کھانا پکانا، سینا پرونا سیکھتیں تین چار سال بعد مناسب رشتہ تلاش کر کے اُن کی شادی کر دی جاتی۔ جتنا عرصہ وہ ہمارے ہاں رہتیں اُن کی غور و پرداخت بالکل ایسے ہی کرتیں جیسے گھر کی بیٹیوں کی اور شادی کے وقت بھی انھیں بیٹیوں کی طرح ہی رخصت کرتیں۔ شادی کے بعد بھی وہ لڑکیاں ہمارے ہاں اسی طرح آتیں جس طرح لڑکیاں میکے آتی ہیں۔ اگرچہ ان لڑکیوں میں زیادہ تعداد محلّے برادری کی لڑکیوں کی ہوتی لیکن غیر برادری کے لوگ بھی اس سلوک سے مستثنیٰ نہ تھے۔ نواحی گاؤں کا ایک شخص بابا بوٹا ہمارے مکان کے سامنے سالہا سال سبزی فروخت کرتا رہا۔ جب اس کی بیوی فوت ہوئی اور اپنے پیچھے ایک کمسن لڑکی چھوڑ گئی تو بے بی اس کو بھی گھر لے آئی تھیں۔ وہ جوان ہو کے ہمارے ہی گھر سے اپنی برادری میں بیاہی گئی تھی۔ ایک لڑکی [illegible] پپّی (والدۂ جاوید) کے سپرد بھی کیا تھا۔ وہ لڑکی پپّی کے ساتھ لاہور میں پرورش پاتی رہی اور سردار پپّی نے ہی اس کی شادی کی تھی۔ ان لڑکیوں میں سے چند اب

Marfat.com

فوت ہو چکی ہیں کچھ اپنے گھروں میں خوشحال زندگی بسر کر رہی ہیں۔ دو ایک کے لڑکے اب بڑے اچھے عہدوں پر ہیں۔

"والدۂ مرحومہ کی یاد میں" جس صحبتِ مادر میں طفلِ سادہ رہ جانے کا ذکر ہے وہ صحبتیں میری آنکھوں دیکھی ہیں۔ چچا جان عدالتوں کی چھٹیوں میں سیالکوٹ آتے تو دوپہر کے کھانے کے بعد یا پہلے روزانہ محفل جمتی، جس میں بے جی، میری پھوپھیاں، میری والدہ اور دونوں چچیاں شامل ہوتیں۔ چچا جان پلنگ پر لیٹے ہوتے اور مستورات تخت کے فرش پر اردگرد بیٹھ جاتیں۔ علمی گفتگو کا تو اس محفل میں کیا ذکر۔ بس اِدھر اُدھر کی ہلکی پھلکی باتیں ہوتیں محلّے بھر کے قصّے۔ برادری کے قصّے۔ چچا جان کو ان قصّوں سے کیا دلچسپی ہو سکتی تھی۔ لیکن بڑے شوق سے سنتے۔ ایک مسکراہٹ ان کے لبوں پر کھیلتی رہتی بعض اوقات خود پوچھتے۔ اچھّا، بے جی! پھر فلاں ساس بہو کی لڑائی میں آپ نے کیسے صلح کرائی۔ رات کے کھانے کے بعد جو مجلس میاں جی سے ہوتی، اس میں البتہ گفتگو زیادہ تر علمی رنگ کی ہوتی۔ بے جی کی وفات کے بعد بھی جب چچا جان سیالکوٹ آتے تو حسبِ دستور محفل جمتی، لیکن وہ بات پیدا نہ ہوتی جو بے جی کی موجودگی میں ہوتی تھی۔

بے جی کی وفات کا چچا جان کو سخت صدمہ ہوا تھا۔ مہینوں دُکھے دل گرفتہ رہے۔ ان کی یاد میں ایک بے مثل نظم "والدۂ مرحومہ کی یاد میں" کہی۔ پہلے ذکر آ چکا ہے کہ اس نظم کو خوش نویس سے لکھوا کر میاں جی کے لیے سیالکوٹ بھیجا۔ اس نظم کے سلسلے میں دو ایک باتوں کا بیان دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

Marfat.com

نظم سیالکوٹ بھیجنے کے بعد چچا جان سیالکوٹ آئے ہوئے تھے کہ منڈی بہاء الدین سے شائع ہونے والا ماہوار رسالہ "صوفی" ڈاک میں اُن کے نام آیا جس میں یہ پوری نظم چھپی ہوئی تھی۔ اس کو دیکھ کر چچا جان کو ضرور یہ خیال آیا ہوگا کہ یہ میری حرکت ہے۔ کیونکہ انھوں نے یہ نظم اشاعت کے لیے نہ رسالہ "صوفی" کو دی تھی نہ کسی اور کو۔ چنانچہ مجھے بلا کر دریافت فرمایا کہ نظم کی نقل یا میرے پاس ہے یا یہاں سیالکوٹ میں ہے۔ یہ "صوفی" میں کیسے شائع ہوگئی۔ چونکہ نظم میں نے اشاعت کے لیے نہیں دی تھی اس لیے میں نے لاعلمی کا اظہار کیا۔ چچا جان بظاہر تو خاموش ہو گئے۔ لیکن میں نے محسوس کیا کہ انھوں نے میرے انکار کو دل میں صحیح نہیں سمجھا۔ مجھ سے قلم دوات منگوا کر رسالہ "صوفی" والوں کے نام نوٹس تحریر کیا کہ اُن کی نظم بغیر ان کی اجازت کے کیوں شائع کی گئی۔ اور خط مجھے دیا کہ رجسٹری کرا دو۔ چنانچہ میں خط کو ڈاک خانے میں رجسٹری کرا آیا۔ دل میں سخت پریشان تھا کہ اگرچہ ناکردہ گناہ ہوں لیکن چچا جان ضرور مجھے ہی مجرم سمجھے ہوئے ہیں۔ اسی پریشانی میں "صوفی" میں شائع شدہ نظم کو پڑھنے لگا۔ پڑھتے پڑھتے محسوس کیا کہ کچھ اشعار اس نظم کے غیر مانوس سے ہیں۔ میں نے گھر میں جو نظم تھی اس کا مقابلہ صوفی میں چھپی ہوئی نظم سے کیا تو ایک دو نہیں بلکہ نو اشعار ایسے ملے جو چچا جان کی ارسال کردہ نظم میں نہ تھے۔ یہ انکشاف میرے لیے بڑی ہی خوشی کا باعث ہوا کیونکہ میری برئیت کا اس سے بہتر ثبوت اور کیا ہو سکتا تھا۔ میں نے ان کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ "صوفی" میں شائع ہونے والی نظم میں ۱۹ اشعار ایسے ہیں جو اس نظم میں نہیں جو ہمارے

Marfat.com

پاس ہے۔ وہ بہت متعجب ہوئے اور فرمایا پھر تو نظم کسی طرح میرے ہاں سے اُڑائی گئی ہے۔ سنا ہے "صوفی" والوں نے بعد میں منّت سماجت کر کے چچا جان کو درگزر کرنے پر آمادہ کر لیا تھا۔

خوشنویس کی لکھی ہوئی یہ نظم ابھی تک میرے پاس محفوظ ہے۔ اِس میں گیارہ بند ہیں، جن کے ۸۹ اشعار ہیں۔ جب یہ نظم "بانگِ درا" میں شائع کی گئی تو ۱۹ اشعار میں سے ۱ اشعار ترک کر دیے گئے اور پانچ اشعار ان نو اشعار میں سے جو میرے پاس والی نظم میں نہیں، ایزاد کیے گئے۔ گویا "بانگِ درا" میں ۸۶ اشعار شائع ہوئے اور ۱۲ اشعار ترک کر دیے گئے۔ نیز بندوں کی ترتیب میں بھی تبدیلی کی گئی۔ اِن ۱۲ اشعار میں سے ۱۱ اشعار "سرودِ رفتہ" میں شائع ہو گئے ہیں۔

جو نظم چچا جان نے میاں جی کے لیے سیالکوٹ بھجوائی، اُس کے آخری دو صفحوں پر اُن کے قلم سے ہر بند کا مختصر مفہوم نثر میں لکھا ہوا ہے۔ اُس کا یہاں نقل کر دینا دلچسپی کا باعث ہوگا[1]:

بند اوّل و دوم

("بانگِ درا" میں شائع شدہ نظم کے پہلے ۷ اشعار اور ۲ ترک شدہ اشعار)

نظامِ عالم کے قوانین اٹل ہیں۔ قوانینِ فطرت کی محکم

---

[1] علامہ کی اس نادر تحریر کا عکس آئندہ صفحات میں شائع کیا جا رہا ہے۔ (مرتب)

Marfat.com

زنجیر میں ہر شے جکڑی ہوئی اور مجبور ہے۔ اس واسطے جب انسان کو اس عالمگیر مجبوری کا احساس ہوتا ہے تو وہ اپنے مصائب پر نالاں نہیں ہوتا۔ بلکہ آنسوؤں کا سرچشمہ خشک ہو جاتا ہے۔ عالم کا دل گویا الماس کا ٹکڑا ہے جس میں علم کی روشنی تو ہے، مگر ساتھ ہی اس کے سختی بھی پیدا ہو جاتی ہے اور سوز و گداز رخصت ہو جاتا ہے۔

بند سوم

(بانگِ درا کی نظم کے اشعار ۸ تا ۱۱)

شاعر اگرچہ حکمت سے متأثر ہونے کے باعث رونے سے قاصر ہے تاہم محض تصویر کا نظارہ اس کے خوابیدہ تأثرات کو جگا دیتا ہے۔

بندِ چہارم

(بانگِ درا کی نظم کے اشعار ۱۲ تا ۲۰)

تأثر کی فضیلت عقل پر۔ ماں کی تصویر ایامِ طفلی کی یاد دلاتی ہے۔

بندِ پنجم

(بانگِ درا کی نظم کے اشعار ۲۱ تا ۲۹ [illegible])

ماں کے احسانوں کو یاد کر کے روتا ہے۔

Marfat.com

بندِ ششم

(بانگِ درا کی نظم کے اشعار ۳۰ تا ۳۱)

دنیا میں موت کی حکمرانی اور کثرت۔ ہر جگہ اُس کی حکمرانی ہے۔ کوئی مقام ایسا نہیں، جہاں یہ انسانی متاعوں کا خون نہ کرتی ہو۔ مگر یہ دنیا، جہاں موت کی اتنی کثرت ہے محض امتحان گاہ ہے اور کبھی نہ کبھی یہ امتحان ضرور ختم ہو جائے گا۔

بندِ ہفتم

(بانگِ درا کی نظم کے اشعار ۳۲ تا ۴۰ دو ترک شدہ شعر)

زندگی کبھی فنا نہیں ہو سکتی اور خود موت کی کثرت ہی اس بات کی دلیل ہے کہ زندگی کو فنا نہیں ہے۔ قدرت اگر پیکرِ انسانی کو توڑ دیتی ہے تو اس کے یہ معنی نہیں کہ قدرت ظالم ہے، بلکہ اس کے یہ معنی ہیں کہ قدرت کو اس بات پر کامل اعتماد ہے کہ وہ ہزاروں اچھے سے اچھے پیکر اور جسم بنا سکتی ہے۔ اس بات کو ہوا اور بلبلے کی مثال سے واضح کیا ہے۔

بندِ ہشتم

(بانگِ درا کی نظم کے اشعار ۴۱ تا ۵۶ اور ایک شعر ترک شدہ)

رات کے تارے جو اپنی چمک دمک کے لیے تاریکی

Marfat.com

کے محتاج ہیں اور جو محض روشنی کی چنگاریاں ہیں۔ اُن کی عمر اِس قدر لمبی ہے کہ انسانی عقل اُس کا اندازہ کرنے سے قاصر ہے۔ پھر انسان جو قدرت کا روشن ترین ستارہ ہے کیا ایک عارضی زندگی رکھتا ہے اور روشنی کی آسمانی چنگاریوں سے بھی گیا گزرا ہے؟ نہیں، اِس کی عمر ستاروں کی عمر سے بدرجہا زیادہ ہے۔ یہ ایک نہ بجھنے والا چراغ ہے۔

بندِ نہم

(بانگِ درا کی نظم کے اشعار ۵۰ تا ۶۳)

پھول کے بیج کی مثال سے قبر سے دوبارہ اٹھنے کو واضح کرتا ہے اور اس کے امکان پر استدلال کرتا ہے۔

بندِ دہم

(بانگِ درا کی نظم کے اشعار ۶۴ تا ۷۲)

آدمی اگر کچھ وقت کے بعد اپنے مصائب اور غم کو بھول جاتا ہے تو اس کے یہ معنی نہیں کہ وقت میں کوئی پوشیدہ قوت ہے جس سے وہ انسانی غموں کو پرانا کر کے فنا کر دیتا ہے۔ ہم جو مرنے والوں کو فراموش کر دیتے ہیں تو یہ فراموشی وقت کے گزر جانے کا اثر نہیں بلکہ ہماری فطرت میں ایک احساس مخفی ہے اور وہ یہ ہے کہ انسان مر کر فنا نہیں ہوتا۔ اس

Marfat.com

لطیف احساس کی وجہ سے ہمارا غم دُور ہو جاتا ہے۔ پس گزشتہ
بچھڑے عزیزوں کی طرف سے بے پروائی اور گونہ غفلت کے
لیے اس مخفی احساس کی وجہ سے ہے کہ ہمارے عزیز زندہ موجود
ہیں۔ اگر وہ حقیقت میں فنا ہو چکے ہوتے تو یقیناً ہمارا غم
کبھی ختم نہ ہوتا۔ گویا اس بند میں اور اس سے پہلے کے بند میں
ہم چار باتوں سے حیات بعد الموت کا استدلال کیا ہے۔

(۱) موت کی عمومیت اور کثرت سے۔

(۲) رات کے تاروں سے۔

(۳) پھول کے بیج سے۔

(۴) انسان کی ظاہری فراموشی سے جو عام لوگوں کے
نزدیک مُرورِ زمانہ سے پیدا ہوتی ہے۔

بندِ یازدہم

(بانگِ درا کی نظم کے اشعار ۸۷ تا ۹۶)

عام فلسفۂ حیات اور اشعار دعائیہ۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ذرہ ذرہ دہر کا زندانیِ تقدیر ہے
پردۂ مجبوری و بیچارگیٔ تدبیر ہے

آسمان مجبور ہے شمس و قمر مجبور ہیں
انجمِ سیماب پا رفتار پر مجبور ہیں

ہے شکست انجام غنچے کا سبو گلزار میں
سبزہ و گل بھی ہیں محبوسِ نمو گلزار میں

نغمۂ بلبل ہو یا آوازِ خاموشِ ضمیر
ہے اسی زنجیرِ عالم گیر میں ہر شے اسیر

اپنی نادانی میں انساں کس قدر آسودہ ہے

اپنے والد کی خدمت میں رسالہ کی ہوئی علامہ کی نظم کا سفینۂ اول

Marfat.com

علامہ کی خود نوشت تشریح کا عکس



۱ بند اول و دوم — علامہ عالم کے قوانین اٹل ہیں قوانین فطرت سے مجرم کو سزا ملتی ہے اور مجرم
اور سطح جب انسان کو اپنی عاقبت نااندیشی کا احساس ہوتا ہے تو وہ اپنے حساب
ہوتا ہے کہ اس کو اپنی سرحشمہ حیات ہوتا ہے — عالم کا دامن تو بادام کی طرح
تو ہے گر عالم ہے اپنی سختی بھی ہے اور جا بجا ہے اور کہ زور آور ہے

۳ بند سوم — شاعر اگرچہ عالم سے متاثر ہوتا ہے اور اس کے عالم تخیل کا ہے
کو مگر وہ تنہا ہے

۴ بند چہارم — تا نہ ہو فضیلت عقل پر — مالی تعبیر ابلیس کا ہے

۵ بند پنجم — مالی کے احسانوں کو یاد کرتا ہے

۶ بند ششم — دنیا میں موت کی حکومت اور کثرت ہر چند ہر جگہ ہے کوئی مقام ایسا نہیں جہاں یہ ان کی
تڑپتا ہو مگر یہ دنیا جہاں موت کی کثرت ہے وہاں زندگی کی کثرت ہے

۷ بند ہفتم — زندگی کی تباہی کا سبب موت کی کثرت ہر اس بات سے دلیل ہے زندگی کو تباہ کرتی ہے — قدرت
بکر جسمانی کو نہ اور جو بھی ہو تو اس کے پیش ہے قدرت ظالم ہے بکر کی وہ پیش ہے
ہر مال اضافہ ہے ہر مہ ہزاروں اچھے سے اچھے بکر اور جسم بناتی ہے — اس بات کو ہوا اور بلیک
دلیل سے واضح کیا ہے

۸ بند ہشتم — رات کے تاریک جوانی کی تک و دو کے تاریکی کا مقابلہ ہے اور جو محض روشنی و بیداری ہے اس کا عمر استقرار ہے
ہر انسانی عقل اس کا اندازہ کرتا ہے پھر انسان جو قدرت کا روشن ترین ستارہ ہے کیا اس کا عمر
زندگی رکھتا ہے اور روشنی کا سمائی بیداری ہے عمر کیا گزرا ہے؟ — نہیں اس کا عمر ستاروں کی عمر سے بدرجہا زیادہ ہے
نہ بجھنے والا ہے چراغ ہے —

۹ بند نہم — پھول کی بیج کی مثال سے قبر سے بعد دوبارہ کو واضح کرتا ہے اور ہر دلائل پر ہنسا دلیل کرتا ہے

Marfat.com

Marfat.com

مولانا میر حسن

"روزگارِ فقیر" کے پہلے حصّے میں علّامہ اقبال کے اُستاد مولانا سیّد میر حسن کے کچھ حالات آ چکے ہیں۔ شیخ اعجاز احمدؒ جن کو خود مولینا کی شاگردی کا فخر حاصل رہا ہے اور جن سے انھوں نے فارسی پڑھی ہے، مزید حالات بیان کرتے ہیں۔

مولانا میر حسن ۱۰ اپریل ۱۸۴۴ء (مطابق ربیع الاوّل ۱۲۵۹ھ) کو موضع فیروز والا ضلع گوجرانوالہ میں جہاں اُن کا ننھیال تھا، پیدا ہوئے۔ اُن کا تاریخی نام رونق بخش (۱۲۵۹ھ) تھا۔ شہر کے میں وہ "شاہ صاحب" کے لقب سے مشہور تھے۔ اُنھوں نے قرآن شریف کی تعلیم اپنے والد سیّد محمد شاہ صاحب سے حاصل کی اور ابتدائی دو چار کتابیں مولانا شیر محمّد صاحب سے پڑھیں۔ شیر محمّد صاحب پسرور ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے اور شہر کے بازار دو دروازہ کی مسجد کلاں میں امامت کرتے تھے۔ ان کے علاوہ مولانا میر حسن نے کسی اور اُستاد سے باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کی اور جو کچھ علم حاصل کیا، اپنی ذاتی محنت اور مطالعے سے حاصل کیا۔ شاہ صاحب علم کا سمندر تھے۔ اتنا علم حاصل کرنے کے لیے اُنھوں نے کس قدر جانفشانی اور محنت و کاوش کی ہوگی، ہمارے اِس دورِ سہل پسندی میں اس کا اندازہ کرنا بھی مشکل ہے۔

شاہ صاحب کو دُوسروں کی تعلیم و تربیت کا زندگی بھر کس قدر شوق رہا۔ اس کا اندازہ اس دلچسپ واقعے سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ وزیر آباد اسکُول کا ایک طالب علم حاکم رائے اکثر غیر حاضر رہتا تھا۔ شاہ صاحب نے سبب معلوم کیا تو پتہ چلا

Marfat.com

کہ لڑکا پڑھنے سے جی چُراتا ہے اور کھیل کُود کا بہت شوقین ہے۔ شاہ صاحب اس لڑکے کے پاس گئے تو دیکھا کہ لمبے لمبے چینوں کا خوانچہ لگائے بیٹھا ہے۔ سکول نہ آنے کا سبب پُوچھا تو دل گرفتہ انداز میں بولا۔ ہمارا اُستاد بڑا ظالم ہے۔ بات بات پر بید لگاتا پیٹتا ہے۔ شاہ صاحب نے شفقت سے کہا۔ میں نیا اُستاد ہو کر اس سکول میں آیا ہوں پڑھاتا ہُوں۔ مارتا پیٹتا نہیں۔ تم اب ضرور اسکول آیا کرو۔ حاکم رائے نے بات مان لی اور پھر اسی طرح اسکول آنا شروع کر دیا ——— تعلیم مکمل ہونے پر محکمہ ڈاک میں ملازمت کی اور یہی حاکم رائے دو بار سیالکوٹ میں پوسٹ ماسٹر ہو کر آئے۔ شاگرد حاکم رائے کے دل میں اپنے استاد مولوی میر حسن کی اس قدر عزت تھی کہ جب کبھی اُستاد سے ملنے آتے تو جوتے دروازے پر اتار دیتے اور استاد کے بیٹھنے کی جگہ سے ننگے پاؤں واپس جاتے۔

اس چھوٹی سی مثال سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ شفیق اور لائق استاد کس طرح شاگردوں کی زندگی میں انقلاب برپا کر دیتے ہیں اور انہیں مایوسی اور ناکامی کے ویرانوں سے نکال کر کامیابی کی منزلوں تک لے جاتے ہیں۔

۲۵ ستمبر ۱۹۲۹ء کو شاہ صاحب اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔ علامہ اقبال نے اپنے شفیق استاد کی وفات کا بہت اثر لیا۔ مولوی میر حسن علامہ کے دیرینہ دوست تھے۔ انہیں بھی اپنے دوست کے انتقال کا بہت صدمہ ہوا۔ وہ اس سانحے کے بعد مدتوں افسردہ و ملول رہے۔ کئی بار فرمایا۔

"اب میرا وقت بھی قریب ہے۔"

Marfat.com

چنانچہ اُن کا یہ اندیشہ صحیح ثابت ہُوا۔ مولانا میر حسن کی وفات کو پُورا ایک سال بھی نہ ہُوا تھا کہ علامہ کے والد شیخ نُور محمد اپنے دوست مولانا میر حسن سے جا ملے۔ انّا للہ وانّا الیہ راجعُون!

درخواست یا انصاف کا مطالبہ

بعض اوقات تذکروں اور سوانح عمریوں میں کسی واقعے کا ذکر اس قدر اجمال و اختصار کے ساتھ مبہم پیرایے میں کیا جاتا ہے کہ پڑھنے والے اِس واقعے سے کوئی اچھا اثر قبول نہیں کرتے اور ایک سادہ سی بات غلط فہمی کا سبب بن جاتی ہے۔ بزمِ اقبال لاہور کی مطبُوعہ کتاب "ذکرِ اقبال" میں علامہ کے بڑے بھائی شیخ عطا محمد صاحب پر ۱۹۰۳ء میں ایک فوجداری مقدمہ دائر ہونے کا جو ذکر کیا گیا ہے، اُس کا یہی حال ہے۔ اس کتاب میں لکھا ہے ——

"..... آخر بڑی جد و جہد اور لارڈ کرزن سے اقبال کی ذاتی اپیل کے بعد یہ قضیہ ختم ہُوا۔"

اِن الفاظ سے قاری کے ذہن میں یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ علامہ اقبال نے اپنے بڑے بھائی کو فوجداری مقدّمے سے بچانے کی خاطر لارڈ کرزن وائسرائے ہند سے سفارش کر کے اِس قضیے کو ختم کرایا۔ حالانکہ اصل واقعہ یہ ہے کہ شیخ عطا محمد جو بلوچستان میں اوورسیئر تھے اور فنِ تعمیر میں خاص مہارت رکھتے تھے، ایک سازش کا شکار ہو گئے۔ اُن کے دو غیر مُسلم ساتھیوں نے انگریز افسر

Marfat.com

سے مل کر شیخ صاحب کے خلاف سازش کی۔ یہاں تک کہ اُن کے خلاف ایک فوجداری مقدمہ کھڑا کر دیا۔

شیخ صاحب کو اندیشہ تھا کہ اُن کے مخالف افسر عدالت اور گواہوں کو متاثر کرنے کی کوشش کریں گے۔ اِس لیے شیخ صاحب نے اس بات کی تگ و دو کی کہ یا تو مقدمہ کسی دُوسرے ضلع کی عدالت میں منتقل ہو جائے یا اُن ایک دو عہدیداروں کا تبادلہ کر دیا جائے، مگر بلوچستان پولیٹیکل ایجنسی کے کرتا دھرتا ان دو باتوں میں سے کسی بات پر آمادہ نہ ہُوئے۔ مجبور ہو کر علامہ اقبال نے وائسرائے ہند کو تمام حالات سے مُطلع کیا۔

یہ اس زمانے کی بات ہے، جب علامہ اقبال کالج میں اسسٹنٹ پروفیسر تھے۔ سرکاری حلقوں میں نہ تو اُن کی رسائی تھی اور نہ کوئی اثر و رسوخ تھا۔ اُن کی شاعرانہ شہرت پر ابھی شباب کہاں آیا تھا۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ وائسرائے ہند نے انگریزی انصاف کی ساکھ باقی رکھنے کے لیے واقعات کی تحقیق کرائی ہوگی اور اطمینان ہو جانے کے بعد ان افسروں کا جن کی شیخ صاحب سے ہمدردی ہوگئی تھی، تبادلہ کر دیا۔ جس کی وجہ سے وہ مقدمہ بھی بے جان اور کمزور ہو گیا۔

علامہ اقبال نے ۶ اگست ۱۹۰۳ء کو نواب صدر یار جنگ بہادر کو جو خط لکھا ہے، اُس میں اس واقعے کی طرف اشارہ کیا ہے۔

"... میرے بڑے بھائی بلوچستان کی سرحد پر سب ڈویژنل افسر ملٹری ورکس تھے۔ اُن کے مخالفین نے ایک

Marfat.com

خوفناک فوجداری مقدّمہ بنا دیا تھا، لیکن الحمدللہ کہ دُشمنوں کے مُنہ میں خاک پڑی ..... بلوچستان ایجنسی والے تو ہمارے ساتھ ناانصافی کرنے پر آمادہ تھے، مگر خُدا لارڈ کرزن کا بھلا کرے کہ میرے لکھنے پر معاملہ دگرگوں ہو گیا۔"

علّامہ اقبال کی دُعائیہ نظم "برگِ گل" کے اِس شعر میں ——

کیا کروں اوروں کا شکوہ اے امیرِ مُلکِ فقر!
دُشمنی میں بڑھ گئے اہلِ وطن اغیار سے

دُشمنوں کی اِسی سازش کی طرف اشارہ ہے، جس میں علّامہ کے بڑے بھائی کے خلاف محکمے کے دو غیر مُسلم عہدے دار خاص طور سے شریک تھے۔

یہ نظم علّامہ اقبال نے اِسی اضطراب کے عالم میں کہی تھی، اللہ تعالیٰ نے اُن کی دُعا سُن لی۔ شیخ عطا محمّد باعزّت طور پر بری ہو گئے۔ عدالت کے فیصلۂ برّیت کے علاوہ محکمے نے اُن کی سروس بُک میں یہ ریمارک دیا ——

Not Guilty

Free of Suspicion

شیخ اعجاز احمد جو اِس پُورے واقعے کے راوی ہیں، فرماتے ہیں کہ اُن کی پھُوپھی صاحبہ نے بیان کیا کہ اِسی مقدّمے کے بعد علّامہ اقبال نے بیرسٹری پاس کر کے وکالت کا پیشہ اختیار کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

Marfat.com

اِنگلستان سے واپسی

علامہ اقبال ۱۹۰۸ء میں جب انگلستان سے واپس تشریف لائے تو سیالکوٹ ریلوے اسٹیشن پر شہر کے لوگوں نے اُن کا بڑے جوش و محبت کے ساتھ استقبال کیا۔ آغا باقر خاں صاحب مرحوم جو آنریری مجسٹریٹ بھی تھے اور شہر کے رؤسا میں اُن کا شمار ہوتا تھا۔ انھوں نے اس خیر مقدم کا انتظام و اہتمام بڑے سلیقے کے ساتھ کیا۔ علامہ مرحوم کی یہ غزل ——

لڑکپن کے ہیں دن صورت کسی کی بھولی بھولی ہے

جس کا مقطع ہے ——

کل مضموں سے اے اقبال یہ سہرا ہے ناصر کا

غزل میری غزل کیا ہے کسی گلچیں کی جھولی ہے

اس میں جس ناصر کے سہرے کا ذکر ہے وہ انھی آغا صاحب کے فرزند تھے۔

شیخ اعجاز احمد جنھوں نے اس استقبال کا منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے بیان کرتے ہیں کہ پلیٹ فارم استقبال کرنے والوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ پھولوں کے ہار اتنی کثیر تعداد میں پہنائے گئے کہ علامہ کا چہرہ پھولوں میں چھپ گیا۔ علامہ کو ٹاؤن ہال میں شہریوں کی طرف سے ایک استقبالیہ بھی دیا گیا۔ سیالکوٹ میں ایک صاحب منشی میراں بخش تھے۔ اُن کا تخلص جلوہ تھا۔ عدالت میں اپیل نویس تھے۔ یہ بزرگ انجمن حمایت اسلام کے جلسوں میں نظمیں بھی پڑھا

Marfat.com

کرتے تھے۔ انھوں نے اس استقبالیے میں خوش آمدید کی نظم پڑھی، جس کا ایک شعر تھا ——

مبارک ڈاکٹر اقبال اخلستان سے آیا!

وہ پی ایچ ڈی اور ایل ایل ڈی کی ڈگری واں سے لایا

علامہ پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری تو ضرور لائے تھے لیکن ایل ایل ڈی کی ڈگری جلوہ صاحب نے ضرورتِ شعری کے لیے اپنے پاس سے عطا کر دی —— بڑھا بھی دیتے ہیں کچھ زیبِ داستاں کے لیے

گدائے دردمند

مثنوی رموزِ بے خودی میں علامہ نے اپنے لڑکپن کا ایک واقعہ بیان کیا ہے کہ ایک سائل جب بھیک مانگتا اور صدا لگاتا ہوا ان کے دروازے پر آیا۔ یہ گدا مبرم یعنی ازلی فقیر تھا۔ دروازے سے ٹلنے کا نام ہی نہ لیتا تھا۔ اس کے بار بار چیخ چیخ کر صدا لگانے پر علامہ اقبال نے طیش میں آکر اسے مارا اور اس مار پیٹ میں فقیر کی جھولی میں جو کچھ تھا زمین پر گر گیا۔ علامہ کے والد اس حرکت پر بہت آزردہ اور کبیدہ خاطر ہوئے اور دل گرفتہ ہو کر بیٹے سے کہا کہ قیامت کے دن جب خیر الرسل کی امت سرکار کے حضور جمع ہو گی تو یہ گدائے دردمند تمھارے اس برتاؤ کے خلاف حضور رسالت مآب سے فریاد کرے گا۔ اس وقت ؎

Marfat.com

اے صراطت مستقل از بے مرکبی
من چہ گویم چوں مرا پرسد نبیؐ!
"حق جوانے مسلمے باتو سپرد
کو نصیبے از دبستانم نبرد!
از تو ایں یک کار آساں ہم نہ شد
یعنی آں انبارِ گل آدم نہ شد"
در ملامت نرم گفتارآں کریم
من ز بینِ خجلت و اُمّید و بیم
اندکے اندیش و یاد آر اے پسر!
اجتماعِ اُمّتِ خیر البشرؐ
باز ایں ریشِ سفیدِ من نگر!
لرزۂ بیم و اُمیدِ من نگر!
بر پدر ایں جورِ نا زیبا مکن
پیشِ مولا بندہ را رسوا مکن

یہ شاعرانہ پیرایۂ بیان یا خیالی حکایت نہیں ہے بلکہ ایک سچا واقعہ ہے۔ علامہ مرحوم کے والد کو اپنے بیٹے کی تربیت کا بڑا خیال رہتا تھا وہ کسی بات پر ٹوکتے یا اس کے کرنے سے منع کرتے تو آیۂ یا حدیث یا قرآن کریم یا اسوۂ رسولؐ کریمؐ کے حوالہ سے پند و نصیحت فرماتے۔ علامہ اقبال قرآن کی آیت اور حدیث سنتے

Marfat.com

"ہی گردان بہ طاعت نہادن" کی تصویر بن جاتے۔ ذرہ برابر چُون وچرا نہیں اور نہ چہرے سے کسی قسم کی ناگواری کا اظہار! مثال کے طور پر اعجاز صاحب کا بیان کردہ ایک واقعہ درجِ ذیل ہے:—

احترامِ قرآن

علّامہ کی چھوٹی ہمشیرہ کی شادی وزیر آباد کے ایک گھرانے میں ہُوئی تھی۔ غالباً اِس لیے کہ اُن کے یہاں شادی کے بعد ایک دو سال میں کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ اُن کی خُوش دامن نے سُسرال میں اُنھیں رہنے نہ دیا۔ ملحنی اِتنی بڑھی اور بات یہاں تک پہنچی کہ وہ مجبُوراً میکے چلی آئیں اور کئی سال وہیں رہیں۔ اُن کی ساس نے بیٹے کی دُوسری شادی کر دی۔ پھر نہ معلُوم کیا واقعات پیش آئے کہ وُہ اپنی اس دُوسری بہُو پر بھی سوکن لے آئیں۔ علّامہ کے بہنوئی ایک سعادت مند بیٹے کی طرح اپنی والدہ کی زندگی بھر اُن کی خدمت اور اطاعت کرتے رہے۔ ماں نے جو کہا، اُس کی تعمیل کی لیکن اُن کی وفات کے بعد اُنھوں نے اپنی پہلی بیوی کو گھر لے جانا چاہا اور کئی مہینے تک کوشش جاری رکھّی۔ وہ بار بار علّامہ کے والد کے پاس طرفین کے رشتے داروں کو مصالحت کے لیے بھیجتے رہے۔ پہلے تو اِدھر سے انکار ہوتا رہا۔ پھر بہُت کچھ سوچ بچار کے بعد علّامہ کے والد اور والدہ صاحبہ دونوں رضامند ہو گئے۔ ساس اور سُسر کی رضامندی کا سہارا پاکر علّامہ کے بہنوئی کچھ عزیزوں کو ساتھ لے کر اپنی سُسرال آ گئے۔ اتفاق کی بات کہ اُن

Marfat.com

دنوں علامہ بھی سیالکوٹ گئے ہوئے تھے۔ انھیں جب اس کا علم ہوا کہ اُن کے بہنوئی مصالحت کی غرض سے آئے ہوئے ہیں، تو اُن کی برہمی کی کوئی حد و نہایت ہی نہ رہی۔ والد صاحب نے بہت کچھ سمجھایا مگر علامہ یہی کہتے رہے کہ مصالحت نہیں ہو سکتی۔ ہرگز نہیں ہو سکتی۔ آنے والوں کو واپس کر دیا جائے۔ اُن کے والد نے جب دیکھا کہ اقبال کسی طرح رضامند ہی نہیں ہوتے تو انھوں نے خاص انداز میں کہا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں "وَالصُّلْحُ خَیْرٌ" فرمایا ہے۔ اتنا سننا تھا کہ علامہ خاموش ہو گئے۔ اُن کے چہرے کا رنگ متغیر ہو گیا، جیسے کسی نے سلگتی ہوئی آگ پر برف کی سل رکھ دی ہو۔ اُن کے والد نے قدرے توقف کے بعد علامہ سے پوچھا کہ پھر کیا فیصلہ کیا جائے؟ علامہ نے جواب دیا "وہی جو قرآن کہتا ہے۔" چنانچہ مصالحت ہو گئی اور چند دن کے بعد اُن کے بہنوئی اپنی بیوی یعنی علامہ کی چھوٹی بہن کو رخصت کرا کے اپنے گھر لے گئے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ صلح خیر ہی ثابت ہوئی۔ پہلی بیوی ہونے کی حیثیت سے گھر کا پورا اختیار علامہ کی بہن کے ہاتھ میں رہا۔ گھر انھوں نے سوکنوں اور اُن کی اولاد کے ساتھ اتنا اچھا سلوک کیا کہ بدمزگی اور شکر رنجی کی نوبت ہی نہ آنے دی۔ سب لوگ ایک ہی گھر میں ایک خاندان کے افراد کی حیثیت سے رہتے تھے۔ علامہ کے بہنوئی کی دونوں بیویاں تو وفات پا چکی ہیں اُن کی بہن بفضلِ خدا ابھی تک حیات ہیں۔ علامہ کے بہنوئی بڑے زیرک اور معاملہ فہم بزرگ ہیں۔ مصالحت کے چند دن کے بعد ہی علامہ کو اُن پر اس قدر اعتماد ہو گیا

Marfat.com

تھا کہ اپنے نجی کاموں میں اُن کے مشورے پر عمل کرتے اور ان کی خیر خواہی کی قدر کرتے۔

ملازمت سے بیزاری

انگلستان جانے سے پہلے علامہ اقبال اورنٹیل کالج لاہور اور گورنمنٹ کالج لاہور میں لیکچرر اور اسسٹنٹ پروفیسر کی حیثیت سے کام کرتے تھے۔ انگلستان سے واپس آنے کے بعد کچھ دنوں گورنمنٹ کالج میں پروفیسر بھی رہے، لیکن ملازمت سے اُنھیں طبعی نفرت اور بیزاری تھی۔ ولایت سے واپسی پر اُنھیں انڈین ایجوکیشنل سروس (I.E.S.) کی پیش کش کی گئی، لیکن اُنھوں نے بیرسٹری کے آزاد پیشے کو اس پابندی پر ترجیح دی۔ اوّل تو علامہ نے قلندرانہ مزاج اور آزاد طبیعت پائی تھی، پھر ایک واقعے نے اس رنگ کو اور بھی تیز اور پختہ کر دیا۔ فرماتے تھے کہ میں جن دنوں گورنمنٹ کالج میں پروفیسر تھا، وہاں کے پرنسپل نے طالب علموں کی حاضری کے بارے میں مجھ سے کچھ ایسے انداز میں گفتگو کی جیسے کوئی عہدیدار کلرک سے کرتا ہے۔ بس اُس دن سے ملازمت سے میرا دل کھٹّا ہو گیا اور میں نے ارادہ کر لیا کہ جہاں تک مجھ سے ہو سکے گا، ملازمت سے دامن کشاں ہی رہوں گا۔

Marfat.com

سرسیّد کی وفات کا مادّۂ تاریخ

سرسیّد احمد خاں کی وفات کا جو مادّۂ تاریخ علّامہ اقبال نے نکالا تھا۔ اُس کا ذکر "روزگارِ فقیر" کی پہلی جلد میں آچکا ہے۔ جس آیت سے یہ مادّۂ تاریخ عبارت ہے، اُس کا تعلّق حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی ذاتِ گرامی سے ہے، اِس لیے سیالکوٹ کے بعض علمائے دِین نے اِس پر اعتراض کیا۔ اعجاز احمد صاحب کا بیان ہے کہ جب علّامہ تک یہ بات پہنچی تو اُنھوں نے دُوسرا مادّۂ تاریخ نکالا ——

"کَاَنَّہٗ مَسِیْحٌ لِکُلِّ مَرَاضٍ"

۱۳۱۵ھ

صحّت اور ورزش

علّامہ اقبال خاندان کے نوجوانوں کو جسمانی ورزش کی تاکید فرمایا کرتے۔ ایک مرتبہ وہ سیالکوٹ آئے ہوئے تھے۔ لعل دین پہلوان اُن سے ملنے کے لیے آئے جو شیخ صاحب کے محلّے کے قریب رہتے تھے اور وہیں اُن کا اکھاڑہ تھا۔ علّامہ نے شیخ صاحب کو اُن کے سپرد کیا اور روزانہ اکھاڑے جاکر کسرت کرنے کی تاکید کی۔ علّامہ اکثر تاکید کے ساتھ فرمایا کرتے تھے کہ جہاں تک ہو سکے زندگی کو باقاعدہ اور سادہ بنانے کی کوشش کرو۔ جوانی کی توانائی سے فائدہ اٹھانا چاہیے تاکہ صحت دیر تک قائم رہے۔ جسمانی اور رُوحانی صحت کی ضامن مذہبی زندگی ہے۔ بزرگوں کی صحبت میں بیٹھنے کی بہت تاکید فرماتے تھے کہ ان کی صحبت میں اکسیر کی تاثیر ہے۔

Marfat.com

مِسواک

علّامہ اقبال ایک بار گھر کی صفائی سُتھرائی پر گفتگو کر رہے تھے۔ اُنھوں نے بتایا کہ اِسلام نے صفائی پر کتنا زور دیا ہے۔ پھر دانتوں کی صفائی کے لیے مِسواک کے فوائد کا ذکر کیا۔ کچھ عرصے بعد ایک خط میں شیخ صاحب نے علّامہ سے دریافت کیا کہ اب تو اچّھے اچّھے ولایتی منجن ملتے ہیں۔ کیا وہ مسواک کا نعم البدل نہیں ہو سکتے؟ اس کے جواب میں علّامہ نے لکھا ——

"مسواک سے میری مراد دیسی مسواک تھی نہ کہ انگریزی طرز کے منجن اور برش۔ کیونکہ یورپ کی بنی ہُوئی بعض چیزیں خوبصورت ضرور ہوتی ہیں، مگر اُن میں اخلاقی زہر ہوتا ہے۔ جس کا اثر آج کل کے مادّہ پرست مزاج رکھنے والے انسان فوراً محسُوس نہیں کر سکتے۔"

یورپ کے قیام کے دوران میں ہو سکتا ہے کہ دیسی مسواک نہ ملنے کے سبب علّامہ اقبال نے انگریزی منجن وغیرہ استعمال کیا ہو، لیکن لاہور میں اُن کے غسل خانے میں ایک دیسی مسواک ہمیشہ ہوتی تھی۔

مسواک کا استعمال اس لیے مبارک اور مفید ہے کہ اِس میں سنّتِ رسولؐ کا اتّباع مضمر ہے۔ یہی مقدّس جذبہ تھا، جس نے مسواک کو علّامہ کی نگاہ میں محبوب بنا دیا تھا۔ عشق و محبّت کا تقاضا بھی یہی ہے کہ محبُوب کی ہر چیز محبِب اور عاشق

Marfat.com

کو محبوب و پسندیدہ نظر آئے۔ "فنا فی الرّسولؐ" کی مشہور صُوفیانہ اصطلاح کا لُبّ لُباب یہی ہے کہ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے احکام و مرضیات میں اپنی مرضی اور خواہش کو گم کر دیا جائے اور سنّتِ رسولؐ کی پوری اطاعت کی جائے

حُقّے کا شوق

علّامہ اقبال کو دُنیا کی چیزوں میں سب سے زیادہ دلچسپی حقّے سے تھی۔ اُن کے والد اور بڑے بھائی بھی حُقّے کے بڑے شوقین تھے۔ شیخ اعجاز احمد بیان کرتے ہیں کہ سنہ ۱۹۱۲ء میں اُن کے والد کیمبل پور میں تعینات تھے۔ اُنھی دنوں عدالتِ عالیہ کے بند ہو جانے پر علّامہ اقبال اپنے وطن سیالکوٹ تشریف لائے ہوئے تھے۔ اتفاق کی بات کہ کیمبل پور سے ایک شخص آیا اور علّامہ کو مقدمے کی پیروی کے لیے کیمبل پور لے جانا چاہا۔ علّامہ اقبال سفر سے بہت جی چُراتے تھے لیکن اس خیال سے کہ اس بہانے بڑے بھائی سے کیمبل پور میں ملاقات بھی ہو جائے گی، مقدمہ لے لیا۔ علّامہ کیمبل پور پہنچے۔ شیخ اعجاز احمد اس سفر میں ان کے ہمراہ تھے۔ واپسی پر وہ بھی ان کے قریب وزیر آباد جنکشن سے سیالکوٹ کے لیے گاڑی بدلنی تھی جو صبح کے پانچ بجے چلتی تھی۔ سیالکوٹ جانے والی گاڑی میں علّامہ آکر بیٹھے۔ اب انھیں حُقّے کی طلب ہوئی۔ قلی جو سامان اُٹھا کر لایا تھا اُس سے کہا کہ اس وقت کہیں سے حُقّہ لے آؤ تو تمھیں انعام ملے گا۔ قلی انعام کے لالچ میں اُلٹے پاؤں واپس ہوا اور تھوڑی ہی دیر میں ایک بوسیدہ سا حُقّہ لے آیا۔ اس حُقّے کی

Marfat.com

ہیئت یہ تھی کہ مٹّی کا پیندا اور ٹوٹی ہُوئی چلم۔ کھنگلی اور بوسیدگی میں یہ حقّہ اپنی مثال آپ ہی تھا۔ مگر علّامہ اقبال اس حقّے کو دیکھ کر باغ باغ ہو گئے۔ اُنھوں نے اپنے بندھے ہُوئے بستر کو پلیٹ فارم پر رکھوایا۔ اس پر بیٹھ کر حقّے کے کش لگانے لگے۔ قلی بھی وہیں زمین پر بیٹھ گیا اور علّامہ اقبال حقّہ پیتے ہُوئے اس قلی کے ساتھ باتیں کرتے رہے۔ جب علّامہ حقّہ پی کر سیکنڈ کلاس کے ڈبّے میں آ گئے تو شیخ اعجاز احمد نے کہا کہ حقہ تو بہت گندا تھا۔ نہ جانے قلی کہاں سے، کس کا اٹھا لایا تھا۔ علّامہ نے اس کے جواب میں کہا کہ جس کو تمباکو کی عادت پڑ جائے، اُسے طلب کے وقت اِن نزاکتوں کا خیال ہی نہیں آتا۔ پھر تھوڑی دیر کے بعد فرمایا:

"تم اس کی عادت نہ ڈالنا۔"

اعجاز صاحب کہتے ہیں کہ گھر کے سبھی مرد حقّہ یا سگریٹ پیتے ہیں، لیکن انھیں آج تک تمباکو نوشی سے مکمّل اجتناب رہا ہے۔

اجنبی زبان

جن دِنوں شیخ صاحب موصُوف مرے کالج، سیالکوٹ میں ایف۔اے کے طالب علم تھے، اُن کے ایک پروفیسر علّامہ اقبال سے ملنے کے لیے تشریف لائے۔ علّامہ نے ان کی پڑھائی کے بارے میں پروفیسر صاحب سے استفسار کیا۔ انھوں نے پہلے تو رسمی طور پر کچھ تعریف کی۔ پھر شیخ صاحب کی تعلیمی حالت پر تنقید کر کے بعض نقائص کی بھی نشان دہی کر دی۔ اُنھوں نے کہا ——

Marfat.com

انگریزی میں طرزِ تحریر تو اچھّا ہے مگر ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) کی بہت کمی ہے اور لفظوں کے ہجّے عموماً غلط لکھتا ہے۔

ریاضی میں اِس قدر کمزور ہے کہ ایف۔اے میں اِس مضمون میں پاس ہو جائے تو غنیمت ہے۔

گھومتا پھرتا بہت ہے۔ جم کر بیٹھنے سے نفرت معلوم ہوتی ہے۔

اِس پر علّامہ اقبال نے شیخ صاحب کے والد کو خط لکھّا کہ گھومنا پھرنا اور جم کر نہ بیٹھنا پہلے دو نقصوں کا ذمّہ دار ہے۔ اگر بیٹھنے کی عادت ہوگی تو رفتہ رفتہ پڑھنے کی بھی عادت ہوگی ـــــ پڑھنے کی عادت ہوگی تو انگریزی کے بہت سے الفاظ بھی یاد ہو جائیں گے اور ہجّے کی غلطیاں بھی دُرست ہو جائیں گی ـــــ علّامہ نے فرمایا کہ ہجّے (Spelling) دُرست کرنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ کثرت سے مطالعہ ہو اور ہر وہ لفظ جس کے معنی نہ معلوم ہوں، اُس سے صرفِ نظر نہ کیا جائے بلکہ اُس کے معنی ڈکشنری میں دیکھ لیے جائیں۔ زبان سیکھنے کے لیے انگریزی ناولوں کا مطالعہ کارآمد اور مُفید ہے۔ دلچسپی کی دلچسپی اور ساتھ ہی زبان بھی آجاتی ہے۔

Marfat.com

مثنوی "اسرارِ خودی"

علامہ کی مشہور مثنوی "اسرارِ خودی" کے متعلق اعجاز صاحب نے بعض ایسے واقعات بیان کیے ہیں، جن کا یہاں ذکر کرنا دلچسپی کا باعث ہوگا ــــ وہ فرماتے ہیں کہ ــــ

گرمیوں میں جب عدالتوں کی چھٹیاں ہوتیں تو علامہ اقبال سیالکوٹ تشریف لاتے۔ یہ اُن کا معمول تھا۔ رات کو سب لوگ چھت پر سوتے تھے۔ علامہ اور اُن کے والدِ بزرگوار کی چارپائیوں کے درمیان حقہ بھر کر رکھ دیا جاتا اور باپ بیٹے، دونوں دیر تک علمی گفتگو میں مشغول رہتے۔ گھر کے لڑکے، جن میں شیخ صاحب بھی شامل تھے۔ ان کی یہ ڈیوٹی تھی کہ وہ ان بزرگوں کے بدن دباتے رہیں۔

سنہ ۱۹۱۴ء میں مثنوی "اسرارِ خودی" زیرِ تکمیل تھی۔ اس لیے رات کی مجلسوں میں اسی کے مضامین کا ذکر رہتا۔ بعض اوقات علامہ اپنے والد کو مثنوی کے اشعار سناتے۔ ایک دن فرمایا کہ اس مثنوی میں اُس حقیقی اسلام کو جسے رسولِ مقبولؐ نے پیش کیا تھا، دِکھانا چاہتا ہوں۔ کیونکہ

ہندوستان کے مُسلمان اُس عربی اسلام کو بہت کچھ
فراموش کر چکے ہیں اور عجمی اسلام ہی کو سب کچھ سمجھ
رکھا ہے۔

Marfat.com

گفتگو کے دوران میں تصوّف کا ذکر چھڑ گیا۔ علّامہ عجمی تصوّف کے رائج الوقت مفہوم کو صحیح نہیں سمجھتے تھے۔ اکثر ایرانی شعراء پر کڑی تنقید اور نکتہ چینی کرتے اور فرماتے، اُنھوں نے بڑے "Subtle" انداز میں شعائرِ اسلامی پر چوٹیں بلکہ اُن کی تردید کی ہے۔

۱۹۱۵ء میں جب "اسرارِ خودی" شائع ہُوئی تو اس کا ایک نُسخہ علّامہ نے اپنے والد کی خدمت میں بھیجا، جسے وہ عام طور پر صُبح کے وقت بڑے شوق کے ساتھ پڑھا کرتے تھے۔ اِس مثنوی میں علّامہ نے حافظ شیرازی پر ۳۵ شعروں میں کڑی تنقید کی تھی اور اس کے مقابلے میں عُرفی کو سراہا تھا۔ یہ مثنوی جب چھپ کر منظرِ عام پر آئی تو اُس پر بڑی لے دے ہُوئی۔ خاص طور سے صوفیوں کے حلقوں میں مخالفت کا طُوفان اُٹھ کھڑا ہُوا۔ اُن کی طرف سے اخبارات میں مثنوی کی مخالفت میں مضامین شائع ہُوئے۔ بعض ناقدین نے اعتراض کو یہ رنگ تک دے دیا کہ اس مثنوی کا مصنّف مسلمانوں کو مغربی خیالات و افکار سکھانا اور اُن کو فرنگیت کے رنگ میں رنگنا چاہتا ہے۔ ایک پیرزادہ صاحب نے "رازِ بے خودی" کے نام سے ایک جوابی مثنوی چھپوائی جس میں علّامہ کو جی بھر کر بُرا بھلا کہا گیا۔ صرف ایک شعر سے اس مثنوی کے لہجے کی تلخی، انداز بیان کی درشتی اور تنقید کی شدّت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

بندۂ دُنیا بہ دُنیا دیں فروش
سر بسر ملّت فروش آئیں فروش

(رازِ بے خودی از خان بہادر پیرزادہ ظفر احمد نقشبندی)

Marfat.com

علّامہ کی مثنوی "اسرارِ خودی" کے خلاف جب یہ ہنگامہ گرم تھا، اُنھی دنوں علّامہ سیالکوٹ تشریف لائے اور باپ - بیٹے جب یک جا بیٹھے تو مثنوی پر جلقۂ صُوفیاء کی برہمی کا ذکر آیا۔ علّامہ نے فرمایا کہ مَیں نے حافظ کی ذات اور شخصیت پر اعتراض نہیں کیا۔ مَیں نے صرف ایک اصُول کی تشریح کی ہے۔ اس کا افسوس ہے کہ مُسلمانانِ وطن پر عجمی اثرات اس قدر غالب آچکے ہیں کہ وہ زہر کو آبِ حیات سمجھتے ہیں۔ علّامہ کے والدِ بزرگوار نے بڑی مرنجاں مرنج طبیعت پائی تھی۔ انھوں نے اِس پر فرمایا کہ اگر حافظ کے عقیدت مندوں کے جذبات کو ٹھیس لگائے بغیر اصُول کی تشریح کر دی جاتی تو اچھا تھا۔ علّامہ نے اِس کے جواب میں کہا یہ "حافظ پرستی" بھی تو بُت پرستی سے کم نہیں۔ اِس پر اُن کے والد نے فرمایا کہ اللہ اور اُس کے رسُولؐ نے تو بُتوں کو بھی بُرا کہنے سے منع فرمایا ہے۔ اس لیے مثنوی کے وہ اشعار، جن پر عقیدت مندانِ حافظ کو اعتراض ہے، آئندہ ایڈیشن میں اُن کا حذف کر دینا ہی مناسب ہوگا۔ علّامہ نے اِس پر زبان سے کچھ نہیں کہا، بس مُسکرا کر رہ گئے اور اپنے والدِ محترم سے بحث کرنے کی بجائے اُن کے حضُور سرِ تسلیم خم کر دیا۔ بعد کی اِشاعتوں میں علّامہ نے حسبِ ذیل ۳۵ اشعار مثنوی سے خارج کر دیے:

ہوشیار از حافظِ صہبا گسار — جامش از زہرِ اجل سرمایہ دار

رہنِ ساقی خرقۂ پرہیز اُو! — مے علاجِ ہولِ رستاخیزِ اُو

نیست عیب از بادہ در بازارِ اُو — از دو جام آشفتہ شد دستارِ اُو

چُوں خراب از بادۂ گلگوں شود — مایہ دارِ حشمتِ قارُوں شود!

Marfat.com

مفتیِ اقلیمِ او مینا بدوش — محتسب ممنونِ پیرِ مے فروش

طوفِ ساغر کرد مثلِ رنگِ مے — خواست فتوٰی از ربابِ چنگ و مے

در رموزِ عیش و مستی کاملے — از خمے خوں در دلے یا در گلے

رفت و شغلِ ساغر و ساقی گزاشت — بزمِ رندان و مئے باقی گزاشت!

چوں جرس صد نالۂ رسوا کشید — عیش هم در منزلِ جاناں ندید

در محبت پیرو فرهاد بود — بر لبِ او شعلۂ فریاد بود

تخمِ نخلِ آه در کهسار کاشت — طاقتِ پیکار با خسرو نداشت

مسلم و ایمانِ او زنار دار — رخنه اندر دینش از مژگانِ یار

آنچناں مستِ شرابِ بندگی ست — خواجه و محرومِ ذوقِ خواجگی ست

"دعوٰی او نیست غیر از قال و قیل" — "دستِ او کوتاه و خرما بر نخیل"

آں فقیهِ ملتِ مے خوارگاں — آں امامِ امتِ بے چارگاں

گوسفند است و نوا آموخت است — عشوه و ناز و ادا آموخت است!

دل ربائی هائے او زهر است و بس — چشمِ او غارت گرِ شهر است و بس

ضعف را نامِ توانائی دهد! — ساز و اقوام را اغوا کند

از بزِ یوناں زمیں زیرکتر است — پردۂ عودش حجابِ اکبر است

نغمۂ چنگش دلیلِ انحطاط — هاتفِ او جبرئیلِ انحطاط

بگزر از جامش که در مینائے خویش! — چوں مریداں حسن دارد شیش!

لہ فرقۂ باطنیہ۔

Marfat.com

از تخیّل جنّتے پیدا کُند
مرترا بر نیستی شیدا کُند!

ناوک انداز ے کہ تاب از دل بُرد
ناوکِ او مرگ را شیریں کند

مارِ گلزار ے کہ دارد زہرِ ناب
صید را اوّل ہمی آرد بخواب

عشق با سحرِ نگاہش خودکشی است
کُشتنش مشکل کہ مارِ خانگی است

حافظِ جادو بیاں شیرازی است
عُرفیِ آتش زباں شیرازی است

ایں سُوئے ملکِ خودی مرکب جہاند
آں کنارِ آب و گِل آباد ماند!

ایں قتیلِ ہمّتِ مردانۂ
آں ز رمزِ زندگی بیگانۂ

دستِ ایں گیرد ز انجم خوشۂ
چشمِ آں از اشک دارد توشۂ

روزِ محشر رحم اگر گوید بگیر
عرفیا! فردوس و حوراء و حریر

غیرتِ اُو خندہ بر حوراء زند
پُشتِ پا بر جنّتِ الماوٰے زند

بادہ زن با عُرفیِ ہنگامہ خیز!
زندہ؟ از صحبتِ حافظ گریز!

ایں فسُوں خواں زندگی از مار بُود
جامِ او شانِ جمی از مار بُود

محفلِ او در خورِ ابرار نیست
ساغرِ او قابلِ احرار نیست

بے نیاز از محفلِ حافظ گزر
الحذر از گوسفندانِ الحذر

مثنوی "اسرارِ خودی" کا نصف صدی پہلے کا یہ نسخہ شیخ اعجاز احمد صاحب کی تحویل میں ہے۔ اس نسخے کے دیکھنے سے معلوم ہُوا کہ اتنی عظیم اور معرکہ آراء کتاب پہلی بار صرف پانسو (۵۰۰) کی تعداد میں شائع ہُوئی۔ مقامِ عبرت ہے کہ جس کتاب کی

Marfat.com

بعد میں یورپ میں دھوم مچی ہندوستان میں اس کی محدود دلچسپی کا اندازہ کر کے علامہ نے اسے صرف پانچ سو کی تعداد میں چھپوایا۔ اسی نسخے سے وہ اشعار نقل کیے گئے ہیں جو بعد کے ایڈیشنوں میں حذف کر دیے گئے۔

مشہور مستشرق پروفیسر نکلسن نے "اسرارِ خودی" کا انگریزی ترجمہ کیا جو ۱۹۲۰ء میں اشاعت پذیر ہوا۔ اس ترجمے پر انگلستان، امریکہ اور جرمنی وغیرہ ملکوں کے اخبارات میں ریویو شائع ہوئے، جن کے بارے میں علامہ اقبال نے اپنے والد کو خط لکھا کہ آپ کو یہ معلوم کر کے تعجب ہو گا کہ جب یہ مثنوی شائع ہوئی تھی تو یہاں کے صوفیاء نے اس پر اعتراض کیا تھا کہ مصنف مسلمانوں کو مغربی خیالات سکھاتا ہے اور ان کو فرنگیت کے رنگ میں رنگنا چاہتا ہے، لیکن مغرب کے مترجم نے دیباچہ میں لکھا ہے کہ یہ مثنوی زبردست آواز ہے جو مسلمانوں کو محمد اور قرآن کی طرف بلاتی ہے اور اس آواز میں جو سوزِ صداقت ہے اس کی ہم تعریف کیے بغیر نہیں رہ سکتے۔ پھر ایک خط علامہ نے اپنے بڑے بھائی صاحب کو لکھا کہ۔

"اسرارِ خودی" پر ریویو یورپ اور امریکہ میں شائع ہو رہے ہیں۔ جو کچھ یہاں ہوا تھا، وہاں بھی وہی ہو رہا ہے کوئی کچھ کہتا ہے کوئی کچھ۔ مگر بہ حیثیت مجموعی وہاں کے لوگ اس مثنوی کے خیالات کو بہت اچھا جانتے ہیں۔ مترجم کا خط آیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ کتاب کا استقبال اس ملک میں بہت اچھی طرح ہوا ہے۔ گو بعض خیالات کے متعلق بعض ریویو لکھنے

Marfat.com

والوں کو غلط فہمی بھی ہوئی ہے۔ ایسا ہونا یقینی ہوتا ہے کیونکہ طبائع میں اختلاف ہے خصوصاً اس وقت جبکہ زندگی پر ایک نئے نقطۂ خیال سے نگاہ ڈالی جائے۔ بعض نے لکھا ہے کہ اس کتاب کے مصنف نے ایشیا والوں کو اور خصوصاً مسلمانوں کو جنگ کی تعلیم دی ہے اور اس کے ہر لفظ میں ایک سیاسی قوت چھپی ہوئی ہے۔ ایک اور صاحب لکھتے ہیں کہ جب ہم اس کتاب کو پڑھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہم ایک عظیم شخصیت کی صحبت میں بیٹھے ہیں۔ غرضکہ جتنے منہ اتنی باتیں۔ اس کتاب کا انگریزی ترجمہ پڑھ جانے میں خدا کی حکمت معلوم ہوتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ سے اس کتاب کے مقاصد پورا ہونے میں مدد ملے گی۔"

علامہ نے ان دنوں بارہا اپنے اِس تاثر کا اظہار فرمایا کہ جس قوم کے لیے یہ مثنوی کہی گئی ہے، وہ نہ تو ٹھیک طرح سے اس کے مفہوم کی تہ کو پہنچتی ہے اور نہ اس آواز اور پیغام کو سنتی ہے، مگر جن قوموں سے اِس مثنوی میں خطاب ہی نہیں کیا گیا، وہ اس کا مطلب سمجھ گئی ہیں۔

علامہ اقبال کی حیات میں بعض صوفیاء نے اُن پر خوب کس کر تنقید کی بلکہ دُشنام طرازی پر اُتر آئے۔ اُن کو "فلسفی فطرت" زدیں برگشتہ" تک کہہ دیا، مگر وفات کے بعد ایک ۲۵ اپریل کو اخبارات میں حسب ذیل خبر بھی نظر سے گزری:

Marfat.com

"علّامہ اقبال کو بزمِ جمالی کا خراجِ عقیدت

بزمِ جمالی کے زیرِ اہتمام حکیم الامّت مفکّرِ اعظم، علّامہ ڈاکٹر محمّد اقبال علیہ الرّحمہ کا یوم منایا گیا، جس میں صُوفیاء کرام و مشائخِ عظام نے حلقۂ ذکر و شغل، فاتحہ خوانی و نعت خوانی کر کے اور قرآن خوانی کا ثواب پہنچا کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر علّامہ اقبال کا صُوفیانہ و عارفانہ کلام پیش کیا گیا۔ علّامہ اقبال نے بہ حیثیّت صُوفی کے جو خدمت و اشاعت دینِ اسلام کی کی ہے، اُس کو سراہا گیا۔ آپ کا رُوحانی اور ابدی پیغام دُنیا کے لیے راہِ رُشد و ہدایت ہے اور زندۂ جاوید یادگار ہے:

ہائے! اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

خُداداد نعمت

شیخ اعجاز احمد بیان کرتے ہیں۔ ۱۹۱۸ء میں جب علّامہ اقبال کو وکالت کرتے ہُوئے دس سال ہو چکے تھے تو اُنھوں نے اپنے والد کو خط میں لکھا

"میں نے اپنے دل میں ارادہ کیا تھا کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھ پر فضل کرے تو اپنی نظم و نثر سے کوئی مالی فائدہ نہ اٹھاؤں گا کہ یہ ایک خداداد قوت ہے جس میں میری محنت کو کوئی دخل

Marfat.com

نہیں، خلق اللہ کی خدمت میں اسے صرف ہونا چاہیے۔ لیکن
ضروریات سے مجبور ہو کر مجھے اس ارادے کے خلاف
کرنا پڑا۔"

علامہ کے فرمانے کے مطابق ۱۰ سال کی پریکٹس میں بیس پچیس ہزار روپیہ اُن کے ہاتھ میں آیا (یعنی یہ کہ اتنی رقم پس انداز ہوئی)۔ یہ رقم اپنے موقع پر مناسب طور پر خرچ ہوئی۔ لیکن اس وقت تک علامہ نہ تو کوئی معقول مکان کرایے پر لے سکے اور نہ اچھا فرنیچر اور ساز و سامان مہیا کر سکے۔ علامہ نے اپنے والد بزرگوار کے نام ایک خط میں اپنی اس ضرورت کا اظہار یوں کیا:

"حالات اس قسم کے پیدا ہو گئے ہیں کہ وکالت کے
پیشے کے لیے ان لوازمات کا بہم پہنچانا ضروری ہو گیا ہے اس
لیے میں نے ارادہ کیا ہے کہ یہ لوازم بہم پہنچائے جائیں۔"

——— لیکن ———

اُن کا یہ ارادہ بس ذہن و فکر ہی تک محدود رہا، عملی جامہ نہ پہن سکا۔ انارکلی والا مکان چھوڑ کر علامہ اقبال نے میکلوڈ روڈ پر کوٹھی کرایے پر تو ضرور لی، مگر وہ "عمدہ مکان" کہے جانے کی کسی طرح مستحق نہ تھی۔ تھوڑا بہت ساز و سامان بھی خریدا۔ لیکن وہ معمولی تھا۔ زندگی کے آخری سالوں میں ایک موٹر بھی رکھا۔ لیکن پرانا ——— اصل بات یہ ہے کہ علامہ نے قلندرانہ مزاج اور درویشانہ طبیعت پائی تھی۔ اسی شانِ استغنا کے سبب وہ زندگی کو ظاہری اعتبار سے دیدہ زیب پرشکوہ

Marfat.com

اور آرام دہ بنانے کے لیے جدوجہد نہ کر سکے۔

مکان اور کوٹھی کا ذکر چلا ہے تو ۱۹۱۹ء کے ایک خط کا اقتباس دلچسپی سے خالی نہ ہوگا، جو شیخ صاحب کو علّامہ اقبال نے لکھا تھا ——

"والدِ مکرّم کی خدمت میں عرض کر دیں کہ کوٹھی کی تلاش میں ہُوں۔ تعویق اس واسطے ہُوئی کہ کوٹھی موقعے کی نہیں ملتی اور جو کوٹھیاں موقعے کی ہیں اُن کے مالک ہندُو ہیں، جو قدرتی طور پر ہندُو کرایہ دار کو ترجیح دیتے ہیں۔ کوٹھی نہ ملنے کی اصل وجہ یہ ہے کہ کم بخت ..... (ایک صاحبِ جائداد مسلمان کا نام تھا) نے وعدہ کیا اور بعد میں بدعہدی کر کے، جو آج کل کے مسلمانوں کا عام شیوہ ہے، کوٹھی کسی اور کو دے دی۔"

دنیائے اسلام کا مُستقبل

عالمِ اسلام کے اضطراب، انتشار اور زبوں حالی کا علّامہ اقبال کو پُورا احساس تھا۔ یہ احساس بڑا غم انگیز تھا۔ مگر اس کے ساتھ ہی انھیں اس بات کا یقین تھا کہ اسلام کو ایک مرتبہ پھر عُروج اور غلبہ حاصل ہوگا۔ ان کی سب سے بڑی تمنّا یہ تھی کہ اس عُروج کو وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں۔

علّامہ کی ایک بہن بڑی عابدہ زاہدہ تھیں۔ وہ اب وفات پا چکی ہیں۔

Marfat.com

۱۹۱۹ء میں اُنھوں نے ایک خواب دیکھا، جس کی تعبیر علّامہ کے والدِ مکرّم نے یہ فرمائی کہ اللہ تعالیٰ اسلام کو دوبارہ ترقّی عطا فرمائے گا۔ علّامہ کو جب اس خواب اور تعبیرِ خواب کا علم ہُوا تو اُنھوں نے کہا کہ خواب میں جو حالت دکھائی گئی ہے آج عالمِ اسلام کی واقعی یہی حالت ہے اور والد صاحب نے خواب کے واقعات و علامات سے جو نتیجہ نکالا ہے، وہ بھی صحیح ہے۔ میرا بھی یہی عقیدہ اور یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ مُسلمانوں کو نئی زندگی عطا فرمائے گا اور جس قوم نے اس کے دین کی آج تک حفاظت کی ہے، اُس کو ذلیل و رُسوا نہ کرے گا۔

گُمنام خط

شیخ اعجاز احمدؐ نے مجھے بتایا کہ ۱۹۲۰ء کے شروع میں ڈاکٹر صاحب کے نام ایک گمنام خط آیا، جس کا مضمون یہ تھا کہ ـــــ نبیِّ کریم کے دربار میں تمھاری ایک خاص جگہ ہے جس کا تم کو کچھ علم نہیں۔ اگر فلاں وظیفہ پڑھا کرو تو تم کو بھی اس کا علم ہو جائے گا۔ اُس شخص نے وظیفے کے الفاظ بھی اُس خط میں لکھے تھے۔ ڈاکٹر صاحب نے اِس خیال سے کہ کاتبِ خط نے اپنا نام نہیں لکھا، اِس گمنام خط کی طرف توجّہ نہیں کی اور وہ خط ضائع ہو گیا۔

اِس خط کے تین چار مہینے بعد کشمیر سے ایک پیرزادے ڈاکٹر صاحب سے ملنے کے لیے آئے۔ عُمر تیس پینتیس سال کے لگ بھگ تھی۔ چہرے سے شرافت کا اور چہرے مہرے سے ذہانت کا اظہار ہوتا تھا۔ اُس شخص نے ڈاکٹر صاحب کو

Marfat.com

دیکھتے ہی زار و قطار رونا شروع کر دیا۔ آنسوؤں کی ایسی جھڑی لگی کہ تھمنے کا نام ہی نہ لیتی تھی۔ ڈاکٹر صاحب نے خیال کیا کہ یہ شخص مصیبت زدہ اور پریشان حال ہے اور میرے پاس اپنی کوئی ضرورت لے کر آیا ہے۔ انھوں نے شفقت آمیز لہجے میں استفسارِ حال کیا تو وہ بولا کہ مجھے کسی مدد کی ضرورت نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا مجھ پر بڑا فضل ہے۔ میرے بزرگوں نے خدا کی ملازمت کی۔ اب میں اس کی پنشن کھا رہا ہوں۔ میرے اس بے اختیار رونے کی وجہ خوشی ہے نہ غم۔

ڈاکٹر صاحب کے مزید استفسار پر وہ بولا۔ میں سری نگر کے قریب ایک گاؤں کا رہنے والا ہوں (گاؤں کا نام شاید نو کام بتایا تھا)۔ وہاں میں نے ایک دن عالم کشف میں نبی کریم کا دربار دیکھا۔ صف نماز کے لیے کھڑی ہوئی تو حضور سرورِ کائنات نے دریافت فرمایا کہ محمد اقبال آیا یا نہیں؟ معلوم ہوا کہ محفل میں نہ تھا۔ اس پر ایک بزرگ کو اقبال کے بلانے کے لیے بھیجا گیا۔ تھوڑی دیر بعد میں کیا دیکھتا ہوں کہ ایک نوجوان آدمی جس کی ڈاڑھی منڈی ہوئی تھی اور رنگ گورا تھا، ان بزرگ کے ساتھ نمازیوں کی صف میں داخل ہو کر حضور کی دائیں جانب کھڑا ہو گیا۔

اس کشمیری پیرزادے نے ڈاکٹر صاحب سے کہا کہ میں نے آج سے پہلے نہ تو آپ کی شکل دیکھی تھی نہ میں آپ کا نام اور پتہ جانتا تھا۔ کشمیر میں ایک بزرگ مولوی نجم الدین صاحب ہیں۔ ان کی خدمت میں حاضر ہو کر میں نے یہ ماجرا بیان کیا تو انھوں نے آپ کا نام لے کر آپ کی بہت تعریف کی کیونکہ آپ کی

Marfat.com

تحریروں کے واسطے سے وہ آپ کو جانتے تھے گو انہوں نے آپ کو کبھی نہیں دیکھا اُس دِن سے مجھے آپ سے ملنے کا اشتیاق پیدا ہوگیا۔ میں نے آپ کو دیکھنے اور آپ سے ملنے کے لیے کشمیر سے لاہور تک کا یہ سفر کیا ہے۔ آپ کی صورت دیکھتے ہی میری آنکھیں اس لیے بے اختیار اشکبار ہوگئیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے میرے کشف کی عالمِ بیداری میں تصدیق ہوگئی۔ کیونکہ جو شکل میں نے حالتِ کشف میں دیکھی تھی آپ کی شکل و شباہت ٹھیک اسی کے مطابق ہے۔ سرِمو فرق نہیں ہے۔

پیرزادے کی زبان سے اس گفتگو کو سن کر ڈاکٹر صاحب کو وہ گمنام خط یاد آگیا جس کا ذکر اوپر کی سطروں میں ہو چکا ہے۔ اس خط میں جو وظیفہ لکھا تھا وہ انہیں یاد نہیں رہا تھا۔ پیرزادہ صاحب ملاقات کے بعد چلے گئے۔

ڈاکٹر صاحب نے اس سارے واقعے کی تفصیل اپنے والدِ بزرگوار کو ایک خط میں لکھی اور اس کا بھی اظہار کیا کہ مجھے سخت ندامت ہو رہی ہے اور روح شدید کرب و اضطراب میں مبتلا ہے کہ میں نے وہ خط کیوں ضائع کر دیا۔ اب آپ ہی اس کی تلافی کی کوئی تدبیر بتائیں کیونکہ پیرزادہ صاحب کہتے تھے کہ آپ کے بارے میں جو کچھ میں نے دیکھا ہے وہ آپ کے والدین کی دعاؤں کا نتیجہ ہے۔ کوئی شک نہیں پیرزادہ صاحب نے جو کچھ کہا سچ کہا۔ کیونکہ میرے اعمال تو اس قابل نہیں ہیں۔ ایسا فضل نہ ہو رہے کہ دعا کا ہی نتیجہ ہو۔ اس لیے آپ یا تو کوئی علاج تدبیر بتائیں یا خاص طور سے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس گرہ کو کھول دے۔ کیونکہ پیرزادہ صاحب کا کشف اگر صحیح ہے تو میرے لیے بے خبری اور لاعلمی کی یہ حالت سخت

Marfat.com

تکلیف دہ ہے۔

دعاء

اعجاز صاحب بیان کرتے ہیں کہ ۔۔۔

چچا جان کو دعا پر بڑا اعتقاد تھا۔ ان کا کلام پڑھنے سے اس اعتقاد کا احساس ہوتا ہے۔ اپنے اشعار میں جہاں دعا کی ہے معلوم ہوتا ہے کہ دعا رسماً نہیں بلکہ دل سے نکل رہی ہے۔ نبی کریم پر درود بھیجنا بھی ان کے معمولات میں تھا اور اپنے خطوں میں اس کی تاکید فرمایا کرتے تھے۔ ایک خط میں لکھا کہ ۔۔۔

"مسلمان کی بہترین تلوار دعا ہے۔ اس سے کام لینا چاہیے۔ ہر وقت دعا کرنی چاہیے اور نبی کریم پر درود بھیجنا چاہیے۔"

اور اوکے بھی قائل تھے۔ جب مجھے بی۔ اے کا امتحان دینا تھا تو دادا جان کی ہدایت پر میری کامیابی کے لیے آیۂ کریمہ کا ورد بھی کیا تھا۔ چنانچہ دادا جان کو لکھا کہ ۔

"امید ہے آپ کی دعا سے اعجاز امتحان میں کامیاب ہو جائے گا۔ آیۂ کریمہ کا ورد شروع ہے۔"

Marfat.com

تزکیۂ نفس

علامہ اقبال کے تذکرہ نگاروں نے اُن کی سادگیِ غذا کا ذکر کیا ہے۔ علامہ کو کھانوں میں، کچھ شک نہیں، بعض چیزیں مرغوب تھیں اور جوانی میں اُنھیں بڑے شوق سے کھاتے تھے، مگر وہ ——

تو معتقد کہ زیستن از بہرِ خوردن است

کے ہرگز قائل نہ تھے۔ ۱۹۲۰ء میں اپنے والد کو اُنھوں نے خط میں لکھا ——

"روحانی کیفیات میں سب سے بڑا ممد و معاون کھانے پینے میں احتیاط ہے۔ نبی کریمؐ کی ساری زندگی اس بات کا ثبوت ہے۔ میں خود اپنی زندگی کم از کم کھانے پینے کے معاملات میں اسی طریق پر ڈھال رہا ہوں۔"

شیخ صاحب موصوف کا بیان ہے کہ بچپن میں علامہ اقبال کو آم بہت مرغوب تھے، مگر مالدہ آم پسند نہ تھے۔ اس کے برخلاف سردار بیگم (والدۂ جاوید) کو مالدہ آم پسند تھے۔ بازار سے جب کبھی آم منگوائے جاتے تو بیگم جان (علامہ اقبال) اپنی پسند کے آموں کے لیے کبھی فرمائش نہ کرتے۔

اُن کے بعض احباب آموں کی فصل میں آم بھیجا کرتے تھے۔ جب آموں کی پیٹی کھلتی تو علی بخش سے کہتے کہ سب سے اچھا آم چن کر مجھے دو۔ وہ جب اپنی پسند کے مطابق آم منتخب کر کے علامہ کو دیتا تو علی بخش سے کہتے کہ اس آم

Marfat.com

کو تم کھا لو۔ مرغوباتِ نفس کے خلاف یہ وہ طرزِ عمل ہے جو تزکیۂ نفس کے لیے صوفیا
کرام کا شعار رہا ہے۔

تلاوتِ قرآن

شیخ اعجاز احمد راوی ہیں کہ تعلیم ختم کرنے کے بعد جب انھوں نے
سیالکوٹ میں وکالت شروع کی تو علامہ اکثر خطوط میں ان کو نماز اور تلاوت
قرآن کی تلقین فرمایا کرتے۔ ایک خط میں لکھا۔

"قرآن پر میں زیادہ اصرار کرتا ہوں کہ اس کے پڑھنے
کے فوائد میرے تجربے میں آ چکے ہیں۔"

اعجاز صاحب کہتے ہیں کہ انھوں نے مدرسے میں داخل ہونے سے
پہلے ہی قرآن کریم ختم تو کر لیا تھا لیکن اسکول اور کالج میں تعلیم کے تیرہ
چودہ سالوں کے دوران میں کبھی قرآن پڑھنے کا موقع نہیں ملا تھا اس لیے
روانی سے تلاوت نہ کر سکتے تھے اور یہ کمی کبھی کبھی کھٹکتی تھی۔ علامہ کے
تاکید فرمانے پر انھوں نے ارادہ کیا کہ کسی حافظ قرآن سے پھر قرآن کریم دہرا لیا
جائے۔ ان دنوں سیالکوٹ کی ایک مسجد کے امام ایک نوجوان حافظ
قرآن تھے۔ ان کا نام محمد سلطان تھا۔ انھیں اندرونی تعلیم یافتہ نوجوانوں کو
قرآن پڑھنے کا بہت شوق تھا۔ قرآن پڑھانے کی کوئی اجرت نہ لیتے تھے۔
جس نوجوان کو قرآن کریم کی تعلیم دیتے۔ اس کا نام اپنی پاک باز ماں کے نام

Marfat.com

ان کی جیب میں رہتی، لکھوا لیتے۔ ان کی کوشش رہتی کہ شاگردوں کی اس فہرست میں اضافہ ہوتا رہے۔ جب اعجاز صاحب کی خواہش کا انھیں علم ہُوا تو انھیں بھی اس فہرست میں شامل کر لیا۔

اعجاز صاحب کہتے ہیں کہ حافظ صاحب کو علّامہ کا کلام سننے کا بڑا شوق تھا اور اکثر ان سے علّامہ کا کلام سنا کرتے تھے۔ ایک بار عدالت کی تعطیلات میں علّامہ سیالکوٹ تشریف لائے ہُوئے تھے۔ حافظ صاحب کو جب اُن کے آنے کا حال معلوم ہُوا تو پُرشوق لہجے میں اعجاز صاحب سے کہا "کدی سانوں وی بزرگاں دیاں زیارتاں کراؤ ناں"۔ (کبھی ہمیں بھی بزرگوں کی زیارت کرائیے نا!)

شیخ صاحب نے علّامہ سے کہا کہ میرے اُستاد حافظ صاحب جو نابینا ہیں آپ سے ملنے کا بڑا اشتیاق رکھتے ہیں۔ آپ اجازت دیں تو انھیں لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاؤں؟ علّامہ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ وہ تمھارے اُستاد ہیں اور وہ بھی قرآن کے۔ ان کی عزّت ہم پر لازم ہے۔ میں اُن سے ملنے کے لیے وہیں آتا ہُوں۔ تھوڑی دیر بعد باہر والے کمرے میں جہاں حافظ صاحب قرآن پڑھایا کرتے تھے تشریف لے آئے۔ حافظ صاحب سے مصافحہ کیا۔ حافظ صاحب کی عادت تھی کہ نئے آدمی سے ملتے تو اُس کے چہرے، ہاتھوں اور بازوؤں پر ہاتھ پھیر کر اُس کی شناخت کرتے۔ جو لوگ بصارت سے محرُوم ہوتے ہیں اُن کی قوّتِ حاسّہ بہت زیادہ تیز اور نازک ہوتی ہے اور اُنگلیاں آنکھوں کا کام انجام دیتی ہیں۔ چنانچہ

Marfat.com

حافظ صاحب نے قوّتِ لامسہ کے ذریعے علّامہ کی "شناخت" بھی اپنے ذہن میں محفوظ کر لی۔

علّامہ نے اُن سے کہا کہ آپ کا بڑا احسان ہے کہ آپ اعجاز کو قرآن پڑھا رہے ہیں۔ حافظ صاحب نے اس کے جواب میں کہا "احسان اینہاں دا اے۔ سانوں ثواب دا موقع دیندے نیں۔" (احسان تو ان کا ہے کہ مجھے ثواب کمانے کا موقع دیتے ہیں۔)

جس طرح معصوم بچّہ اپنا کھلونا ہر ایک کو دکھا کر خوش ہوتا ہے اسی بھولپن اور سادگی کے ساتھ حافظ صاحب نے اپنی پاکٹ بک جھٹ سے نکال کر علّامہ کے ہاتھ میں دے دی کہ دیکھیے، کتنے انگریزی پڑھے لوگ قرآن پڑھ رہے ہیں۔

علّامہ نے فرمایا "حافظ صاحب! آپ بڑا نیک کام کر رہے ہیں۔ اس کا اجر اللہ تعالیٰ آپ کو دے گا۔"

حافظ صاحب نے اس پر خوش ہو کر کہا "اسی تے چھلڑاں ای دیندے آں، گریاں تے تسی دیندے اوناں۔" (ہم تو چھلکے ہی دیتے ہیں، مغز تو آپ دیتے ہیں۔

نوجوان اور سیاست

شیخ صاحب نے بتایا کہ ۱۹۲۱ء میں ایل ایل بی کے امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد انھوں نے علّامہ اقبال کے مشورے سے سیالکوٹ

Marfat.com

میں وکالت شروع کر دی۔ اُن دنوں ہندوستان میں سیاسی تحریک کا بڑا زور تھا اور شیخ صاحب بھی دُوسرے نوجوانوں کی طرح اس سے متاثر تھے اور تحریکِ خلافت میں خاصی سرگرمی کے ساتھ حصّہ لیتے تھے۔ ان کے والد نے علامہ سے اس کا ذکر کیا تو جواب میں فرمایا ـــــ اعجاز کو چاہیئے کہ پہلے اپنے پیروں پر کھڑا ہو جائے اس کے بعد مُلک کی تحریکوں میں شامل ہو۔ خلافت کا کام کرنے سے میں نہیں روکتا کیونکہ اس کا سارا دار و مدار قلب کی اندرُونی کیفیت پر ہے مگر اُسے پہلے اپنے کام میں پُختہ ہو جانا چاہیئے۔ مزید فرمایا" اس کے علاوہ خلافت کمیٹیوں کے بعض ممبر ہر جگہ قابلِ اعتبار نہیں ہوتے۔ وہ بظاہر جو شیلے مسلمان معلوم ہوتے ہیں لیکن در باطن اخوان الشّیاطین ہیں۔ اسی وجہ سے میں نے خلافت کمیٹی کی سیکرٹری شپ سے استعفٰے دے دیا تھا۔ اس استعفے کے وجود اس قابل نہ تھے کہ مُلک کے سامنے پیش کیے جاتے، لیکن اگر پیش کیے جا سکتے تو لوگوں کو سخت حیرت ہوتی"۔

شخصیّت یا خودی کا کمال

اعجاز صاحب بیان کرتے ہیں کہ سنہ ۱۹۲۰ء میں علّامہ بعض عزیزوں سے کچھ کبیدہ خاطر تھے۔ اس بات کا" میاں جی" کی طبیعت پر بوجھ سا تھا۔ اعجاز صاحب لاہور گئے تو اُن کی زبانی میاں جی نے علامہ کو پیغام بھیجا کہ اُن کی طبیعت اُداس رہتی ہے۔ علّامہ اُن کی اُداسی کی وجہ سمجھ گئے۔ جواب میں جو خط[1]

[1] یہ خط اعجاز صاحب کے پاس محفوظ ہے۔

Marfat.com

میاں جی کو لکھا: وہ اس قابل ہے کہ حرف بہ حرف نقل کر دیا جائے ——

"اعجاز کی زبانی آپ کا پیغام پہنچا ہے، جس سے معلوم ہُوا کہ آپ کی طبیعت اداس رہتی ہے۔ کئی سال ہُوئے، میں نے ایک کتاب یورپ میں خریدی تھی۔ مگر آج تک اس کے پڑھنے کی نوبت نہ آئی تھی۔ ان تعطیلوں میں اسے دیکھنے کا اتفاق ہُوا۔ اُس کا آغاز اور اختتام یہ فقرہ ہے:

"میری کوئی چیز نہیں اور میرے لیے تمام اشیاء کا عدم وجود برابر ہے۔"

یہ ساری کتاب اسی جملے کی تشریح ہے اور حقیقت میں بہت خوب ہے۔ حقیقی شخصیت یہی ہے کہ انسان اپنی اصلی حقیقت کا خیال کر کے تمام تعلقات سے آزاد ہو جائے یعنی بالاتر ہو جائے۔ نبی کریمؐ کی زندگی میں بھی اس کی مثال ملتی ہے۔ اُن سے زیادہ اپنے عزیزوں سے محبت کرنے والا اور کون ہو گا؟ لیکن ایک وقت ایسا بھی آتا تھا جب آپ کو نہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ عائشہؓ کون ہے اور ابوبکرؓ کون ہے نہ یہ کہ محمدؐ کون ہے۔ ہمارے صوفیا نے اس کو فنا سے تعبیر کیا ہے۔ لیکن سچ بات یہ ہے کہ یہ شخصیت یا خودی کا کمال ہے۔ اسے فنا نہیں کہنا چاہیے اور انسانی حیات کی

Marfat.com

یہی کیفیت حیات بعد الموت کی تیاری ہے لیکن آپ اب
نکلنے کو مجھ سے بہتر جانتے ہیں۔

ہمارے عزیزوں میں جب آپس میں بگاڑ ہو جاتا
ہے تو ہم جو ان کی صلح و آشتی میں خوش ہوتے ہیں۔ ان کا
بگاڑ دیکھ کر رنجیدہ اور پریشان ہوتے ہیں۔ جب اسی قسم کا
بگاڑ اور لوگوں میں ہو جو عام معنوں میں ہمارے عزیز یا
رشتے دار نہیں ہیں تو ہم کو کوئی رنج نہیں ہوتا اور کوئی پریشانی
لاحق نہیں ہوتی۔ جو آدمی انسانی زندگی کی حقیقت سے آگاہ
ہے اُسے معلوم ہے کہ تمام بنی نوع انسان آپس میں عزیز
رشتے دار ہیں۔ کیونکہ حیاتِ انسانی کی جڑ ایک ہے۔ پھر کیا
وجہ ہے کہ چند آدمیوں کے بگاڑ سے جن کو ہم خاص طور
پر اپنا رشتے دار کہتے ہیں ہم کو رنج ہوتا ہے اور باقی لوگوں
کے بگاڑ سے ہم پر کچھ اثر نہیں ہوتا۔ حالانکہ عزیز تو حقیقت
میں وہ بھی ہیں۔ انسان اس فطری میلان سے مجبور ہے کہ
جو آدمی خون کے اعتبار سے ہمارے قریب تر ہیں اُن
کو اپنا رشتے دار کہتا ہے اور جو دور ہیں ان سے بے تعلق
ہو جاتا ہے۔ حالانکہ خون اور زندگی میں قرب اور بُعد
نزدیکی و دوری کی کچھ حقیقت نہیں رکھتی۔

Marfat.com

اس سے ظاہر ہے کہ تعلقات کی وجہ سے جو پریشانی ہم کو لاحق ہوتی ہے، اُس کی بناء اصل میں ناانصافی پر ہے۔ ناانصافی یہ کہ بعض افراد کو قُربِ خُونی کی وجہ سے قریب جاننا اور بعض کو بُعدِ خُونی کی وجہ سے بعید جاننا، حالانکہ زندگی کی حقیقت قُرب و بُعد سے معرّا ہے۔ کامل انسان تمام عالم کے لیے رحمت ہے۔ بہ الفاظِ دیگر یُوں کہیے کہ کامل انسان تعلقات سے بالاتر ہے۔"

رُوحانی اضطراب

ایک مرتبہ علامہ نے شیخ اعجاز احمد کو خط میں لکھا کہ جرمنی کے نابینا شاعر گوئٹے نے اپنے معاصر نوجوانوں کے رُوحانی اضطراب اور دلی بے چینی کو محسوس کر کے اُن کو یہ پیغام دیا تھا:

Art still has Truth, Take Refuge there

اس وقت دُنیائے اسلام کی وہی حالت ہے جو یورپین کے وقت جرمنی کی تھی اور میرا پیغام جو مسلمانوں کے لیے وحی ہے جو گوئٹے نے [illegible] اس قدر فرق ہے کہ میں نے "Art" کی جگہ "Religion" [illegible] کی وجہ یہ ہے کہ آرٹ میں اطمینان و مسرت نہ تھی، مذہب میں اطمینان اور قوت دونوں چیزیں ہیں۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ اور توکّل

علّامہ اقبال کو اللہ تعالیٰ کی ذات پر اِس قدر بھروسہ اور توکّل تھا کہ وہ اپنے ذاتی معاملات میں متردّد اور پریشان نہ ہوتے تھے۔ اُن کے اندر راضی برضا رہنے کی سچ مُچ کیفیّت پیدا ہوگئی تھی۔ قناعت کے ساتھ خود داری اور صبر کے ساتھ توکّل۔ یہ اُن کے کردار کا نمایاں پہلو ہے۔ علّامہ دُوسروں کو بھی "توکّل علی اللہ" کی تلقین فرماتے اور اس انداز میں نصیحت کے کلمات کہتے کہ یاس و نومیدی کی بجائے امید و رجا اور حوصلہ پیدا ہو۔

شیخ اعجاز احمد سنہ ۱۹۲۲ء میں جب انکم ٹیکس افسر مقرّر ہوکر ٹریننگ کے لیے پشاور بھیجے گئے اور وہاں ایک عیسائی ٹریننگ افسر کے تعصّب سے سابقہ پڑا تو انھوں نے اس افسر کے غیر ہمدردانہ اور متعصبانہ رویّے کا حال لکھ کر علّامہ کو بھیجا۔ علّامہ نے جواب میں تحریر فرمایا کہ ——

رزق انسان کا عُمرو زید کے ہاتھ میں نہیں۔
خُدا کے ہاتھ میں ہے۔

رزق از دے جُو مجُو از زید و عُمر
مستی از مے جُو مجُو از بنگ و خُمر

تمام معاملات کو اللہ کے سپُرد کرنا چاہیے اور ہر قسم کی فکر دل سے نکال دینی چاہیے۔ خدا کارساز ہے اور انسان کی

Marfat.com

فکر اس کے لیے باعث آزار ہے۔ بالفرض اگر تم کو اپنی موجودہ مہم میں کامیابی نہ ہوئی تو پھر کیا؟ خدا تعالیٰ رزق کا کوئی اور سامان پیدا کر دے گا۔ اس میں بھی کوئی نہ کوئی حکمت ہے۔ غرض یہ ہے کہ انسان کو اپنی صحت و حالت کے مطابق اپنے فرائض ادا کرنے میں کوتاہی نہ کرنی چاہیے اور نتائج خدا کے سپرد کر دینے چاہییں۔

راہبوں جوگیوں اور سنیاسیوں کی طرح دنیا سے بیزاری، کنارہ کشی اور جائز لذت و آرام ترک کر دینے کے علامہ اقبال مخالف تھے۔ ان کا پیغام عمل کا پیغام ہے انفس و آفاق میں غور و فکر اور تسخیر کائنات ۔۔۔ یہ تھی ان کے نزدیک مرد مومن کی خصوصیت۔ یہاں تک کہ وہ اپنے عمل و کردار سے قرآن کا صرف قاری ہی نہ ہو بلکہ خود قرآن بن جائے۔

اقبال کا توکل بے عملی کا توکل نہیں بلکہ فعال توکل تھا۔ ہر امکانی تدبیر کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی ربوبیت اور قدرت کاملہ پر ایمان و ایقان وہ اس پر بھی ایمان رکھتے تھے کہ جب انسان عمل و تدبیر کی ہر ممکنہ کوشش کے ساتھ نتائج اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیتا ہے تو پھر غیب سے اسباب و سامان پیدا ہوتے ہیں۔ اپنے عزیزوں کو خطوط میں وہ اپنے اس نظریے اور عقیدے کی تلقین کرتے رہتے تھے۔

۱۹۳۱ء میں جب علامہ اقبال گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے گئے ہوئے تھے تو وہاں انھیں اطلاع ملی کہ ان کے بڑے بھائی بیمار ہیں اور بیٹوں کے

Marfat.com

متعلق منشی طاہر دین نے لکھا کہ ان کے فیل ہو جانے کی افواہیں گرم ہیں۔ اس پر علامہ نے جواب میں تحریر فرمایا۔۔۔

"..... برادر محترم کی طبیعت کی ناسازی کی خبر سن کر مجھے یک گونہ فکر پیدا ہوا ہے۔ زندگی اور موت رنج و راحت سب کچھ اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ اسی پر بھروسہ کرنا چاہیئے۔۔۔ انشاء اللہ ان سے ملاقات ہو گی اور میں ان کو تندرست پاؤں گا۔"

طاہر دین نے بیٹوں کے متعلق فکر کا اظہار کیا تھا۔ اس سے کہہ دینا چاہیے کہ فکر کی بات نہیں۔ میرے تمام معاملات جان و مال اور روپیہ اللہ کے سپرد ہے۔ جب سے میں نے ایسا کیا ہے مجھے کوئی تردد نہیں ہوتا۔ اس کی مرضی میری مرضی ہے۔"

خوفِ خدا

شیخ اعجاز احمد نے والدۂ جاوید کے متعلق ایک ایسا واقعہ سنایا ہے جس سے اس نیک خاتون کے حسنِ سیرت پر روشنی پڑتی ہے۔ انھیں کے الفاظ میں سُنیے۔۔۔

"سردار بیگم جان بڑی فراخ حوصلہ خاتون تھیں۔ ایک مرتبہ کسی کی طرف سے چچا جان سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ چند ہزار روپے اُن کے کسی کام کے لیے صرف کریں

Marfat.com

چچا جان کے پاس روپیہ موجود نہ تھا۔ سردار چچی جان کو اس مطالبے کا علم ہوا تو انھوں نے دادا جان کو خط لکھا کہ اُن کا زیور فروخت کر کے مستحق ضرورت مند کو دے دیا جائے اس کے جواب میں دادا جان کا جو خط آیا وہ چچا جان نے دیکھ لیا اور اس طرح انھیں اس پیش کش کا علم ہو گیا۔ علّامہ نے اپنے والدِ بزرگوار کو لکھا کہ ——

"آپ کا خط جو اعجاز کی چچی کے نام آیا ہے۔ میں نے دیکھا ہے اور نیز اُس نے اُس خط کا مضمون بھی سنایا ہے جو اُس نے آپ کی خدمت میں تحریر کیا تھا۔ یہ اُس کے دل کی وسعت اور فراخ حوصلگی کی دلیل ہے۔ مگر یہ بات انصاف سے بعید ہے کہ میں اُس کا زیور لے کر ایسے کام پر صرف کروں جس سے نہ اُسے کچھ فائدے کی توقع ہو سکتی ہے نہ مجھے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ وہ اپنا زیور اس خیال سے نہیں دیتی کہ کل کو اسے اس کا معاوضہ ملے گا۔ بلکہ وہ محض اس غرض سے دیتی ہے کہ مجھ پر کوئی شخص حرف گیری نہ کرے۔ لیکن اگر کوئی شخص مجھ پر حرف گیری کرے تو اس کا مطلب صرف اس قدر ہے کہ وہ شخص مجھ سے ناخوش ہے۔ برخلاف اس کے ناانصافی کا مطلب خدا اور رسول کو ناخوش کرنا ہے جس کا برداشت کرنا میری طاقت سے باہر ہے۔ میں اور لوگوں کی حرف گیری آسانی سے برداشت

Marfat.com

کر سکتا ہوں۔ خدا اور رسولؐ کی ناراضگی سے میرا دل کانپتا ہے۔"

احساسِ ندامت

اقبال کو ذاتِ رسالت مآبؐ سے جو والہانہ محبت تھی، اُس کا اظہار اُن کے کلام سے ہوتا ہے۔ اُن کا تنہا یہ شعر

بہ مصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر بہ اُو نہ رسیدی تمام بولہبی است!

سوزِ عشقِ نبیؐ کا آتش کدہ ہے۔

ایک مرتبہ علامہ نے اپنی چھوٹی ہمشیرہ کو خط میں لکھا کہ ــــ

"میں جو اپنی گزشتہ زندگی پر نظر ڈالتا ہوں تو مجھے بہت افسوس ہوتا ہے کہ میں نے اپنی عمر یورپ کا فلسفہ وغیرہ پڑھنے میں گنوائی۔ خدا تعالیٰ نے مجھ کو قوائے دماغی بہت اچھے عطا فرمائے تھے۔ اگر یہ قویٰ دینی علوم کے پڑھنے میں صرف ہوتے تو آج خدا کے رسولؐ کی میں کوئی خدمت کر سکتا اور جب مجھے یاد آتا ہے کہ والدِ مکرم مجھے علومِ دین ہی پڑھانا چاہتے تھے تو مجھے اور بھی قلق ہوتا ہے کہ باوجود اس کے کہ صحیح راہ معلوم بھی تھی تو بھی وقت

Marfat.com

کے حالات نے اُس راہ پر چلنے نہ دیا۔ بہرحال جو کچھ خُدا
کے علم میں تھا، ہُوا اور مجھ سے بھی جو کچھ ہو سکا، میں نے
کیا، لیکن دل چاہتا ہے کہ جو کچھ ہوا، اس سے بڑھ کر ہونا
چاہیے تھا اور زندگی تمام و کمال نبیؐ کریم کی خدمت میں
بسر ہونی چاہیے تھی۔"

لُدھیانے والی بیگم کا اِنتقال

اعجاز صاحب بیان کرتے ہیں کہ "ہماری لاہور والی سردار چچی جان (والدہ جاوید) اور لدھیانے والی مختار چچی جان قریباً دس گیارہ سال ایک ہی مکان میں چچا جان کے ساتھ رہیں۔ اُن کے درمیان سوکنوں والا تنازعہ کبھی میرے علم میں نہیں آیا۔ اس کی اصل وجہ یہ تھی کہ چچا جان دونوں میں انتہائی عدل مدِ نظر رکھتے تھے اور ایک کو دوسری پر کسی قسم کی فوقیت نہ دیتے تھے۔ اس معاملے میں قدرت نے بھی اُن کی مدد کی کیونکہ دس گیارہ سال تک تو دونوں میں سے کسی کے ہاں اولاد نہ ہوئی اور ۱۹۴۲ء میں دونوں ہی امید سے ہوئیں۔ وقت قریب آنے پر چچا جان نے سردار چچی کو میری والدہ صاحبہ کے پاس سیالکوٹ بھیج دیا اور مختار چچی لدھیانہ اپنے میکے چلی گئیں۔ ۵ اکتوبر ۱۹۴۲ء کو سیالکوٹ میں جاوید پیدا ہُوا۔ لدھیانے سے بھی خیریت کے خط آ رہے تھے اور توقع تھی کہ اسی مہینے کے آخر میں وہاں سے بھی خوشی کی خبر آنے کی۔ میں ایک کام کے

Marfat.com

سلسلے میں چچا جان کے پاس لاہور گیا ہُوا تھا کہ لُدھیانے سے چچی مختار کی تشویش ناک علالت کی اطلاع آئی۔ انھیں نمونیا ہوگیا تھا۔ چچا جان بہت متفکر ہُوئے اور مجھے ساتھ لے کر لُدھیانے پہنچ گئے۔

نمونیے نے چچی مختار کو سخت کمزور کر دیا تھا اور وہ وضع حمل کی زحمت برداشت کرنے کے قابل نہ رہی تھیں۔ اُس پر ستم یہ کہ دردِ زہ بند ہوگیا جو بڑی خراب علامت تھی۔ آخر چچا جان نے ڈاکٹروں سے کہا کہ وہ جہاں تک ممکن ہو زچہ کی جان بچانے کی کوشش کریں اور بچّے کا خیال نہ کریں۔ لیکن ڈاکٹروں کی کوئی تدبیر کارگر نہ ہُوئی اور اُس نیک بی بی نے جان دے دی۔ وفات سے پندرہ منٹ پہلے چچا جان نے اُن کو دیکھا اور حال پُوچھا تو انھوں نے خدا کا شکر ادا کیا اور کہا کہ اچھی ہُوں۔ حالانکہ اُس وقت ان کا وقت بالکل قریب تھا اور اُن کو بھی یہ بات معلوم تھی۔ اس دردناک وفات نے چچا جان کے قلب پر بڑا اثر کیا۔ ان کے کرب و بے چینی کی حالت دیکھی نہ جاتی تھی۔ وفات کے دوسرے دن لُدھیانے سے میرے ابّا جان کو لکھا کہ ...

"کل آپ کی خدمت میں تار دے چکا ہوں۔ تقدیرِ الٰہی کا مقابلہ تدبیرِ انسانی سے نہیں ہوسکتا۔ مرحومہ کی موت کا منظر نہایت دردانگیز تھا۔ خُدا تعالیٰ اُس کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے۔ بہترین ڈاکٹروں کا علاج تھا۔ مگر اللہ کے علم میں مرحومہ کی زندگی کے دن پُورے ہو چکے تھے۔"

Marfat.com

کی حالت میں اُس کی حالت اس قدر بے چارگی اور بے کسی
کی تھی کہ میرے لیے اس کی طرف نگاہ کرنا بھی مشکل تھا اور
میرا قلب سخت رقیق ہو گیا۔"

مزید لکھا کہ ــــ

"ایک معمولی انسان کو دنیا میں لانے کے لیے، جو
پچاس ساٹھ سال سے زیادہ اس دارِ فانی میں نہیں ٹھہرتا۔
نیچر اس قدر تکلیف ایک ضعیف عورت کو دیتی ہے۔"

اس خط میں سردار چچی کے نام پیغام تھا کہ انہیں رخسانہ کی خالہ زاد بہنوں کو ہمدردی کا خط لکھنا چاہیے اور کہنا چاہیے کہ میں تا عمر تمہاری بہن ہوں اور ہمیشہ تم کو ایسا ہی سمجھوں گی۔ سردار چچی جان نے نہ صرف ایسا خط ہی لکھا بلکہ پھر زندگی بھر اس عہد کو نبھایا۔

رسم قُل ادا ہو جانے کے بعد میں اور ابا جان لاہور واپس آ گئے۔ رخسانہ کے بھائیوں نے اُن کا تمام زیور اور سامان واپس کر دیا۔ ہر چند ابا جان نے کہا کہ شریعت کے رُو سے اس کے بیشتر حصے کے وارث رخسانہ کے بھائی ہیں ــــ مگر انھوں نے ایک نہ مانی۔

لاہور پہنچ کر اس بات کا ذکر کرتے ہوئے ابا جان نے لکھا کہ ــ

"اب ارادہ ہے کہ یہ تمام رقم اس کی کسی یادگار کی نذر
میں صرف کیا جائے۔ کچھ روپیہ میں اور اپنی طرف سے اس

Marfat.com

میں اضافہ کر دوں گا۔ اگر خدا تعالیٰ نے توفیق دی تو بہت
اچھی صورت ہو جائے گی"۔

چچا جان کی طبیعت بہت دنوں تک نہایت پریشان رہی۔ مرحومہ کی لوح مزار تیار کرا کر لاہور سے بھجوائی، جس پر حسب ذیل قطعۂ تاریخ کندہ تھا ــــ

اے دریغا! ز مرگِ ہم سفرے
دلِ من در فراقِ او ہمہ درد
ہاتف از غیب داد تسکینم
سخنِ پاکِ مصطفیٰ آورد
بہرِ سالِ رحیلِ او فرمود
بشہادت رسید و منزل کرد

۱۳۴۳ھ

یہ قطعہ لدھیانے کے قیام کے دوران میں ہی وفات کے دوسرے یا تیسرے دن کہا تھا۔ جس کاغذ پر لکھا تھا، وہ میرے سپرد کر دیا تھا کہ لاہور پہنچ کر انہیں دے دوں۔

"سرود رفتہ" مرتبہ غلام رسول مہر میں یہ قطعہ شائع ہوا ہے، مگر اس میں دو تین غلطیاں ہیں جن کی تصحیح ضروری ہے اوّلاً یہ کہ تاریخِ وفات ۲ اکتوبر ۱۹۲۴ء لکھی گئی ہے۔ یہ درست نہیں، اصل تاریخ وفات ۲۱ اکتوبر ۱۹۲۴ء

Marfat.com

ہے۔ ہوسکتا ہے کہ کتابت کے وقت "۲۱" کا "۱" لکھنے سے رہ گیا ہو یا سنگساری اور طباعت کے مرحلوں میں یہ عدد اڑ گیا ہو۔ دوسرے ہجری سن وفات ۱۳۴۲ لکھا گیا ہے۔ یہ بھی غلط ہے۔ تاریخِ وفات ۲۱ ربیع الاوّل ۱۳۴۳ھ ہے۔ ان دو فروگزاشتوں کے علاوہ قطعے کا آخری مصرعہ "سرودِ رفتہ" میں یوں درج ہوا ہے ——

"بہ شہادت رسید و منزل کرد"

جس سے سالِ وفات ۱۳۴۹ھ نکلتا ہے، حالانکہ صحیح مصرعہ ——

"بشہادت رسید و منزل کرد"

ہے، جس سے ۱۳۴۳ مجموعہ اعداد برآمد ہوتا ہے۔ "بشہادت" کی جگہ "بہ شہادت" چھپ جانے سے پانچ (۵) کا اضافہ ہوگیا۔ جس نے سن وفات کی صحت میں خلل پیدا کر دیا۔

انصاف یا فضل

ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ شیخ اعجاز احمد کی ایک بھتیجی نے کسی سلسلے میں علامہ کے سامنے اللہ تعالیٰ کے عدل و انصاف کا ذکر کرتے ہوئے کہا۔ وہ منصف ہے اور انصاف کرے گا۔

علامہ نے اس پر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے مانگنی چاہیے کہ وہ ہمارے ساتھ اپنی صفت عدل کا نظارہ نہ کرے کہ جو اس کے انصاف کے تحمل نہیں ہو سکتے البتہ

Marfat.com

وہ ہم پر اپنا فضل و رحم فرمائے!

علامہ نے کتنی سچی اور اچھی بات کہی ہے۔ واقعہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی میزانِ عدالت جب قیامت میں کھڑی ہوگی تو بڑے بڑے اولیاء اور اصفیاؑ کو پسینہ آجائے گا۔ اسی لیے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں بھی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے سبب بخشا جاؤں گا۔

میر حسن ہال

علامہ اقبال خود نگر نہیں، خود شناس تھے۔ انھیں اپنی شخصیت کا احساس اور اپنی خودی کا عرفان تھا۔ اس لیے اضافی نسبتوں کی طرف اُن کا میلان نہیں رہا۔ انھیں اس کی کبھی خواہش نہیں ہوئی کہ کسی انجمن یا ادارے میں انھیں کوئی عُہدہ دیا جائے۔ جلسوں کی صدارتوں کا بھی انھیں شوق نہ تھا۔ لوگوں کے اصرار پر جب کبھی انھیں کسی اجتماع یا کانفرنس کی صدارت کرنا پڑی تو اہلِ نظر نے محسوس کیا کہ وہ اسے ذاتی اعزاز سمجھ کر نہیں، محض قومی خدمت جان کر ادا کر رہے ہیں۔

ایک بار یہ تجویز ہوا کہ اقبال کے نام سے ایک فوجی اسکول قائم کیا جائے۔ علامہ نے تجویز پیش کرنے والے فوجی افسر کو جواب دیا کہ ایک شاعر کے نام سے فوجی اسکول کو منسوب اور موسوم کرنا موزوں نہیں ہے اور پھر خود تجویز کیا کہ اس اسکول کا نام "ٹیپو فوجی اسکول" رکھا جائے۔

اعجاز صاحب کا بیان ہے کہ ایک رسمِ افتتاح انجام دینے کے لیے

Marfat.com

انھیں اپنے منتخب نہ کیے جانے کا ضرور ملال ہوا۔ سیالکوٹ میں ایک انجمن اسلامیہ ہے، جو دوسرے قومی کاموں کے علاوہ ایک ہائی اسکول بھی اپنے اہتمام سے چلاتی ہے جب اس اسکول کی نئی عمارت بن کر تیار ہوئی تو انجمن کی مجلسِ منتظمہ نے اسکول کے ہال کا نام علامہ اقبال کے استاد مولانا میر حسن کے نام پر "میر حسن ہال" رکھا۔ اس ہال کی رسمِ افتتاح کے لیے انجمن والوں نے حکومتِ پنجاب کے وزیر تعلیم کو دعوت دی ——— وزیر صاحب تشریف لائے اور ان کے ہاتھوں یہ رسم انجام کو پہنچی۔ علامہ اقبال کو انجمن والوں کی یہ حکام پرستی پسند نہیں آئی۔ انھوں نے ایک صحبت میں اپنے اس جذبے کا اظہار بھی کر دیا ——— فرمایا کہ انجمن والوں نے میرے استاد کے نام سے ہال منسوب کیا۔ مناسب یہ تھا کہ ان کا شاگرد اس کا افتتاح کرتا اور لوگوں کو بتاتا کہ مولانا میر حسن کیا تھے؟ مگر انجمن والوں نے حکام پرستی کے شوق میں حکومت کے وزیر کا اس کے لیے انتخاب کیا۔

لڑکیاں باعثِ رحمت

شیخ اعجاز احمد اس واقعے کے راوی ہیں کہ وہ اپنی چچی (والدۂ جاوید) کے پاس بیٹھے تھے۔ اتنے میں منیرہ کھیلتے کھیلتے اندر آ گئی۔ اس کے بال بکھرے ہوئے تھے۔ ان کی چچی نے منیرہ سے کہا بیٹی! ادھر آ میں تیرے کنگھی کر دوں۔ منیرہ کو بالوں میں کنگھی کرانے سے بڑی چڑ تھی۔ وہ کنگھی کرانے سے بچنے کی خاطر باہر بھاگنے لگی۔ مگر ماں نے اسے پکڑ کر بٹھا لیا اور بالوں کو

Marfat.com

کنگھی سے سلجھانا اور سنوارنا شروع کر دیا۔ اس پر منیرہ رونے لگی۔

علّامہ اقبال بیٹی کے رونے کی آواز سُن کر اندر آ گئے اور منیرہ کے رونے کا سبب پوچھنے لگے۔ علّامہ کی بیگم نے کہا کہ بالوں میں کنگھی کرانا نہیں چاہتی۔ علّامہ نے فرمایا، کنگھی کرائے یا نہ کرائے، مگر اس کو رونے نہ دیا کرو۔ میں اس کے رونے کی آواز نہیں سن سکتا۔ دل کو تکلیف ہوتی ہے۔

"روزگارِ فقیر" کی پہلی جلد میں اس واقعے کا ذکر آ چکا ہے کہ سید راس مسعود کے ہاں لڑکی پیدا ہوئی تو علّامہ اقبال نے قطعہ کہا اور اُس کے چوتھے شعر میں لڑکی کے وجود کو "باعثِ برکاتِ لامحدود" فرمایا۔ شیخ صاحب کی تیسری لڑکی کی ولادت پر انھیں خط لکھا کہ ——

"آج بھائی صاحب کے خط سے معلوم ہوا کہ تمھارے
ہاں ایک اور لڑکی ہوئی ہے۔ لڑکیوں کی افزائش رزق کی افزائش
ہے۔ کیا عجب، خدا تعالیٰ تمھارے رزق میں بھی توسیع
کر دے۔"

لڑکیوں پر اس شفقت و محبت میں رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے مقدس اُسوہ کی جھلک پائی جاتی ہے۔

Marfat.com

لندن میں

سنہ ۱۹۳۱ء میں جب لندن میں گول میز کانفرنس منعقد ہوئی تو علامہ اقبال نے بھی اس میں شرکت کی۔ ان دنوں ہندوستان کے غیر مسلم اخبارات گول میز کانفرنس کی خبریں اس انداز میں پیش کرتے تھے کہ مسلم نمائندوں کے درمیان اختلافِ رائے پایا جاتا ہے اور یہ اختلاف ہندو مسلم مصالحت کی راہ میں رکاوٹ بنا ہوا ہے۔ ساتھ ہی مہاتما گاندھی کے دوسرے استقبال اور نقل و حرکت کی خبروں کو خوب بڑھا چڑھا کر بلکہ بعض اوقات گھڑ کر پیش کیا جاتا۔ مقصود یہ تھا کہ دنیا ان خبروں کو پڑھ کر یہ اثر قبول کرے کہ آخر یہ قوم گاندھی جی کے لیے فرش راہ بنی ہوئی ہے۔

علامہ اقبال نے لندن سے ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۱ء کے ایک خط میں اس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھا ــــــ

"ہندوستان سے اخبار آتے ہیں۔ عجیب و غریب باتیں ان میں چھپتی ہیں مثلاً "پرتاپ" میں لکھا ہے کہ مہاتما گاندھی کی شاہی محل میں کمرہ کی کیفیت اور جب وہ بازار سے گزرتے ہیں تو ہزاروں ہاتھ ان کے کرتہ کو چھوتے ہیں۔ حالانکہ حال یہ ہے کہ ان کے آنے کا یہاں الٹا اثر ہوا ہے۔ ہمیں سے بعض کا خیال تھا کہ غیر ملکی اخبارات سے انٹرویو کیا جائے مگر دیک

کے خلاف کا الزام ہندوؤں یا سکھوں کے سر ہے۔"

ایک دوسرے خط میں تحریر فرمایا ——

"ہندوؤں نے یہاں بھی میرے ایڈریس کے متعلق بعض انگریزوں سے پروپیگنڈا کرایا ہے۔ میں نے اس کا دندان شکن جواب اخبار ٹائمز میں شائع کرا دیا ہے۔"

علامہ اقبال جن دنوں لندن میں قیام فرما تھے۔ اس دوران میں ۱۲ نومبر ۱۹۳۱ء کو انھوں نے انڈیا سوسائٹی میں "فلسفہ اور شعر" پر بڑے معرکے کا لیکچر دیا۔ اس کے بعد ۱۴ نومبر کو مسلمان طلباء نے ان کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا۔ والڈروف ہوٹل کی اس استقبالیہ دعوت میں ہندوستان اور انگلستان کے بہت سے علماء و مشاہیر موجود تھے۔ پروفیسر نکلسن اور دوسرے علماء نے اس موقع پر علامہ کی خدمات پر روشنی ڈالی۔ علامہ اقبال نے اس موقع پر جو معرکہ آرا تقریر کی اس کے دو اقتباسات حسب ذیل ہیں:

فارسی زبان کے استعمال کے متعلق فرمایا: ——

"بعض لوگوں کا خیال ہے کہ میں اپنی آواز ہندوستان سے باہر خصوصاً ایران تک پہنچانا چاہتا تھا۔ یہ خیال درست نہیں ہے۔ اگرچہ میرا پیغام یعنی پیغام عمل تمام دنیا کے لیے ہے اور اہل ایران میرے دائرہ سامعین سے خارج نہیں ہیں مگر میرے کلام کے اول مخاطب ہندوستان ہی کے نوجوان

لہ خطبہ صدارت اجلاس آل انڈیا مسلم لیگ الہ آباد

Marfat.com

تھے۔ کیونکہ میں اپنا پیغام اوّل مرحلے میں صرف خواص تک
محدود رکھنا چاہتا تھا اور اس سے میرا مقصد یہ تھا کہ پہلے خواص
کا طبقہ میرے پیغام کو سُنے اور اپنی ذہنی استعداد کی بنا پر
اُسے صحیح طور پر سمجھے اور اُس کو اچھی طرح اخذ کرنے کے بعد
عوام تک پہنچائے۔ دُنیا کی تاریخ میں اکثر یوں بھی ہوا ہے
کہ دقیق خیالات اور باریک نکات جب عوام پر بغیر کسی واسطے
کے ظاہر کیے گئے تو کسی نے اُن کو سمجھا اور کسی نے نہ سمجھا۔
نتیجہ یہ ہُوا کہ متکلم کی بات اور اُس کا مفہوم و مطلب کچھ کا کچھ
ہو گیا۔ مجھے اِس بات سے مسرت ہے کہ جہاں تک مجھے
معلوم ہے میں اپنے ہم عصروں کی غلط فہمی کا شکار نہیں ہوا
اور میرے مخاطبین نے میرے کلام کی رُوح تک پہنچنے میں
ایسی ٹھوکر نہیں کھائی جس سے کوئی مقصود گم ہو جائے۔"

فلسفۂ خودی کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا ——

"جب سے دیارِ مغرب میں اقتصادی انقلاب آیا
ہے، کارخانہ داری کے نظام نے فردِ بشر کو انفرادی حیثیت
سے بہت حقیر اور بے مایہ بنا دیا ہے اور وہ محسوس کرتا ہے
کہ وہ گویا ایک پرکاہ ہے جس کو موسمِ خزاں کا بے پناہ سیلاب
بہائے چلا جا رہا ہے۔"

Marfat.com

علامہ نے فرمایا ——

"ان حالات پر غور کرنے سے میں اس نتیجے پر پہنچا
کہ اس دور میں انسان کو ایک ایسے جام کی ضرورت ہے جو
اُس کی افسردگی اور اُس کے احساسِ کمتری کو دُور کر کے
اُس کے جسم میں زندگی کی ایک نئی لہر دوڑا دے جس سے
اُس کے قدم یقین اور خود اعتمادی کی چٹان پر محکم ہو جائیں
اور وہ اس راز سے آگاہ ہو جائے کہ اس کو وُہ کچھ عطا ہُوا
ہے جو شمس و قمر کو بھی نہیں ملا۔ یعنی شعور Consciousness
اور شخصیت Personality
اگرچہ وُہ کائنات کے مقابلے میں ایک ذرّہ ہے
مگر اس ذرّے کے اندر ایک علیحدہ دُنیا موجود ہے۔ ذی
رُوح اور ذی شعُور ہونے کی حیثیت سے انسان کا فرض ہے
کہ وہ اس دُنیا کو اپنے فکر اور عمل سے آباد کرے"۔

۹ نومبر ۱۹۳۱ء کو لی سی۔ ایم کلب میں انگریز خواتین کی جانب سے علامہ کے اعزاز میں ایک دعوت کا اہتمام کیا گیا۔

علامہ اقبال لندن سے جو خطوط لکھا کرتے تھے اُن میں سب سے زیادہ قابل ذکر بات یہ ہے کہ جس طرح وُہ اپنے بچوں کو پیار اور احباب و اعزّہ کو سلام لکھتے تھے اُسی طرح اپنے دونوں نوکروں (علی بخش اور رحمان) کو بھی ضرور سلام لکھتے۔

Marfat.com

بعض نومسلم

"روزگارِ فقیر" جلد اوّل میں جن سکھ بیدی صاحب اور علّامہ اقبال کی ملاقات کا واقعہ درج ہے۔ انھوں نے شیخ اعجاز احمد صاحب سے چونیاں میں مل کر زبانی کہا تھا کہ میں علّامہ اقبال سے ملنا چاہتا ہوں۔ اس ملاقات کا آپ انتظام کر دیں۔ میں مسلمان ہونے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ اس کے بعد بیدی صاحب نے پھر ایک خط لکھا جس میں اپنی اس خواہش کی یاد دہانی کے علاوہ اس طرف بھی اشارہ تھا کہ اسلام قبول کرنے کے بعد ان کا ذریعۂ معاش ختم ہو جائے گا۔ اگر اس کا کچھ انتظام ہو سکے تو کیا جائے۔ اعجاز صاحب نے بیدی صاحب کو خط کے جواب میں لکھا کہ مسلمانوں میں کوئی ایسی منظم جماعت نہیں ہے جو نومسلموں کے معاش و روزگار کا انتظام کرتی ہو۔ انھوں نے بیدی صاحب کا خط اور اپنے جواب کی نقل علّامہ کی خدمت میں لاہور بھیج دی۔ علّامہ نے اس کا جواب دیا:

"..... باقی رہا بیدی صاحب کا معاملہ۔ سو تم نے ان کو ٹھیک لکھا ہے کہ مسلمانوں کے یہاں کوئی منظم جماعت ایسی نہیں کہ نومسلموں کے لیے کوئی انتظام معاش کر سکے۔ ابھی چند روز ہوئے مجھے پنجاب کے ایک مقام سے خبر آئی کہ کئی ہزار مذہبی سکھ مسلمان ہونے کے لیے تیار ہیں۔ [illegible]

Marfat.com

اُن کے لیے زمین کا انتظام کر دیا جائے۔ علیٰ ہذا القیاس
تین چار معزز سکھ اور ہندو میرے پاس آئے کہ اگر اُن کی ملازمت
کا انتظام ہو جائے تو وہ مسلمان ہونے کے لیے تیار ہیں۔
غرض بالعموم اس قسم کے حالات میں دُنیوی محرکات عمل کرتے
ہیں۔ بہرحال اگر بیدی صاحب کی توقعات کا حال معلوم ہو
تو میں یہاں کسی انجمن سے گفتگو کروں۔ اُن کے خط میں مطالبات
کا کہیں ذکر نہیں۔ عام طور پر اگر مسلمانوں کو معلوم ہو جائے
کہ تبدیلیِ مذہب سے کسی کا مقصود محض منفعتِ مادی ہے، تو
وہ اسے نہایت مکروہ جانتے ہیں۔ تاریخ اس بات کی شاہد
ہے کہ مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ اُن کے سیاسی زوال کے
اوقات میں ہُوا۔ حکومت کے عُروج کے زمانے میں اسلام
نہیں پھیلا۔ مگر اس بات کا کیا علاج کیا جائے۔ اس وقت
میں مسلمان نہایت افلاس زدہ ہیں۔ خود موجودہ مسلمان قوموں
کی تعلیم و تربیت کا انتظام ان کے لیے مشکل ہو رہا
ہے۔ تاہم جوشِ تبلیغ کسی حد تک مسلمانوں میں موجود
ہے۔ یہی حال میں نے یورپ میں دیکھا ہے۔ اسلام
کے متعلق ان کی راز جوئی روز بروز ترقی کر رہی ہے،
مگر مسلمانوں میں استطاعت اس قدر نہیں ہے کہ

Marfat.com

وہ یورپ میں کلچرل[1] اور مذہبی مشن بھیج سکیں۔

آنکھ کا عارضہ

علامہ اقبال کی ایک آنکھ بچپن ہی سے کمزور تھی۔ ۱۹۰۱ء میں جب ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنری کے امتحانِ مقابلہ میں شریک ہوئے تو طبی بورڈ نے آنکھ کی بینائی کمزور ہونے کے سبب اُن کو سرکاری ملازمت میں لیے جانے کی سفارش نہیں کی۔ یہ بظاہر ایک طرح کی ناکامی تھی مگر علامہ کے مستقبل کے تابناک اور کامیاب ہونے کا پیش خیمہ تھی۔ سرکاری ملازمت میں وہ کمشنر اور گورنر بن سکتے تھے مگر ترجمانِ حقیقت اور حکیم مشرق غالباً نہ بن سکتے۔

زندگی کے آخری سالوں میں آنکھ میں پانی اترنا شروع ہو گیا تھا۔ ۱۹۳۰ء کے آغاز میں موتیا بند کی اس قدر شدت ہو گئی کہ معالجوں نے لکھنے پڑھنے کی بھی ممانعت کر دی۔ ڈاکٹر متھرداس موکا والے آنکھوں کے علاج میں غیر معمولی شہرت رکھتے تھے۔ اس شہرت، عزت اور فنی مہارت کے باوجود بڑے خلیق اور وضع دار تھے۔ شیخ اعجاز احمد صاحب سے اُن کے تعلقات تھے۔ شیخ صاحب کے ایماء پر ڈاکٹر صاحب علامہ کی کوٹھی پر خود ہی تشریف لے آئے اور آنکھوں کا [illegible]

---

[1] کلچرل سے [illegible]

[illegible]

Marfat.com

کے ساتھ معائنہ کیا۔

ڈاکٹر متھرا داس نے رائے ظاہر کی کہ موتیا بڑی تیزی سے اُتر رہا ہے۔ ممکن ہے کہ مارچ ۱۹۳۸ء میں آپریشن کے لائق ہو جائے۔ انھوں نے فرمایا کہ فروری ۱۹۳۸ء میں وہ پھر معائنہ کریں گے اور اطمینان دلایا کہ جب بھی آنکھ آپریشن کے لائق ہو جائے گی، وہ خود نہایت عمدگی کے ساتھ آپریشن کریں گے اور امید ہے کہ پوری بصارت عود کر آئے گی۔

علامہ نے شیخ صاحب کو ڈاکٹر متھرا داس کی رائے سے مطلع کرتے ہوئے لکھا کہ ——

"ڈاکٹر صاحب نہایت خوش اخلاق آدمی ہیں اور میں خوش ہوں کہ تم اپنے تعلقات کے لیے ایسے با اخلاق آدمیوں کا انتخاب کرتے ہو۔"

چونکہ ۱۹۳۸ء کے شروع ہی سے علامہ پر دمے کے شدید دورے پڑنے لگے لہٰذا آپریشن ستمبر ۱۹۳۸ء تک ملتوی کر دیا گیا، مگر ستمبر کے آنے تک وہ آنکھیں قیامت تک کے لیے بند ہو گئیں۔

ذوق و شوق اور خشیت

علامہ اقبال حجِ بیت اللہ اور زیارتِ روضۂ نبوی کی بڑی تمنا رکھتے تھے مدینے اور مدینے والے کا نام سُن کر اُن کی آنکھیں بے اختیار نم ناک ہو جاتیں۔ ۱۹۳۷ء

Marfat.com

میں بہاولپور کے ایک پیر صاحب جن سے علامہ کے مراسم تھے حج کی تیاریوں میں مصروف تھے۔ وہ جو امیر مینائی نے کہا ہے ——

جب مدینہ کا مسافر کوئی پا جاتا ہوں
حسرت آتی ہے یہ پہنچا میں رہا جاتا ہوں

تو پیر صاحب کے سفرِ حرمین شریفین کی تیاری کو دیکھ کر یہ شوق اور تیز ہو گیا۔ بڑی حسرت کے ساتھ فرمایا —— طبیعت ذرا اچھی ہوتی تو پیر صاحب کے ساتھ حجاز جانے کا اچھا موقع تھا۔ پھر کہا عراق ہو کر بھی لوگ حجاز جاتے ہیں، مگر میں نے دریافت کرایا تو معلوم ہوا کہ اس راستے میں اور دشواریاں ہیں۔ علامہ کی بہن یعنی اعجاز صاحب کی پھوپھی نے کہا —— عام صحت کی خرابی کے علاوہ آپ کی آنکھوں میں پانی بھی تو اتر رہا ہے۔ ایسی حالت میں حج کا سفر کس طرح کر سکتے ہیں۔ اللہ خیریت رکھے۔ اگلے سال آپریشن کے بعد چلے جائیے گا۔ اس پر بڑے درد انگیز مگر پُرشوق لہجے میں فرمایا ——

آنکھوں کا کیا ہے۔ آنکھ اندھے بھی تو حج کر ہی آتے ہیں۔

اتنا کہنے کے بعد آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑیاں جاری ہو گئیں۔ [illegible]

ایک ایک آنسو مولانا جامی کے انداز میں زبانِ حال سے کہہ رہا تھا

نسیما! جانب بطحا گزر کن
ز احوالم محمدؐ را خبر کن!

Marfat.com

وصیّت

جنوری ۱۹۳۳ء میں علامہ اقبال کی خطرناک علالت کا آغاز ہُوا جو علاج معالجے کی تمام تدبیروں کے باوجود آخر کار جان لیوا ثابت ہُوئی۔ اس بیماری کے دوران میں اس سانحے سے علامہ کو دوچار ہونا پڑا کہ ۱۹۳۵ء میں اُن کی اہلیہ کا اِنتقال ہوگیا۔ اُس وقت جاوید اور منیرہ دونوں نابالغ تھے۔ علامہ کی مسلسل علالت، پھر کم سن بچوں کا بے ماں کے رہ جانا۔ اِن حالات کا اندازہ کرکے انھوں نے جو وصیت نامہ مرتّب کیا وہ بجا طور پر تاریخی دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے۔ اُس کی نقل اِس کتاب میں شامل کر دی گئی ہے۔

اس وصیت نامے میں جن اصحاب کو "ولی" مقرر کیا گیا تھا، اُن میں نابالغوں کے حقیقی ماموں خواجہ عبدالغنی بھی شامل تھے۔ اُن کا ۱۹ مئی ۱۹۳۰ء کو انتقال ہوگیا۔ علامہ نے سید راس مسعود کو لکھا کہ خواجہ عبدالغنی مرحوم کی جگہ وہ اُن کو ولی مقرر کرنا چاہتے ہیں۔ سید صاحب نے مشورہ دیا کہ میں چونکہ لاہور میں نہیں رہتا، اِس لیے میری "ولایت" اِس معاملے میں مفید و کارآمد ثابت نہیں ہوگی۔ چنانچہ ۱۹۳۵ء کے وصیت نامے میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی اور خواجہ صاحب مرحوم کی جگہ کسی دوسرے شخص کو ولی مقرر نہیں کیا گیا۔

"ذکرِ اقبال" میں ۱۹۳۷ء میں ایک اور وصیت کیے جانے کا جو ذکر کیا گیا ہے، شیخ اعجاز احمد کہتے ہیں، وہ درست نہیں ہے۔ اُن کا بیان ہے —

Marfat.com

"وفات کے دوسرے دن یعنی ۲۲ اپریل ۱۹۳۸ء کو چودھری محمد حسین صاحب، منشی طاہر الدین صاحب اور میں سب رجسٹرار لاہور کے دفتر میں گئے۔ اُن دنوں سب رجسٹرار میاں امیر الدین صاحب تھے۔ اُنھوں نے ۱۹۳۵ء والی وصیت ہمارے حوالے کر دی۔ اُس وصیت کی بناء پر پہلے ہم تینوں اور پھر منشی طاہر الدین کے بعد میں اور چودھری محمد حسین صاحب اس فرض کو ادا کرتے رہے۔"

علّامہ کی صحّت

جوانی میں علّامہ اقبال کی صحت بظاہر اچھی نظر آتی تھی، مگر اُن کے برادر زادے شیخ اعجاز احمد کہتے ہیں کہ انھوں نے جب سے ہوش سنبھالا علّامہ کو کسی نہ کسی مرض میں مبتلا پایا۔ مزاج بلغمی تھا۔ تبخیر معدہ کی اکثر شکایت رہتی۔ جب وہ جوان تھے تو اُسی زمانے میں کبھی کبھار درد گردہ کی شکایت ہو جاتی۔ یہ مرض انھیں اپنی والدہ سے ورثے میں ملا تھا۔ (غالباً) ۱۹۲۸ء میں علّامہ کو درد گردہ کے شدید دورے سے دوچار ہونا پڑا۔ بڑی سخت تکلیف اُٹھائی۔ اسی حالت میں حسب ذیل دعائیہ اشعار کہے۔ جو روزنامہ "انقلاب" میں شائع ہوئے تھے:

دہ مرا فرصت بجو حق دو سہ روزے دگرے
کہ دریں دیر کہن بندۂ بیدار کجاست

Marfat.com

میر و مرزا بہ سیاست دل و دیں باختہ اند
جز برہمن پسرے محرم اسرار کجاست؟
اندریں عصر کہ "لا" گفت ز من "الا" گفتم
ایں چنیں بندۂ رہ بیں بہ شبِ تار کجاست؟
حرفِ ناگفتہ مجالِ نفسے می خواہد
ورنہ مارا بہ جہانِ تو سرو کار کجاست؟

حکیم عبدالوہاب صاحب دہلوی جو حکیم نابینا کے لقب سے مشہور تھے، اُن کے علاج سے علامہ کو اتنا فائدہ ہوا کہ پچیس نو سال (سنہ ۱۹۳۷ء) تک گردے میں ذرا سی بھی کسک محسوس نہیں ہوئی، مگر صاحب درد ہونا علامہ کی قسمت میں لکھا تھا۔ دردِ گردہ گیا تو اُس کی جگہ دردِ نقرس نے لے لی، جو پاؤں کے انگوٹھے کے جوڑ میں ہوتا تھا۔ اُس کا دورہ جب بھی پڑتا، علامہ کے لیے سخت تکلیف دہ ثابت ہوتا۔ ایک مرتبہ گرمی کی تعطیلات میں حسبِ معمول سیالکوٹ تشریف لائے اور وہاں دردِ نقرس شروع ہوگیا۔ درد کی وہ شدت کہ پوری رات کرب و بے چینی کے عالم میں تڑپتے گزر جاتی۔ پینے والی دواؤں کے علاوہ ڈاکٹر نے ایک لوشن بھی دیا۔ جس میں لنٹ (Lint) کی پٹی آلودہ کرکے درد کی جگہ پر رکھی جاتی۔ اِس عمل سے قدرے تسکین ہوتی۔ خدا خدا کرکے کئی دن کی تکلیف اور علاج معالجے کے بعد افاقے کی صورت نظر آئی۔

علامہ کا گلا اکثر خراب رہتا۔ اعجاز صاحب کے بقول علاج کرانے میں

Marfat.com

اُن کے معالجوں اور تیمارداروں کو تین دقتوں سے دوچار ہونا پڑتا۔ ایک تو یہ کہ دوا اگر بدذائقہ یا ناگوار بُو والی ہوتی تو علامہ اُس کو پابندی اور باقاعدگی کے ساتھ استعمال کرنے سے جی چراتے تھے۔ دوسرے جو لوگ اُن سے ملنے کے لیے آتے وہ کوئی نہ کوئی مُجرّب اور آزمودہ نسخہ ضرور بتا جاتے۔ علامہ ان نسخوں کو بھی استعمال فرما لیتے۔ تیسری مشکل یہ تھی کہ طبیعت پرہیز کی پابندی سے اُکتراتی تھی۔ اِس طرح باقاعدگی کے ساتھ مسلسل علاج معالجہ نہ ہو سکتا تھا۔

جنوری ۱۹۳۴ء میں یہ واقعہ بلکہ حادثہ پیش آیا کہ عیدی عید کے موقع پر علامہ اقبال نے دہی ڈال کر سویاں کھالیں۔ جس سے شدید پیچش اور کھانسی میں مبتلا ہو گئے۔ یہاں تک کہ کلاہی بخار آگیا اور بات کرنا مشکل ہو گیا۔ ہر قسم کے علاج ہوئے۔ طرح طرح کی تدبیریں کیں مگر بیماری بجائے گھٹنے کے ۔۔۔

اُلٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا

جب کوئی علاج کارگر نہ ہو سکا تو آخر میں حکیم نابینا سے رجوع کیا۔ حکیم صاحب کی تشخیص یہ تھی کہ علامہ کو پہلے دمہ کی شکایت ہے۔ اس کے علاوہ اور بیماریوں کا ہونا بھی ظاہر کیا۔ حکیم صاحب نے علاج سے خاصا افاقہ ہو گیا۔ مگر آواز کی ۔۔۔ ۱۹۳۵ء میں ہمیوپیتھک علاج سے گئے اور وہ بھی علاج بھی آواز میں کچھ ۔۔۔

۱۹۳۵ء اور ۱۹۳۶ء ان دو سالوں میں علامہ کی صحت کچھ ایسی خراب ہوئی کہ ۔۔۔ تھی۔ ڈاکٹروں اور حکیموں کے علاج سے فائدہ نہ ہوتا تھا۔ تمام علاج کے طریقوں کی ۔۔۔

Marfat.com

غیر تسلّی بخش تھی۔ ۱۹۳۶ء کے آخری مہینوں میں ضیق النفس کی شکایت زیادہ ہونے لگی۔ تھوڑی دُور چلنے پھرنے سے سانس پھُول جاتا اور دم چڑھنے لگتا۔ یہ وہ زمانہ ہے جب حکیم نابینا صاحب نظام دکن کے بلاوے پر حیدر آباد تشریف لے گئے تھے۔ علّامہ اقبال وہاں اپنے ایک دوست کو اپنی بیماری کی کیفیت لکھ کر بھیج دیتے اور وہ حکیم صاحب سے دوائیں لے کر بھیج دیتے۔ جب حکیم صاحب حیدر آباد دکن سے دلّی واپس آگئے تو اپریل ۱۹۳۷ء میں علّامہ مرحُوم حکیم صاحب کو نبض دکھانے کے لیے دِلّی تشریف لائے اور افغان قونصل خانے میں اپنے دوست سردار صلاح الدین سلجوقی کے ہاں قیام کیا۔ اعجاز احمد صاحب ان دنوں دلّی میں سب جج کی حیثیت سے متعیّن تھے۔ حکیم صاحب کو نبض دکھانے کے بعد یہ بات طے پائی کہ علّامہ اپنی بیماری اور مزاج و طبیعت کا حال اعجاز صاحب کو لکھ کر بھیجتے رہیں گے اور وہ حکیم صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر اور کیفیت بیان کر کے دوائیں لے کر پارسل کے ذریعے لاہور روانہ کرتے رہیں گے۔ چنانچہ اپریل سے لے کر ماہ دسمبر ۱۹۳۷ء تک اس پروگرام پر عمل ہوتا رہا۔ حکیم صاحب نے علّامہ کو پُورے طور پر آرام کرنے کا مشورہ دیا۔ لکھنے پڑھنے تک کی ممانعت تھی۔ اس لیے علّامہ کسی دُوسرے شخص سے اپنی صحّت و مرض کی کیفیت پوری تفصیل کے ساتھ لکھوا کر بھیجتے۔ اپنے خطوں میں علّامہ تاکید کے ساتھ لکھواتے کہ ——

"ایک ایک بات حکیم صاحب کے گوش گزار کر کے اُن کا جو جواب ہو مجھے اس سے مطلع کریں۔ وہ جو کچھ فرمائیں اُسے

Marfat.com

نوٹ کرتے جائیں"۔

دلّی سے دوائیں بڑی باقاعدگی کے ساتھ بھیجی جاتی رہیں اور اُن سے علامہ کو افاقہ بھی ہُوا۔ ایک خط میں اعجاز صاحب کو لکھا ——

"حکیم صاحب کی دواؤں نے بہت فائدہ پہنچایا ہے
حکیم صاحب طبیب ہونے کے علاوہ درویش بھی ہیں اور
مجھے ان کی یہ ادا نہایت پسند ہے"۔

—— لیکن ——

یہ فائدہ عارضی ثابت ہُوا۔ ۱۹۳۸ء کے شروع ہوتے ہی دمہ کے شدید دورے پڑنے لگے۔ کمزوری بڑھتی گئی۔ طبیعت نڈھال رہنے لگی۔ یہ عارضی افاقہ دراصل سنبھالا یعنی افاقۃ الموت تھا۔ خود علامہ کے اپنے قول کے مطابق ——

"تقدیرِ الٰہی کا مقابلہ تدابیرِ انسانی سے نہیں ہو سکتا"۔

اللہ تعالیٰ کے علم میں ان کی زندگی کے دن پورے ہو چکے تھے۔ آخر وہ دن بھی آگیا جب "کل من علیہا فان" کا ربانی قانون پورا ہو کر رہا

انا للہ وانا الیہ راجعون !

Marfat.com

صدق و اخلاص وصفا باقی نماند

سنہ ۱۳۵۷ھ میں علامہ اقبال کی جب وفات ہوئی تو شعراء کرام نے سینکڑوں تاریخیں کہیں۔ ہر شاعر نے اپنے ذوق، جستجو اور استطاعت کے مطابق بہتر سے بہتر مادۂ تاریخ نکالا۔ اخباروں اور رسالوں میں مہینوں تک تعزیتی مضامین نظمیں اور قطعے آتے رہے، مگر علامہ کے اپنے کلام سے جو تاریخ وفات نکلی وہ اپنا آپ ہی جواب ہے، بلکہ یوں سمجھنا چاہیئے اشارۂ غیبی اور نوشتۂ سروش ہے۔

سنہ ۱۹۳۳ء میں علامہ نے افغانستان کا سفر کیا۔ وہاں سے واپس آنے کے بعد ان کی مثنوی "مسافر" شائع ہوئی۔ یہ سنہ ۱۹۳۴ء کا واقعہ ہے۔ اس کے بعد سنہ ۱۹۳۶ء میں اس مثنوی کے ساتھ ایک اور مثنوی ـــــ "پس چہ باید کرد اے اقوامِ شرق" ـــــ شامل کر کے دونوں مثنویاں اکٹھی شائع کی گئیں۔

اعجاز صاحب راوی ہیں کہ ـــــ سنہ ۱۹۳۶ء کا واقعہ ہے، ان کے دوست حفیظ ہوشیارپوری جو ان دنوں ریڈیو پاکستان کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل ہیں، اپنے مرحوم بھائی عبدالرشید صاحب راحل کے ساتھ ہوشیارپور میں علامہ کی مثنوی "مسافر" پڑھ رہے تھے۔ حفیظ صاحب بلند پایہ شاعر ہونے کے علاوہ تاریخ گوئی میں ید طولیٰ رکھتے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ وہ جب "مسافر" میں "مناجات مرد شوریدہ و دیرانۂ غرب" پڑھتے پڑھتے اس شعر پر پہنچے ـــــ

Marfat.com

صدق و اخلاص و صفا باقی نماند
آں قدح بشکست و آں ساقی نماند

تو انھیں خیال آیا کہ مصرعۂ اولیٰ کے اعداد ۱۳۰۰ (تیرہ سو) سے زائد معلوم ہوتے ہیں۔ دیکھیں اس مصرعے سے کون سا سنہ ہجری نکلتا ہے۔ اُس وقت مصرعے کے حروف کے عدد نکالے گئے، جن سے ۱۳۵۷ کا عدد برآمد ہوا۔ حفیظ صاحب نے اپنے بھائی سے کہا، دیکھیے دو سال بعد ۱۳۵۷ھ میں یہ مصرعہ کس کی تاریخِ وفات کا مصرعہ بنتا ہے۔

اس واقعے کے دو سال بعد علامہ اقبال کا انتقال ہوا۔ حفیظ صاحب اس بات کو بھول چکے تھے۔ اُن کے بھائی نے انھیں یاد دلایا کہ ——— لو

"صدق و اخلاص و صفا باقی نماند"

جس نے کہا۔ یہ مصرعہ خود اُس کی تاریخِ وفات کا مصرعہ بن گیا۔

Marfat.com

Marfat.com

کلامِ اقبال

شیخ اعجاز احمد کو لڑکپن ہی سے علامہ اقبال کے کلام سے دلچسپی اور شغف رہا ہے۔ ۱۹۱۱ء میں جب علامہ نے اپنی شہرۂ آفاق نظم "شکوہ" انجمن حمایت اسلام کے سالانہ اجلاس میں پڑھی تو شیخ صاحب سیالکوٹ سے علامہ کے والدِ بزرگوار کے ہمراہ لاہور گئے اور اس اجلاس میں علامہ کی زبان سے اُن کی نظم سُنی۔ شیخ صاحب اُن دنوں آٹھویں جماعت میں پڑھتے تھے اور ان کی عمر بارہ تیرہ سال کی تھی۔ اسی زمانے میں انھوں نے ایک کاپی میں مختلف رسالوں اور اخباروں سے علامہ کی نظمیں نقل کرنی شروع کیں۔ ان کا یہ شوق ترقی کرتا گیا۔ ۱۹۱۷ء اور ۱۹۱۹ء میں جب وہ اسلامیہ کالج لاہور میں پڑھتے تھے تو علامہ کا کلام جمع کرنے کے انھیں اور زیادہ مواقع میسر آئے۔ شیخ صاحب نے بیس علامہ کی بہت سی نظمیں خود ان کے کاغذوں سے نقل کی ہیں۔ یہ وہ زمانہ ہے جب اقبال انارکلی والے بازار میں رہتے تھے۔

شیخ صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ۔

Marfat.com

"میں خاصا بدخط ہوں۔ اس لیے میری خواہش تھی کہ
چچا جان کا سارا کلام ایک خوبصورت بیاض میں خوشخط لکھوا کر
رکھوں۔ اس خواہش کی تکمیل کا سامان ۱۹۱۹ء میں یوں ہوا
کہ میرے ایک ہم وطن شاہ نواز صاحب نے جو شعر و شاعری
سے دلچسپی رکھتے تھے، میڈیکل کالج لاہور سے ایم۔بی۔بی
ایس کا امتحان دے کر سیالکوٹ میں مطب شروع کیا۔
میں بی۔اے کا امتحان دے کر سیالکوٹ آیا تو اُن کے مطب
میں چونکہ مریض ابھی زیادہ نہیں آتے تھے، لہٰذا شعر و
شاعری کا چرچا رہتا۔ ڈاکٹر شاہ نواز صاحب بڑے خوشخط
تھے۔ انھیں میری خواہش کا علم ہوا تو بڑے شوق اور
بڑے اصرار سے کتابت کا کام اپنے ذمے لیا۔ چنانچہ موجودہ
بیاض بڑے اہتمام سے تیار کرائی گئی اور ڈاکٹر شاہ نواز
صاحب نے میری کاپی سے چچا جان کا کلام بیاض میں نقل
کرنا شروع کر دیا۔ کاپی میں تو یہ سب کلام بے ترتیب
لکھا ہوا تھا۔ بیاض کے لیے طے پایا کہ پہلے اردو غزلیات،
اُن کے بعد فارسی کلام، جو بہت زیادہ نہ تھا۔ اُس کے بعد
وہ کلام جو الٰہ آبادی مرحوم کے رنگ میں تھا اور سب
سے آخر میں نظمیں درج کی جائیں۔ چنانچہ ہر روز میں اور

Marfat.com

ڈاکٹر شاد نواز بہت سا وقت اس کام میں صرف کرتے جب
میں لاء کالج میں داخلہ لینے کے لیے لاہور جانے لگا اس
وقت تک غزلیات، فارسی کلام اور اکبری اقبال کا بہت
سا حصّہ بیاض میں نقل ہو چکا تھا، لیکن ابھی بہت سا کلام
باقی تھا جس کو شاہ نواز صاحب نقل نہ کر سکے۔ کیونکہ جب
میں دوبارہ کالج کی چھٹیوں میں سیالکوٹ آیا تو ڈاکٹر صاحب
کا کام چل نکلا تھا اور انھیں اتنی فرصت نہیں ملتی تھی کہ وہ
اس کام کو جاری رکھ سکیں۔ چنانچہ باقی کلام میں نے خود اپنے
قلم سے اس بیاض میں منتقل کیا۔ لاء کالج کے زمانے میں بھی
کالج کلب چچا جان کی میز پر سے ان کا تازہ کلام نقل
کرنے کا موقع مل جاتا۔۔۔۔۔"

"سنہ ۱۹۲۱ء کے ابتدا کی بات ہے۔ میرے ایک
دوست کے عزیز جو میرٹھ کے رہنے والے تھے ان کے
پاس سیالکوٹ آئے ہوئے تھے۔ ان کا نام جہاں تک مجھے
یاد ہے مشتاق تھا۔ شعر سے دلچسپی رکھتے تھے اور اکثر ہماری
مجالس میں شامل ہوتے تھے۔ انھوں نے بیاض دیکھی تو
کہا کہ تمھارے چچا اپنے کلام کا بہت سا حصّہ ضائع ہونے سے
کرتے۔ بڑے اصرار کے ساتھ مجھ سے خط لکھوایا کہ انھیں

Marfat.com

اگر اجازت دی جائے تو وہ اس مجموعے کو شائع کرنے پر تیار ہیں۔ اس کے جواب میں چچا جان نے لکھا کہ وہ خود اپنی نظموں کا ایک مجموعہ اشاعت کے لیے مرتّب کر رہے ہیں، لہٰذا وہ اپنی نظموں کی اشاعت کی اجازت نہیں دے سکتے۔ چنانچہ مشتاق صاحب کی خواہش دل کی دل ہی میں رہ گئی۔"

علّامہ کا یہ خط انگریزی میں ہے۔ اس کا عکس ذیل میں دیا جا رہا ہے ——





Lahore
10th Jan. 1921

My dear Ijaz,

I am afraid I cannot accede to your friends' request for reasons which it is unnecessary to detail here. The most important of these reasons is that I am already preparing a collection of poems for publication

Yours affly
Muhammad Iqbal
Lahore

Marfat.com

علامہ اقبال کے کلام کی نقل و اشاعت کا ذکر چھڑا ہے تو اس واقعے کا اظہار بھی خالی از دلچسپی نہ ہوگا کہ علامہ جب اپنے پہلے مجموعۂ کلام "بانگِ درا" کی ترتیب و اشاعت کی تیاری میں مصروف تھے، تو ریاست حیدرآباد دکن کے نائب صدرِ محاسب (اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ جنرل) عبدالرزاق صاحب آشد نے جون ۱۹۲۴ء میں علامہ کے اردو کلام کا ایک مجموعہ رسالوں، اخباروں اور کتابچوں سے نقل کر کے "کلیاتِ اقبال" کے نام سے علامہ کی اجازت کے بغیر شائع کر دیا۔ علامہ نے اس کا سخت سے نوٹس لیا۔ کیونکہ "بانگِ درا" بھی شائع ہونے والی تھی۔

علامہ کی وفات کے بعد اب تک تین مجموعے ان کے ایسے کلام کے شائع ہو چکے ہیں جو علامہ کے خود مرتب کردہ کسی مجموعے میں شامل نہیں۔ ان میں سے "رختِ سفر" اور "باقیاتِ اقبال" ۱۹۵۲ء میں اور "مرودِ رفتہ" ۱۹۵۹ء میں شائع ہوئی۔ تینوں میں بہت سا کلام مشترک ہے۔ "مرودِ رفتہ" میں شائع ہونے والے اشعار کی تعداد اول الذکر دونوں مجموعوں سے بہت زیادہ ہے۔

اعجاز صاحب کا خیال تھا کہ ان کی بیاض میں اب تھوڑا ہی کلام ایسا ہوگا جو شائع نہ ہو چکا ہو۔ لیکن علامہ کے اپنے مرتب کردہ مجموعوں اور بعد میں شائع ہونے والے مجموعوں سے موازنہ کرنے سے معلوم ہوا کہ ابھی کافی کلام ان کی بیاض میں ایسا ہے جو شائع نہیں ہوا۔ چنانچہ یہی اسے مایہ ناز انہوں نے اپنی کلام اقبال کی جلد دوم میں ان اشعار کو شائع کرنے کی اجازت دے دی جنہیں کلام اقبال کے ایک علیحدہ اور مستقل باب کی صورت میں شامل کیا جا رہا ہے۔

Marfat.com

علامہ اقبال کے ان اشعار کے مطالعے سے اربابِ ذوق اور سخن سنج حضرات اس کا اندازہ کر سکیں گے کہ اقبال کی شاعری نے کس تدریج کے ساتھ ترقی کی ہے اور نو مشقی سے پختہ گوئی اور قادر الکلامی تک وہ کن راہیوں اور منزلوں سے گزر کر پہنچے ہیں اور ان کے کلام کو کب بلوغ نصیب ہوا ہے۔ یہاں تک کہ ان کی شاعری "جزو لیست از پیغمبری" کا مصداق بن گئی۔

اللہ تعالیٰ نے دُنیا میں جتنے بھی نبی اور رسول بھیجے انھوں نے دُنیا سے کچھ نہیں سیکھا۔ بلکہ ہمیشہ دُنیا کو سکھایا۔ اسی لیے اُن کے ارشادات نو مشقی اور ترقی و پختگی کے مراحل و مدارج کے وجود سے آشنا نہیں ہوتے تھے بلکہ وہ آغازِ نبوت ہی میں درجۂ کمال کو پہنچے ہوئے تھے۔ اس کے برعکس دُنیا کے دوسرے اہلِ فکر ارباب ادب اور شعرا بچپن، جوانی اور بڑھاپے کا اثر قبول کرتے ہیں۔ اُن کے یہاں مشق و مطالعے کے ساتھ ساتھ ترقی نظر آتی ہے۔ علامہ اقبال کی شاعری پر بھی ترقی کے یہ تمام ادوار گزرے ہیں جن کی نمایاں جھلک مندرجہ ذیل اشعار میں دکھائی دیتی ہے۔ ان اشعار سے اس کا بھی پتہ ملتا ہے کہ اقبال کا دل ہی نہیں شعور بھی بیدار تھا۔ اپنے قلم سے نکلے ہوئے ہر شعر کی اشاعت پر انھیں اصرار نہ تھا۔ علامہ نے خود اپنے ہی گلدستۂ افکار سے لالہ و گل اور شعلہ و شبنم کو چن کر جدا کیا ہے۔

علم و ادب کی دُنیا میں ایسے واقعات ملتے ہیں کہ مشاہیر کی وفات کے بعد اُن کے عقیدتمندوں نے اُن کے قلم سے نکلے ہوئے ایک ایک شعر اور ایک ایک سطر

Marfat.com

کو محفوظ کیا ہے۔ مثلاً غالب کے "نسخۂ حمیدیہ" میں غالب کا وہ سب کلام جمع کر دیا گیا ہے، جسے غالب اور اُن کے اہلِ علم ہم نشینوں اور دوستوں نے انتخاب کے قابل نہ سمجھا تھا۔ اسی طرح لسان العصر حضرت اکبر الٰہ آبادی کے بدو شعور سے لے کر زندگی کے آخر دور تک کا تمام کلام متعدد جلدوں میں چھاپا گیا ہے۔ یہی نوعیت کلام اقبال کے اس باب کی ہے۔ اس کلام میں اُن کے نومشقی کے زمانے کے ایسے اشعار بھی ملیں گے:۔

وُہ کہتے ہیں یُوں میری میّت پہ آ کر
جو وحشت ہے تو پھاڑ دے اب کفن بھی

○

میری فُرقت میں تم مرو توبہ!
یہ حسینوں کے جال ہوتے ہیں

○

مشّاطہ باندھ کس کے حنا بند اس قدر
بولیں بگڑ کے "وائے یہ اچھی حنا لگی!"

علّامہ اقبال نے نوّاب مرزا داغ کے آگے جب زانوئے تلمذ تہ کیا تھا۔ اُن کی غزل کا یہ مقطع غالباً اُسی زمانے کا ہے۔

تُجھ کو اقبال اُن سے کیا نسبت
دلّی والے زبان والے ہیں!

مگر پھر مشق و مطالعے کی ترقّی کے بعد وہ یوں فرماتے ہیں۔

Marfat.com

نہ یہ دلّی کی اردو ہے نہ یہ پورب کی بولی ہے
زباں میری ہے اے اقبالؔ! بولی دردمندوں کی

پھر فکر و نظر کی بلندی نے ان کی شعر گوئی کو اس اعلیٰ معیار تک پہنچا دیا ہے۔

گفتند فطرتِ گلِ خنداں نصیبِ تو
گفتم مزاجِ غنچۂ دل گیرم آرزوست!
سوزِ حیات باز بہ بخشی اگر مرا
چیزے کہ دیگر از تو نمی گیرم آرزوست!

○

رونقِ میخانہ باقی گردشِ صہبا سے ہے
گردشِ صہبا وصالِ ساغر و مینا سے ہے

○

گداگری ہے حقیقت میں وعدۂ احساں
کرم ستم ہے جو سائل کو انتظار رہے

طنز و مزاح میں یہ قطعہ کس قدر لطف انگیز ہے ——

ہر محکمے میں عہدے تقسیم ہوں برابر
ہوتی نہیں ہے ہم کو جنگ و جدل سے سیری
خفیہ پولیس میں جب سے حد ہو گئی ہے قائم
ہندو ہیں پیڈ[1] افسر مسلم ہیں آنریری[2]

[1] Paid [2] Honorary

Marfat.com

شیخ اعجاز احمد کی قیمتی بیاض میں مطبوعہ اور غیر مطبوعہ ہر قسم کے اشعار غزلیں، نظمیں اور قطعے درج تھے۔ پوری دیدہ ریزی کے ساتھ اس کی کوشش کی گئی کہ "روزگارِ فقیر" میں وہ اشعار لیے جائیں جو نہ علامہ کے مرتب کردہ مجموعوں اور نہ باقیاتِ اقبال کے موضوع کی کسی کتاب میں پائے گئے ہیں۔ گویا علامہ کے کلام کے تمام مجموعوں اور باقیات کے موضوع کی کم و بیش تمام کتابوں سے موازنہ کے بعد صرف وہی اشعار درج کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو یا تو بالکل ہی غیر معروف ہیں اور یا ایک آدھ بار اس زمانے میں کسی اخبار یا جریدے کی زینت بن کر نظر سے اوجھل ہو گئے۔ اگر اس موازنے میں کوئی کوتاہی نظر آئے تو اسے محض سہو سمجھنا چاہیے۔

اپنے اشعار کاغذ پر نقل کرتے ہوئے خود شاعر سے بھی بعض اوقات بھول چوک ہو جاتی ہے۔ رسالوں اور اخباروں میں بھی کتابت کی غلطیاں رہ جاتی ہیں۔ پھر نقل کرنے والے سے بھی سہو و تسامح کا امکان ہے، بہر حال شیخ صاحب کی بیاض میں جس طرح اشعار درج تھے، اُن کو اسی طرح نقل کیا گیا ہے۔

آخر میں راقم الحروف کو یہ عرض کرنا ہے کہ علامہ اقبال کے ان اشعار سے اُن کے کمالِ فن کا اندازہ لگانے کی غلطی نہیں کرنی چاہیے۔ جو نمونے خود انھوں نے خود مرتب کیے ہیں وہی دراصل وہی ان کے کمالِ فن کا حقیقی نمونہ ہیں۔

Marfat.com

فارسی کلام

غزلیات

"پیامِ مشرق" میں چھ اشعار کی ایک غزل ہے، جس کا مطلع ہے ؎

بیار بادہ کہ گردوں بکامِ ما گردید ۔ مثالِ غنچہ نوا ہا ز شاخسار دمید

اِس غزل کے تین شعر جو "پیامِ مشرق" میں یا کہیں اور شائع نہیں ہوئے حسبِ ذیل ہیں ——

زخارِ راہ مترس اے جوان وہمّت خواہ
بمنزلے نہ رسید آنکہ زحمتے نہ کشید

مریدِ صوفیِ پیرم کہ ساغرِ لب ریز
بلب رساند بدآنساں کہ قطرۂ نہ چکید

Marfat.com

چناں ز نقشِ دوئی شُست لوحِ خاطرِ خویش
کہ وحشیٔ تو ہم از آہوئے خیال رمید

○

غزل کے چار شعر جو کسی مجموعے میں نہیں پائے گئے۔

پیرہنِ وجودِ من چہ آتشِ جنوں گرفت
سینہ بہ برق دہم دیدہ بہ نیشتر زنم
من آں نیم کہ غش کنم بر سرِ طور چوں کلیم
برقِ تجلّی ترا ایرم و بر جگر زنم
رندِ ہزار شیوہ ام سرخوش و ہوشیار ہم
بادہ بیک نفس کشم شیشۂ بہ سر زنم

○

Marfat.com

غزل کے پانچ اشعار جو کسی مجموعۂ کلام میں نظر نہیں آئے:

اے گُل ز خارِ آرزو آزاد چوں رسیدۂ
تو ہم ز خاکِ ایں چمن مانندِ ما دمیدۂ

اے شبنم از فضائے گل آخر ستم چہ دیدۂ
دامن ز سبزہ چیدۂ تا با فلک رسیدۂ

با من بگو کہ ہمچو گُل ہمواره شاخ بستہ باش
مانندِ موجِ بُو مرا آوارہ آفریدۂ!

اُفتی اگر بدستِ ما حلقہ بہ گردِ تو کشم
ہنگامہ گرم کردۂ خُود از میاں رمیدۂ

اقبالؔ عزّتِ تو ام نشتر بدل ہمیں زند
تو در ہجومِ عالمے یک آشنا نہ دیدۂ

Marfat.com

"پیامِ مشرق" میں چھ اشعار کی ایک غزل کا مطلع ہے ؎

تیر و سنان و خنجر و شمشیرم آرزوست
با من میا کہ مسلکِ شبّیرم آرزوست

اِس غزل کے باقی چار شعر جو "پیامِ مشرق" میں نہیں، درجِ ذیل ہیں : ...

گفتند فطرتِ گُلِ خنداں نصیبِ تو
گفتم مزاجِ غنچۂ دلگیرم آرزوست!

عذرِ گناہ کردم و دل در کنارِ من
آہے کشید و گفت کہ تعزیرم آرزوست

سوزِ حیات باز بہ بخشی اگر مرا
چیزے کہ دیگر از تو نمی گیرم آرزوست

تیغے بروئے کافر و تیغے بروئے خویش
در کارزارِ عشق دو شمشیرم آرزوست!

Marfat.com

"پیامِ مشرق" میں پانچ اشعار کی ایک غزل ہے جس کا مطلع ہے ؎

در جہانِ دلِ ما دورِ قمر پیدا نیست انقلابیست و لے شام و سحر پیدا نیست

اِس غزل کا پہلا شعر جو "پیامِ مشرق" میں شائع نہیں ہوا، حسبِ ذیل ہے ؎

عرب از زورِ عمل دست بہ شمشیر آمد
عجم از ضعفِ عمل گفت کہ شر پیدا نیست

"پیامِ مشرق" میں سات اشعار کی ایک غزل کا مطلع ہے ؎

شعلہ در آغوش دارد عشقِ بے پروائے من
برنہ خیزد یک شرار از حکمتِ نازائے من

اِس غزل کا عنوان پہلے "نذرِ ہندوستان بہ دربارِ رسالت" تھا۔ اس کے دو شعر جو "پیامِ مشرق" میں نہیں ہیں، درج ذیل ہیں ؎

تا دمِ گرمم ز تابِ ایں چمن افزوں تر است
نغمۂ شوخم بخود می پیچد اندر نائے من

Marfat.com

خاک را از جرعۂ باز آتشِ در گیر کُن
ساقیِ من جامِ من مینائے من صہبائے من

○

"پیامِ مشرق" کی غزل جس کا مطلع ہے ؎

آشنا ہر خار را از قصۂ ما ساختی
در بیابانِ جنوں بُردی و رُسوا ساختی

کے پانچ اشعار جو "پیامِ مشرق" یا کسی اور مجموعے میں شائع نہیں ہوئے درج ذیل ہیں ؎

اے خُنک روزے کہ فرمانِ پریشانی دہی
مُشتِ خاکے را کہ حشرِ آرزوہا ساختی

جُرمِ امروز است و خالِ چہرۂ فردائے حشر
آفتابِ ایں سحر از ظلمتِ ما ساختی

ایں چہ افسوں دیں چہ نیرنگ است اے حُسنِ نہیں
دیدۂ بخشیدی و محرومِ تماشا ساختی

Marfat.com

اے سَرَت گردم چہ پنداری کہ ما نشناختیم
چاک دامانِ خود از دستِ زلیخا ساختی

بر لبِ اقبال مُہرِ خامشی زیبا نہ بُود
چوں دلِ وارفتہ اش را نغمہ پیرا ساختی

Marfat.com

منظومات

کتبۂ مزار

۴ ایسے اشعار جو علامہ کے کسی مجموعہ کلام میں نظر نہیں آئے

گماں مدار کہ انجامِ سوختن خاک است
سرشتِ عشق ز آمیزشِ فنا پاک است

نگر کہ صیدِ محبت چہ صید گر آید
عتابِ موت ہم از بستگانِ فتراک است

وداعِ غنچہ پیامے ز آفرینشِ گل!
گل است غنچہ کہ جیبِ حیات و چاک است

دمے نواز دمم و رخت ازیں چمن بستم
کہ آشیانۂ بلبل بروں ز افلاک است!

Marfat.com

پیغام

یہ دو شعر کسی مجموعۂ کلام میں شائع نہیں ہوئے ——

بامرغِ حرم از منِ دل سوختہ فرما
اے آنکہ ز صحرا نفس آزاد برآری
جویائے گلستانی و از طائرِ گمراہ
ترسم کہ سراز خانۂ صیاد برآری

اَلوَر

یہ چار شعر کسی مجموعے میں نظر نہیں آئے ——

گر فلک در اَلوَر اندازد ترا!
اے کہ می داری تمیزِ خوب و زشت
گوئمت در مصرعۂ برجستۂ
آنکہ بر قرطاسِ دل باید نوشت

Marfat.com

آدمیّت در زمین او مجو !
آسماں ایں دانہ در آلور نہ کشت
کشت اگر از آب و ہوا خرسند است
زانکہ خاکش را خرے آمد سرشت

نوائے بے نوا

(شبیرؓ و جہاں آفرینی)

یہ پانچ اشعار روزنامہ انقلاب کے شذرہ نمبر کے لیے لکھے گئے تھے جو کسی مجموعے میں نظر نہیں آئے۔

بیا تا ازیں انجمن بگذریم !
ازیں کاخ و کوئے کہن بگذریم
دگر خیمہ در کربلائے زنیم
بہ ایں بے نوائی نوائے زنیم

Marfat.com

نوائے کہ آتش کند خاک را
نوائے کہ واسوزد افلاک را

نوائے کہ بے سازِ تقدیر نیست
نوائے کہ بے ضربِ شبّیر نیست

اگر بندۂ ایں نوائے زند
چو یزداں جہاں آفریدن کند

عبد و حُر

یہ سات اشعار کسی مجموعہ کلام میں نظر نہیں آئے

نکتۂ گوئمت روشن چو دُر
تا شناسی امتیازِ عبد و حُر

عبد گردد یاوہ در لیل و نہار
در دلِ حُر یاوہ گردد روزگار

Marfat.com

عبد از ایّام می بافد کفن
روز و شب را می تند بر خویشتن!

مردِ حُر خود را ز گل در می زند
خویش را بر روزگاران می تند!

عبد چو طائر بدام صبح و شام
لذّتِ پرواز بر جانش حرام!

سینهٔ آزاده چاک نفس
طائر ایّام را گردد قفس!

روز و شب بر دوش عبد آید سوار
حُر سوارِ ابلقِ لیل و نهار

Marfat.com

زندگی

"پیامِ مشرق" میں اس عنوان کے تحت پانچ اشعار شائع ہوئے ہیں جن کا پہلا شعر حسبِ ذیل ہے :-

پرسیدم از بلند نگاہے حیات چیست ؟
گفتا مئے کہ تلخ تر او نکو تر است !

چوتھا شعر حسبِ ذیل ہے —

گفتم دریں زیاں کدہ عالم است زندگی
گفتا بہائے او ز دو عالم فزوں تر است !

دُعا

۱۹۲۸ء میں علامہ اقبال نے دردِ گردہ کے دوران چار دعائیہ اشعار کہے تھے ان میں سے تین اشعار "سرودِ رفتہ" میں شائع ہو گئے ہیں جن میں کا پہلا شعر یہ ہے

دو مرا فرصت ہو حق دو سہ روزے دگر
کہ دریں دیرِ کہن بندۂ بیدار کجاست !

چوتھا شعر جو "سرودِ رفتہ" میں شائع نہیں ہوا حسبِ ذیل ہے :-

Marfat.com

اندریں عصر کہ 'لا' گفت من 'الا' گفتم
ایں چنیں بندۂ رہ بیں بہ شبِ تار کجاست!

گوئٹے

غالب کا ایک شعر ہے

تا بادہ تلخ تر شود و سینہ ریش تر
بگدازم آبگینہ و در ساغر افگنم

اسی زمین میں علامہ نے انگریز شعرا براؤننگ اور بائرن۔ جرمن شاعر گوئٹے اور مولانا رومی کے متعلق ایک ایک شعر کہا تھا۔ براؤننگ بائرن اور مولانا رومی کے متعلق اشعار تو پیامِ مشرق میں شائع ہو چکے ہیں۔ گوئٹے والا شعر جو کہیں نظر نہیں آیا۔ ذیل میں درج ہے۔

تا آب و تاب بادہ شود دل فروز تر
آب از گہر بگیرم و در ساغر افگنم

Marfat.com

قطعات

یہ قطعہ کسی مجموعۂ کلام میں نہیں پایا گیا۔

گفت با لیڈرِ ما حضرتِ شیطاں کہ خوشم
روز و شب در ہوسِ مرتبۂ جم باشی
گامت اندر طلبِ جاہ سبک باد کہ تو
رونقِ محفلِ اربابِ صفا کم باشی
صدرِ ہر محفلے و ناظمِ ہر انجمنے
خوش بود آنکہ پس از مرگ چناں ہم باشی
..... مزرعِ عقبےٰ ست تو ہم می دانی
قولِ من گوش کن ار وارثِ آدم باشی

Marfat.com

"ہر گناہے کہ کُنی در شبِ آدینہ بگُن
کہ تو از صدر نشینانِ جہنّم باشی"

سنہ ۱۹۱۴ء

○

یہ قطعہ رسالہ "مرقع" جنوری سنہ ۱۹۲۶ء کے لیے کہا گیا تھا۔ علامہ کے کسی مجموعے میں نظر نہیں آیا ——

گفتند دل آزاد کہ پیوستہ نکوتر
گفتم کہ ز بندِ دو جہاں رستہ نکوتر
گفتند ز خلوت کدۂ خویش بروں تاف
گفتم شررِ جستہ ز ناجستہ نکوتر
گفتند کہ در بارۂ دو چیز دگر گو
گفتم چو گل از باد صبا خستہ نکوتر

Marfat.com

یہ قطعہ رسالہ "نورجہاں" دسمبر ۱۹۲۵ء کے لیے کہا گیا۔

تابِ زن مثلِ گہر بر خویشتن پیچیدہ بہ
چشمہ زارِ زندگانی از نظر پوشیدہ بہ
زندگی بحرِ بر آشوب است و زن پایابِ او
موج و گردابش نگر پایابِ او نادیدہ بہ
آشکارائی ز سرِّ آفرینش دُوری است
زانکہ حفظِ جوہرِ ہر خلق از مستوری است

Marfat.com

متفرّقات

مندرجہ ذیل پانچ اشعار کسی مجموعے میں نہیں پائے گئے۔

چرخِ ستم پیشہ داد خاکِ مرا کش بہ باد
خیز کہ یک دجلہ آب از سرِ ایراں گزشت

مُسلمِ کافر نما شد ز حرم گوشہ گیر
بر سرِ پیمانہ شد از سرِ پیماں گزشت

کشتیِ ایماں شکست کفر بہ افسوں گری
دامنِ خود ہمچو موج پیچید و ز طوفاں گزشت

بست تمنّائے دید عہد چکیدان بہ اشک!
خوں شد و در دل بماند اشک دماں گزشت

Marfat.com

خیز و شرابِ کہن باز بہ پیمانہ ریز
باز بہ پہلوئے ما طرحِ پری خانہ ریز

○

حسبِ ذیل اشعار کسی مجموعے میں نہیں پائے گئے:

مثالِ شمع زبانم ز آتشِ غم سوخت
نگاہ سوخت بچشم ببینہ ام دم سوخت
متاعِ ہستیِ من سوخت مغز جانم سوخت
دلم بسوخت تنم سوخت استخوان ہم سوخت
تمام سوختم و ذوقِ سوختن باقیست!

○

Marfat.com

"پیامِ مشرق" میں متفرق اشعار کے تحت دو شعر درج ہیں۔ پہلا شعر یہ ہے:

منم کہ طوفِ حرم کردہ ام بُتے بہ کنار منم کہ پیشِ بتاں نعرہ ہائے ہُو زدہ ام

ان کے ساتھ دو شعر اور تھے، جو "پیامِ مشرق" یا کسی اور مجموعے میں شائع نہیں ہوئے، حسبِ ذیل ہیں ——

زمانہ پیشِ نگاہم گزشت و می گزرد
چو سرو خیمۂ ہستی کنارِ جُو زدہ ام
دلِ تپیدہ کہ صُبحِ ازل مرا بخشید
زبر گرفتہ و بازش بروئے اُو زدہ ام

○

تین اشعار جو کسی مجموعے میں نہیں پائے گئے:

"آب کہ از جُو گزشت، باز نیاید بجُو"
شبنمِ بیدار دل گفت بہ گلِ یک سحر
اے دلِ تو لختِ لخت از ستمِ آرزو

Marfat.com

برگِ تو از ہم شکست باز بہم آورش
رخت بہ منزل نبُرد آنکہ نبندد بخت بو

غنچہ کہ حرفش شنید خندہ فرو خورد و گفت
"آب کہ از جُو گزشت باز نیاید بجُو"

○

حسبِ ذیل دو شعر بھی کسی مجمُوعۂ کلام میں نہیں ملے:

متاعِ قافلۂ ما حجازیاں بُردند
ولے تو لب نہ کشائی کہ یارِ ما عربی است

نہالِ تُرک ز برقِ فرنگ بار آورد
ظہورِ مُصطفویؐ را بہانہ بُولہبی است

○

Marfat.com

غزلیات

شاعرِ مشرق علامہ اقبال کی جو معروف اور غیر معروف غزلیات یہاں پیش کی جا رہی ہیں۔ ان میں سے بعض اُن کی شعر گوئی کے بالکل ابتدائی دور سے متعلق ہیں۔ ذیل میں سات اشعار کی ایک غزل پیش کی جا رہی ہے۔ علامہ کے کسی مجموعۂ کلام یا باقیاتِ اقبال کے موضوع کی کسی کتاب میں یہ اشعار نظر نہیں آئے۔

غزل

میں تو کچھ اور ہو گیا جب سے
تیری محفل میں باریابی ہے

حسن مرتا ہے پردہ داری پر
عشق کو شوقِ بے حجابی ہے

Marfat.com

موت کے بعد دیکھیے، کیا ہو
زندگی میں تو سو خرابی ہے!

بادہ کش ہے نگاہ گلشن میں
پھول ساغر، کلی گلابی ہے!

آدمی کام کا نہیں رہتا
عشق میں یہ بڑی خرابی ہے

لن ترانی بھی، طور سوزی بھی
پردے پردے میں بے حجابی ہے

پوچھتے کیا ہو مذہبِ اقبال
یہ گنہ گار بوترابی ہے!

○

Marfat.com

غزل

اس غزل کا صرف مقطع "سرودِ رفتہ" میں اور ایک شعر "رختِ سفر" میں شائع ہوا ہے
باقی غزل حسبِ ذیل ہے۔

جو مضموں میرے دل سے حرفِ موزوں بن کے نکلے ہیں
وہی طائر بھی آخر گنبدِ مدفن کے نکلے ہیں!

مری جاں داستاں میری کلیجہ تھام کر سننا
کہ میرے حال پر آنسو مرے دشمن کے نکلے ہیں

مسافر منچلے ہوتے ہیں کیا راہِ محبت کے!
متاعِ دل کو لے کر واسطے رہزن کے نکلے ہیں

رفو اے بخیہ گر! چاکِ محبت ہو تو کیونکر ہو؟
مرے زخموں پہ آنسو دیدۂ سوزن کے نکلے ہیں

پسند آئی نہ اُن کو سیرِ گلستانِ امیں کی
مگر صحرائے یثرب میں وہ کیا بن ٹھن کے نکلے ہیں

Marfat.com

کبھی اس راہ سے شاید سواری تیری گزری ہے
کہ میرے دل میں نقشِ پا ترے توسن کے نکلے ہیں

کرامت دیکھ اے دستِ جنوں، بادِ محبّت کی!
عرب میں جا کے پرزے میرے پیراہن کے نکلے ہیں

گلستانِ جہاں میں مثلِ بلبل اُڑتے پھرتے ہیں
قلم سے شعر گویا میرے پریاں بن کے نکلے ہیں

سبب اے ہم نشینو! کچھ نہ پوچھو میرے رونے کا
یہ ارماں ہیں کہ جو آنکھوں سے آنسو بن کے نکلے ہیں

نہ تڑپایا کسی کو تیرے نظّارے کے ارماں نے
کہ سارے دیکھنے والے تری چلمن کے نکلے ہیں

کیا حیراں فرشتوں کو بھی تیرے دردمندوں نے
خدا جانے تری محفل سے یہ کیا بن کے نکلے ہیں

Marfat.com

حضرتِ ناصح کو اُس محفل میں لے جا کر کہا
ہاں بتا، اب میں ہُوں دِیوانہ کہ تو دیوانہ ہے

تیری محفل میں کبھی چلتا، کبھی رُکتا ہے یہ
ذکر بھی میرا مگر میری طرح دیوانہ ہے!

اُس نے زانُو بدلا تو تعظیم کو اُٹھنے لگا
تو بھی اے دردِ دلِ مضطر! کوئی دیوانہ ہے

شورشِ قَالُوا بَلٰی اُٹھی جہاں صُبحِ الست
دل اُسی میخانے کا ٹُوٹا ہُوا پیمانہ ہے

اُڑ کے اے اقبال! سوئے بزمِ یثرب جائے کا
رُوح کا طائر عرب کی شمع کا پروانہ ہے

Marfat.com

وہ مذبوحِ ازل ہوں میں کہ خنجر سب حسینوں کے
پُرانے آشنا میری رگِ گردن کے نکلے ہیں!

غزل

اس مشہور غزل کے گیارہ اشعار باقیات میں چھپ گئے ہیں۔ دو شعر یہ ہیں:

عجب شیوۂ عاشقی ہے جہاں میں
نہ معذور رکھنا، نہ معذور رہنا

مقدّر کی تقسیم ہوتی تھی جس دم
پسند آگیا دل کو مجبُور رہنا

غزل

یہ مکمّل ابتدائی غزل جو ۱۸ اشعار پر مشتمل ہے، کسی مجموعے میں نظر نہیں آئی۔

برسرِ زینت جو شمعِ محفلِ جانانہ ہے!
شانہ اُس کی زلفِ پیچاں کا پرِ پروانہ ہے

Marfat.com

شکوۂ جور و جفا سے باز آجاتے ہیں ہم
کیوں صفِ محشر میں حالت تیری بیتابانہ ہے

کچھ خبر لو تم کہیں اسیرِ زلفِ پیچاں کی مگر
سو زبانیں اس کی ہیں کیا اعتبارِ شانہ ہے

اللہ اللہ دیدۂ واعظ میں اُڑ کر جا پڑی
پردہ دارِ مے کشاں خاکِ درِ میخانہ ہے

میری باری پر گرا ہے دیکھیے تو جذبِ شکست
ساقیا! توبہ سے پہلے ٹوٹتا پیمانہ ہے!

ننگ الٹی ہیں عبادت کا مری مے خواریاں
روکشِ سجدہ مری ہر لغزشِ مستانہ ہے

ہو گیا میری جبیں سے بت پرستی کا ظہور
خطِ پیشانی رگِ سنگِ درِ میخانہ ہے

Marfat.com

سنا ہے صورتِ سینا نجف میں بھی اے دل!
کوئی مقام ہے غش کھا کے گرنے والوں کا!

نہ پوچھ مجھ سے حقیقت دیارِ لندن کی
یہ اک جہان ہے گویا پری جمالوں کا

ولی بھی، رند بھی، شاعر بھی، کیا نہیں اقبالؔ!
حساب ہے کوئی کم بخت کے کمالوں کا!

غزل

اس غزل کے پانچ اشعار شائع ہو چکے ہیں۔ مندرجہ ذیل آٹھ اشعار کسی مجموعے میں نہیں ہیں

تو نہاں مجھ سے مرے داغِ جگر کی صورت
میں نہاں تجھ سے ترے موئے کمر کی صورت

خیر، کیا بات ہے پتھر ہے اگر دل تیرا
ہم بھی اِس سنگ میں رہتے ہیں شرر کی صورت

Marfat.com

چلے جاتے ہیں سیدھے پھر ادھر کا رُخ نہیں کرتے
جو مثلِ بُو نظارے چھوڑ کر گلشن کے نکلے ہیں

خدا جانے یہاں کی ہے ہوا وُسعت فزا کیسی
تری درگاہ سے ذرّے بیاباں بن کے نکلے ہیں

جو اپنی کشتِ زارِ دل کو میں نے اے فلک دیکھا
ستارے بھی ترے دانے مرے خرمن کے نکلے ہیں

جنھوں نے مثلِ شبنم اس چمن میں آپ کو دیکھا
وہی عاشق کسی کے چہرۂ روشن کے نکلے ہیں

تمنا کی جو وسعت میں نے اپنے دامنِ دل کی
ہزاروں دشت اک گوشے میں اس دامن کے نکلے ہیں

برہمن روزِ محشر ڈھونڈتا پھرتا ہے واعظ کو
صنم جو تھے وہ پتھر واہ کیا ایمان کے نکلے ہیں

Marfat.com

غزل

مندرجہ ذیل چار اشعار کسی مجموعے میں نظر نہیں آئے :

نظارۂ کہکشاں نے مجھ کو عجیب نکتہ یہ کل سُجھایا
ہزار گردش رہی فلک کو مگر یہ تارے بہم رہے ہیں

کوئی غرورِ شہنشہی سے یہ جا کے میرا پیام کہہ دے
کہ اس زیاں خانے میں سکندر رہے نہ دارا نہ جم رہے ہیں

قفس میں اے ہم صفیر! اگلی شکایتوں کی حکایتیں کیا
خزاں کا دورہ ہے گلستاں میں نہ تو رہا ہے نہ ہم رہے ہیں

اگر تمنّا ہو عافیت کی خُدا سے بیگانگی نہ کرنا
جہاں میں تیرِ ستم سے امین طیورِ بامِ حرم رہے ہیں

○

Marfat.com

غزل

"رختِ سفر" اور "سرودِ رفتہ" میں پانچ اشعار شائع ہوئے ہیں۔ تین یہ ہیں:

دشمن شبِ فراق میں ہے اپنا آپ ہی
آجائے موت اپنی تو گنگا نہائیں ہم

ڈرتے تھے جس کے واسطے وُہ بات اب کہاں؟
تو ایک اب کہے تو تجھے سَو سُنائیں ہم

اقبالؔ! شعر کے لیے فُرصت ضرُور ہے
اِس فکرِ امتحاں میں غزل کیا سُنائیں ہم

غزل

غزل کے یہ چار اشعار کسی مجموعے میں نظر نہیں آئے۔ خیال غالب ہے کہ لندن میں کہے گئے

چمن ہے اپنا دلِ داغدار لالوں کا
بھلا ہو دونوں جہاں میں ستانے والوں کا

Marfat.com

دیکھ، مغرب کی طرف سے جھومتا آتا ہے کیا
ساقیا! بادل نہیں، اُڑتا ہُوا میخانہ ہے

مے پرستی بھی نہاں ہے گردشِ تقدیر میں
خطِ پیشانی مرا، گویا خطِ پیمانہ ہے!

خانہ بربادی کے صدقے، سوئے صحرا جائیں کیوں
خیر سے گھر ہی ہمارا رشکِ صد ویرانہ ہے!

سخت جاں شرمندۂ شوقِ شہادت کیوں نہ ہوں
تیغ میں بل پڑ گیا، قاتل کو دردِ شانہ ہے!

ضعف کر دیتا مجھے شرمندۂ دشتِ جنوں
خانہ بربادی مگر بولی یہیں ویرانہ ہے!

حضرتِ واعظ ہیں میخانے میں شاید آ گئے
کلمۂ 'لاحول' وردِ ہر لبِ پیمانہ ہے!

Marfat.com

کوچۂ عشق کے یہ راہنما بنتے ہیں
اللہ اللہ کوئی دیکھے تو خضر کی صورت

وصل کی رات تو آخر ہُوئی اے دامنِ صبر
چاک ہو تُو بھی گریبانِ سحر کی صورت

گر پڑا شیشۂ دل سنگِ درِ جاناں پر
یہ بھی ٹوٹے گا یہیں کاسۂ سر کی صورت

خون اب دل میں نہیں اے رہِ الفت باقی
ختم ہو تُو بھی کہیں زادِ سفر کی صورت

کیوں نہ آنکھوں پہ بٹھاؤں تجھے اے وزنِ در
تو دکھاتا ہے کسی رشکِ قمر کی صورت

میں تو دیوانہ ہُوا خیر کوئی بات نہ تھی
آپ کیوں بپھر گئے لیکن مرے سر کی صورت

Marfat.com

غزل

اس غزل کے پانچ اشعار "رختِ سفر" اور "سرودِ رفتہ" میں شائع ہو گئے ہیں باقی اشعار یہ ہیں

کبھی نہ گوشِ سماعت سے شرمسار ہُوں میں
وہ راز ہوں کہ زمانے پہ آشکار ہُوں میں

نگاہ سے نہ کہیں صُبح کو اُتر جاؤں!
شبِ وصال! کسی کے گلے کا ہار ہُوں میں

تمھاری شوخ نگاہی نے پڑھ کے کیا پھُونکا
قرار بھی مجھے آئے تو بے قرار ہُوں میں

نسیمِ صبح نہ چھیڑے مجھے کہ دامن سے
کسی کے ہاتھ کا جھاڑا ہُوا غبار ہُوں میں

کِسی طرح سے مری بام تک رسائی ہو
فغانِ خاک نشینانِ کُوئے یار ہُوں میں

Marfat.com

غزل

دس اشعار کی اس ابتدائی غزل کے صرف دو اشعار "سرود رفتہ" میں پائے گئے

خارِ صحرا نہ سہی دشت کے پتھر ہی سہی
میرا چھالا نہیں پھوٹا تو مقدّر ہی سہی

روزِ محشر کوئی مے خوار نشے میں بولا
مئے احمر نہیں ملتی ہے تو کوثر ہی سہی

حشر کے روز مرا دستِ جنوں کہتا ہے
اب کہاں جائیں چلو دامنِ محشر ہی سہی

تیغِ ابرو جو نہیں ہے تو رگِ جاں کے لیے
مژۂ یار کا چبھتا ہوا نشتر ہی سہی!

لوگ کہتے ہیں کہ مشکل ہے عدم کی منزل
جیتے جی کاٹ تو لی کیا ہوا مر کر ہی سہی

Marfat.com

کس کو یاد آؤں گا میں حشر کے ہنگامے میں
میرا دفتر ہے گناہوں کا تو دفتر ہی سہی!

اُن کو کافر جو کہیں ہم تو یہ ملتا ہے جواب
تم کو اسلام مبارک ہو، میں کافر ہی سہی

جب کہا آپ ستمگر ہیں تو فرماتے ہیں
آپ کہتے ہیں ستمگر تو ستمگر ہی سہی

غزل

سات اشعار کی یہ غزل بھی کسی مجموعے میں نہیں ملی۔

دل کو ذوقِ دید سے جس دم شناسائی ہُوئی
آنکھ محشر کے نظارے کی تمنّائی ہُوئی

سر کے بل راہِ مدینہ میں جو میں چلنے لگا
شوق پر صد قے تمنّائے جبیں سائی ہُوئی

Marfat.com

شوقِ گلزارِ مدینہ دل میں گھر کرنے لگا
خواہشِ جنت چھپی پھرتی ہے شرمائی ہوئی

چاک جب دستِ محبت نے کیا دامانِ "میم"
حسنِ مخفی سے نگاہوں کو شناسائی ہوئی

میرے اندازِ تپیدن نے اُسے بہکا دیا
جانتی ہے موت اپنے آپ کو آئی ہوئی!

ہوگئی شرحِ رموزِ اتحادِ حسن و عشق
تیری یکتائی ہی آخر میری یکتائی ہوئی

لوگ بدنامِ محبت کہتے ہیں اقبال کو
غازۂ رخسارِ شہرت جس کی رسوائی ہوئی

Marfat.com

غزل

اس غزل کے پانچ اشعار "سرودِ رفتہ" اور "رختِ سفر" میں شائع ہوئے ہیں۔ باقی یہ ہیں:۔

وہ کیا قدر جانیں گے میری وفا کی — کہ ہوتے ہیں جو آدمی جانتے ہیں!

بُری چال ہوتی ہے بے اعتنائی — یہی ہم تو اچھی بُری جانتے ہیں

کیا ماجرا اُن کے گھر کا تو بولے — قسم ہے تجھے ہم ولی جانتے ہیں

بڑے شوخ و گستاخ ہیں رندِ زاہد — مُسلمان کو دوزخی جانتے ہیں

تری چال دیکھی ہوئی ہے جنھوں نے — قیامت کو اک دل لگی جانتے ہیں

میں ہوں صاف گو منہ نہ کھلوائیے گا — تمھاری وفا کو سبھی جانتے ہیں

گدا گر ہو اور بال ہوں سر کے لمبے — مسلمان اس کو ولی جانتے ہیں

بدلنا پڑا ہم نشیں! نامہ بر کو — اُسے واں کے سب آدمی جانتے ہیں

عجب زندگانی ہے اقبال اپنی — نہ مر جانتے ہیں، نہ جی جانتے ہیں

کہا میں نے اقبال کو جانتے ہو — تو بولے یہ ہنس کر کہ جی جانتے ہیں

Marfat.com

غزل

یہ ابتدائی غزل بھی کسی مجموعے میں شائع نہیں ہوئی۔

ضد سے قسمری نے کہا تم کو گلِ تر کا جواب
کہتی ہے بلبل نہیں سرو و صنوبر کا جواب

مجھ سے بگڑے تو بنے وہ اپنے تیور کا جواب
پھر کے مجھ سے بن گئے میرے مقدر کا جواب

اٹھ کے تربت سے ترا دامن پکڑ لیتے ہیں ہم
اور کیا دیں اے ستمگر تیری ٹھوکر کا جواب

سر چڑھا جاتا ہے میرے پھوٹ کر چھالا مرا
ہو سکا کب یہ میرے پھوٹے مقدر کا جواب

ساغرِ گیتی نما پر کر نہ اے جمشید ناز
شیشۂ دل ہے ہمارا تیرے ساغر کا جواب

Marfat.com

تا درِ میخانہ کیوں چلتا نہیں تو واعظا
آ دکھا لائیں تجھے کیا نام کوثر کا جواب

ضد سے عمّامے کو واعظ نے کیا غرقِ شراب
پر کہاں رندو! ہمارے دامنِ تر کا جواب

کان چپکے سے مؤذّن کے لیے صبحِ وصال
واہ کیا سُوجھا مجھے اللہ اکبر کا جواب

مضطرب اے دل نہ ہو وہ دن تو آنے دے ابھی
ہم نے نالوں میں چھپا رکھا ہے محشر کا جواب

پڑ گیا چھالا زباں پر گرمیِ مے کے سبب
دیکھ اے زاہد! حبابِ جامِ کوثر کا جواب

اُس نے منہ موڑا جو میرے آبلوں سے کیا ہُوا
بن کے نشتر چُبھ گیا چھالوں میں نشتر کا جواب

Marfat.com

روز کہتے تھے کہیں مرتا نہیں، ہم مر گئے
دے دیا ہے آج آخر تیری مرمر کا جواب

میں نے یہ پُوچھا کروگے قتل تم کیونکر مجھے
مار کر تلوار بولے، ہے یہ کیونکر کا جواب

حشر میں نالے کرے گا گشتۂ رفتارِ یار
لطف تو جب ہے کہ ہو محشر میں محشر کا جواب

تیرے کانوں تک چلی جائے اگر میری خبر
پھر تو بن جائے ترے کانوں کے گوہر کا جواب

بن کے آیا ہے ہلالِ آسماں لیکن کہاں
تیرے ابرُو تیرے ناخن تیرے خنجر کا جواب

ارشد و راحت سے ہوں اقبال میں خواہانِ داد
آبداری میں ہیں یہ اشعار گوہر کا جواب

Marfat.com

غزل

غزل کے مندرجہ ذیل چار شعر کسی مجموعے میں نہیں پائے گئے

نظارہ ماہ کا سامانِ بے خودی ہے مجھے
یہ چاندنی ہے کہ گردوں سے مے برستی ہے

وہ سیر دل کی کرے ذوقِ جستجو ہو جسے
جہاں کو جس نے بسایا یہ اس کی بستی ہے

میں اُس دیار کے پیچم کے ساکنو! صدقے
جہاں کے کوچوں میں غیرت ہے تنگدستی ہے

ہزاروں نقش بنے مٹ گئے اک ترے بنانے کو
تری نمود سے غافل! نمودِ ہستی ہے

○

Marfat.com

غزل

یہ غزل کسی مجموعے میں نظر نہیں آئی۔

پر لگا کر جانبِ منزل اُڑا جاتا ہُوں میں
سب سے آگے صورتِ بانگِ درا جاتا ہُوں میں

واسطہ نیک و بدِ عالم سے جُوں آئینہ کیا
سامنے آتا ہے جو کُچھ، دیکھتا جاتا ہُوں میں

آتشِ سامانِ ہستی تھا ترا نظّارہ کیا
تجھ کو پایا ہے تو اب خود گم ہوا جاتا ہُوں میں

قافلے والے بڑھے جاتے ہیں اے واماندگی
صورتِ نقشِ قدم پیچھے رہا جاتا ہوں میں

آ دنیا جانتی ہے رعشۂ پیری اسے
دارِ محشر کی جانب کانپتا جاتا ہُوں میں

Marfat.com

حشر میں مشکل تھا بے دیکھے ترا پہچاننا
ہو کے دُنیا ہی سے تیرا آشنا جاتا ہُوں میں
رہتا ہُوں اقبالؔ! گھر کی چار دیواری میں بند
کچھ سمجھ کر اہلِ عالم سے کھِچا جاتا ہُوں میں

غزل

اِس غزل کا صرف ایک شعر "رختِ سفر" میں نظر آیا ہے۔ باقی اشعار یہ ہیں:۔

جس کو شہرت بھی ترستی ہے وہ رُسوا اور ہے
ہوش بھی جس پر پھڑک جائیں وہ سودا اور ہے
بن کے پروانہ ترا آیا ہُوں میں اے شمعِ طُور
بات پھیر وہ چھڑ نہ جائے یہ تقاضا اور ہے
جان دیتا ہوں تڑپ کر کوچۂ الفت میں مَیں
دیکھ لو تم بھی کوئی دم کا تماشا اور ہے

Marfat.com

اور کچھ اندھیر کر دینا نہ اے نورِ سحر!
ہجر کی شب ہے ابھی مجھ کو تڑپنا اور ہے

رنگِ اَوْ اَدْنٰی میں رنگیں ہو کے اے ذوقِ طلب
کوئی کہتا تھا کہ لُطفِ مَا خَلَقْنَا اور ہے

دیکھ اے ذوقِ تکلّم یاں کوئی مُوسٰے نہیں
جو مری آنکھوں میں پھرتا ہے وہ نقشہ اور ہے

شمع کو بھی یُوں تو رُلواتی ہے پروانے کی موت
حسرتیں روئیں جسے، وہ مرنے والا اور ہے

تم ہنسی میں سچ سمجھ بیٹھے نہیں حاشا نہیں
وصل کیسا؟ اب مرے دل کی تمنّا اور ہے

قیس پر یوں طعنہ زن ہوتی ہے لیلٰی دشت میں
جس کے کانٹے دل میں چبھتے ہیں وہ صحرا اور ہے

Marfat.com

بدگمانی تم کو ہوتی ہے مری ہر بات پر
ٹھہرو ٹھہرو! سنبھلو سنبھلو! یہ فسانہ اور ہے

یوں نہ کھل کھیلو مری جاں ڈھب کی شوخی چاہیے
کوئی کیا سمجھے گا دیکھو اب زمانہ اور ہے

تیرے خنجر نے جگر ٹکڑے کیا اچھا کیا!
کچھ مرے پہلو میں لیکن چلبلا سا اور ہے

ناگتا پھرتا ہے جنسِ معصیت کو نقدِ عفو
تو نے کیا سمجھا ہے اے واعظ یہ سودا اور ہے

وہ صفِ محشر میں کہتے ہیں مجھے پہچان کر
تم وہی اقبال ہو لو میں لے جاتا اور ہے

○

Marfat.com

غزل

یہ نو اشعار کی غزل کسی مجموعے میں نظر نہیں آئی :۔

بے حجابی بھی ہے تو ایسی ہے
جس میں پردے کی شان ہے گویا

ہے کشش پر مدار ہستی کا!
عشق جانِ جہان ہے گویا

جب سے دل میں ہُوا گزر تیرا!
یہ مکاں، لامکان ہے گویا

کہتے ہیں دیکھ کر خموشی تجھے
یہ بڑا کم زبان ہے گویا!

عذرِ ناسازیِ مزاج نہیں!
صبر کا امتحان ہے گویا

Marfat.com

زندگانی کا اِعتبار نہیں!
آدمی میہمان ہے گویا

تم مرے دل میں رہتے سہتے ہو
یہ تمھارا مکان ہے گویا

عشق کی راہ و رسم اُلٹی ہے
یاں خموشی زبان ہے گویا

اہلِ دل ہی اِسے سمجھتے ہیں
شعر دل کی زبان ہے گویا

غزل

اس غزل کا ایک شعر نامکمل ہے۔ یہ بھی 'باقیات' کی کسی کتاب میں نظر نہیں آئی۔

حیرتِ نظر کو، دل کو تپش، لب کو خامشی
انعام بٹ رہے ہیں تیری جلوہ گاہ میں!

Marfat.com

کیا آپ کو بھی یاد ہے اے حضرتِ کلیم!
ٹیلہ سا ایک ہے جو محبّت کی راہ میں

سنتا ہوں قصّۂ 'اَرِنِیْ' کوئے طُور پر
کیا جانے، کیا سمایا ہے میری نگاہ میں

غم سے مَیں اُن کے عشق میں گو خاک ہو گیا
پرشاد ہُوں کہ مل تو گیا گردِ راہ میں

(مصرعہ اولیٰ موجود نہیں۔)

تعمیر ہُوئی کیسے ہُوئے کعبے کی راہ میں
اقبال کی نہ پُوچھ "تلوّن مزاجیاں"

میخانے میں کبھی ہے کبھی خانقاہ میں

Marfat.com

غزل

یہ غزل بھی کسی مجموعے میں نہیں۔

کس شعلہ رُو کا دل میں میرے گزر ہُوا ہے
اِس سرزمیں کا یارب! ہر ذرّہ طُور کیوں ہے

کھاتا ہے تجھ کو اے دل کس کا غمِ جدائی!
تو بے قرار کیوں ہے تو ناصبُور کیوں ہے

ساقی وہ کونسا تھا، جس نے یہ مے پلا دی
صبحِ ازل کو بی تھی اب تک سرُور کیوں ہے

تیرے ہی دم قدم سے چمکا نصیب ورنہ
یہ خاک خاک کیوں ہے وہ کوہِ طُور کیوں ہے

جبل الورید سے بھی نزدیک یوں ترا تھا
او پاس رہنے والے آنکھوں سے دُور کیوں ہے

Marfat.com

میں مُشتِ خاک مجھ میں گوہرِ نہاں ہے کیسا
حیرت ہے مجھ کو یارب! ظلمت میں نور کیوں ہے

غزل

چار اشعار کی ایک اور غزل، جس کا تیسرا شعر نامکمل ہے:

سمجھ میں آگئی تیرے پہیلی رازِ قدرت کی
مگر یہ بھی کبھی سوچا ہے تو خود بھی پہیلی ہے

نکل جائیں گے اے ذوقِ طلب ارماں ترے سارے
نمائش گاہِ ہست و بُود میں ہر شے پہیلی ہے

...(مصرعۂ اولیٰ موجود نہیں)...

یہ شعلوں میں پلی ہے بجلیوں کے ساتھ کھیلی ہے
ہیں اے اقبالؔ دِق آیا ہُوں ان اُردو نویسوں سے
جو ہو اخبار روزانہ تو کہتے ہیں کہ 'ڈیلی' ہے!

Marfat.com

غزل

۱۶ اشعار پر مشتمل یہ بالکل ابتدائی غزل ۱۸۹۶ء کے کسی مشاعرے میں پڑھی گئی۔ اس کے ۱۳ اشعار شائع ہو چکے ہیں۔ باقی تین اشعار جو کہیں شائع نہیں ہوئے، درجِ ذیل ہیں :

جادُو عجب نگاہِ خریدارِ دل میں تھا
بِکتا ہے ساتھ بیچنے والا بھی مال کے

چلتے ہُوئے کسی کا جو آنچل سرک گیا!
بولی حیا حضور، ڈوپٹّہ سنبھال کے

حسرت نہیں، کسی کی تمنّا نہیں ہُوں میں
مجھ کو نکالیے گا ذرا دیکھ بھال کے

○

Marfat.com

غزل

اس غزل کے مقطع میں حضرت داغ دہلوی سے تلمذ کی طرف اشارہ ہے۔
صرف ایک شعر اب تک شائع ہو سکا۔ باقی ۱۱ اشعار درج ذیل ہیں:۔

برا ہوتا ہے عشقِ شعلہ رُویانِ ستمگر بھی!
یہ وہ آتش ہے جس میں خاک ہو جائے سمندر بھی

محبّت میں دلِ مضطر جبھی کچھ لطف اُٹھتا ہے
کہ ہو معشوق ظالم بھی، جفا جُو بھی، ستمگر بھی

پتے کی کہہ رہا ہوں یاد ہو گی تجھ کو اے واعظ
وہ خلوت اور اس خلوت میں پھر آں کارِ دیگر بھی!

کہیں سر رکھ دیا تھا بے خودی میں پائے جاناں پر
وہیں جوڑے کے تاروں میں ہا قسمت کا اختر بھی

شکایت کو میں دوڑوں اور تم جانے نہ دو مجھ کو
مزا آئے جو ہو یہ ہاتھا پائی روزِ محشر بھی

Marfat.com

بجا ہے شیخ جی سب کچھ مگر میں کس طرح مانوں

اجی حضرت! مرا دیکھا ہُوا ہے آبِ کوثر بھی

سیہ ناموں کو دوزخ کے کسی کونے میں رکھ دیں گے

خدا سے چال کر جائیں گے عاصی روزِ محشر بھی

بوقتِ ذبح دم اس کا نکل کر آ گیا مجھ میں

تمھارے ہاتھ میں جاں بخش ہو جاتا ہے خنجر بھی

وہ ناکامِ تمنّا ہوں اگر میں ڈوبنے جاؤں

تو اک پانی کے قطرے کے لیے ترسے سمندر بھی

مزا ہے گر جنوں میں بڑھ کے ناخن تیز ہو جائیں

ملیں بہرِ علاجِ جوشِ فرقت ہم کو نشتر بھی

جنابِ داغ کی اقبال یہ ساری کرامت ہے

ترے جیسے کو کر ڈالا سخنداں بھی، سخن ور بھی!

Marfat.com

غزل

پانچ اشعار کی یہ غزل اور کسی مجموعے میں شائع نہیں ہوئی:

پاس ہے اور ڈھونڈتے ہیں اُسے
کتنے غافل جہان والے ہیں!

دب کے رہتے نہیں کسی سے بھی
جو زمانے میں آن والے ہیں!

میرے دل کے مکان میں رہنا
آپ تو لامکان والے ہیں!

کہہ رہے ہیں ملک یہ اہلِ زمیں
کتنی اُونچی اُڑان والے ہیں!

تجھ کو اقبال! اُن سے کیا نسبت
دِلی دلے، زبان والے ہیں!

Marfat.com

غزل

غزل کے مندرجہ ذیل اشعار کسی مجموعے میں نہیں پائے گئے:

کجی جزوِ فطرت ہے اہلِ ستم کی
کبھی ہم نے خنجر کو سیدھا نہ دیکھا

بہت تو نے اے آنکھ دیکھے تماشے
جسے دیکھنا دیکھنا تھا، نہ دیکھا

ظہور و عدم اپنا مثلِ شرر تھا
یہ سمجھو کہ دنیا کو دیکھا، نہ دیکھا

اگرچہ پھرا میں بہت اس چمن میں
کسی نے مرا آنا جانا نہ دیکھا

Marfat.com

غزل

یہ ابتدائی غزل بھی کسی مجموعے میں شامل نہیں۔ اس کے دو شعر نامکمل ہیں:

اُٹھتے اُٹھتے وہ گئے بیٹھ مری محفل میں
کسی طرح ٹل گئی، اللہ! ہماری آئی

زندگی موت سے ہم دوش ہوئی جاتی ہے
میری میّت اُٹھی اور اُن کی سواری آئی

بُری عادت ہے یہ ہر روز بگڑ جانے کی
اب تلک آپ کو اے جان نہ یاری آئی

ہائے، کس ناز سے آیا ہے خیالِ جاناں!
چمنِ دل میں مرے بادِ بہاری آئی

وہ مجھے روتے ہوئے دیکھ کے فرماتے ہیں
آپ کو بھی روش گریہ و زاری آئی!

Marfat.com

ہائے، آکر وہ دمِ نزع کسی کا کہنا
ہائے، اے کاش مجھے آئے تمھاری آئی

.... (مصرعۂ اولیٰ موجُود نہیں) ....

تیر کو ڈھُونڈتے ہاتھوں میں کٹاری آئی

.... (مصرعۂ اولیٰ موجُود نہیں) ....

لاڈلی رندوں کی، ساقی کی دُلاری آئی

غزل

یہ ابتدائی غزل بھی کسی مجموعے میں نہیں پائی گئی :

یہ جوانی کے ولولے اے دل !
دو گھڑی کے اُبال ہوتے ہیں
میری فرقت میں تم مرو، توبہ !
یہ حسینوں کے حال ہوتے ہیں

Marfat.com

زور تم اپنی کم سِنی پہ نہ دو
سب حسیں خُورد سال ہوتے ہیں

ہائے، وہ مار ڈھیلے ہاتھوں کی!
کِس مزے کے ملال ہوتے ہیں

ذکر کچھ آپ کا بھی ہے اِن میں
قبر میں جو سوال ہوتے ہیں

اُف، یہ نازک مزاجیاں تیری
بات میں سَو ملال ہوتے ہیں

جن کی سیرت بھی دِل کو پھڑکا دے
وہ حسیں خال خال ہوتے ہیں

عاشقوں سے یہ پوچھتا ہے کوئی
کِس طرح پائمال ہوتے ہیں

Marfat.com

شاعر اقبالؔ سے نہ ہوں حیراں
آدمی باکمال ہوتے ہیں !

غزل

۲۱ اشعار کی یہ غزل رسالہ "خدنگِ نظر"، اگست ۱۹۰۳ء میں شائع ہوئی تھی۔ پندرہ اشعار ایک مجموعے میں شامل ہو چکے ہیں۔ باقی چھ اشعار درجِ ذیل ہیں :

۶

دل کو ہے اندر ہی اندر جستجو تیری، مگر
کیا قیامت ہے کہ سمجھا تو نے بے پروا مجھے
جا تو نکلوں وادیِ ایمن میں میں بھی اے کلیم
لن ترانی کہہ نہ دے وہ شوخِ بے پروا مجھے
ہر کسی کو بزمِ ہستی میں ہے رونا موت کا
اور اس محفل میں رونا زندگانی کا مجھے

Marfat.com

وہ گئے شہرِ خموشاں میں تو یہ آئی صدا
او گزرنے والے ٹھوکر سے مٹا جانا مجھے

لکھ دیا تھا میں نے کیا خط میں کہ آیا یہ جواب
کچھ سمجھ کر آپ نے یہ خط لکھا ہوتا مجھے

کس غضب کا رنگ لائی ہے سیہ کاری مری
مغفرت نے بھی نہ روزِ حشر بخشا نا مجھے

غزل

اس غزل کے تین شعر شائع ہو گئے۔ باقی درج ذیل ہیں:

لاکھوں طرح کے لطف ہیں اس اضطراب میں
تھوڑی سی دیر اور ہو خط کے جواب میں

حسرت بھری لطف کو جو ساقی نے رد کیا
ڈوبی غریب شرم سے جا کے شراب میں

Marfat.com

کیوں وصل کے سوال پہ چُپ لگ گئی تمھیں
دو چار گالیاں ہی سُنا دو جواب میں!
تابِ نظارۂ رُخِ روشن نہیں مجھے
جب بے نقاب تم ہو تو ہُوں میں نقاب میں

غزل

انگلستان سے واپسی کے بعد کہی گئی یہ غزل کسی مجموعے میں شامل نہیں ہو سکی:

عیاں ستارے ہویدا فلک زمیں پیدا
تری خدائی تو پیدا ہے تو نہیں پیدا
عجیب جامۂ ہستی ملا ہے انساں کو
کہ جس کی جیب نہ دامن نہ آستیں پیدا
میں اشکبار ہُوا جب تو ہنس کے وہ بولے
ستارے ہونے لگے زیرِ آستیں پیدا

Marfat.com

وہ چیز نام ہے جس کا تڑپ محبت کی
مرے وطن میں نہیں ہے ابھی کہیں پیدا

شبِ سیاہ میں تُو ہے مہِ منیر میں تُو
کہیں نہاں ہے ترا حُسن اور کہیں پیدا

خدا جو دے مجھے قدرت تو کیا کروں پہلے
کروں صنم کدہ اک کعبے کے قریں پیدا

جو دیکھنا ہو تو چشمِ نیاز پیدا کر!
ہر ایک ناز سے ہے نازِ آفریں پیدا

چمن نہیں یہ سجودِ نیاز کا ہے محل
ہر ایک ذرّے سے ہے مثلِ گل جبیں پیدا

نگاہ میں نہیں رہتا وہ نورِ بینائی
دلوں میں ہوتا ہے جس دم غبار کیں پیدا

Marfat.com

حجاب آتا ہے کیا نازنیں کہوں اس کو
کہ جس کی خاکِ قدم سے ہوں نازنیں پیدا

تسبیح سے نکلتی ہے
ندا یہ دانۂ تسبیح سے نکلتی ہے

پھرے کوئی تو کرے اتنے ہم نشیں پیدا
پھر آیا دیس میں اقبال بعد مدت کے

پس از سہ سال ہوا گمشدہ نگیں پیدا
کسی ادب کی جو قسمت بگڑتی ہے اقبال

تو پہلے ہوتے ہیں نادان نکتہ چیں پیدا

غزل

اس ابتدائی غزل کا ایک شعر نامکمل ہے:

میرے تپِ دروں کا بیاں قصہ خواں نہ ہو
شعلہ کی بھی زباں ہو تو ممکن بیاں نہ ہو!

Marfat.com

پوشیدہ اِس میں طرزِ جفائے بُتاں نہ ہو
اے دل شکایتِ ستمِ آسماں نہ ہو

مدِّ نظر جو دانۂ خالِ بتاں نہ ہو
یوں صبح اٹھ کے شیخ بھی تسبیح خواں نہ ہو

لیلیٰ کے ناقہ کو حرکت ساربان نہ ہو
جب تک کہ رُوحِ قیس بدن سے رواں نہ ہو

جنّت وہ کیا کہ جس میں ترا آستاں نہ ہو
سر رکھنے کو ذرا سی جگہ بھی جہاں نہ ہو

جانا تو درکنار اگر قتل ہوں وہاں
تری گلی سے خون بھی میرا رواں نہ ہو

تنکا کوئی ہوا نے قفس میں گرا دیا
صیّاد کہتا ہے خسِ آشیاں نہ ہو

Marfat.com

کہتے ہیں آج عید کی حسرت نکل گئی
اے دل نکل کے دیکھ کہیں میری جاں نہ ہو

اے دُودِ آہ بس کہ نہیں تابِ جور اور
پیدا ہمارے سر پہ نیا آسماں نہ ہو

اے باغباں چمن کا ہر اک برگ ہے دو نیم
صحنِ چمن میں دفن کوئی نیم جاں نہ ہو

حُوروں کے ناز مجھ سے اُٹھائے نہ جائیں گے
مجھ ناتواں کا خلد میں یارب مکاں نہ ہو

.... (مصرعۂ اولیٰ موجُود نہیں ہے۔) ....

جب آہ کا مزا ہے کہ پیدا دُھواں نہ ہو

اقبالؔ کہہ رہے ہیں یہ میری غزل کے شعر
بے سود ہے کلام اگر قدرداں نہ ہو

Marfat.com

غزل

ابتدائی دور کی ایک اور غزل جو کسی مجموعے میں نہیں پائی گئی :

تیرے مریض کو تپِ فرقت ہے کیا لگی
اس کو دُعا لگی نہ کسی کی دوا لگی

کرتی ہے شمع اُس رُخِ روشن سے ہمسری
لو اِس زباں دراز کو بھی اب ہوا لگی

برباد کر رہی ہے جو یہ آشیاں مرا
صیّاد تیرا ہاتھ بٹانے صبا لگی

زخمِ جگر جو تھے شبِ فرقت میں ہم سخن
چپکے سے چاندنی پسِ دیوار آ لگی

پھوٹا ہے سر مرا تو جنوں تیرا کیا گلہ
قسمت ہی اینٹ بن کے ہے ماتھے پہ آ لگی!

Marfat.com

تنگ آ کے اُس کو بھی تری گالی سمجھ لیا
تیری خبر ہمیں جو نہ اے بے وفا لگی

مشاطہ باندھ کس کے حنا بند اس قدر
بولیں بگڑ کے "وائے، یہ اچھّی حنا لگی!"

خونِ رقیب نے اسے بے آبرو کیا
تیغِ نگاہِ یار مجھے کیوں نہ آ لگی!

زندہ کیا جو لب نے تو مارا نگاہ نے
یعنی بقا کے ساتھ ہے قیدِ فنا لگی

اقبال گر یہی ہیں حسد کی بناوٹیں
جانے مشاعرے میں ہماری بلا لگی

○

Marfat.com

غزل

"بانگِ درا" کی اس غزل کے باقی چار شعر درجِ ذیل ہیں :

خوف کچھ اس کا ترے فرقت نصیبوں کو نہیں
حشر اوروں کا ابھی فردا ہے اُن کا دوش ہے

کھل گیا آخر چمن میں ہستیِ بلبل کا راز !
لذّتِ پرواز ہنگامے سے ہم آغوش ہے

پوچھتی تھی گل سے کل بلبل کہ اے جانِ چمن !
بھید یہ کیا ہے کہ میں نالاں ہوں تو خاموش ہے

بارِ ہستی میں وہ کیا لذّت تھی ایسی اے حباب!
موجِ پشتِ غم سراپا تو سراپا دوش ہے

○

Marfat.com

غزل

نو اشعار کی مکمّل نظم جو کسی مجمُوعے میں شامل نہیں :

یہ جیتے ہیں تو مرتے ہیں، جو مرتے ہیں تو جیتے ہیں
نرالی زندگی ہوتی ہے کچھ، اللہ کے بندوں کی

بھلا جنّت میں واعظ، دخل کیا سامانِ عشرت کو
وہ اک چھوٹی سی بستی ہے کسی کے دردمندوں کی

کسی کو قتل کرتے ہیں، کسی کی کھال اُترتی ہے
یہ اُجرت ہے کتابِ عشق کے شیرازہ بندوں کی

ندامت حضرتِ واعظ کی ہوگی دید کے قابل
قیامت میں جو سُن لی تو نے یارب اپنے بندوں کی

ملامت کر نہ ان کو پیٹ کی رِیتیں نرالی ہیں
انوکھی سب سے ہوتی ہیں نمازیں دردمندوں کی

Marfat.com

خدا جانے چھپی ہے کون سے شعلے کے دامن میں
سپند آسا صدائے رفتہ تیرے دردمندوں کی

خدا جانے مری آنکھوں نے اس ظلمت میں کیا دیکھا
کہ دل سے فکر رخصت ہوگئی دنیا کے دھندوں کی

پھنسے گا کیا وہ بلبل جو نہ نکلا آشیانے سے
نہیں ہے مجھ کو اے صیاد پروا تیرے پھندوں کی

نہ یہ دلی کی اردو ہے نہ یہ پورب کی بولی ہے
زباں میری ہے اے اقبالؔ بولی دردمندوں کی

غزل

غزل کے یہ آٹھ اشعار کسی مجموعے میں نظر نہیں آئے:

نہیں کچھ تذکرے دیدار کے مستوں میں اے واعظ
کسی کے ذکر کو سن کر تڑپ جانے کی باتیں ہیں

Marfat.com

مزے لے لے کے واعظ کیا بیاں کرتا ہے کوثر کا

یہ ذکرِ خلد ہے یارب یا میخانے کی باتیں ہیں!

مبارک ہو تجھے مستِ حیاتِ جاوداں رہنا

ہماری بزم میں اے خضر! مر جانے کی باتیں ہیں

انا الحق کہہ کے بیتابانہ سولی پر لٹک جانا

ترا لی تیرے دیوانے کی مستانے کی باتیں ہیں

تو رمزِ عجز کو غافل عبودیت سمجھ بیٹھا

ارے ناداں! یہ نادانوں کو سمجھانے کی باتیں ہیں

کسی پر جان دیتا ہے بھلا یوں بے غرض کوئی

یہ ساری اے ستمگر! دل کے آجانے کی باتیں ہیں

بیاں واعظ نے جس دم کی کہانی طور و موسیٰ کی

تو میں سمجھا کہ یہ بھی میرے دیرانے کی باتیں ہیں

Marfat.com

شہیدِ جستجو ہے فکرِ انساں بزمِ ہستی میں!
یہ کس الجھی ہوئی گتھی کے سُلجھانے کی باتیں ہیں

غزل

یہ غزل بھی کسی مجموعے میں شامل نہیں ہے:

گزر کس صنم کا ہُوا بُت کدے میں
کہ بُت بن گئے آج سب برہمن بھی

تصوّر کی اے دل یہ سب خُوبیاں ہیں
کہ غربت میں کرتا ہے سیرِ وطن بھی

حسیں ہم نے دیکھے ہیں دُنیا میں لاکھوں
غضب ہے مگر آپ کا سادہ پن بھی

تصوّر کے کیونکر نہ قربان جاؤں
وصالِ وطن ہے فراقِ وطن بھی

Marfat.com

مقدّر میں بلبل کے تھا قید ہونا
تہِ دام تو تھی زمینِ چمن بھی!

بہار آئی، وحشت کی ہے آمد آمد
گلے میرے ملنے لگا پیرہن بھی

مجھے نقدِ جاں اپنی بھاری ہے یارب
رہِ عشق میں ہے کوئی رہزن بھی

یہی ہے جو شوقِ ملاقاتِ حضرت
تو دیکھیں گے اک بار ملکِ دکن بھی!

غزل

غزل کے سات اشعار درجِ ذیل ہیں:

ٹوٹ کر آئینہ سکھلا گیا اسرارِ حیات!
آبرو چاہے تو کر سختیِ خارا پیدا

Marfat.com

آگ سی قوم کے سینے میں بھڑک اُٹھتی ہے
ایک دل میں ہو اگر تازہ تمنّا پیدا!

عشق کو تنگیِ میدانِ عمل سے کیا خوف
کہ جنوں ذرّے سے کر لیتا ہے صحرا پیدا

سر پٹکتی ہے پہاڑوں میں ابھی تک بجلی
سنگ پھر کر نہ سکا شعلۂ سینا پیدا

جوئے بے مایہ نہ ہو ابرِ کرم سے نومید
کیا عجب تو بھی کرے شوکتِ دریا پیدا

تجھ میں باقی ہے اگر کچھ اثرِ سوزِ خلیل
نارِ امروز سے کر گلشنِ فردا پیدا

دل اگر خوں ہے تو ہے درد بھی سامانِ نشاط
گریۂ تلخ سے ہے خندۂ مینا پیدا!

Marfat.com

غزل

یہ ابتدائی غزل غالباً گجرات کے مشاعرے کے لیے کہی گئی :

کام بلبل نے کیا ہے مانی و بہزاد کا
برگِ گل پر اُس نے فوٹو لے لیا صیّاد کا

پہلے یہ بیگانگی ہم کو نظر آئی نہ تھی!
سبزۂ گلشن پہ سایہ پڑ گیا صیّاد کا!

چلتے چلتے باغ میں بلبل نے یوں گل سے کہا
تجھ کو گلچیں کا مبارک مجھ کو گھر صیّاد کا

کچھ کدورت ہے دِلوں کی کچھ دُھواں ہوں کا ہے
یہ زمین و آسماں ہے خانۂ صیّاد کا

یادِ گلشن ہے زباں پر لب پہ ذکرِ آشیاں
داغِ ہجرِ گل جگر میں دل میں ڈر صیّاد کا

Marfat.com

بیکسوں کے پاس کون آئے قفس میں ہمصفیر
یادِ گُل آتی ہے یا آتا ہے ڈر صیّاد کا!

ہائے کس کس لطف سے ظالم نے بہلایا مجھے
بھُول کر گلچیں سے پوچھا تھا پتہ صیّاد کا

چلتے چلتے خارِ گل سے کیوں اٹک جاتا ہے یہ
دل کسی بلبل کا ہے دامن مگر صیّاد کا

قتل کرتا ہے مجھے آتا نہیں ہے دل میں رحم
آہنِ مقراض کا ہے دل مگر صیّاد کا

ہوں کبھی اس شاخ پر میں اور کبھی اس شاخ پر
ناک میں آخر کو دم آیا مرے صیّاد کا

ہو گیا اقبال قیدِ محفلِ کبرات کا!
کام کیا اخلاق کرتے ہیں مگر صیّاد کا

Marfat.com

غزل

سات اشعار کی یہ غزل کہیں نظر نہیں آئی :

کھول دروازۂ خلوت گہِ نازِ اے ساقی!
دیکھ تو مجمعِ اربابِ نیاز اے ساقی!

خطِ گلزار میں قرطاسِ زمیں پہ آخر
دستِ فطرت نے لکھا حکمِ جواز اے ساقی!

ایک ہی گردشِ ساغر میں کیا تو نے تمام
ورنہ قصّہ تھا محبّت کا دراز اے ساقی!

عشقِ بے باک ہے مجبورِ نواہائے بلند
اس قدر پست نہ کر پردۂ ساز اے ساقی!

کیف یک گونہ حقیقت ہے زمانے میں فقط
مے و میخانہ و مینا ہے مجاز اے ساقی!

Marfat.com

بند رہتی نہیں مستی میں زبانِ واعظ
اس تنک مے کو نہ کر محرمِ راز اے ساقی!

امتیازِ قدحِ شیخ و برہمن کب تک
صورتِ بادہ ہے پیمانہ گداز اے ساقی!

غزل

پانچ اشعار "بانگِ درا" میں اور دو شعر حسبِ ذیل ہیں :

محفلِ ہستی میں آزارِ تہی دستی نہ ہو
یہ بھی اک میری جوانی کی تمنّاؤں میں تھی

فتنۂ محشر کسی صورت ہو بے تابِ نمود!
مشورت یہ آج تیرے ناشکیباؤں میں تھی

Marfat.com

غزل

"بانگ درا" میں شائع ہونے والی یہ غزل سات اشعار پر مشتمل تھی اور اس کا پہلا مصرعہ یہ تھا :

الٰہی! عقلِ خجستہ پا کو ذرا سی دیوانگی سکھا دے

"بانگ درا" میں صرف چھ اشعار شائع ہوئے۔ ایک شعر جو درج ذیل ہے :

ہے سلطنت جس کی دفن دلّی میں خود وہ کابل میں سو رہا ہے

جہاں میں سب کچھ ہے اک علاجِ قضائے چرخِ کہن نہیں ہے

غزل

یہ ابتدائی غزل اگرچہ ایک مجموعے میں شائع ہو چکی ہے، جس کا پہلا مصرعہ یہ ہے :

لڑکپن کے ہیں دن صورت کسی کی بھولی بھولی ہے

لیکن جو درج ذیل ایک شعر کہیں شائع نہیں ہوا :

سنا ہے آج جنّت میں بڑی رونق کا جلسہ ہے

ترے گشتہ کا ہے نیلام اور حوروں کی بولی ہے

Marfat.com

نامکمّل غزلیات کے متفرّق اشعار

تری شکست ہی منظور تھی اُسے اے دل
بنا دیا تجھے نازک تر آبگینے سے

ہمیشہ وردِ زباں ہے علیؓ کا نام اقبالؔ
کہ پیاس رُوح کی بجھتی ہے اس نگینے سے

○

حق میں آزادوں کے ہے قید تعلّق کیمیا
بن گئی گوہر جو موجِ آب زندانی ہوئی

Marfat.com

نقش ہے تقدیر تیرے خامۂ تدبیر کا
ہے نعل پروردۂ امروز ہر فردا ترا!

اک گھڑی میں شاخ سے پھوٹا، کھلا، مرجھا گیا
کیا یہی محبوب تھا اے بلبلِ شیدا ترا!

○

مرے نالے تو ایسے تھے کہ پتھر بھی پگھل جاتے
الٰہی تیری دنیا میں کوئی درد آشنا بھی ہے!

پسند آیا مجھے اے گل ترا انداز خاموشی
کہ تو اِس باغ میں خاموش بھی خونیں نوا بھی ہے

○

کُھلا راز اُن پر مری بے بسی کا!
الٰہی بھرم کُھل نہ جائے کِسی کا!

Marfat.com

سوا اِس کے اب قوم کو کام کیا ہے
امیروں کا شکوہ، گلہ بے زری کا
خدا جانے کیا ہو گیا ہندیوں کو
کہ اس دیس میں راج ہے دُشمنی کا!

○

حشر کو مانتا ہوں بِن دیکھے
ہائے ہنگامہ اُس کی محفل کا!
سدِّ رہ گرچہ تھی صعوبتِ راہ
لے اُڑا اِشتیاق منزل کا
تھی غضب طرزِ پُرسشِ ہمدرد
لب پہ آیا تھا مدّعا دل کا

○

Marfat.com

قدسیوں کو رشک اس جمعیتِ خاطر پہ ہے
کچھ نہیں کھلتا کہ میں کس کے پریشانوں میں ہوں!

واعظوں کی بزم میں خاموش میں بیٹھا رہا
اپنا اپنوں میں ہوں بیگانہ میں بیگانوں میں ہوں!

جوں امامِ دانۂ تسبیحِ دُنیا میں رہا
میں نہیں دانوں میں لیکن پھر بھی اُن دانوں میں ہوں!

جاؤں دوزخ کو کہ جنّت کو، مجھے کیا حکم ہے
تیرے دیوانوں میں ہوں حیرانوں میں مستانوں میں ہوں!

○

پہلے مل جاتا تھا ریاضت سے — اب کسی کو خدا نہیں ملتا
جستجو اپنی جستجو ہی نہ تھی — ورنہ ڈھونڈیں تو کیا نہیں ملتا
ہم نے اقبال کو بہت ڈھونڈا — کوئی اس نام کا نہیں ملتا

Marfat.com

○

برائے مشاعرۂ بھوپال سنہ ۱۹۱۰ء

حلقۂ زنجیر کا ہر جوہرِ نہاں نکلا
آئینۂ قیس کی تصویر کا زنداں نکلا!

ہم گراں جان کے لائے تھے عدم سے بلبل
باغِ ہستی میں متاعِ نفسِ ارزاں نکلا!

وسعت افزائیِ آشفتگیِ شوق نہ پوچھ
خاک کی مٹھی میں پوشیدہ بیاباں نکلا!

○

برائے مشاعرۂ بزم اردو، لاہور

بجلی کی زد میں آتے ہیں پہلے وہی طیور
جو اس چمن سرا میں بلند آشیاں رہے

Marfat.com

موقوفِ آرزو ہے توانائیِ حیات

پیری شباب ہے جو تمنّا جواں رہے!
کچھ اور شے نہیں ہے وہی زندگی ہے موت
جس زندگی میں کاوشِ سُود و زیاں رہے

○

دیکھ اے غافل یہ دنیا جائے آسائش نہیں
اس ختن سے کر گیا ہے آہُوئے آرام رم
ہائے اپنا ہی نظر آیا نہ کچھ انجام اُسے
دیکھتا تھا جام میں ہر چیز کا انجامِ جم
دم میں جب تک دم ہے گردوں تک رسائی ہے محال
گلشنِ ہستی میں ہے سو دام کا اک دام دم

○

Marfat.com

قطعات

قطرے کے منہ سے نام جو تیرا نکل گیا
بادل سے گر کے رُوئے ہوا پر سنبھل گیا

عظمت ہے خاص پاک مدینے کی خاک کو
خورشید بھی گیا تو وہاں سر کے بل گیا

○

صحنِ گلشن سے ہوں گو مَیں آشیاں برباد دُور
لالہ و گُل سے نہیں میرا دلِ ناشاد دُور
شبنمے را کز محیطِ بیکراں افتاد دُور
در کنارِ لالہ و آغوشِ گُل آرام نیست!

○

Marfat.com

طنز و مزاح

آساں ہے اب تو ہندو و مسلم کا اتحاد
کعبے کو پھر شریف نے بتخانہ کر دیا
جوشِ جنوں میں آج سنا دی پتے کی بات
تو نے کمال اے دلِ دیوانہ کر دیا
کہتا تھا کوئی یونیورسٹی کے ہال میں
ڈگری دلا کے دین سے بے گانہ کر دیا

Marfat.com

اقبالؔ نے مزاج جو پوچھا تو شیخ نے
موزوں کیا یہ شعر زبانِ سلیس میں

نیلام خرقہ چندۂ ٹرکی کے واسطے
عمّامہ رہنِ مدرسہ بیٹوں کی فیس میں

○

اغراضِ مختلف کی ہے پیکار ہند میں
ہر قوم پائے بندِ رسوم و قیود ہے!

ممکن نہیں کہ صلح ہو انجمن کے دور میں
نقصان یکّہ بان کا گھوڑے کا سود ہے!

○

یوں مسئلہ زبان کا حضرت نے حل کیا
پوچھا جو میں نے کوئی طریقت بتائیے

Marfat.com

پنجابی گھر میں بولیے، اردو سٹیج پر
سینسر کے کاغذات میں ہندی لکھائیے
(مردم شماری)

○

ممکن نہیں کہ ایک ہی بازار میں چلیں
ہم سکّے اور دھات کے، وُہ اور دھات کے
مخلوط انتخاب سے ہے نا اُمید ہند
پابندیاں کے ووٹ بھی ہیں چھُوت چھات کے

○

ووٹوں پہ منحصر نہیں کونسل کی ممبری!
عہدہ ہے یہ جدید، جدید امتحان ہے
ہے شیخ کم زبان، برہمن زباں دراز
اس بات میں وہ جیتے گا جو کم زبان ہے

Marfat.com

انساں نے سیکڑوں جُم دارا کیے پسند
کُچلا اِسے جنھوں نے عذابوں کے بوجھ سے
دریائے ہست و بود کی رفتار ہے وہی
دبتی ہے سطحِ آب حبابوں کے بوجھ سے

○

ہر محکمے میں عُہدے تقسیم ہوں برابر
ہوتی نہیں ہے ہم کو جنگ و جدل سے سیری
خفیہ پولیس میں جب سے حد ہو گئی ہے قائم
ہندو ہیں پیڈ افسر مُسلم ہیں آنریری[1]

(۱)

[1] Paid [2] Honorary

Marfat.com

بزم اردو لاہور کے ایک مشاعرے میں جو زیر صدارت نواب ذوالفقار علیخاں برکت علی محمڈن ہال میں منعقد ہوا، علامہ اقبال اپنی نظم پڑھنے والے تھے۔ شور اتنا تھا کہ کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی تھی۔ اس وقت علامہ نے حسب ذیل شعر فی البدیہہ سنا کر لوگوں کو خاموش کر دیا ——

شور ایسا ہے کہ قصّابوں کی ہو جیسے برات
آئیے لاہور کے لوگوں کا جلسہ دیکھیے!

○

"بانگِ درا" میں ایک نظم "کلے اور اونٹ" کے عنوان سے شائع ہوئی ہے۔ اس کا دسواں شعر جو ترک کر دیا گیا اور "بانگِ درا" میں موجود نہیں حسب ذیل ہے ——

جان بُل ہانکتا ہے ایک ہی لاٹھی سے ہمیں
(JOHN BULL)
یعنی ہے یک جہتی اس کی حکومت کا شعار

○

Marfat.com

منظومات

نوعِ انساں کی محبّت میں ہے مذہب کا کمال
امتیازِ کاسۂ شیخ و برہمن میں نہیں

خاک اگر ناپاک بھی چھونے سے ہو جائے تو کیا
پاک ہے جو چیز وہ آب و گِل تن میں نہیں

ہندو والے بھی کبھی رکھتے تھے جانِ دردمند
والۓ حرماں اب وہ طائر اس نشیمن میں نہیں

یاد ہے تجھ کو کہ تو کل دردِ یساں تھا کبھی
آج خاشاکِ چمن بھی تیرے دامن میں نہیں

Marfat.com

وہ کرامت شیشۂ دل جس سے ہو جائے دراز

آج کل کے ساقیانِ سامری فن ہیں نہیں

رونقِ مے خانہ باقی گردشِ مہباسے ہے

گردشِ مہبا وصالِ ساغر و مینا سے ہے

○

وید کے ایک اشلوک کا ترجمہ جو کسی مجموعے میں نہیں ملا۔

خویشوں سے ہو اندیشہ نہ غیروں سے خطر ہو

احباب سے کھٹکا ہو نہ اعداء سے حذر ہو

روشن مرے سینے میں محبّت کا شرر ہو

دل خوف سے آزاد ہو، بے باک نظر ہو!

پہلو میں مرے دل ہو مے آشامِ محبّت

ہر شے ہو مرے واسطے پیغامِ محبّت!

Marfat.com

جولائی ۱۹۱۶ء میں ایک صاحب سعید اللہ نے اپنی آٹوگراف بک پیش کرکے درخواست کی کہ ڈاکٹر صاحب اپنے قلم سے اُس میں کچھ لکھ دیں۔ اس پر اُنھوں نے حسبِ ذیل شعر لکھ دیا ——

دل ہے یک بین و یک اندیش تو پروا کیا ہے
بے خطر دیدۂ بیتاب کو ہرجائی کر!

○

۱۹۰۳ء میں ڈاکٹر صاحب نے ایک نظم "ایک دردمند دل کی عرض" کے عنوان سے حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلی کے مزار مقدس پر بھیجی تھی، جو وہاں عرس کے موقع پر پڑھی گئی۔ یہ نظم "برگِ گل" کے عنوان سے "مخزن" ستمبر ۱۹۰۳ء میں شائع ہوئی تھی۔ "سرودِ رفتہ" میں یہ نظم شائع ہو گئی ہے لیکن حسبِ ذیل سات اشعار اُس میں موجود نہیں ——

(بند اوّل)

کس قدر سرسبز ہے صحرا محبت کا تری
اشک کی نہریں ہیں اور سائے ہیں نخلِ آہ کے

Marfat.com

(بندِ دوم)

ہاں، قسم دیتا ہوں میں مدفونِ تیرب کی تجھے
کر دُعا حق سے کہ مَیں چُھٹ جاؤں اس آزار سے

(بندِ سوم)

آہ اِس غم میں اگر تو نے خبر میری نہ لی!
غرق کر ڈالے گی آخر کو یہ چشمِ تر مجھے

آپ یہ وقفِ تپش ہم صورتِ سیماب ہے
کیا تسلّی دے بھلا میرا دلِ مضطر مجھے

کیا کہوں میں قصّۂ ہمدردیِ اہلِ وطن
تیر کوئی بھیجتا ہے اور کوئی نشتر مجھے

وُہ خوشی پھیلی مرے غم سے کہ شادی مرگ ہیں
زندگانی ہوگئی ہے موت سے بدتر مجھے!

Marfat.com

ہُوں مُریدِ خاندانِ خُفتۂ خاکِ نجف
موجِ دریا آپ لے جائے گی ساحل پر مجھے

○

طلبائے علی گڑھ کالج کے نام

"بانگِ درا" میں یہ نظم سات اشعار پر مشتمل ہے۔ اگرچہ شروع میں اس میں مندرجہ ذیل پانچ اشعار بھی شامل تھے :

مستیِ مے دُرونِ جام، پرتوِ مے بُرونِ جام
اِس کا مقام اور ہے، اُس کا مقام اور ہے
یُوں تو پلانے آتے ہیں محفل کو ساقیانِ ہند
لیکن انھیں خبر نہیں، یہ تشنہ کام اور ہے
جس بزم کی بساط ہو سرحدِ چین سے پرے
ساقی ہے اس کا اور ہی، مے اور جام اور ہے

Marfat.com

باقی ہے زندگی میں کیا ذوقِ نمو اگر نہ ہو
حرلتِ آدمی ہے اور حرکتِ جام اور ہے
فانوس کی طرح جیو، آتش بہ پیرہن رہو
اے جلنے والو! لذّتِ سوزِ تمام اور ہے

○

پیام

ابتداء میں یہ نظم گیارہ اشعار پر مشتمل تھی اور اس کا عنوان تھا ــــ
پیغام راز (ایک خط کے جواب میں) ــــ اس نظم کے سات اشعار
"بانگ درا" میں بہت سی ترمیمات کے ساتھ درج ہیں۔ باقی چار اشعار یہ ہیں:-

کیونکر نہ وہ جہان کو پیغامِ بزمِ راز دے
غم کی صدائے دلنشیں جس کا شکستہ ساز دے
غافل! تجھے خبر نہیں لذّت فراغ میں ہے کیا
دُنیا ادا پہ کر فدا عقبیٰ بہائے ناز دے

Marfat.com

کمتی جہان میں نہیں ارزاں متاعِ کافری
قیمت میں اُس کی خرقہ دے تسبیح دے نماز دے
ہو شوقِ سیرِ گل اگر، ایسا چمن تلاش کر
ہر غنچے کی چٹک جہاں لطفِ نوائے راز دے

○

ماہِ نو

"بانگِ درا" کی اِس نظم کے ۱۷ اشعار تھے۔ جن میں سے مندرجہ ذیل ۱۰ اشعار کہیں شائع نہیں ہوئے ــــ

شام نے آکر پڑھا دیباچۂ مضمونِ شب
ہے لبِ پیرِ فلک پر مصرعِ موزونِ شب
نقشِ قدرت مگر کمہار کہیں ٹھوکر کرا
جب سیاہی گر چکی قطرن سیاہی پر گرا!

Marfat.com

کاسۂ سیمیں لیے ہاتھوں میں آیا، دیکھنا
آسماں دریوزۂ ظلمت کو نکلا دیکھنا

لے چراغِ دودمانِ آفتاب خاوری
قہر ہے چشمِ تصوّر پہ تری جادوگری

تو وہ راہرو ہے کہ پھرتا ہی رہا منزل کے گرد
قیس کی صورت جبیں ساہی رہا محمل کے گرد

سرمۂ گوہر مری آنکھوں کو تیری دید ہے
اے مہِ نو تو ہلالِ مطلعِ امید ہے

آرزوئے نور میں ہے صورتِ سیماب تو
تیری بے تابی کے صدقے ہے عجب بیتاب تو

چاہیے میری نگاہوں کو انوکھی چاندنی
لا کہیں سے ماہِ کامل بن کے ایسی چاندنی!

Marfat.com

ظلمتِ بیگانگی میرے وطن سے دُور ہو
خاکِ ہندُستاں کا ہر ذرّہ سراپا طُور ہو

"بانگِ درا" میں شائع شدہ نظم میں ایک شعر حسب ذیل ہے ــــ

چرخ نے بالی چُرا لی ہے عروسِ شام کی
نیل کے پانی میں اک مچھلی ہے سیمِ خام کی

ابتداء میں اس نظم کے حسب ذیل دو شعر تھے ــــ

چرخ نے بالی چُرا لی ہے عروسِ شام کی
نعلِ زرّیں گر پڑی ہے توسنِ ایام کی
دام بافی کر رہی ہے زُلفِ مشکیں شام کی
نیل کے پانی میں اک مچھلی ہے سیمِ خام کی

Marfat.com

مزدور کا خواب

یہ نظم بھی پہلی بار اس مجموعہ اشعار میں شائع کی جا رہی ہے

مسافر رات کے چاندی کی جیب و آستیں والے
ستارے آسماں کے جن کو کہتے ہیں زمیں والے
اُٹھا کر دوش پر اپنے عروسِ شب کی محمل کو
سحر کے خوف سے اُڑتے چلے جاتے تھے منزل کو

مثالِ گیسوئے شب خامشی بھی بڑھتی جاتی تھی
صدا موجوں کی لیکن ساحلِ دریا سے آتی تھی
وہ غافل سو رہا تھا بسترِ ریگِ بیاباں پر
ہوائیں چومتی آتی تھیں پہنائے سمندر کو
اُڑا سکتی نہ تھیں اس کے تنِ عریاں کی چادر کو

Marfat.com

ہوئیں آنکھیں جو اعجازِ تخیل کی تماشائی
شبِ غربت میں کی صبحِ وطن نے جلوہ آرائی
کنارِ آبِ راوی خواب نے پہنچا دیا اُس کو
تماشا گاہِ طفلی کا سماں دِکھلا دیا اُس کو
ہُوا اک بار پھر داخل وہ اُس ٹوٹے ہُوئے گھر میں

○

جہاں محنت ہم آغوشِ کفایت ہو کے رہتی تھی
قناعت خانہ پروردِ محبت ہو کے رہتی تھی!
جہاں چرخے کی خواب آور صدا پردہ تھی آہوں کا

○

Marfat.com

عاشقِ ہرجائی

"بانگِ درا" میں اس نظم کے صرف دو بند ہیں۔ اس کے پہلے بند میں حسب ذیل تین اشعار اور دوسرے بند میں یہ ایک شعر شامل نہیں :

پہلا بند

ناؤ طوفانی ہے لیکن صورتِ گوشِ صدف

گوش تیرا موج کی شورش سے بے پروا بھی ہے

ہم عنانِ عصرِ حاضر عاشقِ عہدِ کہن!

دوش ہی گویا تجھے امروز بھی فردا بھی ہے

تو پریشاں مُو مثالِ قیس رہتا ہے مگر

اس پریشانی میں سیرِ گیسوئے لیلیٰ بھی ہے

دُوسرا بند

تو ذرا میری نظر کی جلوہ آشامی تو دیکھ!

طُور شرما جائے ایسا حوصلہ رکھتا ہُوں میں

Marfat.com

آفتابِ صبح

آٹھ بند کی یہ نظم رسالہ "خدنگِ نظر" میں شائع ہوئی تھی۔ جن میں سے چھ بند ایک نیا بند اضافہ کر کے اس عنوان کے ساتھ "بانگِ درا" میں شائع کر دیے گئے۔ لیکن حسبِ ذیل دو بند ان میں شامل نہیں ہو سکے۔

اے چراغِ آسماں! اے آفتابِ صبح دم!
راستہ تیرا نہیں شرمندۂ نقشِ قدم!
ابر میں چھپنا ترا لاتا ہے دل پر ابرِ غم
یہ ادا چشمِ تماشائی پہ کرتی ہے ستم
تو وہ مطلع ہے سرِ دیوانِ عالم کے لیے
خامۂ قدرت نے آبِ زر سے لکھا ہے جسے

ہائے کس حسنِ جہاں آرا کی ہے تجھ میں جھلک
خیرہ ہو جاتی ہے تیرے نور سے چشمِ فلک

Marfat.com

رُوح پرور ہے تجلّی تیری اے چشمِ فلک
ملتی جلتی ہے چراغِ طُور سے تیری چمک
خانۂ دل نور سے معمور ہو جائے مرا!
نقطۂ دل تخمِ نخلِ طُور ہو جائے مرا!

○

گُلِ پژمُردہ

ابتداء میں اس نظم کے سترہ اشعار تھے۔ جن میں سے صرف چھ اشعار "بانگِ درا" میں ہیں۔ حسبِ ذیل گیارہ اشعار کسی مجموعے میں نظر نہیں آئے :—

ہم سفر آخر تری بُو کی، تری رنگت ہُوئی
ہائے، کیا تاراج تیرے حُسن کی دولت ہُوئی
بلبلِ نالاں نہ پہچانے اگر دیکھے تجھے
ہو پشیماں عشق پہ اپنے جو پہچانے تجھے

Marfat.com

سرگراں سی اب شعاعِ مہرِ تاباں تجھ سے ہے
آہ وہ بادِ سحر بھی اب گریزاں تجھ سے ہے

دیدۂ گلچیں کو اب تیری ادا بھاتی نہیں
لال جوڑا اب شفق بھی تجھ کو پہناتی نہیں

شاخ تیری بارِ بلبل سے نہ اب خم کھائے گی
آبِ گوہر سے نہ اب شبنم تجھے نہلائے گی

آہ وہ تتلی وہ اک معصومیت اُڑتی ہُوئی
تھک کے اب پرواز سے تجھ پر نہ بیٹھے گی کبھی

وہ ذرا سا جانور دل دادۂ آوارگی
کھینچتی تھی سُوئے گلشن جس کو شیرینی تری

گرچہ تھا سحنِ چمن میں عاشقِ شیدا ترا
اب تجھے دیکھے تو بھاگے العذر کہتا ہُوا

Marfat.com

میری آنکھوں کو مگر اے گل بھلا لگتا ہے تو
آتی ہے مُجھ کو تری پژمُردگی سے اپنی بُو
ہیں مرے سینے میں بھی پوشیدہ زخمِ بے رفُو
داغ بن کر رہ اِسی اُجڑے ہُوئے گلشن میں تُو
لب مرا ہے بلبلِ رنگیں نوا تیرے لیے
میری ٹھنڈی آہ ہے بادِ صبا تیرے لیے

○

موجِ دریا

اِس عنوان کے تحت دو بند کی ایک نظم "بانگِ درا" میں شائع ہوئی ہے۔ ابتداء میں اس نظم کے تین بند تھے۔ تیسرا بند حسب ذیل ہے:

غنچۂ آب میں گلشن کی تماشائی ہُوں
اپنی ہستی کو مٹانے کی تمنّائی ہُوں

Marfat.com

کشتۂ عشق ہوں، محرومِ شکیبائی ہوں
حوصلہ دیکھ، کہ میں بحر کی سودائی ہوں
زندگی جزو کی ہے کُل میں فنا ہو جانا!
درد کا حد سے گزرنا ہے دوا ہو جانا!

○

پھول کا تحفہ عطا ہونے پر

آٹھ اشعار کی یہ نظم "بانگ درا" میں ہے۔ ابتدا میں بارہ اشعار پر مشتمل تھی۔ باقی چار اشعار یہ ہیں ——

ہجومِ گل میں پسندِ نگاہِ ناز ہُوا
ترانہ ریز تری زندگی کا ساز ہُوا
کسی کے حسنِ دلآویز پر نثار ہے تو
خموش نغمۂ تارِ رگِ بہار ہے تو

Marfat.com

یہ میرے ہاتھ میں خونی نوائیاں کیسی
مجھے خبر ہے جدائی میں بیقرار ہے تو

فسُردگی کا تجھے میرے گھر میں کیا غم ہے
صبا ہے آہوں کی اور آنسوؤں کی شبنم ہے

○

کوششِ ناتمام

"بانگِ درا" کی یہ نظم چھ اشعار پر مشتمل ہے۔ ابتداء میں اس کا عنوان "..... کے نام" تھا۔ اس کے جو اشعار کسی مجموعے میں نہیں پائے گئے، حسبِ ذیل ہیں :—

آئی صدا یہ چاند کی بزمِ طواف پیشہ سے
صبحِ ازل سے ہے سفر رہتا قیام کے لیے
قلبِ زمیں سے مانگ کے لائی ہے داغِ جستجو
بادِ بہار لالۂ شعلہ بجام کے لیے

Marfat.com

دُوسرا بند

قدرت کا اک فریب ہے لطفِ حصولِ مدّعا
خارِ امید کی خلش رُوح کا تازیانہ ہے

مصروفیت طیور کی شوقِ فراغ سے نہیں
محنت کا ذوق باعثِ تعمیرِ آشیانہ ہے

خاکِ چمن نے کر دیا رازِ اُمید آشکار
کاوشِ دل ہے مدعا گُل کی کلی بہانہ ہے

قمری و عندلیب کو شرطِ حیات ہے وہ شور
گوشِ غلط شنو میں جو نالۂ عاشقانہ ہے

Marfat.com

بزمِ انجم

"بانگ درا" میں اِس عنوان کے تحت تین بند کی ایک نظم شائع ہُوئی ہے۔ پہلے اس نظم کا عنوان "تاروں کا گیت" تھا۔ دو بند کے بعد باقی اشعار غزل کے عنوان سے تھے، جس میں سے بہُت سے اشعار ترک کر دیے گئے اور باقی اشعار تیسرے بند کی صُورت میں شائع ہُوئے۔ پہلے بند سے بھی ایک شعر حذف کیا گیا۔ حسبِ ذیل اشعار کسی مجموعے کی زینت نہیں بنے ——

پہلا بند

ہے خواب کی سی عالمِ چشمِ کشودہ جن کی
وہ نیلے آسماں کے اُڑتے ہُوئے شرارے

تیسرا بند

چھ اشعار کا یہ بند پہلے غزل کی صُورت میں شائع ہُوا تھا:

یہ رسم ہے پرانی، رہتے ہیں درد والے
بے خواب مثلِ انجم راتوں کی خامشی میں

Marfat.com

سمجھیں گے کیا وہ ناداں آئینِ سروری کو
ناقص ہیں اب تلک جو آدابِ بندگی میں

ملّت حجاز کی ہے مصروفِ فرقہ بندی
نادان لُٹ رہے ہیں سورج کی روشنی میں

بالائے ریگِ صحرا خوابیدہ رہ گئے یہ!
رخصت ہُوئے مسافر تاروں کی روشنی میں

بنتی بگڑتی دیکھیں ہم نے ہزاروں قومیں
اک بات ہے نرالی اِس بزمِ آخری میں

بارِ گلوئے ملّت طوقِ وطن نہیں ہے
تازے ہیں یہ مسافر اسلوبِ راہبری میں!

Marfat.com

نانک

"بانگِ درا" کی اس نظم کے ابتداء میں گیارہ اشعار تھے۔ کسی ثبوت میں شامل نہ ہونے والے آخری تین اشعار درجِ ذیل ہیں ——

تیرے پیمانے میں اے ساقی شرابِ ناب تھی
تیری شخصیّت نے کھینچا ہر دلِ آگاہ کو

اپنے میدانوں میں جب رزمِ ممالک عام تھی
زندگی تیری سراپا صلح کا پیغام تھی

ہند کے بتخانے میں کعبے کا تو معمار تھا
کتنا باطل سوز تیرا شعلۂ گفتار تھا

Marfat.com

○

ایک نظم کے دو بند جو کسی مجموعے میں نظر نہیں آئے۔

ترے غریبوں کو عُریاں تنی کا غم ہے وہی
وہی گلہ ہے امیروں کی کج ادائی کا!
وہی ہے گوشۂ خلوت میں بیٹھ کر رونا
ترے نصیب کا، اپنی شکستہ پائی کا
اگرچہ تیز بہت نوکِ خار ہیں یاں بھی
نہیں دماغ میں سودا برہنہ پائی کا!
ہوئی خبر ترے حُسن و جمال کی جب سے
رہا نہ شوق حسینوں کی آشنائی کا!
زمیں خراش ہوں میں ناخنِ خجالت سے
کہ حق ادا نہ ہُوا مجھ سے آشنائی کا

Marfat.com

اگرچہ سب سے بُرا ہوں میں جانثاروں میں

مری جبیں پہ نہیں داغ بے وفائی کا
نجات سنگ ہے سرگشتگی ..... کی
گلہ نہ چاہیے گردوں کی کج ادائی کا
کھنچے ہے اپنی ہی گردن پہ بید کی تلوار
خدا دکھلائے نہ آزار بے نوائی کا

مثالِ موج جہاں میں ہو خود شکن پہلے
کہ حوصلہ ہو تجھے بحر آشنائی کا
عصا بنے صفتِ گرد باد آپ اپنا
شکستہ پا نہ کرے شکوہ بے عصائی کا
بہ لب ز دردِ تو آہے کہ داشتم دارم
..... سرِ راہے کہ داشتم دارم

Marfat.com

وہ شعلے کاٹتے ہیں جو شرارے بوتے ہیں
شہنشہوں کو خیالِ مآلِ کار رہے

یہ آپ لائے ہیں مغرب سے سیلِ آزادی
بنائیں اب وہ عمارت کہ استوار رہے

گداگری ہے حقیقت میں وعدۂ احساں
کرم ستم ہے جو سائل کو اِنتظار رہے

طلسمِ خندۂ گل میں ہے آشیاں اس کا
بہارِ باغ پہ پھر کس کو اعتبار رہے

اماں کبھی نہ ملی دستِ بُردِ دوراں سے
ہمارے چھالے ہمیشہ پسندِ خار رہے

مگر فدا ہیں تری وسعتِ خیال پہ ہم
الٰہی! بزم تری زیبِ روزگار رہے

Marfat.com

قیام کس کو ہے اس انقلاب خانے میں

کوئی بنا نہیں ایسی کہ پائیدار رہے
گرے ہوؤں کو اُٹھانا کمالِ احساں ہے
وہ کام کر کہ زمانے میں یادگار رہے!
مٹے ہیں صفحۂ ہستی سے ہم، مگر باقی
ہماری عظمتِ دیرینہ کے مزار رہے
رہے تو ہم بھی، مگر کیسا نمود تھی اپنی
نفس بہ جیبِ فنا صورتِ شرار رہے
شکستِ دل کی صدا کو بھی کان سنتے ہیں
کوئی جو محفلِ ہستی میں ہوشیار رہے

Marfat.com

بے سلطنت قوم یا جسمِ بے روح

سات اشعار کی یہ سیاسی نظم کسی مجموعے میں نہیں پائی گئی :

ہے قوم جسم، سلطنت اُس میں ہے مثلِ روح
جب یہ نہیں تو قوم نہیں بلکہ لاش ہے

سعیِ شغال و گرگ سے جنبش ہوئی اگر
نافہم سمجھے قوم میں خود انتعاش ہے

البتہ زندگانیٔ شخصی کا ہے وجود
قانون میں ہر اک کے لیے زندہ باش ہے

پیمانہ ہائے ساختۂ شاہِ وقت پر
محدود طالبین کی فکرِ معاش ہے

بے علمِ مذہبی کے ہیں اخلاق نادرست
اُس کی خرابیوں سے تو دل پاش پاش ہے

Marfat.com

کچھ خاک میں ملیں گے تو کچھ ہوں گے جزوِ غیر
یہ مسئلہ صحیح ہے گو دلخراش ہے

اپنی یہ احتیاط کہ بوسے پر اکتفا
اِس پر بھی یہ عتاب کہ تو بدمعاش ہے

پیش کش بہ ...

یہ نظم بھی علامہ کے کسی مجموعے میں نظر نہیں آئی:

نغمۂ رنگیں سمجھ یا نالۂ پیہم سمجھ!
اس نوا کو یا نوائے بربطِ عالم سمجھ

پیش کش ہے دردمندوں کی یہی دو چار اشک
خواہ موتی، خواہ صُبحِ عشق کی شبنم سمجھ

درد کے پانی سے ہے سرسبزیٔ کشتِ سخن
فطرتِ شاعر کے آئینے میں جوہر غم سمجھ

Marfat.com

دل کو لیکن مانعِ خدمت نہیں افسردگی
اس نگیں کو تا ابد زندانیِ خاتم سمجھ

ہے ترے دم سے شرر آباد خاکستر مری
واسطے تیرے طبیعت ہے چمن پرور مری

گلستاں بن کر مہک اُٹھا دلِ پرخُوں مرا
ہے سرود آموزِ بلبل نالۂ موزُوں مرا!

گردشِ پیہم مبارک ساغرِ خورشید کو
ہو گیا پابندِ مینا بادۂ گلگُوں مرا!

زخمۂ الفت سے ہے تارِ رگِ جاں نغمہ خیز
یعنی تیرے حسرتے پیدا ہُوا افسُوں مرا

میرے نظّارے میں پیدا ہو گیا انداز نو
اور ہی میری زمیں ہے اور ہی گردوں مرا

Marfat.com

ہے تری منّت طلب میری بہارِ شاعری
تازہ تر ہے میرے دامن میں گلِ مضموں مرا

عشق لیکن دردِ محرومی سے پاتا ہے کمال
ہجرِ لیلےٰ سے ہُوا آوارہ تر مجنوں مرا

ہے ترے نورِ خفی سے محفل افروزی مری
تیرے قدموں پہ تصدّق ہے جگر سوزی مری

Marfat.com

منظومات کے متفرّق اشعار

طائرِ شام

لبریز ہے سرود سے تیرے سکوتِ شام
طائر کہاں ہے ایک طلسمِ نوا ہے تو
انساں کی ہے جو شام وہ تاروں کی ہے سحر
خوابیدہ ہیں نجوم اذاں کی صدا ہے تو

Marfat.com

شمع

اِس عنوان سے جو نظم "بانگِ درا" میں شائع ہُوئی، اُس کے اشعار ابتدا میں چالیس تھے۔ جن میں سے ۲۹ "بانگِ درا" میں شائع کر دیے گئے۔ دس اشعار "سرودِ رفتہ" میں شائع ہو گئے ہیں۔ آخری بند کا ایک شعر، جو کسی مجموعے میں شائع نہیں ہوا، حسبِ ذیل ہے :——

دردا کہ وہمِ غیر میں ہُوں مَیں پھنسا ہُوا
آذر خلیل ہے بُتِ پندار کا ہُوا

○

شکریہ

اس عنوان سے "سرودِ رفتہ" میں جو نظم شائع ہُوئی ہے، اس میں دوسرے بند کا ایک شعر جو اصل نظم میں تھا، شائع نہیں ہُوا ——

جس کے بلبل عندلیبِ عقلِ کُل کے ہم صفیر
جس کے غنچوں کے لیے رُخسارِ حُور آئینہ دار

Marfat.com

میں اور تو

۱۹۱۸ء میں انجمن حمایتِ اسلام لاہور کا سالانہ جلسہ نواب صاحب کرنال کی زیرِ صدارت منعقد ہوا تھا، اِس موقع پر پڑھی جانے والی علّامہ کی نظم کے صرف نو اشعار "بانگِ درا" میں شائع ہُوئے ہیں۔ باقی تین اشعار حسبِ ذیل ہیں :—

مجھے آشیاں بتر از قفس، مری آنکھ میں گُل و لالہ خس
تنِ ناتواں میں گرہ نفس کہ نہیں مجالِ نوا گری
جو ترے غرورِ بلند پر ہے نوا کا بُو لہبی اثر
ترے ہر بیاں سے عزیز تر ہے مجھے پلاسِ[1] بُوذری
ترا نالہ مُرغِ شکستہ پر، نہیں زندگی کا پیام اگر
ترا سوز داغِ دلِ سحر، ترا ساز ننگِ نوا گری

---

[1] چادر

Marfat.com

مندرجہ ذیل پانچ اشعار، جن میں سے پہلا شعر نامکمل ہے، کسی مجموعے میں نہیں ہیں :

جوشِ نمود سے ہُوا حسنِ بہار بے حجاب

..... (مصرعہ نہیں ہے) .....

اُترے چمن سے باغ میں کلیوں کے بھیس میں نجوم
کرتی ہے سیرِ بوستاں بن کے نسیم ماہتاب !

فیضِ سحاب سے ہُوئی جوئے چمن ترانہ ریز
ڈوبی ہُوئی ہے آب میں آتشِ سینۂ رباب

جام بکف ہے گُل اگر غنچہ سبُو بدوش ہے
ابرِ بہار بن گیا میکدۂ شرابِ ناب !

واہمۂ ہوا کو ہے نقش گری میں کیا کمال
موجِ شکستہ سے کیا سازِ عمارتِ حباب

Marfat.com

مذہب

یہ تین اشعار "بانگِ درا" میں شائع ہوئے ہیں۔ ابتداء میں یہ نظم مذہب کے ایک شعر کی تضمین تھی جس میں مذہب کے شعر کے علاوہ پانچ اشعار تھے۔ علامہ کے دو شعر اور مذہب کا تضمین شدہ شعر حسب ذیل ہے:

کانپتا ہوں پڑھ کے میں افسانہ اسرائیل کا
ڈر ہے غفلت سے نہ ہو تیرا مقدر بھی وہی
تیری دنیا قوتِ مذہب سے باقی ہے بکام
دین کے معیار سے موزوں ہے شعرِ زندگی
"مرد با یک مصرع از قید خزاں آزاد شد
زندۂ جاوید می گردد اگر موزوں شود"

Marfat.com

تنہائی

(۲)

پانچ اشعار پر مشتمل "بانگِ درا" کی اس نظم کے مزید دو شعر:

آوارہ یہ چاند، رات خاموش
صہبائے نظارہ و مئے گوش

یہ بُوئے گُل قمر یہ مہتاب
خُمخانۂ دہر کی مئے ناب

○

عید پر شعر لکھنے کی فرمائش کے جواب میں!

"بانگِ درا" کی اس نظم میں یہ شعر شامل نہیں ہے:—

سرودِ مرغِ نوا ریز و ہم نشینیٔ گُل
مرے نصیب کہاں غنچۂ مزار ہُوں میں!

Marfat.com

رات اور شاعر

یہ نظم "بانگِ درا" میں شائع ہوئی ہے۔ اس کے دوسرے بند میں حسبِ ذیل شعر نظر نہیں آتا :

یہ دلِ مُردہ کو تعلیمِ رضا دیتے ہیں!
لُٹ کے غارت گرِ گُلشن کو دُعا دیتے ہیں

○

دُعا

"یارب دلِ مسلم کو وہ زندہ تمنا دے"

علامہ کی یہ مشہور نظم "بانگِ درا" میں موجود ہے۔ اس کا یہ ایک شعر شائع نہیں ہوا :

آتش نفسی جس کی کانٹوں کو جلا ڈالے
اِس بادیہ پیما کو وہ آبلہ پا دے

○

Marfat.com

والدۂ مرحُومہ کی یاد میں

اس نظم کے گیارہ اشعار "بانگِ درا" کے بعد منظرِ عام پر لائے جا چکے ہیں لیکن حسبِ ذیل ایک شعر کسی مجمُوعے کی زینت نہیں بن سکا :—

وائے ناکامی کہ مَیں بھی آشنا حکمت سے ہُوں
طُور ہوں، یخ پیرہن عقلِ خُنک فطرت سے ہُوں

○

خضرِ راہ

"بانگِ درا" کی اس نظم کے پانچویں بند کا آغاز اس شعر سے ہُوا ہے :

آ بتاؤں تجھ کو رمزِ آیۂ اِنّ الملُوک — سلطنت اقوامِ غالب کی ہے اک جادوگری

جُوابِ خضر کے اس بند کا مندرجہ ذیل چوتھا شعر "بانگِ درا" میں نہیں چھپا :—

نوعِ انساں کے لیے سب سے بڑی لعنت ہے یہ
شاہراہِ فطرت اللہ میں یہ ہے غارتگری!

○

Marfat.com

سیرِ فلک

اِس عنوان سے "بانگِ درا" میں ایک نظم شامل ہے۔ اس کے دوسرے بند سے جو دو شعر ترک کر دیے گئے اور باقیات کے کسی مجموعے میں شامل نہیں، یہاں درج کیے جاتے ہیں:

ظلمت افزا تھا اس قدر وہ مقام
چاند چمکے وہاں تو ہو بے ہوش
خنک ایسا کہ جس کے سامنے گرم
کُرۂ زمہریر کی آغوش!

○

جلوۂ حُسن

پانچ اشعار پر مشتمل بانگِ درا کی اس نظم کے مزید دو شعر:

یعنی جو آگ تاثر کو اکا دیتا ہے
اور دل کو شرر آباد بنا دیتا ہے

Marfat.com

دورۂ عصر کی ہستی کو مٹاتا ہے خیال!
ہر گھڑی ایک نیا دہر بناتا ہے خیال!

○

Marfat.com

بچّوں کے لیے نظمیں

ابتدائی دور میں علامہ اقبال نے کچھ نظمیں بچّوں کے لیے کہی تھیں، جو نصاب کی کتابوں میں بھی شامل کی گئیں۔ ان میں سے بعض نظموں کے کچھ اشعار "بانگِ درا" میں شائع ہوئے ہیں۔ باقی نظمیں کسی مجموعے میں نہیں پائی گئیں ---- یہ نظمیں اور اشعار ذیل میں پیش کیے جا رہے ہیں ----

خدا کے حضور میں دُعا

"لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری!"

"بانگِ درا" میں اس نظم کے مندرجہ ذیل اشعار شامل نہیں:-

میری خوشبو سے معطّر ہو زمانہ سارا
بن کے بلبل ہو مرے حُسن پہ دُنیا شیدا

Marfat.com

علمِ دُنیا کے چمن میں ہو اگر گُل کی طرح
میں چہکتا رہُوں اُس پھول پہ بلبل کی طرح
دُکھ اٹھائے مرے ہاتھوں سے نہ جاندار کوئی
اے خدا! عمر اسی طرح بسر ہو میری
دکھ بھی آجائے تو ہو دل نہ پریشاں میرا
شُکر ہر حال میں ہو میری زباں پر تیرا

ایک پہاڑ اور گلہری

یہ نظم، جو انگریزی سے ماخُوذ ہے، ۲۴ اشعار پر مشتمل تھی۔ ان میں سے ۱۲ اشعار "بانگِ درا" میں شائع ہُوئے۔ باقی ۱۲ اشعار حسبِ ذیل ہیں :—

پہاڑ

ذرا سے قد پہ تجھے چاہیے نہ اِترانا
کہ میرے سامنے تیرا گھمنڈ ہے بے جا

Marfat.com

مرے طفیل سے پانی ملا ہے دریا کو

دیا ہے بیٹا ہوں دامن میں دشت و صحرا کو

فلک کی شان سے آنکھیں ملائے بیٹھا ہوں

بنوں کو بیٹھ پہ اپنی اُٹھائے بیٹھا ہوں!

اسے جو چومتی ہیں اُٹھ کے چوٹیاں میری

بلائیں لیتا ہے جھک کے آسماں میری

جو برف ہے مرے سر پہ بدن پہ برزی ہے

ہری قمیص پہ گویا سفید پگڑی ہے

بڑا پہاڑوں میں شان سے بڑی میری!

کسی سے ہو نہیں سکتی برابری میری

Marfat.com

گلہری

ذرا سی بات ہے انصاف سے مگر کہنا
یہ زندگی ہے کوئی اس طرح پڑے رہنا
قدم نہ اُٹھے تو جینا ہے موت سے بدتر
ہزار عیب سے یہ ایک عیب ہے بڑھ کر
قلم بنا کے نہ لاتا اگر مری دُم کا
ہنر کو اپنے مصوّر بھلا دکھا سکتا؟
جہاں کے باغ کی گویا سنگھار ہے ہر چیز
کہ اپنی اپنی جگہ شان دار ہے ہر چیز
نہیں کسی کو حقارت سے دیکھنا اچھّا!
یہ بات جس نے سمجھ لی وُہی رہا اچھا!

Marfat.com

پہاڑ سُن کے گلہری کی بات شرمایا
مثل ہے وہ کہ بڑے بول کا ہے سر نیچا!

ایک گائے اور بکری

یہ نظم ۴۱ اشعار پر مشتمل تھی۔ ان میں سے ۲۹ اشعار "بانگِ درا" میں شائع ہو گئے۔ جو بارہ اشعار شائع نہیں ہوئے وہ حسبِ ذیل ہیں:

"بانگِ درا" میں پہلے دو شعر یہ ہیں:

اک چراگاہ ہری بھری تھی کہیں — تھی سراپا بہار جس کی زمیں!
کیا سماں اُس بہار کا ہو بیاں — ہر طرف صاف ندیاں تھیں رواں

ان اشعار کے بعد مندرجہ ذیل دو شعر جو ابتدائی نظم میں شامل تھے "بانگِ درا" میں شائع نہیں ہوئے:

جن کے پانی میں وہ صفائی تھی
نظر آتے تھے تہ کے کنکر بھی!

Marfat.com

کیا کہوں میں اُگا تھا کیا سبزہ!
کوئی مخمل کا فرش تھا سبزہ!

کالے کے شکایتی اشعار میں سے حسب ذیل اشعار بانگ میں موجود نہیں:

بس چلے تو کہیں نکل جاؤں
دودھ مکھن سے اس کو ترساؤں

ہم بھی آخر خدا کے ہیں بندے
روز کے ناز اُٹھ نہیں سکتے!

یہ غلامی ہمیں نہیں بھاتی
مَیں تو اس قید سے ہوں گھبراتی

یُوں ہمیں قید میں جو رکھتا ہے
ہم نے کیا جانے کیا بگاڑا ہے

Marfat.com

اپنا غصّہ کبھی نکالوں گی!
دُم کی چابک سے مار ڈالوں گی

مجھ سے کرتا ہے یہ مُوا اَن بن
توڑ ڈالوں گی دُودھ کے برتن

تم ہی انصاف سے ذرا کہنا
آدمی ہے کہ ظُلم کا پُتلا

بکری کے جواب کے حسب ذیل تین شعر بانگ درا میں موجود نہیں ہیں:—

اس شکایت سے منہ کو بند کرو
ٹیڑھا رستہ نہ تم پسند کرو

رہنے سہنے کو ہے مکاں ایسا
خوف سردی کا ہے نہ گرمی کا

Marfat.com

اُس کے ہوتے خطر نہیں ہم کو!
شیر چیتے کا ڈر نہیں ہم کو!

ماں کا خواب

یہ نظم ابتداء میں ۲۴ اشعار پر مشتمل تھی۔ اُن میں سے صرف پندرہ اشعار "بانگِ درا" میں شائع ہُوئے۔ باقی ۹ اشعار یہ ہیں :—

کوئی اُس سے کا بیاں کیا کرے
اندھیرا خموشی بغلگیر تھے
سیاہی کا نقشہ تھا ایسا حمبا
اُجالا کہیں نام کو بھی نہ تھا
ستارے فلک پر چمکتے نہ تھے
کہ ظلمت کے ڈر سے تھے سہمے ہوئے

Marfat.com

یکایک دکھائی دیا چاندنا
ہُوا جس سے کچھ کچھ مجھے حوصلہ

بڑی دُور تھی مجھ سے یہ روشنی
مگر رفتہ رفتہ قریب آ گئی!

کہوں کیا جماعت وہ بچّوں کی تھی
کہ معصومیت چلتی پھرتی ہُوئی

"کہا میں نے پہچان کر میری جاں
مجھے چھوڑ کر آ گئے تم کہاں"

مندرجہ بالا ایک شعر "بانگِ درا" میں موجود ہے اور حسبِ ذیل ترک شدہ اشعار کا مفہوم واضح کرنے کے لیے لکھا گیا ہے:

جدائی کے صدمے سہوں کس طرح؟
جو گزری ہے مجھ پر کہوں کس طرح؟

Marfat.com

پریشاں ترے غم میں رہتا ہے دل
عجب طرح کے رنج سہتا ہے دل

اجل سے بھی بدتر ہے جینا مرا
لُٹا دن دہاڑے خزینہ مرا

○

ایک مکڑا اور مکھّی

یہ نظم ۳۲ اشعار پر مشتمل تھی۔ جن میں سے ۲۵ اشعار "بانگِ درا" میں شائع ہو گئے۔ باقی حسبِ ذیل ہیں :

ابتدائی ترتیب میں تیسرا شعر :

بڑھ کر کوئی شے ملنے ملانے سے نہیں ہے
ہو یہ بھی نہ دنیا میں تو کس کام کا جینا !

○

Marfat.com

پانچواں شعر

ہر طرح سے تیّار ہوں خدمت کو تمھاری
اوروں کی طرح مجھ کو دکھاوا نہیں آتا

بارھواں شعر

کیجے یہیں آرام کہ یہ آپ کا گھر ہے
اب وقت ہے کھانے کا یہیں کھائیے کھانا

تیرھواں شعر

ڈرتا ہوں کہ دشمن کہیں بیمار نہ ہو جائیں
رہ جائیں نہ پرتھک کے مجھے تجھ پہ کلنکا

بیسواں شعر

اِن باتوں سے قابو میں نہ آئے گی یہ مکھی
اب اور کوئی چاہیئے دینا اسے چکمہ

Marfat.com

پچیسواں شعر

پہنائی ہے کیا آپ کو پوشاک سنہری !

پر آپ کے چٹّے ہیں کہ چاندی کا ہے گہنا

ابتدائی ترتیب کے آخری دو شعر

لڑکو! مرے قصّے کو جو دانا ہو تو سمجھو

مکھّی کی طرح ہو نہ کہیں حال تمہارا

پھنس جاتے ہیں جو سُنتے ہیں تعریف کی باتیں

لوگوں کی خوشامد پہ کہیں کان نہ دھرنا !

ہمدردی

یہ نظم انگریزی سے ماخوذ ہے۔ ابتداء میں یہ نظم ۱۶ اشعار پر مشتمل تھی۔ اُن میں سے آٹھ اشعار "بانگِ درا" میں شائع ہو گئے ہیں۔ جن کا پہلا شعر ہے:

Marfat.com

ٹہنی پہ کسی شجر کی تنہا
بلبل تھا کوئی اداس بیٹھا

باقی آٹھ اشعار جو "بانگِ درا" میں شامل نہیں، یہاں درج کیے جاتے ہیں :

بلبُل

آنکھوں سے ٹپک رہے تھے آنسُو
کہتا تھا کہ ہائے، اب کروں کیا؟
پھیلی ہے یہ رات کی سیاہی
رستہ نہیں گھونسلے کا ملتا!
خُورشید کے ڈوبنے سے پہلے
گھر کو مجھے پہنچنا تھا لیکن
بچّے مرے دیر سے ہیں بھُوکے
دے کا اُنہیں کون جا کے دانا

Marfat.com

مرجائیں نہ وہ غریب ڈر کر
گر جائیں نہ گھونسلے سے باہر

جگنو

روشن ہیں جو پر مرے تو مجھ کو
آسان ہے راہ کا دکھانا!

اوروں کے جو کام میں نہ آؤں
کس کام کا پھر مرا ہے جینا

بلبل کو اُڑا یہ کہہ کے جگنو!
لے کر اُسے گھونسلے میں آیا

Marfat.com

بچوں کیلیے مکمل نظمیں

جہاں تک ہو سکے، نیکی کرو!

کہتے ہیں ایک سال نہ بارش ہوئی کہیں
گرمی سے آفتاب کی تپنے لگی زمیں
تھا آسمان پر نہ کہیں ابر کا نشاں
پانی ملا نہ جب تو ہوئیں خشک کھیتیاں
لالے پڑے تھے جان کے ہر جاندار کو
اُجڑے چمن ترستے تھے بہار کو
منہ تک رہی تھی خشک زمیں آسمان کا
امید ساتھ چھوڑ چکی تھی کسان کا
بارش کی کچھ امید نہ تھی اُس غریب کو
یہ سال تھا کہ جیسے کوئی سوگوار ہو

Marfat.com

اک دن جو اپنے کھیت میں آکر کھڑا ہُوا
پودوں کا حال دیکھ کے بیتاب ہو گیا
ہر بار آسماں کی طرف دیکھتا تھا وہ
بارش کے انتظار میں گھبرا رہا تھا وہ
ناگاہ ایک ابر کا ٹکڑا نظر پڑا
لاتی تھی اپنے ساتھ اُڑا کر جسے ہوا
پانی کی ایک بُوند نے تا کا اِدھر اُدھر
بولی وہ اُس کسان کی حالت کو دیکھ کر
ویران ہو گئی ہے جو کھیتی غریب کی
ہے آسمان پر نظر اس بدنصیب کی !
دل میں یہ آرزو ہے کہ اِس کا بھلا کروں
یعنی برس کے کھیت کو اس کے ہرا کروں

Marfat.com

بوندوں نے جب سُنی یہ سہیلی کی گفتگو!
ہنس کر دیا جواب کہ اللہ رے آرزو!
تو اک ذرا سی بوند ہے اتنا بڑا یہ کھیت
تیرے ذرا سے نم سے نہ ہوگا ہرا یہ کھیت
تیری بساط کیا ہے کہ اس کو ہرا کرے!
ہو خود جو ہیچ کیا وہ کسی کا بھلا کرے!
اُس بوند نے مگر یہ بگڑ کر دیا جواب
کہہ دی وہ بات جس نے کیا سب کو لاجواب
مانا کہ ایک بوند ہوں، دریا نہیں ہوں میں
قطرہ ذرا سا ہوں کوئی چیونٹا نہیں ہوں میں
مانا کہ میرا نم کوئی دریا کا نم نہیں!
ہمت تو میری بحر کی ہمت سے کم نہیں!

Marfat.com

نیکی کی راہ میں کبھی ہمّت نہ ہارِیے !

مقدور ہو تو عُمر اسی میں گزارِیے

قربان اپنی جان کروں گی کِسان پر

کیا نُوں گی میں ٹھہر کے یہاں آسمان پر !

نیکی کے کام سے کبھی رُکنا نہ چاہیے

اس میں کسی کے ساتھ کی پروا نہ چاہیے

لُو میں چلی، یہ کہہ کے روانہ ہوئی وہ بوّند

بوّندوں کی انجمن میں یگانہ ہوئی وہ بوّند

ٹپ دے سے اس کی ناک پہ وہ بوّند گر پڑی

سُوکھی ہُوئی کسان کے دل کی کلی کِھلی !

دیکھا سہیلیوں نے تو حیران ہو گئیں

ہمّت کے اِس کمال پہ کی سب نے آفریں !

Marfat.com

بولیں کہ چاہیے نہ سہیلی کو چھوڑنا
اچھّا نہیں ہے منہ کو رفاقت سے موڑنا

ساتھی کے ساتھ سب کو برسنا ضرور ہے
گر ہم نہ ساتھ دیں تو مروّت سے دُور ہے

یہ کہہ کے ایک ساتھ وہ بوندیں رواں ہوئیں
چھینٹا سا بن کے کھیت کے اُوپر برس گئیں!

قسمت کھُلی کسان کی بگڑی ہُوئی بنی!
سُوکھی ہُوئی غریب کی کھیتی ہری ہُوئی!

پھر سامنے نظر کے بندھا آس کا سماں
تھی آس آس پاس گیا یاس کا سماں

اُجڑا ہُوا جو کھیت تھا، آخر ہرا ہُوا
سارا یہ ایک بوند کی ہمت کا کام تھا

Marfat.com

دیکھی گئی نہ اُس سے مصیبت کسان کی
بے تاب ہو کے کھیت پہ اُس کے برس گئی
ننھّی سی بوند اور یہ ہمّت، خدا کی شان!
یہ فیض، یہ کرم، یہ مروّت، خدا کی شان!

○

چاند اور شاعر

شاعر

اک رات میرے دل میں جو کچھ آ گیا خیال
یُوں چودھویں کے چاند سے میں نے کیا سوال
اے چاند! تجھ سے رات کی عزّت ہے لاج ہے
سُورج کا راج دن کو، تو راشب کو راج ہے

Marfat.com

تو نے یہ آسمان کی محفل سجائی ہے
تو نے زمیں کو نور کی چادر اُڑھائی ہے

تو وہ دیا ہے جس سے زمانے میں نور ہے
ہے تو فلک پہ، نور ترا دُور دُور ہے !

پھیکی پڑی ہُوئی ہے ستاروں کی روشنی
گویا کہ اس چمن پہ خزاں کی ہَوا چلی !

تیری چمک کے سامنے شرما گئے ہیں یہ
تیری ہوا بندھی ہے تو مُرجھا گئے ہیں یہ

اِس وقت تیرے سامنے سُورج بھی مات ہے
دُولھا ہے تو نجوم کی محفل برات ہے

پائی ہے چاندنی یہ کہاں سے بتا مجھے
یہ نور، یہ کمال، کہاں سے ملا تجھے ؟

Marfat.com

مجھ کو بھی آرزُو ہے کہ ایسا کمال ہو
تیری طرح لسان مرا بے مثال ہو
روشن ہو میرے دم سے زمانہ اِسی طرح
دُنیا میں اپنا نام نکالُوں تری طرح
حاصل کرُوں کمال بنُوں چودھویں کا چاند
تو ہے فلک کا چاند، بنُوں مَیں زمیں کا چاند
ہر ایک کی نظر میں سماؤں اِسی طرح
شہرت کے آسمان پہ چمکُوں اِسی طرح

چاند

میرا سوال سُن کے کہا چاند نے مجھے
لے بھید اپنے نُور کا کہتا ہُوں مَیں تجھے

Marfat.com

سُورج اگر نہ ہو تو گزارا نہیں مرا
مانگا ہُوا ہے نُور یہ اپنا نہیں مرا

سُورج کے دم سے مجھ کو یہ حاصل کمال ہے
کامل اُسی کے نور سے میرا ہلال ہے

پھرتا ہُوں روشنی کی تمنا میں رات دن
رہتا ہُوں میں کمال کے سودا میں رات دن

مجھ کو اُڑائے پھرتی ہے خواہش کمال کی
کر پیروی جہان میں میری مثال کی!

بے فائدہ نہ اپنے دنوں کو خراب کر
میری طرح تلاش کوئی آفتاب کر

کہتے ہیں جس کو علم وہ اک آفتاب ہے
یکتا ہے، بے مثال ہے اور لاجواب ہے

Marfat.com

ایسے کمال کی ہے تمنّا اگر تجھے
تو نُور جا کے مانگ اُسی آفتاب سے

ہے چاند کے کمال کو خطرہ زوال کا
رہتا ہے ہر گھڑی اُسے دھڑکا زوال کا

محفوظ اِس خطر سے ہُنر کا کمال ہے
گھٹنے کا اُس کو ڈر ہے نہ خوفِ زوال ہے

دنیا میں زندگی کا نہیں اعتبار کچھ
رہتی ہے اس چمن میں ہمیشہ بہار کچھ؟

انساں کو فکر چاہیے ہر دم کمال کی
"کسبِ کمال کُن کہ عزیزِ جہاں شوی"

Marfat.com

محنت

وہی لوگ پاتے ہیں عزّت زیادہ
جو کرتے ہیں دُنیا میں محنت زیادہ!

اِسی میں ہے عزّت خبردار رہنا!
بڑا دُکھ ہے دنیا میں بے کار رہنا

اسی سے ہے آباد نگری جہاں کی
یہ دنیا میں بنیاد ہے ہر مکاں کی

بڑائی بشر کو اِسی سے مِلی ہے
نکمّی جو گزرے وہ کیا زندگی ہے

زمانے میں عزّت حکومت یہی ہے
بڑی سب سے دنیا میں دولت یہی ہے!

Marfat.com

حقیقت جو محنت کی پہچانتے ہیں
اسے کیمیا سے سوا جانتے ہیں
کوئی بڑھ کے محنت سے سونا نہیں ہے
کہ اِس زر کو چوری کا کھٹکا نہیں ہے!
جہاں میں اگر کیمیا ہے تو یہ ہے
غریبی کے دُکھ کی دوا ہے تو یہ ہے
ہری کھیتیاں جو نظر آ رہی ہیں
ہمیں شانِ محنت کی دِکھلا رہی ہیں
نہیں کرتے دُنیا میں نادان محنت
جو سمجھیں تو سونے کی ہے کان محنت
اِسی سے زمانے میں دولت بڑھے گی
جو دولت بڑھے گی تو عزّت بڑھے گی

Marfat.com

کوئی اس کو سمجھے تو اکسیر ہے یہ
بڑا بن کے رہنے کی تدبیر ہے یہ

یہ کل دُوہ ہے چلتے ہیں سب کام جس سے
نکلتا ہے انسان کا نام جس سے

جو محنت نہ ہوتی تجارت نہ ہوتی
کسی قوم کی شان و شوکت نہ ہوتی

سہارا ہمارا ہمارا یہی ہے
اندھیرے گھروں کا اُجالا یہی ہے

بڑے کام کی چیز ہے کام کرنا
جہاں کو اسی کام سے رام کرنا

گڈریوں کو شاہنشہی اس نے دی ہے
کولمبس کو دنیا نئی اس نے دی ہے

Marfat.com

کھڑا ہے یہ سنسار محنت کی کل پر
یہ سب کارخانہ ہے اس کل کے بل پر

بناتی ہے یہ شہر نگری بنوں کو
بساتی ہے اُجڑی ہوئی بستیوں کو

جو ہاتھوں سے اپنے کمایا وہ اچھا
جو ہو اپنی محنت کا پیسہ وہ اچھا

مری جان! غافل نہ محنت سے رہنا
اگر چاہتے ہو فراغت سے رہنا

بچّوں کے لیے چند نصیحتیں

کاٹ لینا ہر کٹھن منزل کا کچھ مشکل نہیں
اِک ذرا انسان میں چلنے کی ہمّت چاہیے

Marfat.com

ل نہیں سکتی نکمّوں کو زمانے میں مُراد
کامیابی کی جو ہو خواہش تو محنت چاہیے

خاک محنت ہو سکے گی ہو نہ جب ہاتھوں میں زور
تندرستی کے لیے ورزش کی عادت چاہیے

خوش مزاجی سازمانے میں کوئی جادو نہیں
ہر کوئی تحسیں کہے ایسی طبیعت چاہیے!

ہنس کے ملنا رام کر لیتا ہے ہر انسان کو
سب سے میٹھا بولنے کی تم کو عادت چاہیے

ایک ہی اللہ کے بندے ہیں سب چھوٹے بڑے
اپنے ہم جنسوں سے دنیا میں محبت چاہیے!

ہے بُرائی سی بُرائی کام کل پہ ٹالنا
آج سب کچھ کر کے اُٹھو کر فراغت چاہیے

Marfat.com

جو بُروں کے پاس بیٹھے گا بُرا ہو جائے گا

نیک ہونے کے لیے نیکوں کی صُحبت چاہیے

ساتھ والے دیکھنا تم سے نہ بڑھ جائیں کہیں

جوش ایسا چاہیے، ایسی حمیّت چاہیے!

حکمراں ہو کوئی ہو اپنا ہو یا بیگانہ ہو

دی خُدا نے جس کو عزّت اُس کی عزّت چاہیے

دیکھ کر چلنا کچل جائے نہ چیونٹی راہ میں

آدمی کو بے زبانوں سے بھی اُلفت چاہیے

ہے اسی میں بھید عزّت کا اگر سمجھے کوئی

چھوٹے بچّوں کو بزرگوں کی اطاعت چاہیے

عِلم کہتے ہیں جسے سب سے بڑی دولت ہے یہ

ڈھونڈ لو اس کو اگر دُنیا میں عزّت چاہیے

Marfat.com

سب بُرا کہتے ہیں لڑنے کو بُری عادت ہے یہ
ساتھ کے لڑکے جو ہوں اُن سے رفاقت چاہیے

ہوں جماعت میں شرارت کرنے والے بھی اگر
دُور کی اُن سے فقط صاحب سلامت چاہیے

دیکھنا آپس میں پھر نفرت نہ ہو جائے کہیں
اس قدر حد سے زیادہ بھی نہ مِلّت[1] چاہیے

باپ دادوں کی بڑائی پر نہ اِترانا کبھی!
سب بڑائی اپنی محنت کی بدولت چاہیے

چاہتے ہو گر کہ سب چھوٹے بڑے عزّت کریں
شرم آنکھوں میں نگاہوں میں مروّت چاہیے

بات اُونچی ذات میں بھی کوئی اترانے کی ہے؟
آدمی کو اپنے کاموں کی شرافت چاہیے!

---

[1] میل ملاپ۔ دوستی

Marfat.com

گر کتابیں ہو گئیں میلی تو کیا پڑھنے کا لطف
کام کی چیزیں ہیں جو اُن کی حفاظت چاہیے

گھوڑوں کی مجلس

اک روز کسی گھوڑے کے دل میں یہ سمائی
انسان مری قوم سے کرتا ہے بُرائی!
رکھا ہے مرے بھائیوں کو اُس نے جکڑ کر
تدبیر ہو ایسی کہ ملے اُن کو رہائی!
میں قوم کی ذلّت نہ کبھی دیکھ سکوں گا
اِک آگ سی ہے اس نے مرے جی کو لگائی
یہ ٹھان کے جنگل کے رفیقوں کو بُلایا
سب آئے کہ اس بات میں تھی سب کی بھلائی

Marfat.com

حاضر ہُوئے بُوڑھے بھی بچّے بھی جواں بھی
دیتے ہُوئے انسان کی سختی کی دُھائی

پہلے تو ہری گھاس سے کی اُن کی تواضع
مہمانوں کو پھر بات جو تھی دل کی بتائی

اک گھوڑے کو کُرسی پہ صدارت کی بٹھا کر
سب نے یہ کہا آپ کریں راہنمائی

ہونے لگا گھوڑوں کا بڑی دُھوم سے جلسہ
دینے لگی اس قوم کی اک شان دکھائی

کچھ دیر تو ہوتی رہیں آپس میں صلاحیں
ہر ایک نے تدبیر بھائی کی بتائی

مجلس سے اُٹھا آخر کار ایک بچیرا
اور اُٹھ کے متانت سے زباں اپنی ہلائی

Marfat.com

تقریر پہ سو جان سے صدقے تھی فصاحت

تھی گھوڑے کی باتوں میں قیامت کی صفائی

بولا کہ مری قوم میں غیرت نہیں باقی

کس طرح ہو پھر غیر کے ہاتھوں سے رہائی

جینا جو ہمارا ہے وہ ذلت کا ہے جینا

ہم نے تو بزرگوں کی بھی عزت ہے گنوائی

ہم کاٹریاں انسان کی کھینچیں یہ غضب ہے

محنت کریں ہم اور یہ کھا جائے کمائی

سردی سے رہیں ہم تو طویلوں میں ٹھٹھرتے

لیٹے یہ حویلی میں لیے گرم رضائی

گھڑ دوڑ میں ہم اپنا بہاتے ہیں پسینہ

جو اس کی کھلائی ہے وہ ہے اپنی برائی

Marfat.com

کیا کہیے مصیبت ہمیں پڑ جاتی ہے کیسی
ہو جائے جو ظالم کے قبیلوں میں لڑائی

لوہے کی لگامیں ہیں تو چمڑے کی ہے چابک
افسوس کہ غیرت نہ مری قوم کو آئی

روئے کوئی اس قوم کے دکھڑے کو کہاں تک
ہم سمجھے ہیں اے وائے غلامی میں بڑائی

اے قوم! یہ اچھا نہیں ہر روز کا جلنا
زیبا ہے ہمیں قید سے انساں کی نکلنا

تقریر ہوئی ختم تو بیٹھا وہ بچھیرا
ہر گھوڑے نے مجلس میں دھیوں کو سراہا

ہر بات بچھیرے کی سراہی گئی لیکن
کچھ کہنے پہ آمادہ تھا اک اور بھی گھوڑا

Marfat.com

لاغر تھا بہت گرچہ بڑھاپے کے سبب سے
اُٹھا کہ اسے قوم کو تھا راہ پہ لانا!

بولا کہ مرے دوست کی باتیں ہیں بہت خوب
پر جوشِ جوانی نے کیا ہے اُسے اندھا

مانا کہ اُسے قوم کی ذلّت نہیں بھاتی
بچّہ ہے ابھی اس نے زمانہ نہیں دیکھا!

ہے زور دیا آپ نے انساں کے ستم پر
تقریر کو ہے خوب مثالوں سے سجایا

سختی سے ہمیں پیش وہ آتا ہے یہ مانا!
سختی میں جو راحت ہو تو سختی ہے گوارا

انسان کے احسان کو سمجھا نہیں تم نے
دیتا ہے طویلوں میں تمھیں وقت پہ دانا

Marfat.com

رہنے کو حویلیوں میں سمجھتے ہو بُرا تم!
جنگل کی رہائش میں ہے سو طرح کا کھٹکا
دن رات وہاں گھات میں رہتے ہیں درندے
پینے کا جو پانی ہے وہ اکثر نہیں ملتا
ہے قید میں انسان کی راحت ہی سراسر
ہر حال میں ہے اُس کی غلامی ہمیں زیبا
دن آتے ہیں ایسے بھی کہ بارش کی کمی سے
ہو گھاس نہ پیدا تو یہ رکھنا ہے ذخیرا
یہ آپ پہنتا ہے جو کمخواب کے کپڑے
زر بفت کی جھولوں سے ہے تم کو بھی سجاتا
بیمار جو ہو جاؤ تو کرتا ہے دوا بھی
کرتا ہے ہمارے لیے نقصاں بھی گوارا

Marfat.com

گھُڑ دَوڑ کے گھوڑوں کی جو ہوتی ہے تواضع
آرام وہ حیواں کو میسّر نہیں ہوتا

آرام ہیں لاکھوں ہمیں انسان کے دم سے
میرا تو شکایت پہ کبھی لب نہ کھُلے گا

میں نے تو بتا دی ہے تمہیں سب کے بھلے کی
مانے جو نہ کوئی تو مجھے کچھ نہیں پروا

ان باتوں سے حیران سے کچھ رہ گئے گھوڑے
تقریر وہ کی اُس نے کہ جادُو تھی سراپا

سب مان گئے دُور شکایت ہُوئی سب کی
تھی بُوڑھے کی تقریر میں تاثیر غضب کی!

Marfat.com

شہد کی مکھی

اِس پھول پہ بیٹھی، کبھی اُس پھول پہ بیٹھی
بتلاؤ تو کیا ڈھونڈتی ہے شہد کی مکھی

کیوں آتی ہے، کیا کام ہے گلزار میں اس کا
یہ بات جو سمجھاؤ تو سمجھیں تمھیں دانا!

چھکا رستہ پھرتے ہیں جو گلشن میں پرندے
کیا شہد کی مکھی کی ملاقات ہے ان سے

عاشق ہے یہ قمری کی کہ بلبل پہ ہے شیدا
یا کھینچ کے لاتا ہے اسے سیر کا چسکا

دل باغ کی کلیوں سے تو اٹکا نہیں اس کا
بھاتا ہے اسے ان کے چٹکنے کا تماشا

Marfat.com

سبزے سے ہے کچھ کام کہ مطلب ہے صبا سے؟
یا پیار ہے گلشن کے پرندوں کی صدا سے؟

بھاتا ہے اسے پھول پہ بلبل کا چہکنا؟
یا سرو پہ بیٹھے ہُوئے قُمری کا یہ گانا؟

پیغام کوئی لاتی ہے بلبل کی زبانی؟
یا کہتی ہے یہ پھُول کے کانوں میں کہانی؟

کیوں باغ میں آتی ہے؟ یہ بتلاؤ تو جانیں
کیا لینے کو آتی ہے؟ یہ سمجھاؤ تو جانیں

بے وجہ تو آخر کوئی آتا نہیں اس کا
ہشیار ہے مکھّی، اِسے غافِل نہ سمجھنا

بے سُود نہیں باغ میں اِس شوق سے اُڑنا
کچھ کھیل میں یہ وقت گنواتی نہیں اپنا

Marfat.com

کرتی نہیں کچھ کام اگر عقل تمہاری
ہم تم کو بتاتے ہیں سنو بات ہماری
کہتے ہیں جسے شہد، وہ اک طرح کا رس ہے
آوارہ اسی چیز کی خاطر یہ مگس ہے

رکھا ہے خدا نے اِسے پھولوں میں چھپا کر
مکھی اِسے لے جاتی ہے چھتے میں اُڑا کر
ہر پھول سے یہ چوستی پھرتی ہے اِسی کو
یہ کام بڑا ہے، اِسے بے سود نہ جانو!

مکھی یہ نہیں ہے، کوئی نعمت ہے خدا کی
ملتا نہ ہمیں شہد یہ مکھی جو نہ ہوتی
اِس شہد کو پھولوں سے اڑاتی ہے یہ مکھی
خود کھاتی ہے اوروں کو کھلاتی ہے یہ مکھی

Marfat.com

اِنسان کی یہ چیز غذا بھی ہے دوا بھی !

قوت ہے اگر اس میں تو ہے اس میں شفا بھی

رکھتے ہو اگر ہوش تو اِس بات کو سمجھو

تم شہد کی مکھی کی طرح علم کو ڈھونڈو

یہ علم بھی اک شہد ہے اور شہد بھی ایسا

دُنیا میں نہیں شہد کوئی اِس سے مُصفّا

ہر شہد سے جو شہد ہے میٹھا وُہ یہی ہے

کرتا ہے جو انسان کو دانا وُہ یہی ہے

یہ عقل کے آئینے کو دیتا ہے صفائی

یہ شہد ہے انسان کی، وہ مکھی کی کمائی

سچ سمجھو تو اِنسان کی عظمت ہے اِسی سے

اس خاک کے پُتلے کو سنوارا ہے اِسی نے

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

حیاتِ اقبال

تصاویر میں

کتاب کے اس آخری اور اہم ترین باب میں حکیم الامت علامہ اقبال کی زندگی اور علمی و سیاسی سرگرمیوں سے متعلق ہر دور، ہر سفر اور ہر بڑے اجتماع یا تقریب کی یادگار تصاویر جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تعارفی سطور کا ہر تصویر کے ساتھ دینا ممکن نہ تھا۔ اس لیے وہاں صرف سنہ اور مقام درج ہیں۔ صفحات کی ترتیب کا پورا لحاظ رکھتے ہوئے ہر تصویر کا نمبر اور اس کے متعلق مفصل معلومات و توضیحات ذیل میں شائع کی جا رہی ہیں۔ جلد اول کی بعض تصاویر محض حیاتِ اقبال کے باب کا تسلسل قائم رکھنے کے لیے شامل کی گئی ہیں۔ (مؤلف)

سنہ ۱۸۹۹ء

(۱) علامہ اقبال کے عہدِ شباب کی ایک نادر تصویر۔

سنہ ۱۹۰۱ء

(۲) سنہ ۱۹۰۱ء میں امرتسر میں پہلی کشمیری کانفرنس منعقد ہوئی تھی جس میں نواب سر سلیم اللہ مہمان خصوصی تھے۔ اس تاریخی اجتماع کی تصویر میں علامہ اقبال کرسیوں کی صف میں دائیں طرف سے پہلے نمبر پر تشریف فرما

Marfat.com

ہیں۔ تیسرے نمبر پر خواجہ الف دین وکیل اور ان سے آگے خواجہ احمد دین ایڈوکیٹ بیٹھے ہیں۔ فرشی نشست میں دُوسرے عمائدین کے ساتھ مُنشی محمّد الدین فوقؔ بھی نظر آتے ہیں۔

سنہ ۱۹۰۴ء

(۳) مشاہیرِ علم و دانش کا یہ اجتماع اس اعتبار سے نہایت ہی اہم ہے کہ ایسی مُمتاز شخصیتیں اتنی بڑی تعداد میں شاذ و نادر ہی جمع ہوتی ہیں۔ مشاہیرِ اردو کی اس یکجا تصویر کی تفصیل درجِ ذیل ہے ——

فرش پر بیٹھے ہُوئے دائیں سے بائیں : سر عبدالقادر۔ حافظ ساجد علی وکیل، اورنگ آباد۔ ظفر عمر۔

کُرسیوں پر پہلی صف، دائیں سے بائیں : غلام محمّد منشی۔ سر اکبر حیدری۔ نوّاب وقار الملک۔ حکیم محمّد اجمل خاں۔ مولٰینا الطاف حسین حالؔی۔ عزیز مرزا محسن الملک، مرزا محمُود علی خاں۔ منشی محبُوب عالم۔

کُرسیوں پر دُوسری صف، دائیں سے بائیں : علی الدّین حسن۔ مولٰینا شبلی نعمانی۔ پروفیسر آرنلڈ۔ نذیر احمد۔ نوّاب ابوالحسن خاں۔

تیسری صف میں کھڑے ہُوئے، دائیں سے بائیں : مولٰینا ظفر علی خاں (دستار میں) علّامہ محمّد اقبال۔ مولوی نور المنیب اللہ حیدر آبادی (شملے میں)۔

چوتھی صف میں دائیں سے بائیں : ابُوالحسن۔ خواجہ غلام الثقلین۔

Marfat.com

حبیب الرحمٰن خاں شروانی، مسعود علی محوی وغیرہ۔

سنہ ۱۹۰۷ء

(۴) کیمبرج یونیورسٹی انگلستان میں علامہ (تیسرے نمبر پر بیٹھے ہوئے) ایک پکنک کا لطف اٹھا رہے ہیں۔ پس منظر میں سید علی بلگرامی کی قیامگاہ ہے۔ (۲۲ اپریل)

(۵) ہائیڈل برگ جرمنی میں علامہ رفیق طلبا اور میزبان خاتون کے ہمراہ (دائیں طرف)

(۶) عالمِ نوجوانی میں علامہ کی ایک دلکش تصویر۔

(۷) ہائیڈل برگ میں ڈاکٹر اقبال عطیہ بیگم فیضی سے مصروفِ گفتگو ہیں۔

(۸) قیامِ یورپ کے دوران علامہ کی ایک منفرد تصویر۔

(۹) میونخ جرمنی میں قیام کا ایک گروپ فوٹو۔ درمیانی صف میں بائیں طرف سے پہلے نمبر پر علامہ اقبال تشریف فرما ہیں۔

(۱۰) علامہ مغربی لباس میں۔ گہری سوچ کا ایک انداز۔

سنہ ۱۹۰۸ء

(۱۱) نواب وقار الملک مشتاق احمد نے دسمبر ۱۹۰۸ء میں اسلامیہ ہائی اسکول ہوشیار پور کا سنگِ بنیاد رکھا۔

منشی محمد منیر سب جج، میاں محمد شفیع بیرسٹر ایٹ لا، آفتاب احمد خاں، مسٹر ایجرٹن ڈپٹی کمشنر اور دوسرے معززین اس تقریب میں شریک ہوئے۔ تصویر کے درمیان میں میاں محمد شفیع کے پیچھے ڈاکٹر محمد اقبال اور درمیان میں بیٹھے ہوئے اس اسکول کے

Marfat.com

بانی میاں عبدالعزیز نظر آتے ہیں۔

سنہ ۱۹۱۰ء

(۱۲) گورنمنٹ کالج لاہور کا ایک گروپ فوٹو۔ علامہ اقبال اگلی صف میں دائیں سے تیسرے نمبر پر بیٹھے ہیں۔ علامہ اُن دنوں گورنمنٹ کالج میں پروفیسر تھے۔

سنہ ۱۹۱۱ء

(۱۳) شاعرِ مشرق (اقبال) شاہی مسجد لاہور کے ایک بڑے اجتماع میں طرابلس کے شہیدوں پر اپنی معرکہ آرا نظم پڑھ رہے ہیں۔

(۱۴) علامہ اقبال دائیں طرف سے تیسرے نمبر پر، میاں عبدالعزیز بیرسٹر ایٹ لاء کی عیادت کے موقع پر۔ اُن کے عزیز دوست فقیر سیّد افتخار الدّین بائیں طرف سے پہلے نمبر پر بیٹھے ہیں۔ میاں عبدالعزیز علیل ہیں اور اُن کا سر، ڈاکٹر اقبال کے زانو پر رکھا ہے۔ یہ یادگار تصویر سنہ ۱۹۱۱ء میں فقیر سیّد افتخار الدّین (جو اُن دنوں ہوشیار پور میں سیٹلمنٹ آفیسر تھے) کی قیامگاہ پر لی گئی۔

سنہ ۱۹۲۰ء

(۱۵) علامہ فلسفہ و حکمت کی نکتہ آفرینیوں کے ساتھ ساتھ ایک لائق وکیل اور مشیرِ قانونی کے فرائض بھی انجام دیتے تھے۔ اس تصویر میں وہ بیرسٹر ایٹ لاء کی حیثیت سے کسی قانونی دستاویز کا بغور مطالعہ کر رہے ہیں۔

(۱۶) علامہ کتاب کے مطالعہ میں منہمک ہیں۔ نواب سر ذوالفقار علی خاں اُن کے

Marfat.com

شانے پر ہاتھ رکھے ہوئے کھڑے ہیں۔

سنہ ۱۹۲۲ء

(۱۷) قیامِ شملہ کا ایک یادگار گروپ فوٹو۔ دائیں طرف سے پہلے علامہ اقبال اور اُن کے بعد ہز ایکسیلنسی سردار عبدالقدوس خاں اور نواب سر ذوالفقار علی خاں تشریف فرما ہیں۔ پچھلی صف میں نوابزادہ رشید علی خاں اور نوابزادہ خورشید علی خاں۔

(۱۸) علامہ لائبریری میں۔ یہ تصویر بھی اُن کے دورِ وکالت کی یاد دلاتی ہے۔

(۱۹) شملے میں لی گئی یہ تصویر علامہ کو ایک درویش اور مفکر کے انداز میں پیش کر رہی ہے۔

(۲۰) علامہ مغربی لباس میں کسی تقریب یا اجلاس میں شرکت کے موقع پر۔ چونکہ روزمرہ یہ لباس پہننا اُن کا معمول نہ تھا۔

سنہ ۱۹۲۵ء

(۲۱) علامہ اقبال کی یہ نادر تصویر اُس دور کی یاد دلاتی ہے جب وہ جرمنی کے شہرۂ آفاق شاعر گوئٹے کے دیوان مغربی کے جواب میں اپنی معرکہ آرا کتاب "پیامِ مشرق" شائع کر چکے تھے اور اس کتاب نے اندرون ملک اور سارے یورپ میں تہلکہ برپا کر دیا تھا۔

Marfat.com

سنہ ۱۹۲۶ء

(۲۲) مولوی سیّد میر حسن کے صاحبزادے ڈاکٹر سیّد علی نقی گورنر ہاؤس، پنجاب میں دی گئی الوداعی پارٹی کا گروپ فوٹو۔ درمیان میں گورنر پنجاب سر مسلکم ہیلی۔ دائیں طرف ڈاکٹر اقبال اور بائیں طرف سیّد علی نقی۔

سنہ ۱۹۲۷ء

(۲۳) ڈاکٹر سر محمد اقبال خالصہ کالج، امرتسر کی ایک تقریب میں۔

(۲۴) ڈاکٹر صاحب اپنے علم و فضل کے باعث تمام فرقوں میں یکساں طور پر مقبول تھے۔ میزبان سکھ معززین کے ہمراہ اُن کی یہ تصویر اس کی ایک مثال ہے۔

سنہ ۱۹۲۸ء

(۲۵) یہ تصویر علامہ کے قیام مدراس کی آئینہ دار ہے۔ جب وہ "تشکیلِ جدید" کے موضوع پر شہرۂ آفاق خطبات دینے کے سلسلے میں وہاں تشریف لے گئے۔ علامہ، اساتذہ، طلباء اور معززینِ شہر کے ہمراہ دائیں طرف سے آٹھویں نمبر پر بیٹھے ہیں

سنہ ۱۹۲۹ء

(۲۶) میسور یونیورسٹی میں لیکچر دینے کے موقع کی ایک یادگار تصویر، کرسیوں پر بائیں طرف سے چوتھے نمبر پر میسور اسمبلی کے ممتاز ممبر محمد ابا، پروفیسر جے۔ سی رولو، پرنسپل مہاراجہ کالج جو بعد میں وائس چانسلر مقرر ہوئے اور اُن کے بعد علامہ اقبال تشریف فرما ہیں۔ فلسفہ کے پروفیسر آر۔ واڈیا اور ڈاکٹر گوپال

Marfat.com

سوامی اُن کے بائیں طرف بیٹھے ہیں۔

بائیں طرف سے آٹھویں نمبر پر ایس۔ کے عبدالعزیز جو اب نیشنل بنک آف پاکستان کراچی کے ایک افسر ہیں، کھڑے ہیں۔

(۲۷) حکیم الامت علامہ اقبال ۔ سرنگاپٹم میسور میں سلطان ٹیپو کے مزار پر۔ ایک شہیدِ آزادی، دوسرا عملدارِ انسانیت ۔۔۔ علامہ نے اپنی مشہور نظم میں اس جلیل القدر مجاہد کو بڑے خلوص کے ساتھ خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔

(۲۸) مدراس اور میسور کے بعد علامہ حیدرآباد دکن بھی تشریف لے گئے۔ اس موقع پر اُن کے اعزاز میں بہت سی استقبالیہ تقاریب منعقد ہوئیں۔ یہ تصویر حیدرآباد دکن کی ایک یادگار مجلس کی ہے۔ علامہ درمیان میں پھولوں کے ہار پہنے ہوئے بیٹھے ہیں۔

(۲۹) علامہ اقبال مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں۔ دائیں طرف سے:

سجاد حسین ۔ رمز بانم ۔ سر محمد اقبال ۔ سر راس مسعود ۔ خلیفہ عبدالحکیم اور ڈاکٹر خالد شیلڈرک۔

سر راس مسعود اور علامہ اقبال کے درمیان کتنی دوستی اور بے تکلفی اس تصویر کی ڈسپلے کا نمایاں پہلو ہے۔

(۳۰) علامہ اپنے فرزند جاوید اقبال کے ہمراہ۔ بڑے باپ کے بڑے عزیز فرزند جن کے نام سے علامہ نے اپنی شاہکار تصنیف جاوید نامہ کو منسوب کیا۔ شیروانی، شلوار اور افغانی ٹوپی پہنے ہوئے قومی لباس میں

Marfat.com

علامہ اور ان کے فرزند کی یہ تصویر اپنی نوعیت کی واحد دلچسپ تصویر ہے۔ (۱۷ فروری)

(۳۱) علامہ اقبال میکلوڈ روڈ والی کوٹھی میں۔ حیدر آباد دکن کے نوجوان طلبا کے ہمراہ۔

(۳۲) غازی علم الدین کے جنازے کا ایک منظر۔ علامہ اقبال پہلی صف میں۔ میاں عبدالعزیز بیرسٹر ایٹ لاء کے ہمراہ۔ میاں محمد شفیع بائیں طرف کھڑے ہیں۔

سنہ ۱۹۳۰ء

(۳۳) علامہ اقبال سنہ ۱۹۳۰ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس الٰہ آباد میں شرکت کے لیے سر عبداللہ ہارون کے ہمراہ تشریف لے جا رہے ہیں۔ گاڑی کے قریب دائیں طرف سر عبداللہ ہارون کے صاحبزادے یوسف ہارون کھڑے ہیں۔

(۳۴) اس تصویر میں آپ علامہ اقبال کو آل انڈیا مسلم لیگ کے الٰہ آباد اجلاس میں وہی تاریخی خطبۂ صدارت پڑھتے ہوئے دیکھ رہے ہیں جس میں انھوں نے مسلم اکثریتی صوبوں کے وفاق کی صورت میں پہلی بار نظریۂ پاکستان پیش کیا تھا۔

سنہ ۱۹۳۱ء

(۳۵) یہ تصویر سنہ ۱۹۳۱ء میں جاری شدہ اس پاسپورٹ سے لی گئی ہے، جس پر انھوں نے انگلستان، سپین، روم، فلسطین اور افغانستان کا سفر کیا تھا۔

(۳۶) دوسری راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں شرکت کے لیے لندن جاتے ہوئے جب علامہ بمبئی پہنچے تو وہاں اپنے عزیز دوست صلاح الدین سلجوقی افغان قونصل

Marfat.com

کے ہاں قیام کیا۔ اس تصویر میں اُنھیں بمبئی ریلوے سٹیشن پر خوش آمدید کہتے ہُوئے دکھایا گیا ہے۔

دائیں سے بائیں : شوکت کاظمی (افغان کمرشل ایجنٹ) علامہ اقبال، صلاح الدین سلجوقی افغان قونصل ممبئی، سکرٹری سفارت افغانستان میر ریاض احمد۔

(۳۷) علامہ کی ایک بالکل فطری تصویر، جو امریتا شیر گل نے قیام پیرس کے دوران کھینچی۔

(۳۸) پیرس میں لی گئی ایک اور تصویر۔ علامہ کسی گہری سوچ میں۔

(۳۹) علامہ اقبال، دائیں طرف (شیروانی اور پگڑی میں) اور چودھری سر ظفر اللہ خاں (بائیں طرف) بکنگھم پیلیس لندن میں داخل ہو رہے ہیں۔

(۴۰) دُوسری گول میز کانفرنس لندن میں ڈاکٹر محمد اقبال (دائیں طرف) اُن کے بائیں طرف مولانا شوکت علی اور دائیں طرف دُوسرے نمبر پر عبدالقادر اور چھٹے نمبر پر سید امجد علی بیٹھے ہیں۔

(۴۱) علامہ ۱۹۳۱ء میں لندن سے واپسی پر فلسطین تشریف لے گئے، جہاں اُنھیں مؤتمر عالمِ اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لیے مدعو کیا گیا تھا۔

اس تاریخی اہمیت کے گروپ فوٹو میں وہ دائیں سے چوتھے پر تشریف فرما ہیں۔ عمامہ میں عرب کے درمیان مفتی اعظم امین الحسینی بیٹھے ہیں۔

(۴۲) مؤتمر عالم اسلامی کی جو کانفرنس دسمبر ۱۹۳۱ء مطابق رجب ۱۳۵۰ھ بیت المقدس میں منعقد ہوئی اور جس میں عالم عرب اور دنیائے اسلام

Marfat.com

کے سرکردہ نمائندوں نے شرکت کی۔ علامہ اقبال اُن میں بطورِ خاص شامل تھے۔ اگلی صف میں دائیں طرف علامہ اقبال اُن کے بعد السید عبدالعزیز اور شیخ عبدالقادر المدفّر بیٹھے ہیں۔

(۴۳) ایک اہم گروپ فوٹو جو غالباً بمبئی کی کسی تقریب میں لیا گیا۔ علامہ مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے درمیان میں تشریف فرما ہیں۔

۱۹۳۲ء

(۴۴) انگلستان میں منعقد ہونے والی تیسری گول میز کانفرنس میں شریک ہونے والے مسلم مندوبین کی ایک یادگار تصویر:

دائیں سے بائیں: ڈاکٹر شفاعت احمد خاں، حافظ ہدایت حسین، ڈاکٹر سر محمدؐ اقبال، ایچ۔ ایچ آغا خاں، چودھری ظفر اللہ خاں، اے۔ ایچ غزنوی اور سیّد امجد علی۔

(۴۵) نیشنل لیگ لندن کی استقبالیہ دعوت میں علامہ اقبال، سیّد امجد علی، لیڈی سائمن اور دیگر معزز مہمان۔

(۴۶) تیسری گول میز کانفرنس کے موقع پر لندن میں مقیم مسلمان طلبا نے ایک استقبالیہ علامہ سر محمدؐ اقبال کے اعزاز میں ترتیب دیا۔ اس موقع پر کئی دلچسپ تقریریں ہوئیں، جن میں علامہ کی ہمہ گیر شخصیت پر روشنی ڈالی گئی۔

دائیں طرف سے پہلے نمبر پر سُلطان خاں، شطرنج کے چیمپئن

Marfat.com

دُوسرے نمبر پر ڈاکٹر رحمت اللہ قریشی۔ تیسرے نمبر پر قائدِ اعظم محمد علی جناح
اور چوتھے نمبر پر ڈاکٹر سر محمد اقبال تشریف فرما ہیں۔

(۴۷) علامہ اقبال اپنے چند عقیدت مندوں کے ساتھ۔
کھڑے ہُوئے بائیں طرف سے پہلے، چودھری رحمت علی مرحوم۔
بیٹھے ہُوئے بائیں طرف سے پہلے، پیر حسن الدین، علامہ اقبال
اور میاں عبدُالحق۔

سنہ ۱۹۳۳ء

(۴۸) حکیم الامت علامہ اقبال تیسری راؤنڈ ٹیبل کانفرنس سے فارغ ہونے کے بعد اسپین بھی گئے اور وہاں اسلامی دورِ اقتدار ختم ہونے کے تقریباً سات سو سال بعد انھوں نے مسجد قرطبہ میں پہلی بار اذان دی اور نماز پڑھی۔ مُسلمانوں کی عظمت و شوکت کی حامل یہ مسجد اب گرجا بن چکی ہے۔ علامہ کے قلب پر اسلامی عظمتِ پارینہ اور مُسلمانوں کی زبُوں حالی کا جو اثر ہُوا۔ اُس کی پُوری کیفیت انھوں نے اپنی مشہور نظم "مسجد قرطبہ" میں بیان کی ہے۔

(۴۹) اُن یادگار لمحوں کی ایک اور جھلک جو ملت اسلامیہ کے عظیم مفکر نے مسجد قرطبہ میں گزارے اور محراب کے درمیان کھڑے ہو کر نماز ادا کی

(۵۰) تیسری راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں شرکت کے بعد علامہ اقبال یورپ سے وطن واپس آئے تو اُن کے اعزاز میں

Marfat.com

لاہور کے قومی کارکنوں اور معززینِ شہر نے لوریںگ ہوٹل میں ایک استقبالیہ دعوت دی۔

بائیں طرف سے دوسرے نمبر پر علامہ تشریف فرما ہیں۔ دوسرے شرکائے تقریب میں جسٹس دین محمدؒ اور پیر حمید الدین کے والد پیر غیاث الدین نمایاں ہیں۔

(۵۱) علامہ اقبال، مولینا سید سلیمان ندوی اور سر راس مسعود کی ایک یادگار تصویر جو سفرِ افغانستان کے موقع پر لی گئی۔

علامہ بائیں طرف سے پہلے نمبر پر کھڑے ہیں۔ ہندوستان سے علماء کا یہ وفد وزارتِ معارفِ افغانستان کی دعوت پر گیا تھا۔

(۵۲) افغانستان میں قیام کے دوران کی ایک نادر تصویر۔

دائیں سے تیسرے نمبر پر علامہ اقبال اور اُن کے دائیں طرف سر راس مسعود کھڑے ہیں۔

(۵۳) کابل کی دعوتِ استقبالیہ کا ایک منظر جو علامہ اقبال، مولینا سید سلیمان ندوی اور سر راس مسعود کے اعزاز میں دی گئی۔

سر راس مسعود دائیں طرف اور علامہ اقبال و سید سلیمان ندوی بائیں طرف تشریف فرما ہیں۔

(۵۴) علامہ کی ایک انفرادی تصویر جس میں وجاہت کا پہلو نمایاں ہے۔

(۵۵) علامہ کی یہ تصویر لباس کے متعلق اُن کے رجحانات کا پتہ دیتی ہے اور

Marfat.com

اُس زمانے سے متعلّق ہے، جب علّامہ اقبال کی شہرۂ آفاق تصنیف "جاوِید نامہ" شائع ہو کر علمی حلقوں میں زبردست خراجِ تحسین حاصل کر رہی تھی۔

(۵۶) ڈاکٹریٹ کے لباس میں علّامہ کی ایک دلکش تصویر۔

(۵۷) پنجاب یونیورسٹی لاہور کی جانب سے علّامہ اقبال کو ۱۹۳۳ء میں اُن کی اعلیٰ علمی خدمات کا اِعتراف کرتے ہُوئے ڈاکٹر آف لٹریچر D. Litt. کی اعزازی ڈگری عطا کی گئی۔

یہ تصویر اِسی یادگار موقع کی ہے۔

(۵۸) علّامہ اقبال، ادارۂ معارفِ اسلامیہ، لاہور کے پہلے اجلاس کے موقع پر۔ ادارے کے عہدیداروں اور معاونین کے ساتھ۔

پہلی قطار میں بیٹھے ہُوئے، بائیں سے دائیں:

خان بہادر سیّد مقبول شاہ۔ پروفیسر محمد اقبال، سیکریٹری۔ خان بہادر ملک زمان مہدی خان۔ ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدّین، صدر مجلسِ استقبالیہ۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال، صدر۔ حبیب الرحمٰن خاں شروانی۔ سر عبدالقادر۔ علّامہ عبداللہ یوسف علی۔ پروفیسر احسان سمیع حقّی۔

دُوسری صف بائیں طرف سے:

پروفیسر محمد شفیع۔ ایم۔ اسلم۔ شیخ عظیم اللہ۔ ایم یو کیو شروانی

Marfat.com

ڈاکٹر منصور احمد۔ مولوی غلام محی الدین قصوری۔ ملک برکت علی
مسٹر غلام محمد۔ پروفیسر اے۔ حمید۔ ڈاکٹر بی۔ اے قریشی۔
تیسری صف، بائیں سے دائیں :
مولوی مرتضیٰ حسین۔ شمس العلماء محمد عبدالرحمٰن (دہلی یونیورسٹی)
ڈاکٹر ایم۔ صدیق۔ ڈاکٹر عبدالعلیم (جامعۂ ملیہ)۔ پروفیسر
اے۔ ایل تیش۔ پروفیسر مولوی ظفر اقبال۔ مسٹر محمد حسن
(والدِ بزرگوار ممتاز حسن)۔ کے۔ ایل قاضی فضلِ حق۔
پروفیسر محمد دین تاثیر۔ نذیر احمد۔
پچھلی قطار میں بائیں سے دائیں :
پروفیسر ایچ۔ ایم شیرانی۔ ایم۔ اے چغتائی۔ ڈاکٹر حسین ہمدانی
ڈاکٹر عنایت اللہ۔ پروفیسر غلام مصطفےٰ تبسم۔ ڈاکٹر اظہر علی۔
پروفیسر ڈاکٹر سعید اللہ۔ جناب ممتاز حسن (موجودہ مینجنگ ڈائرکٹر
نیشنل بنک آف پاکستان)۔ ایس۔ ایم عبداللہ۔ پروفیسر
ایس عبدالقادر۔ پروفیسر علم الدین سالک۔ (۱۶ اپریل)

سنہ ۱۹۳۴ء

(۵۹) شلوار اور کوٹ پہنے ہوئے علامہ کی یہ دلچسپ تصویر اُن کے صحتمند دور کی تصویر ہے۔ اس کے بعد اُن کی صحت تیزی سے خراب ہونا شروع ہو گئی۔

Marfat.com

سنہ ۱۹۳۵ء

(۶۰) علامہ صوفے پر ایک خاص انداز میں بیٹھ کر گفتگو کیا کرتے تھے، جن لوگوں کو علامہ کی صحبتوں اور مجلسوں میں حاضر ہونے کا شرف حاصل نہیں ہو سکا۔ اُن کے لیے یہ تصویر خاص طور پر دلچسپ ہے۔

(۶۱) صوفے پر بیٹھے ہوئے مسکراہٹ کا ایک اور دلچسپ انداز۔

سنہ ۱۹۳۰ء

(۶۲) علامہ نے زمانۂ علالت کی وہ تصویر جب وہ آخری مرتبہ انجمن حمایت اسلام کے جلسے میں تشریف لے گئے۔ شلوار اور لمبا کوٹ۔ چہرے پر گہری سنجیدگی اور متانت ـــــ شخصیت اور فن کی تکمیل۔

(۶۳) سنہ ۱۹۳۰ء میں جامعہ ازہر مصر کے علماء و ماہرین تعلیم کا ایک وفد ہندوستان آیا تھا اور اس وفد کے اعزاز میں مسلمان علماء و دانشوروں نے کئی تقاریب منعقد کی تھیں۔ اس تصویر میں علامہ سر محمد اقبال علماء ازہر کے ہمراہ پہلی صف میں بائیں طرف سے تیسرے نمبر پر بیٹھے ہیں۔ اُن کے پیچھے علامہ کے صاحبزادے جاوید اقبال کھڑے ہیں۔ دوسری صف میں کھڑے ہوئے پہلے نمبر پر چودھری محمد حسین اور چوتھے نمبر پر خلیفہ شجاع الدین مرحوم۔

(۶۴) سر راس مسعود مرحوم سنہ ۱۹۳۵ء سے سنہ ۱۹۳۰ء تک ریاست بھوپال میں اقامت گزیں رہے۔ اس دوران میں علامہ اقبال کئی بار اُن کے ہاں

Marfat.com

جاکر قیام فرماتے رہے۔ مختلف بیماریوں کے دباؤ سے علامہ کی صحت دن بدن خراب ہو رہی تھی۔ اس لیے وہاں جاکر علاج معالجے کا سلسلہ جاری رہتا اور اکثر بستر پہ دراز رہتے۔ یہ تصویر علامہ کے قیام بھوپال کی یادگار تصویر ہے۔ (لیڈی راس مسعود نے تصدیق کی ہے کہ یہ تصویر ان کی رہائش گاہ بھوپال کی ہے۔)

سنہ ۱۹۳۸ء

(۶۵) جاوید منزل لاہور کا وہ کمرہ خاص، جہاں علامہ اقبالؒ نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ محفل اقبال کی ہنگامہ آفرینیاں اور بے تکلف احباب کے قہقہے اسی یادگار فضا میں آنسوؤں کی تحلیل ہو گئے۔

(۶۶) ۲۱ اپریل سنہ ۱۹۳۸ء کو علامہ محمد اقبال اپنے خالق حقیقی سے جا ملے عقیدت مندوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر علامہ کی قیام گاہ کی طرف امنڈ پڑا۔ اجتماع ہر لمحے بڑھ رہا تھا۔ جب "جاوید منزل" سے علامہ کا جنازہ روانہ ہوا تو اور بھی اضافہ ہونے لگا۔ اس تصویر میں سوگواروں کا ہجوم اس مقام پر ہے، جس کے پس منظر میں اسلامیہ کالج نظر آتا ہے۔

(۶۷) اپنے عہد کے سب سے بڑے مفکر اور درویش شاعر کی آرام گاہ، جو آج دنیا بھر کے سربراہانِ مملکت اور اربابِ علم و دانش کی زیارت گاہ ہے۔

(۶۸) لاہور کی عظیم الشان بادشاہی مسجد کے زیرِ سایہ مرقدِ اقبال کا روح پرور منظر۔

Marfat.com



لاهور

۱۹۹۹ء

Marfat.com

Marfat.com





Marfat.com



Marfat.com



هائیڈل برگ

Marfat.com



Marfat.com



ملٹل برگ

۱۹۰۰ء

Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com



سنہ ۱۹۱۱ء

ہوشیارپور

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com

سنہ ۱۹۲۲

لاہور

Marfat.com



۱۹۲۳

Marfat.com



Marfat.com



لامـــــور

Marfat.com



سنہ ۱۹۲۶ء

لاہور

Marfat.com

Marfat.com

امرتسر



امرتسر

Marfat.com



Marfat.com



ميسور

Marfat.com



۱۹۲۹ء

سرنگاپٹم

Marfat.com

Marfat.com





Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com



١٩٢٩ م

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com

٣٩

لندن

سنة ١٩٣١

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com





Marfat.com



سنہ ۱۹۳۱ء

بمبئی

Marfat.com



Marfat.com



سنة ١٩٣٦

Marfat.com

لنـــدن

Marfat.com



Marfat.com

قرطبه

سنة ١٩٣٣ء

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com





۱۹۳۲

افغانستان

Marfat.com



سنة ١٩٣٣ء

كابل

Marfat.com



١٩٣٣ سنة

كابل

Marfat.com



Marfat.com



۱۹۳۳ء

Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com

سنة ١٩٣٥

Marfat.com

Marfat.com

